


WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM


| | | |
|---|---|---|
| پہلی شعاع | رضیہ جمیل | 10 |
| حمد | نعمان فاروق | 11 |
| نعت | مظفر وارثی | 11 |
| نبی کی باتیں | ادارہ | 12 |


## انٹرویو


| | | |
|---|---|---|
| بندھن | عامر سلیم | 22 |
| دستک | شاہین رشید | 276 |
| جانے کی جلدی | صائمہ اکرم | 282 |
| وہ اک پری تھی | نازیہ جمال | 280 |


## ناول


| | | |
|---|---|---|
| ایک تھی مثال | رخسانہ نگار عدنان | 36 |
| رقص بسمل | نبیلہ عزیز | 246 |


## مکمل ناول


| | | |
|---|---|---|
| یارم | سمیرا حمید | 140 |
| یہ ہنستا ہوا موسم | راشدہ رفعت | 70 |
| شب غم رہی | فرحین اظفر | 192 |


## ناولٹ


| | | |
|---|---|---|
| محبت فاتح عالم | نبیلہ نقوی | 116 |


## افسانے


| | | |
|---|---|---|
| دل کی حویلی | شاہین رشید | 184 |
| مٹی بڑی زرخیز ہے | میمونہ صدف | 66 |
| دل کے فیصلے | سلمیٰ فقیر حسین | 58 |
| سرخ گلاب | مشکور حسین یاد | 261 |


## نظمیں غزلیں


| | | |
|---|---|---|
| غزل | یگانہ چنگیزی | 264 |
| غزل | قابل اجمیری | 264 |
| غزل | خالد معین | 265 |
| نظم | نوشین اقبال نوشی | 265 |



زر سالانہ بذریعہ رجسٹری


پاکستان (سالانہ) ----- 700 روپے

ایشیا، افریقہ، یورپ ----- 5000 روپے

امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا ----- 6000 روپے



**انتباہ:** ماہنامہ شعاع ڈائجسٹ کے جملہ حقوق محفوظ ہیں، پبلشر کی تحریری اجازت کے بغیر اس رسالے کی کسی بھی کہانی، ناول، یا سلسلہ کو کسی بھی انداز سے نہ تو شائع کیا جاسکتا ہے، نہ کسی بھی ٹی وی چینل پر ڈرامہ، ڈرامائی تشکیل اور سلسلہ وار قسط کے طور پر یا کسی بھی شکل میں پیش کیا جاسکتا ہے۔ خلاف ورزی کرنے کی صورت میں قانونی کارروائی عمل میں لائی جاسکتی ہے۔

## مستقل سلسلے


| | | |
|---|---|---|
| خط آپ کے | رضیہ جمیل | 26 |
| مسکراہٹیں | صبا سحر | 266 |
| آئینہ خانے میں | واصفہ سہیل | 273 |
| بالوں سے خوشبو آئے | شگفتہ جاہ | 270 |
| تاریخ کے جھروکے | امت الصبور | 286 |
| کھلتا کسی پہ | خالدہ جیلانی | 269 |
| موسم کے پکوان | خالدہ جیلانی | 288 |
| خوبصورت بنئے | ادارہ | 290 |



نومبر 2014

جلد 29 شمارہ 3

قیمت 60 روپے

خط و کتابت کا پتہ: ماہنامہ شعاع، 37 - اردو بازار، کراچی۔

رضیہ جمیل نے ابن حسن پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر شائع کیا - مقام: 91 بی ٹی ایچ ای ایس سوسائٹی کراچی



Phone: 32721777, 32726617, 021-32022494 Fax: 0092-21-32766872

Email: shuaa@khawateendigest.com website: www.khawateendigest.com



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

رضیہ جمیل

# پہلی شعاع

شعاع کا نومبر کا شمارہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

اگست کے دوسرے ہفتے سے شروع ہونے والا سیاسی افراتفری کا سلسلہ ابھی تک کسی نتیجے تک نہیں پہنچ سکا ہے۔ انقلاب اور تبدیلی تو کیا آتی، جلسے جلوسوں نے عوام کے لیے مزید مشکلات کھڑی کر دی ہیں۔ اس افراتفری کو الیکٹرانک میڈیا مزید ہوا دے رہا ہے۔ چند چینلز کو چھوڑ کر مجموعی طور پر میڈیا کا کردار حیران کن حد تک بے حسی کا مظہر ہے۔ ہم مغرب میں آزادی صحافت کی مثالیں دیتے نہیں تھکتے لیکن تمام تر آزادی کے باوجود وہاں ٹی وی چینلز پر براہ راست نشریات میں ملکی مفاد کو مدنظر رکھا جاتا ہے جبکہ ہمارے ہاں ادب اور اخلاقیات کو تو جانے ہی دیں، وہ تو اب متروک الفاظ بن کر رہ گئے ہیں۔ ملک کے مفاد کا بھی کسی کو خیال نہیں ہے۔ غیر مہذب اور ناشائستہ زبان کے ساتھ ساتھ انتہائی اشتعال انگیز رویہ اور انداز اختیار کیا جا رہا ہے۔ آزادی صحافت کے نام پر جو ہیجان پیدا کیا جا رہا ہے، اشتعال انگیزی کی جا رہی ہے اس کے نتائج خطرناک بھی ہو سکتے ہیں۔

سیاست اور صحافت کے اس انداز سے کاروبار حکومت ہی نہیں کاروبار زندگی بھی متاثر ہوا ہے اور اس کا سب سے زیادہ نقصان عوام کو پہنچ رہا ہے۔

## آہ فرحانہ ناز ملک،

اُبھرتی ہوئی باصلاحیت اور ذہین مصنفہ فرحانہ ناز ملک گاڑی کے حادثے میں اس دار فانی کو الوداع کہہ گئیں۔

إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ

فرحانہ ناز ملک ایک شادی میں شرکت کے لیے جا رہی تھیں۔ ان کے ساتھ ان کی والدہ، بہن اور بھائی بھی تھے۔ وہ بھی موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے۔

فرحانہ ناز ملک کے خاندان کے لیے یہ بہت بڑا سانحہ ہے خصوصاً ان کے بچوں اور شوہر کے لیے۔ ہم اللہ تعالیٰ سے دعاگو ہیں، اللہ تعالیٰ ان کے بچوں کو اپنے حفظ و امان میں رکھے، اس عظیم سانحے کو برداشت کرنے کی ہمت اور حوصلہ عطا فرمائے اور انہیں صبر جمیل سے نوازے۔

فرحانہ ناز ملک کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے۔ آمین۔

قارئین سے بھی دعائے مغفرت کی درخواست ہے۔

## اس شمارے میں،

- راشدہ رفعت کا مکمل ناول۔ بہ ہنستا ہوا موسم، ، سمیرا حمید کا مکمل ناول۔ یادم،
- فرمین اظفر کا مکمل ناول۔ شب غم رہی بڑی دیر تک،
- نبیہ نقوی کا ناولٹ۔
- رخسانہ نگار عدنان اور نبیلہ عزیز کے سلسلے وار ناول،
- شاہین ملک، سلمیٰ فقیر حسین، میمونہ صدف اور مشکور حسین یاد کے افسانے،
- فرحانہ ناز ملک کی یاد میں مضامین، ، عامر سلیم اور آسیہ سلیم کا بندھن،
- معروف شخصیات سے گفتگو کا سلسلہ۔ دستک،
- پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی پیاری باتیں۔ احادیث نبوی کا سلسلہ،
- خط آپ کے اور دیگر مستقل سلسلے شامل ہیں۔

شعاع کا یہ شمارہ آپ کو کیسا لگا؟ اپنی رائے سے نوازیے گا۔



نعت
رسول مقبول ﷺ

نعودکی لائبریری اینڈ اولڈ بکس سینٹر
صدر بازار ہری پور ہزارہ
جلد ساز
پروپرائیٹر طاہر محمود

# حمد
باری تعالیٰ

تجھ کو خبر ہے کس پہ شمع سی جل رہی ہے
پھر کیوں ہوائے برہم اس سے الجھ رہی ہے

تھوڑا ہے رزق میرا مجھ کو نہیں یہ غم ہے
تیری ثنا کی دولت اس سب سے قیمتی ہے

رحمت کی اک نظر ہو ان کے بھی حال پر اب
تقدیر جن کی تو نے دکھ درد سے بھری ہے

تیری نوازشوں سے، تیرے کرم سے مولا
رحمت کی سبز چادر ہر ایک پر تنی ہے

کچھ اس ادا سے ہم نے اب کے تجھے پکارا
ہے پُر یقین لہجہ اور آنکھ میں نمی ہے

نعمان فاروق

# نعت
رسول مقبول ﷺ

کُل عالم، جس کی کُٹیا جس کی پرچھائیں سویرا
وہ ہے رسول میرا

جس کی کملی کے سائے میں آنکھ سحر نے کھولی
جس کے لہجے میں ہم تک پہنچی قدرت کی بولی
جس کے چاروں سمت خدا نے اپنا نور بکھیرا
وہ ہے رسول میرا

جس کی سچائی نے بادل کے شہ زور پچھاڑے
جس نے تیز ہواؤں کے سینے پر خیمے گاڑے
جس کے دریا کی لہروں نے کہساروں کو گھیرا
وہ ہے رسول میرا

آپ چٹائی پر سویا بانٹی خیرات میں شاہی
چھو کر جس کے پاؤں کو قائد کہلائی گمراہی
جس کی چوکھٹ پر انسان کی عظمت کرے بسیرا
وہ ہے رسول میرا

لاکھوں سلام اس پر بھیجوں لاکھوں درود بھیجوں
روح کو اکثر اس کے روضے پر بے وجود بھیجوں
جس کی رحمت کا احسان مظفر پر بہتیرا
وہ ہے رسول میرا

مظفر وارثی



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

ادارہ

# پیارے نبی کی پیاری باتیں

## دین کی سمجھ

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

"جس شخص کے ساتھ اللہ بھلائی کا ارادہ کرتا ہے اس کو دین کی سمجھ عطا فرما دیتا ہے۔" بخاری و مسلم

فائدہ : دین کی سمجھ (فقاہت) سے مراد قرآن و حدیث کا فہم' دین کے احکام و مسائل کا علم اور حلال و حرام کی تمیز ہے۔ وہ فقاہت مراد نہیں ہے جسے آج کل عام طور پر سمجھا یا سمجھایا جاتا ہے کہ ائمہ کے اقوال اور ان پر مبنی استنباطات و استخراجات کو سمجھنا فقاہت ہے اور مدونہ کتب فقہ کے ماہر ہی کو فقیہ باور کیا اور کرایا جاتا ہے اور ستم ظریفی کی انتہا ہے کہ اسی نقطہ نظر کے مطابق ایسے لوگ محدثین کو بھی (نعوذ باللہ) فقاہت سے عاری سمجھتے اور انہیں صرف عطار قرار دیتے ہیں۔ حالانکہ اصل فقیہ یہی لوگ ہیں۔ انہوں نے قرآن و حدیث کی روشنی میں زندگی کے تمام مسائل پر مجموعے مرتب کیے اور الگ الگ ابواب و فصول کے مطابق احادیث رسول درج کیں' تاہم اپنی رائے سے اجتناب کیا جو غایت درجہ تقویٰ اور احتیاط کی بات ہے۔ لیکن لوگوں نے اسی احتیاط و تقویٰ کی وجہ سے انہیں فقہا کی فہرست ہی سے خارج کر دیا اور فقہا صرف انہیں قرار دیا جو قرآن و حدیث کی تصریحات سے صرف نظر کر کے صرف اقوال ائمہ اور ان پر مبنی تفریع در تفریع مسائل کا علم رکھتے ہوں۔

## رشک کے قابل

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

"رشک کے قابل صرف دو آدمی ہیں۔ ایک وہ آدمی جس کو اللہ نے مال دیا' پھر اسے حق (کی راہ) میں خرچ کرنے کی توفیق بھی دی۔ اور دوسرا وہ آدمی جس کو اللہ نے دانائی سے نوازا' چنانچہ وہ اس کے ساتھ (لوگوں کے معاملات کے) فیصلے کرتا اور دوسروں کو بھی سکھاتا ہے۔" (بخاری و مسلم)

حسد سے مراد رشک ہے اور وہ یہ ہے کہ آدمی اس جیسی چیز کی آرزو کرے (جب کہ حسد میں یہ جذبہ کار فرما ہوتا ہے کہ فلاں کو جو فلاں نعمت حاصل ہے' وہ اس سے محروم ہو جائے۔)

**فوائد و مسائل :**

1۔ رشک کا مطلب حسد کرنا نہیں ہے جیسا کہ خود امام نووی رحمتہ اللہ نے بھی وضاحت فرمائی ہے۔

2۔ حسد کرنا ممنوع اور حرام ہے' کیونکہ اس میں حاسد کی یہ آرزو ہوتی ہے کہ فلاں شخص کو جو نعمت حاصل ہے' وہ چھن جائے۔ رشک کرنا جائز ہے اور اس کا مطلب یہ ہے کہ جب انسان یہ دیکھے کہ فلاں پر اللہ کا انعام و اکرام ہو رہا ہے تو یہ آرزو کرے : کاش! مجھے بھی اللہ کی طرف سے یہ نعمتیں حاصل ہوں۔ وہ حاسد کی طرح جلے کڑھے نہیں بلکہ خوش ہو کر اللہ سے دعا کرے۔

حکمت سے مراد قرآن و حدیث کا علم ہے کیونکہ یہی انسان کے لیے نافع ہے اور اس کے ذریعے ہی سے لوگوں کے درمیان صحیح فیصلے کیے جا سکتے ہیں۔ اس میں مال کے ساتھ علم نافع کے حاصل کرنے کی بھی ترغیب ہے۔



## ہدایت قبول کرنا

حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

"اس ہدایت اور علم کی مثال جس کے ساتھ اللہ نے مجھے بھیجا' اس بارش کی مانند ہے' جو کسی زمین پر برسی۔ چنانچہ اس (زمین) کا ایک حصہ عمدہ تھا۔ اس نے پانی کو اپنے اندر جذب کیا اور گھاس اور کثیر مقدار میں دیگر جڑی بوٹیاں اگائیں اور اس کا ایک حصہ سخت تھا (جو پانی کو فوری طور پر جذب نہیں کرتا) اس نے پانی کو اکٹھا کر لیا۔ تو اس کے ذریعے سے اللہ نے لوگوں کو نفع دیا۔ انہوں نے خود بھی پیا' جانوروں کو بھی پلایا اور کھیتوں کو بھی سیراب کیا اور وہ بارش زمین کے ایک اور حصے کو بھی پہنچی جو چٹیل تھا (ایسا ہموار اور صاف جہاں پانی ہی نہ ٹھہرے) جس نے پانی اکٹھا کیا نہ کوئی گھاس اگائی۔ چنانچہ یہی مثال اس شخص کی ہے' جس نے دین میں سمجھ حاصل کی اور اس ہدایت سے اللہ نے اسے نفع پہنچایا جس کے ساتھ اللہ نے مجھے بھیجا۔ پس اس نے خود بھی علم حاصل کیا اور دوسروں کو بھی سکھلایا اور اس شخص کی مثال جس نے اس کی طرف سر اٹھا کر بھی نہ دیکھا (اعراض و گریز کیا) اور نہ اللہ کی اس ہدایت کو قبول کیا جس کے ساتھ اللہ نے مجھے رسول بنا کر بھیجا۔ (بخاری و مسلم)

فوائد و مسائل : اس سے معلوم ہوا کہ علم کے اعتبار سے لوگوں کی تین قسمیں ہیں ایک وہ لوگ ہیں جو قرآن و حدیث کا علم حاصل کرتے ہیں اور اس پر عمل کرنے اور دوسروں کو بھی اس کی تعلیم دینے کے علاوہ اس علم سے مزید استنباط و استخراج کر کے قرآن و حدیث کے فیض کو زیادہ سے زیادہ عام کرتے ہیں' یہ سب سے بہتر لوگ ہیں۔

دوسرے وہ لوگ ہیں جو علم تو حاصل کرتے ہیں لیکن اس سے استنباط و استخراج کی استعداد نہیں رکھتے' اس علم سے اگرچہ ان کو خود بھی اور دوسروں کو بھی فائدہ پہنچتا ہے' تاہم ان کا فیض پہلی قسم کی بہ نسبت کم ہے۔ اس اعتبار سے یہ دونوں قسمیں محمود ہیں۔ (جیسا کہ مثال کا بھی مقصود ہے)

تیسرے وہ لوگ ہیں جو قرآن و حدیث کے علم سے اعراض و گریز کا راستہ اپناتے ہیں' نہ خود اسے سنتے اور پڑھتے ہیں جس سے انہیں فائدہ ہو اور نہ اسے سیکھ کر دوسروں تک پہنچاتے ہیں کہ وہ فائدہ اٹھا سکیں۔ یہ لوگوں کی بدترین قسم ہے۔ ہر مسلمان کو کوشش کرنی چاہیے کہ اس کا شمار پہلی دو قسموں میں سے کسی ایک قسم میں ہو۔

## سرخ اونٹوں سے بہتر

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا۔

"اللہ کی قسم! تیرے ذریعے سے کسی ایک آدمی کو اللہ تعالیٰ کا ہدایت دے دینا تیرے لیے سرخ اونٹوں سے بھی بہتر ہے۔" بخاری و مسلم

فائدہ : "سرخ اونٹوں سے بہتر ہے" یہ ایک تمثیل ہے' ہر بہتر چیز کے لیے۔ سرخ اونٹ عرب میں بہت بیش قیمت ہوتا تھا۔ اس میں دعوت الی اللہ کی فضیلت اور لوگوں کو ہدایت کی طرف بلانے کی ترغیب ہے۔ تاہم اس کے لیے پہلے ضروری ہے کہ انسان خود بھی ہدایت کے راستے سے آگاہ اور واقف ہو' اس لیے قرآن و حدیث کا علم حاصل کرنا نہایت ضروری ہے کہ اس کے بغیر ہدایت و رہنمائی کا فریضہ انجام ہی نہیں دیا جا سکتا۔

## احکام پہنچانا

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

"میری طرف سے لوگوں کو (احکام الٰہی) پہنچا دو اگرچہ ایک آیت ہی ہو اور بنی اسرائیل سے بیان کرو' اس میں کوئی حرج نہیں۔ اور جو مجھ پر جان بوجھ کر



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

جھوٹ بولے وہ اپنا ٹھکانا جہنم میں بنالے۔ (بخاری)

**فوائدومسائل :**

1۔ اس میں ایک تو قرآن وحدیث کا علم حاصل کرنے اور پھر اسے آگے پھیلانے کی تاکید ہے جس کو تھوڑا یا زیادہ جتنا بھی علم ہو وہ اس کی تبلیغ ضرور کرے اور لوگوں تک احکام الٰہی پہنچائے۔ یہ نہ سمجھا جائے کہ تبلیغ ودعوت تو صرف علماء اور سند یافتہ لوگوں ہی کا کام ہے بلکہ ہر شخص اپنے علم کی حد تک اس کا مکلف ہے حتیٰ کہ کسی کو کسی ایک آیت ہی کا علم ہے یعنی کسی ایک حکم الٰہی ہی سے وہ آگاہ ہے تو اس کی ذمہ داری ہے کہ لوگوں کو بھی اس سے آگاہ کرے۔

2۔ اس میں بنو اسرائیل سے بیان کرنے کی جو اجازت ہے اس سے مراد صرف بعض وہ واقعات اور قصے ہیں جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمائے ہیں اور وہ صحیح احادیث میں موجود ہیں۔ اس کا مقصد ہر قسم کی اسرائیلی روایات بیان کرنے کی عام اجازت دینا نہیں ہے جیسا کہ عام طور پر اس سے یہ مفہوم اخذ کیا جاتا ہے۔

3۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف جھوٹی بات منسوب کرنے پر سخت وعید ہے جس کا تقاضا یہ ہے کہ احادیث کی تحقیق اور چھان پھٹک نہایت ضروری ہے۔ اور جو حدیث بے سند ہو یا اس کے سلسلہ سند میں کاذب راوی ہوں یعنی شدید ضعف کی حامل ہو تو ایسی روایت کو حدیث رسول کے طور پر پیش کرنا سخت جرم ہے۔ ضعیف روایات کے مختلف درجے ہیں لیکن ان درجات کا علم اسمائے رجال اور اصول حدیث پر گہری اور وسیع نظر کے بغیر ممکن نہیں اور ایسے اصحاب علم جو علوم حدیث پر ماہرانہ نظر رکھتے ہوں بہت ہی قلیل ہوتے ہیں۔ اس لیے عام علماء کے لیے زیادہ بہتر اور محتاط راستہ یہی ہے کہ وہ ضعیف حدیث بیان کرنے سے گریز کریں چاہے ضعف شدید ہو یا خفیف۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ایسی بات منسوب نہ کی جائے جس کی نسبت آپ کی طرف مشکوک ہو اسی لیے ضعیف احادیث بھی بیان نہیں کرنی چاہئیں۔

## جنت کا راستہ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

"جو شخص علم (دین) کی تلاش کے لیے کسی راستے پر چلے تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت کا راستہ آسان فرما دیتا ہے۔" مسلم

**فائدہ :** علم سے مراد دین یعنی قرآن وحدیث کا صحیح علم ہے جو فقہی تعصب کی عینک کے بغیر حاصل کیا جائے۔

## ہدایت کی طرف بلانے والا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہی سے روایت ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

"جو شخص ہدایت کی طرف بلائے گا اس کو ان تمام لوگوں کے برابر اجر ملے گا جو اس ہدایت کی پیروی کریں گے اور یہ پیروی کرنے والوں کے اجر میں کوئی کمی نہیں کرے گا۔" مسلم

**فوائدومسائل :** اس حدیث کا اگلا حصہ یہ ہے۔ "جو گمراہی کی دعوت دے گا تو اس کو ان تمام لوگوں کے گناہوں کے برابر گناہ ہو گا جو اس گمراہی کی پیروی کریں گے اور یہ ان گمراہی کی پیروی کرنے والوں کے گناہوں میں کوئی کمی نہیں کرے گا۔"

اس میں خیر کی دعوت دینے والوں کے لیے بڑی خوش خبری اور شر کی دعوت دینے والوں کے لیے سخت وعید ہے۔

## صدقہ جاریہ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہی سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

"جب انسان مرجاتا ہے تو اس کے عمل کا سلسلہ ختم ہو جاتا ہے مگر تین چیزوں کا ثواب اسے ملتا رہتا ہے۔ صدقہ جاریہ اور وہ علم جس سے فائدہ اٹھایا جائے اور



نیک اولاد جو اس کے لیے دعائے خیر کرتی رہے۔" (مسلم)

**فائدہ :** "عمل کا سلسلہ ختم ہو جاتا ہے" کا مطلب ہے کہ اس پر اجر وثواب ملنا بند ہو جاتا ہے تاہم تین عمل ایسے ہیں کہ موت کے بعد بھی ان کا ثواب میت کو پہنچتا رہتا ہے۔ صدقہ جاریہ جیسے مرنے والا مسجد و مدرسہ ہسپتال اور سرائے وغیرہ بنا جائے تو جب تک لوگ ان سے فائدہ اٹھاتے رہیں گے میت کو ثواب پہنچتا رہے گا۔

علم جس سے فائدہ اٹھایا جائے کا مطلب ہے دوستوں کو علم سکھانا یا تالیفات وتصنیفات کے ذریعے سے علم پھیلانا۔ جب تک اس کا سلسلہ تلمذ قائم اور کتابیں محفوظ وموجود رہیں گی اور لوگ ان سے برابر فائدہ اٹھاتے رہیں گے تو ان کا اجر بھی استاد یا مصنف کتاب کو ملتا رہے گا۔

اولاد کی نیک تربیت بڑی ضروری ہے تاکہ وہ مرنے کے بعد صحیح طریقے سے اپنے والدین کے حق میں دعائے خیر کرتی رہے کیونکہ اولاد کی دعا والدین کے حق میں مفید ہے۔

## دنیا اور اس کا سامان

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہی سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔

"دنیا ملعون ہے اور جو کچھ سامان اس میں ہے وہ بھی ملعون ہے سوائے اللہ تعالیٰ کے ذکر اور اس کے متعلقات کے اور عالم یا متعلم کے۔"

(اسے ترمذی نے روایت کیا ہے اور کہا ہے : یہ حدیث حسن ہے۔)

**فوائدومسائل :**

1۔ اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ واقعی دنیا اور اس کا ساز وسامان ملعون ہے بلکہ دنیا کا وہ مال ومتاع ملعون ہے جو انسان کو اللہ کی یاد سے غافل کردے۔ یا اس کے لیے ملعون ہے جس کو دنیا میں اللہ یاد ہی نہ آئے۔

2۔ اسے کتاب العلم میں اس لیے بیان کیا ہے کہ علم دین کا حاصل کرنا نہایت ضروری ہے تاکہ انسان کو علم ہو کہ فلاں بات یا کام اللہ کی رضا کا اور فلاں اس کی ناراضی کا باعث ہے اسی لیے اس میں عالم اور متعلم کو مستثنیٰ کر دیا گیا ہے۔

## علم کے لیے نکلنے والا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

"جو شخص علم کی جستجو میں نکلتا ہے تو وہ لوٹنے تک اللہ کی راہ میں (شمار) ہو گا۔"

(اسے ترمذی نے روایت کیا ہے اور کہا ہے : یہ حدیث حسن ہے۔)

## مومن کی منزل

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

"مومن بھلائی سے ہرگز سیر نہیں ہوتا یہاں تک کہ وہ اپنی آخری منزل جنت میں پہنچ جاتا ہے۔"

(اسے ترمذی نے روایت کیا ہے اور کہا ہے : یہ حدیث حسن ہے۔)

## عالم کی فضیلت

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "عابد پر عالم کی فضیلت ایسے ہی ہے جیسے میری فضیلت تمہارے ایک ادنیٰ آدمی پر۔"

پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

"بے شک اللہ تعالیٰ اس کے فرشتے اور آسمان و زمین کی مخلوق حتیٰ کہ چیونٹی اپنے بل میں اور مچھلی تک (پانی میں) لوگوں کو بھلائی سکھلانے والوں پر (اپنے اپنے انداز میں) رحمت بھیجتے اور دعائیں کرتے ہیں۔"



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

(اسے ترمذی نے روایت کیا ہے اور کہا ہے : یہ حدیث حسن ہے۔)

**فوائدومسائل :**

1۔ عالم سے مراد قرآن و حدیث کا عالم ہے جو فرائض و سنن کی پابندی کے ساتھ تعلیم و تعلم میں مصروف رہتا ہے اور عابد سے مراد وہ شخص ہے جو اپنا زیادہ وقت عبادت الٰہی میں گزارتا ہے۔ اس کے نوافل اور کثرت ذکر کا فائدہ چونکہ اس کی اپنی ذات تک محدود رہتا ہے' جب کہ عالم کے علم کا فیض دوسرے لوگوں تک بھی پہنچتا ہے' اس لیے وہ عابد پر بہت زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔

2۔ صلاۃ کی نسبت اللہ کی طرف ہو تو معنی ہوتے ہیں : رحمت بھیجنا' فرشتوں کی طرف ہو تو معنی ہیں : مغفرت کی دعا کرنا اور دوسری مخلوق' انسان و حیوان کی طرف ہو تو معنی ہیں : دعا و التجا کرنا۔ گویا معلم خیر پر اللہ تعالیٰ رحمت بھیجتا ہے' فرشتے اس کے لیے مغفرت طلب کرتے ہیں اور دوسری مخلوق اس کے حق میں خیر کی دعائیں کرتی ہے۔

اس میں عالم کی فضیلت اور علما کی توقیر و تکریم کا بیان ہے۔

## دین کا علم

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم کو فرماتے ہوئے سنا۔

"جو شخص ایسے راستے پر چلے جس میں وہ (دین کا) علم تلاش کرے تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت کا راستہ آسان کر دیتا ہے اور فرشتے طالب علم کے لیے' اس کے اس عمل سے خوش ہو کر' اپنے پر رکھ دیتے ہیں اور عالم کے لیے آسمان و زمین کی ہر مخلوق' حتیٰ کہ مچھلیاں پانی میں مغفرت کی دعا کرتی ہیں اور عالم کی فضیلت عابد پر ایسے ہے' جیسے چاند کو سارے ستاروں پر فضیلت حاصل ہے اور علما انبیاء کے وارث ہیں اور انبیاء نے اپنے ورثے میں دینار اور درہم نہیں چھوڑے' وہ تو (دین کا) علم ہی ورثے میں چھوڑ کر جاتے ہیں۔ چنانچہ جس نے وہ علم حاصل کیا' اس نے (شرف و فضل کا) ایک بڑا حصہ حاصل کر لیا۔"

(اسے ابوداؤد اور ترمذی نے روایت کیا ہے۔)

فائدہ : اس میں بھی علم دین حاصل کرنے کی فضیلت اور علما کے شرف و احترام کا بیان ہے۔ فرشتوں کے رکھ دینے کا مطلب ہے کہ وہ اپنے پروں کو بند کر کے بیٹھ جاتے ہیں' جیسے علم و ذکر کی دوسری محفلوں کو وہ گھیر لیتے ہیں۔

## فطرت کی طرف رہنمائی

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ و سلم کے پاس' جس رات آپ کو معراج عطا کی گئی' شراب اور دودھ کے دو پیالے لائے گئے۔ آپ صلی اللہ علیہ و سلم نے ان دونوں کی طرف دیکھا اور دودھ (والا پیالہ) پکڑ لیا۔ جبرئیل علیہ اسلام نے کہا : تمام تعریفیں اس اللہ کے لیے ہیں جس نے آپ کی رہنمائی فطرت کی طرف فرمائی۔ اگر آپ شراب (والا پیالہ) لے لیتے تو آپ کی امت گمراہ ہو جاتی۔ (مسلم)

**فوائدومسائل :**

1۔ اسلام دین فطرت ہے جسے ہر وہ نفس قبول کر لیتا ہے جو فطرت سلیمہ پر قائم اور اس کا فہم صحیح ہو۔

2۔ اللہ تعالیٰ جس کو خیر اور فضل کی توفیق دے' اسے اللہ تعالیٰ کی حمد کرنی چاہیے۔

3۔ شراب تمام خرابیوں کی جڑ ہے' اسی لیے اسے ام الخبائث کہا جاتا ہے۔



بیٹھ کر سیر دو جہاں کرتا

# پیرِ کامل

مصنف: عمیرہ احمد
تبصرہ: آمنہ زریں

فہم انتخاب کا حق رکھتی ہے اور انتخاب اس کے معیار کی گواہی دیتا ہے۔

صلاحیت سمت اختیار کرتی ہے اور سمت منزل کا تعین کرتی ہے۔ تخلیق کائنات میں صلاحیت کی تقسیم بلحاظ سعادت اپنے آپ میں منفرد تو ہوتی ہی ہے' ممتاز بھی ہو جاتی ہے۔ وقت کی گردش وہی رہتی ہے' حرکت کا سفر انسان کو کہاں سے کہاں لے جاتا ہے۔ یہ صرف دیکھنے کی نہیں سوچنے کی بات ہے!

اپنے تخلیقی سفر میں عمیرہ احمد نے منفرد اسلوب کی بدولت "دیکھتے ہی دیکھتے" دلوں میں گھر کر لیا۔ مگر یہ مقام ایسا نہیں کہ جس کی ہمسری ناممکن ہو۔ سعادت سے جڑے مقام البتہ نایاب ہو جاتے ہیں!

مسلمان ہونے کی شناخت سے رسوائی آج اگر جوڑ دی گئی ہے۔ تو یہ مسلمان کی بے عملی کا بین ثبوت ہے۔ مگر مقام شکر ہے کہ یہ رسوائی ہمیشگی سے جڑی ہوئی نہیں ہے۔ اس شناخت کی جڑ سے جڑے رہنا۔ دور حاضر کی سب سے بڑی آزمائش ہے۔ اجنبی بنا دیے جانے کے دور ابتلا میں اس شناخت کو تسلیم کرنا۔ محبت کرنا۔ فہم رکھنا اور اس کو عام فہم بنانے کی جدوجہد میں اپنا حصہ ڈالنا۔ سعادت نہیں تو اور کیا ہے؟

سو' عمیرہ احمد کے ذہن رسا اور شاندار قلم سے "پیر کامل" کی محبت میں سرشار لفظ جب نکلے۔ تو دلوں میں گھر کر گئے۔ سالار سکندر اور امامہ ہاشم کی داستان' محبت' استقامت اور آزمائش کی بھٹی سے کندن ہو کر نکلنے کی داستان ہے۔

صراط مستقیم ہی دراصل دنیا میں آزمائش کی شکل اختیار کرتا ہے۔ اس کی تلاش' اس سے بھٹکنا' اس پر چلتے ہوئے ڈگمگانا۔ چلنا۔ گرنا۔ پھر سنبھل جانا۔ دراصل صراط مستقیم ہی آزمائش ہے!

وہ جو کلید قرآن ہے۔ وہ جس کا ورد صبح و شام ہے۔ وہ جو زبان پر جاری ہے۔ مگر روح جس کے فہم سے منہ موڑے ہراساں و پریشان زوال کے مدارج طے کر رہی ہے۔ وہ صراط مستقیم کون سا ہے؟ کیا سب کا اپنا اپنا؟

دیکھیے۔ نفیس' دھیما اور معتدل لہجہ لیے ڈاکٹر سید سبط علی کے الفاظ میں۔

"صراط مستقیم وہ راستہ ہے جو اللہ اپنے پیغمبر کے ذریعے قرآن پاک میں بتاتا ہے۔ صاف' دو ٹوک اور واضح الفاظ میں۔ وہ کام کریں جس کا حکم اللہ اپنے رسول کے ذریعے دیتا ہے اور اس کام سے رک جائیں جس سے منع کیا جاتا ہے۔"

"ہدایت کی تلاش ہے' قرآن کھولیے۔ کیا ہے جو وہ آپ کو نہیں بتا دیتا۔ وہ آپ کو انجان اور بے خبر نہیں رہنے دیتا۔ کیا اللہ انسان کو نہیں جانتا ہو گا؟ اس مخلوق کو جو اس کی اربوں کھربوں تخلیقات میں سے ایک ہے۔"

کردار' کہانی' واقعات کا تسلسل۔ "پیر کامل" پڑھتے ہوئے لمحہ بھر بھی الگ ہونا مشکل ہے۔ مگر محاسن پر بحث کرنے کے لیے انتخاب ایک مشکل مرحلہ ثابت ہوتا ہے۔ امامہ اور سالار دو الگ بستی ہوئی انتہائیں۔ پھر ان کے یکجا ہونے پر منتج ہونے والا



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

سفر۔۔۔ مگر سفر کی مشکلات؟
مدہم لہجے مگر مضبوط موقف رکھنے والے ڈاکٹر سبط علی۔۔۔ قحط الرجال کی شب ظلمت کا ستارا۔۔۔!
ہر چمکتی چیز سونا نہیں ہوتی کو سچ کرتا ہوا۔۔۔ جلال انصر کا کردار۔۔۔ ملمع چڑھاتے اور اتارتے وقت۔۔۔ ابن الوقتی کے تقاضے پورا کرتا ہوا۔۔۔ ہر زمانے میں مفاد پرستی کی علامت۔۔۔! زمانے سے مٹی ہوئی سادہ لوحی کی نشانی۔۔۔ سعیدہ اماں کا کردار۔۔۔ ہر جگہ تلقین و نصیحت کا منبر سجائے، وعظ کے شوقین حضرات کی نمائندگی کرتا ہوا۔۔۔ سعدیہ ظفر کا کردار۔۔۔ پہلی اینٹ رکھنے والی مخلص دوست۔۔۔ جویریہ۔۔۔ بزعم خود امامہ کی گمراہی اور رسوائی کا عندیہ دینے والا۔۔۔ ہاشم مبین۔۔۔ جدت زمانہ کے مضطرب جنوں کو سہولت سے نمٹتے ہوئے۔۔۔ اپنی زمین سے جڑے ہوئے۔۔۔ دھرتی کی لگن میں لگے ہوئے فرقان کا کردار۔۔۔! جس کے پاس وعظ و نصیحت نہیں عمل ہے۔

ان کرداروں کی جزئیات نگاری۔۔۔ ان کے مرکز کا پتا دیتی ہے اور فہم کی اس رسائی کا ذریعہ عمیرہ احمد کی وہ شان دار صلاحیت ہے، جس کی بدولت وہ کسی بھی مرحلے پر پڑھنے والے کو آسان اور متوقع اندازہ لگانے کی مہلت نہیں دیتیں! ان سب کرداروں کے علاوہ۔۔۔ ایک خاموش کردار تقدیر کا بھی ہے۔ تقدیر۔۔۔ فہم کی قید سے ماورا ہے۔۔۔ مگر جب تحریر کی صورت میں دوسروں کی زندگیوں سے جڑے ہوئے خاموش کردار کی صورت ابھرتی ہے تب ہم اسے دیکھنے کے تجربے سے گزرتے ہیں!
سب سے پہلے سالار سکندر کے کردار کا جائزہ لیتے ہیں۔۔۔ امامہ اور سالار میں سے ہمیں کون زیادہ محبوب ہے۔۔۔ میرا خیال ہے کہ یہ ایک مشکل فیصلہ ہے!
سالار۔۔۔! خطرہ مول لینے والے لوگ بہر صورت بہادر ہوتے ہیں اور بہادر لوگ فیصلہ کن گھڑی میں پورا اترنے کی صلاحیت بھی رکھتے ہیں! غیر معمولی ذہانت اور کم عمری کا خطرناک امتزاج اس کے اضطراب کی من موجی توجیہات وضع کرتا رہا۔۔۔ مگر یہ اس کی جرات کی بدولت ہی تھا کہ اس کے لاشعور میں پھنسا احساس جرم آخر کار اس کو آزمائشوں کو بھٹی میں سے کندن بنا کر نکال لایا۔۔۔ کندن بننے کی خواہش سب ہی کرسکتے ہیں؟ مگر بھٹی میں گرنے اور پھر پڑے رہنے کی؟
امامہ۔۔۔ صراط مستقیم کچھ لوگوں کے پاس موجود اس روشنی کی طرح ہوتا ہے جسے وہ گل کیے رہتے ہیں اور کچھ لوگ اس کی جستجو اور دریافت کی آزمائش سے گزارے جاتے ہیں۔۔۔ پھر اس پر استقامت اختیار کرنے کی جرات سے نوازے جاتے ہیں اگر سالار کی ذہانت غیر معمولی درجے کی تھی۔۔۔ تو اس کا مقدر بننے والی امامہ کی استقامت بھی غیر معمولی تھی!
اس کی عمر دیکھیں۔۔۔ خواہشات، خوابوں سے دستبرداری کا عالم دیکھیں۔۔۔ آسائشوں، رشتوں سے کٹ کر قائم رہنے کی استعداد دیکھیں۔۔۔ اور اپنی دانست میں کی گئی پہلی محبت پر اس کی دیانت اور فراخ دلی کا عالم دیکھیں۔۔۔ امامہ نے آٹھ سال بعد دوبارہ جلال

سے شادی کی درخواست کی۔۔۔ پہلی شادی اور بیٹے پر کوئی اعتراض نہ ہونے کا عندیہ بھی دیا مگر۔۔۔!
"مذہب کی بات اپنی جگہ، مگر مذہب کے ساتھ معاشرہ بھی تو کوئی چیز ہوتا ہے۔ جس میں ہم رہتے ہیں اور جس کی ہمیں پروا کرنی چاہیے۔ تم بہت اچھی ہو مگر لوگ سمجھتے ہیں کہ تم اچھی لڑکی نہیں ہو اور میں کسی اسکینڈلائزڈ لڑکی سے شادی نہیں کرسکتا۔ میں برداشت نہیں کرسکتا کہ کوئی یہ کہے کہ میری بیوی کا کردار اچھا نہیں ہے۔"
انسان کا فہم اور بصیرت محدود ہے مگر قدرت کی نظر ہر شے پر رہتی ہے۔۔۔ جلال سے ملنے والی اذیت، امامہ کی آزمائش کے مرحلوں میں سے ایک تھی مگر حقیقت تو یہ تھی کہ امامہ کو اس کے غلط انتخاب کا بین ثبوت دے دیا گیا۔۔۔ امامہ اور جلال انصر کی تقدیر ایک کیسے ہوسکتی تھی؟ جب کہ ان کی ترجیحات کا رخ زمین آسمان کے فاصلے پر تھا!



عمیرہ کی جزئیات نگاری یقیناً "قابل داد ہے۔۔۔ مگر صورت حال کے تمام فطری تقاضوں کا خیال رکھنا ان کی چابک دستی کی دلیل ہے۔ سالار کے موبائل کا استعمال، صبیحہ کے گھر سے کی گئی کال، گھر کے بجائے آفس کی گاڑی اور ڈرائیور۔۔۔ یہ وہ نکات تھے، جنہوں نے امامہ کی تلاش کے لیے کوئی نشان نہ چھوڑے اور یوں امامہ محفوظ و مامون، شناخت تبدیل کرکے رہنے کے قابل ہوسکی!
کہانی کے اہم ترین مناظر میں اسلام آباد کی پہاڑیوں پر درخت سے بندھے ہوئے سالار کی حالت زار کا بیان ہے۔ خوف، حقیقت سے بڑھ کر لگتا ہے، مگر جب حقیقت بن جاتا ہے۔۔۔ تب کیا ہوتا ہے؟ یہ صرف اس سے گزرنے والا جانتا ہے!
یہی وہ تجربہ تھا جو سالار کی زندگی کا دھرا تبدیل کر گیا۔۔۔ اور وہ دھن کا پکا۔۔۔ اپنے قول پر پورا اتر گیا۔۔۔ گو آزمائش تکلیف دہ تھی، مگر انعام اور درجات بھی اسی حساب سے!
کہانی کی راہ گزر پر قاری کردار کے ساتھ چلتا ہے۔

اور لکھنے والے کا نکتہ کمال یہ کہ وہ جب کردار کو کسی غلط فہمی کا شکار ہونے دیں تو پڑھنے والا بھی اس احساس میں رگیدا جائے۔۔۔ یہ لفظ خاص طور پر اس لیے کہ ریڈ لائٹ ایریا میں امامہ کی موجودگی کا تصور لیے۔۔۔ سالار کے ساتھ ساتھ کانٹوں پر رگیدے جانے، حلق میں کانٹے اگ آنے کا احساس۔۔۔ مجھے آج بھی یاد ہے۔ اس منظر کے خاتمے پر جان میں جان آئی۔۔۔ مگر ایک لمبے وقفے کے بعد!
"تکلیف دے کر اسے آگہی نہیں دی گئی۔۔۔ صرف تکلیف کا احساس دے کر اسے آگہی سے شناسا کردیا گیا تھا۔ اسے وہاں نہ دیکھ کر وہ اس حالت میں جا پہنچا تھا۔ وہ اسے وہاں دیکھ لیتا تو اس پر کیا گزرتی۔ اسے اللہ سے خوف آرہا تھا۔۔۔ بے پناہ خوف۔۔۔ انسان کو انسان رکھنا اسے آتا تھا۔ کبھی غضب سے، کبھی احسان سے۔ وہ اسے اس کے دائرے میں ہی رکھتا

ماہنامہ کرن
نومبر 2014 کا شمارہ "مکمل ناول نمبر" شائع ہوگیا
"بیاد فرحانہ ناز ملک"،
اداکار "تنویر آفریدی" سے شاہین رشید کی ملاقات،
اداکارہ "سارہ عمیر" کہتی ہیں "میری بھی سنیے"،
"آواز کی دنیا سے" اس ماہ مہمان ہیں "آصف ملک"،
اس ماہ "نشانورین" کے "مقابل ہے آئینہ"،
"اک ساگر ہے زندگی" نفیسہ سعید کا سلسلے وار ناول،
"تیری جستجو میں" فوزیہ یاسمین کا مکمل ناول،
"جو بیچتے تھے" عزہ خالد کا مکمل ناول،
"راستہ ٹھر جائے" عائشہ نصیر کا مکمل ناول،
"عشق سفر کی دھول" لبنیٰ جدون کا مکمل ناول،
"پھٹا تارہ" حیا بخاری کا مکمل ناول،
"خالہ، سالا اوراوپر والا" فاخرہ گل کی دلچسپ مزاحیہ تحریر،
اُم طیفور، شبانہ شوکت، درشہوار ارشد، ردا ایم سرور اور گین کے افسانے اور مستقل سلسلے،
اس شمارے کے ساتھ کرن کتاب
کرن کتاب
"رشتے نبھانا سیکھیں"
کرن کے ہر شمارے کے ساتھ علیحدہ سے مفت پیش خدمت ہے



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

تھا۔"

تیسرے اہم ترین منظر میں عمیرہ کے قلم کی دسترس اپنے عروج پر ہے جہاں وہ قاری کو حسب منشا کچھ بھی اخذ نہیں کرنے دیتیں اور بس ان ہی کو معلوم ہوتا ہے کہ وہ کب کون سے نکتے جوڑیں گی۔

جی۔۔۔ یہ وہ منظر ہے جب سالار سکندر آمنہ کو علیحدگی حاصل کرنے کے دلائل اور سہولت استعمال کرنے کا موقع فراہم کرنے کی تیاری کے ساتھ آیا۔۔۔ مگر۔۔۔

"سالار سانس نہیں لے سکا۔ اس نے زندگی میں اس سے زیادہ خوب صورت لڑکی نہیں دیکھی تھی یا پھر اسے اس لڑکی سے زیادہ خوب صورت کوئی نہیں لگا تھا۔ وہ یقیناً" آمنہ تھی۔ وہ آگے نہیں بڑھ سکا۔ وہ اس سے نظریں نہیں ہٹا سکا۔ کسی نے اس کے دل کو مٹھی میں لیا تھا۔ دھڑکن رکی تھی یا رواں۔۔۔ وہ جان نہیں سکا۔"

ہم بھی سالار کے ساتھ ساتھ رہے اور جب اس نے فرقان کو آگاہ کیا۔۔۔ تب ہم بھی جان سکے۔

"جسے تم میری نیکی کہہ رہے ہو' وہ دراصل میرا اجر ہے جو مجھے زمین پر ہی دے دیا گیا ہے۔ مجھے آخرت کے انتظار میں نہیں رکھا گیا اور میرا مقدر آج بھی وہی ہے جو نو سال پہلے تھا۔ مجھے وہی عورت دی گئی ہے جس کی میں نے خواہش کی تھی' امامہ ہاشم اس وقت میرے گھر پر ہے۔"

کہانی میں ہلکے پھلکے جملے بھی فطری اظہار کا ذریعہ ہیں۔ جن میں سالار کے دوبدو جملے شامل ہیں جو اس کی فطری صاف گوئی کا نتیجہ تھے۔ امامہ کی والدہ کے ہاتھوں پٹائی کی اطلاع پر دو لفظی تبصرہ "وری نائس" پولیس کی آمد پر' ثبوتوں اور گواہوں کی موجودگی کے باوجود سالار کا اپنے موقف پر قائم رہنا اس کی بے خوفی کے ساتھ ساتھ اس کی استقامت اور جرات کی نشاندہی تھا۔ اس نے کہیں بھی کمینگی کا مظاہرہ نہیں کیا۔ لڑکوں کی دوستی میں جاں نثاری کا عنصر متاثر کن ہوتا ہے۔۔۔ مگر سالار کے دوستوں کا عملی مظاہرہ بھی پرلطف تھا!

واپس آتے ہیں سمت کے تعین اور ترجیحات کی تبدیلی کی طرف اور اس کتاب میں موجود اصل پیغام کی طرف۔

سید سبط علی ابہام کو دور کرنے میں کمال رکھتے تھے۔

"اسلام کو سمجھ کر سیکھیں تو آپ کو پتا چلے گا کہ اس میں کتنی وسعت ہے۔ یہ تنگ نظری اور تنگ دلی کا دین نہیں ہے اور نہ ہی ان دونوں چیزوں کی اس میں گنجائش ہے۔ یہ "میں" سے شروع ہو کر "ہم" پر جاتا ہے۔ "فرد" سے "معاشرے" تک۔"

"کون ہے جسے آج یا آئندہ آنے والے زمانے میں کسی شخص کے لیے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑھ کر کاملیت دے دی جائے؟"

"کیا مسلمانوں کے لیے ایک اللہ' ایک قرآن' ایک رسول اور ان کی سنت کافی نہیں؟"

"کوئی پیر کامل کا فرقہ بتا سکتا ہے؟" "نہیں بتا سکتا۔"

ڈاکٹر سبط علی کہہ رہے تھے "وہ صرف مسلمان تھے۔ جو یہ یقین رکھتے تھے کہ اگر وہ صراط مستقیم پر چلیں گے تو جنت میں جائیں گے' اس راستے سے ہٹیں گے تو اللہ کے عذاب کا نشانہ بنیں گے۔"

"احترام ہر ایک کا کریں۔ ہر ولی کا' ہر مومن کا' ہر بزرگ کا' ہر شہید کا' ہر صالح' ہر پارسا کا۔ مگر اپنی زندگیوں میں ہدایت اور رہنمائی صرف حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے لیں کیوں کہ انہوں نے آپ تک اپنے ذاتی احکام نہیں پہنچائے' جو کچھ بتایا ہے وہ اللہ کا نازل کردہ ہے۔"

"عروج ہر قوم' ہر نسل کا خواب ہوتا ہے' مگر کبھی بھی کسی قوم پر عروج صرف اس بنا پر نہیں آیا کہ اسے ایک کتاب اور نبی دے دیا گیا' جب تک اس قوم نے اپنے اعمال اور افعال سے عروج کے لیے اپنی اہلیت ثابت نہیں کر دی' وہ کسی مرتبہ' کسی فضیلت کے قابل نہیں ٹھہری۔"



اللہ کے ہاں رائج میرٹ سسٹم انصاف کے تقاضوں کو پورا کرتا ہے اور اللہ لوگوں سے تقاضا کرنے کا روادار ہے کہ وہ بھی انصاف کریں۔ سفارش اور اقربا پروری اسے اگر زمین پر ناپسند ہے تو اسی لیے کہ اس کے نظام میں بے عملی کی گنجائش موجود نہیں!

اپنا عکس دیکھنے کے لیے صرف آئینہ کافی نہیں ہوتا۔۔۔ بلکہ روشنی اور آئینے کے سامنے کھڑا ہونے کی جرات بھی درکار ہوتی ہے۔ لفظوں میں بھی روشنی کی تاثیر موجود ہوتی ہے اور یہ باطن کی تاریکی کو دور کرنے کا کام کرتے ہیں! اطاعت و فرماں برداری' تسلیم و رضا کا نتیجہ انسان کو معلوم نہیں ہوتا۔۔۔ مگر پھر بھی وہ اس راستے پر قدم رکھ دیتا ہے۔۔۔ ایسے میں دنیاوی اور اخروی' ظاہری اور چھپے ہوئے فیض اس کے ہمراہ ہو لیتے ہیں اور اس کو خبر تک نہیں ہوتی۔۔۔!

"آپ جیسا چاہیں گے میں ویسا ہی کروں گا۔"

"آپ مجھ سے درخواست نہ کریں' آپ مجھے حکم دیں۔" اس نے خود کو کہتے پایا تھا۔"

جملے کا آخری حصہ جس کیفیت کا عکاس ہے' وہ خود اختیاری سے دستبرداری کا اقرار ہے۔۔۔ اور اس طرح کے لطیف پیرائے دراصل گہرائی کے مظہر ثابت ہوتے ہیں!

سالار نے ڈاکٹر صاحب کے کہے کی لاج رکھی۔۔۔ حالات تقدیر نے مرتب کیے۔۔۔ عمل درآمد تسلیم و رضا نے کروایا۔۔۔ اور "اہدنا الصراط المستقیم" کہنے والوں کو "انعمت علیھم" میں شامل کر لیا گیا۔۔۔!

کہانی کا آخری حصہ جادوئی معلوم ہوتا ہے۔۔۔ سانس رو کے۔۔۔ جب ہم رنج و الم کو تحلیل ہوتا دیکھتے ہیں۔۔۔ غم و الم کے بوجھ کو ہٹتا ہوا دیکھتے ہیں۔۔۔ تب تسکین آور کیفیت ہم پر بھی وارد ہونے لگتی ہے۔۔۔!

قرآن کریم کی کچھ آیتیں یاد آتی ہیں۔۔۔ ان کو زمانے سے' حالات سے جوڑ کر دیکھیے۔۔۔ اور اپنے رب کی شان بیان کرنے کا لطف حاصل کیجیے۔۔۔

"پھر کہتے ہیں کہ یہ اللہ کی طرف سے ہے تاکہ قیمت وصول کر لیں تھوڑی۔۔۔" (البقرۃ)

آیتوں میں تحریف' تشریح میں ردوبدل کر کے دنیا کا جتنا بھی بڑا حصہ وصول کر لیں۔۔۔ قرآن اور آخرت کے پیش نظر وہ قیمت ہمیشہ "ثمنا" "قلیلا" ہی رہے گی۔

"اور وہ جو ایمان لائے اللہ پر اور آخرت کے دن پر اور عمل کیے نیک' پس ان کا اجر ان کے رب کے پاس ہے اور نہ خوف زدہ ہوں گے' نہ غم زدہ۔" (البقرۃ)

"ممکن ہے تم ایک شے کو ناپسند کرو اور اللہ تعالیٰ اس کے اندر کوئی بڑی منفعت رکھ دے۔" (النساء)

پس' یہ کس طرح ممکن تھا۔۔۔ کہ رب کائنات صراط مستقیم کی خواہش رکھنے والے دلوں کو رنج و الم میں مبتلا رہنے دیتا؟ ان کی حفاظت نہ کرتا؟ کیوں کہ وہ بہترین قدردان ہے۔

"پیر کامل" کو بار بار پڑھنا بھی پہلی بار پڑھنے جیسا لطف دیتا ہے' مگر پہلی بار کے پڑھنے پر کچھ احساسات ابھی تک یاد ہیں۔۔۔ جن میں سے ایک۔۔۔ اس موضوع پر بلند آہنگ تحریر اور اشاعت کے لیے عمیرہ احمد اور ادارہ یکساں تحسین اور مبارک باد کے مستحق ہیں۔ اللہ جس کی ہدایت' حفاظت اور مدد کا ذمہ لے لیتا ہے' پھر اس کو کیا ڈر؟ اور رستہ بھی اس کا' پیغام بھی اس کا' محبت بھی اس کی۔۔۔ تو پھر نہ وہ بے خبر ہے۔۔۔ نہ بے قدر۔۔۔!

امامہ اور سالار کے ملن کے بعد ان کی زندگی میں مزید کتنے امتحان ہیں۔۔۔؟ کون سے موڑ ہیں۔۔۔؟ ان کے ساتھ کیا ہونے والا ہے۔۔۔ یہ تو پیر کامل کا دوسرا حصہ آب حیات پڑھ کر ہی پتا چلے گا۔



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

## بندھن

# عامر سلیم ہمراہ آسیہ سلیم

شاہین رشید

عامر سلیم کو کون نہیں جانتا۔ معروف گلوکار ہیں۔ انہوں نے نہ صرف بڑوں کے لیے گایا' بلکہ بچوں کے لیے بھی ان کی خدمات بہت ہیں۔ آج کل زیادہ تر ملک سے باہر رہتے ہیں۔ کیونکہ کراچی کے حالات انہیں پریشان رکھتے ہیں۔ گزشتہ دنوں پاکستان آئے تو ان سے "بندھن" کے لیے بات ہوئی۔

"کیسے ہیں... اور کب آئے پاکستان؟"

"اللہ کا شکر ہے جناب... تین ماہ ہوگئے ہیں آئے ہوئے۔ امریکا گیا تھا۔"

"کیوں گئے تھے؟"

"بس جی کچھ پروگرام کرنے تھے۔ پھر یہاں کے آئے دن کے خراب حالات... مگر پھر بھی اپنا ملک اپنا ہی ہے۔ جو سکون یہاں رہنے میں ہے' دوسرے ملک میں نہیں ہے۔"

"فیملی لائف کیسی گزر رہی ہے۔ بچوں میں ماشاء اللہ کتنا اضافہ ہوا؟"

قہقہہ... "ایک کا اضافہ ہوا ہے۔ بچے دو ہی اچھے ہیں۔ دونوں بیٹے ہیں... بڑے بیٹے کا نام عماد ہے اور چھوٹے کا علی ہے۔"

"ماشاء اللہ... کتنے بڑے ہوگئے ہیں؟"

"بڑا تقریباً" پانچ سال کا ہے اور چھوٹا تین سال کا ہے۔"

"اور شادی کو کتنا عرصہ ہوگیا؟"

" 28 اکتوبر 2007ء کو ہماری شادی ہوئی۔ یعنی تقریباً" سات سال ہوگئے ہیں۔"

"آپ کی پسند سے ہوئی؟"

"پسند یوں تھی کہ پہلے میری امی نے پسند کیا پھر وہ بہت عرصہ اصرار کرتی رہیں کہ لڑکی سے مل لو۔ میں ٹالتا رہا۔ کئی سال ٹال مٹول چلتی رہی' آخر ایک دن اپنی امی پہ رحم آہی گیا۔ میں نے ہامی بھری تو کہنے لگیں کہ پہلے تصویر دیکھ لو... تصویر دیکھی تو لڑکی اچھی لگی۔ تصویر بھی کمپیوٹر پہ دیکھی۔ سوچا بات بھی کرنی چاہیے۔ چنانچہ ایک ہفتہ فون پر بات ہوئی پھر میں نے شادی کے لیے رضامندی دے دی۔"

"اچھا تو کیا ملاقات نہیں کی؟"

"نہیں..."

"کیوں...؟"

"سوچا کہ تصویر جیسی ہی تو ہوگی' اس لیے شادی کے دن ہی ملاقات کروں گا اور پھر شادی کے دن ہی ملاقات کی۔ شادی کی رسموں میں بھی نہیں دیکھا میں نے۔"

"حیرت... ایسا کیوں کیا... گھر والوں نے اصرار نہیں کیا؟"

"وجوہات تھیں... ایک تو امی کی پسند پر اعتبار تھا اور دوسری بات یہ کہ مجھے مناسب نہیں لگا شادی سے پہلے ملاقات کرنا۔ بس سوچ لیا تھا کہ جیسی بھی ہے اب مجھے قبول ہے کہ میری ماں کی پسند ہے۔"

"پھر کیسا پایا آپ نے؟"

"الحمدللہ بہت اچھا... میری بیگم بہت اچھی ہے اور مزے کی بات بتاؤں کہ میں نے بغیر دیکھے شادی کی تو میرے دوست احباب بھی بہت حیران تھے کہ میں نے اتنا بڑا فیصلہ بغیر دیکھے کیسے کرلیا۔ مگر ماں کی پسند اور اللہ توکل یہ کام کیا... اور اللہ تعالیٰ نے مجھے مایوس نہیں کیا۔"





"پھر بھی دوران گفتگو کیسا محسوس کیا کہ لڑکی کیسی ہوگی اور کوئی آئیڈیل بنایا ہوا تھا آپ نے؟"

"ہاں مگر آپ اسے آئیڈیل نہیں کہہ سکتیں۔ سوچتا ضرور تھا کہ بیوی ایسی ہو جو غصے کی تیز نہ ہو' نرم مزاج ہو' میری باتوں کو سمجھے اور پھر جب بات کی تب بھی احساس ہوا کہ آسیہ میری سوچ کے بہت قریب ہے۔"

"شادی دھوم دھام سے ہوئی ہوگی۔ کیونکہ آپ ایک مشہور و معروف شخصیت ہیں اور سات' آٹھ سال پہلے تو آپ کا عروج تھا؟"

"نہیں جی... شادی بالکل بھی دھوم دھام سے نہیں ہوئی' نہ ہی دوستوں کو بڑی تعداد میں بلایا۔ بس سادگی کے ساتھ لاہور میں شادی کی۔"

"کیوں ایسا کیا؟"

"پتا نہیں کیوں... میں ان تقریبات کو گھر کی اور اپنی پرسنل تقریب سمجھتا ہوں۔ مجھے میڈیا میں رہ کر اور ہلا گلا کرکے شادی کرکے کبھی بھی سکون نہ ملتا' میں اپنی پروفیشنل زندگی اور پرائیوٹ زندگی کو الگ رکھتا ہوں۔"

عامر سلیم کا تعلق ملتان شہر سے ہے اور یہ تقریباً" تیس سال قبل کراچی آئے تھے اور پھر مستقل قیام کراچی میں ہی کرلیا۔ پنجابی ادب میں ماسٹرز ڈگری لینے والے عامر سلیم کو گلوکاری کا شوق بچپن سے ہی تھا اور بڑی جدوجہد کے بعد انہیں یہ مقام ملا' سیڑھی بہ سیڑھی چڑھنے والے ہی ہمیشہ کامیاب رہتے ہیں۔

"عامر سلیم... آپ ماشاء اللہ ایک خوش گوار ازدواجی زندگی گزار رہے ہیں۔ اگر آپ کو تھوڑا ماضی کی طرف لے جائیں تو یہ بتائیے کہ آپ شادی کے لیے ٹال مٹول کیوں کرتے تھے؟"

قہقہہ... "بس پتا نہیں کیوں ٹال مٹول کرتا رہا۔ شاید شادی کے لیے اللہ تعالیٰ نے ایک وقت مقرر کر رکھا ہوتا ہے۔ انسان کے اختیار میں کچھ بھی نہیں ہوتا۔ اور جب وقت آگیا شادی ہوگئی۔"



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

”ویسے شادی جلدی ہونی چاہیے یا دیر سے؟“

”اپنے اختیار میں ہو تو جلدی ہونی چاہیے‘ تاکہ آپ کی اولاد بھی آپ کی جوانی میں ہی ہوجائے اور بڑی ہوکر آپ کے شانہ بشانہ کھڑی ہو اور آپ اس کی خوشیاں خود دیکھیں۔ میں تو شادی کے بعد اس نتیجے پہ پہنچا ہوں کہ شادی اور پھر بچے آپ کی زندگی کو مکمل کردیتے ہیں۔“

”کیا زندگی رک نہیں جاتی؟“

”نہیں بالکل بھی نہیں۔۔۔ لائف سیٹ ہوجاتی ہے اور بیوی اچھی ہو تو گھر جنت بن جاتا ہے۔ شادی کے بعد انسان کا سارا فوکس اس کا گھر‘ اس کی بیوی اور اس کے بچے ہوتے ہیں اور لوگ فضول میں جو ادھر ادھر ٹائم گزارتے ہیں‘ اس سے بھی بچ جاتے ہیں۔“

”شادی کے بعد بیگم کو کیسا پایا؟“

”بہت اچھا۔۔۔ ایک مکمل عورت‘ ایک مکمل بیوی اور ایک مکمل ماں اور آپ یقین کریں کہ سب لوگ آسیہ کی تعریف کرتے ہیں تو مجھے اپنی بیوی پہ بہت فخر ہوتا ہے۔“

”اچھا۔۔۔ گڈ۔۔۔ آپ کی گائیکی کو پسند کرتی ہیں؟“

”بالکل۔۔۔ بہت زیادہ۔۔۔ نہ صرف پسند کرتی ہیں‘ بلکہ اچھے اچھے مشورے بھی دیتی ہیں اور سچ بات تو یہ ہے کہ میری بیگم نے میرے کام میں کبھی مداخلت نہیں کی اور نہ ہی مجھ پر کبھی شک کیا ہے۔“

”مزاجاً“ کیسی ہیں؟“

”بہت نرم اور خوش مزاج۔۔۔ غصہ نہیں آتا۔۔۔ اور سب سے بڑی خوبی تو یہ ہے کہ جب مجھے غصہ آتا ہے تو یہ زبان نہیں چلاتی‘ بلکہ خاموش ہوجاتی ہے اور اس کی خاموشی دیکھ کر میرا غصہ بھی رفو چکر ہوجاتا ہے۔“

”اپنے ہاتھوں سے پکا کر سب سے اچھی چیز کیا کھلاتی ہیں؟“

قہقہہ۔۔۔ ”اب میری بیگم جو بھی پکا کر کھلاتی ہے مجھے پسند آتا ہے۔۔۔ لیکن جب شادی ہوئی تھی تو کچھ پکانا نہیں آتا تھا۔ ہنسی مجھے اس لیے آئی کہ اگر آپ اس وقت یہ سوال پوچھتیں تو میں آپ کو کیا جواب دیتا۔“

”ہوں۔۔۔ اچھا۔ شادی کے لیے لڑکے اور لڑکی کو خوب صورت ہونا چاہیے یا نہیں؟“

”جو اپنے تمام اعضا کے ساتھ سلامت ہے‘ وہ میرے نزدیک ایک خوب صورت انسان ہے۔ ظاہری خوب صورتی کوئی معنی نہیں رکھتی۔ سیرت کام آتی ہے اور اچھی سیرت والی خواتین ہی گھر کو بناتی سنوارتی ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ اللہ نے ہر انسان کو خوب صورت بنایا ہے۔“

”اچھی اور بری عادت بتائیں بیگم صاحبہ کی‘ ویسے تعریف تو آپ نے بہت کردی اور اچھی عادت بتانے سے پہلے آپ یہ بتائیں کہ آپ کو کھانا پکانا آتا ہے؟“

”بالکل آتا ہے کھانا پکانا۔۔۔ کیونکہ میں نے کافی عرصہ اکیلے زندگی گزاری ہے۔ اکیلے رہ کر تو انسان بہت کچھ سیکھ جاتا ہے۔ میری بیگم میں ساری باتیں بہت اچھی ہیں‘ مگر سب سے اچھی عادت ہے کہ مجھ پر شک نہیں کرتی۔ کبھی مجھ پر کوئی پابندی نہیں لگاتی اور نہ ہی میرا موبائل چیک کرتی ہے۔“

”فضول خرچ ہیں؟“

”بالکل بھی نہیں۔۔۔ ویسے شاپنگ سینٹر گھومنے اور ونڈو شاپنگ کا بہت شوق ہے‘ مگر ضرورت کی ہر چیز خریدتی ہے۔“

”اچھی زندگی گزارنے کے کیا ضروری ہے؟“

”سب سے پہلے اچھا لائف پارٹنر جو آپ کے ہر دکھ سکھ کو سمجھے اور آپ کا ساتھ دے۔ پھر پیسے کا ہونا بھی ضروری ہے کہ پارٹنر کو صرف آزمائش میں ہی نہ ڈالا جائے‘ بلکہ اس کو زندگی کی کچھ سہولتیں بھی دی جائیں۔“

## آسیہ سلیم

”عامر بیوی بچوں کو ٹائم دیتے ہیں۔۔۔“ ہم نے اس سوال سے آسیہ سلیم صاحبہ سے بات کا آغاز کیا۔

”جی جی بالکل دیتے ہیں۔۔۔ باوجود مصروف رہنے کے ہم سب کو وقت دیتے ہیں۔ ہم گھومنے پھرنے اور کھانے پینے جاتے ہیں ہمارا بہت خیال رکھتے ہیں۔ ہماری ضرورتوں کو ہمارے بتانے سے پہلے ہی سمجھ جاتے ہیں۔“

”ہانپو ہیں؟“

ہنستے ہوئے۔ ”جی ہیں۔۔۔ کبھی کبھی تو بہت زیادہ ہانپو ہوجاتے ہیں‘ مگر ویسے مزاج نرم ہی رہتا ہے۔ غصہ بھی کچھ وجوہات کی بنا پر ہی آتا ہے۔“

آسیہ سلیم کے والد اردو اسپیکنگ ہیں اور والدہ پنجابی ہیں۔ والد صاحب فورس میں تھے۔ اس لیے شہر شہر گھومنے پھرنے اور رہنے کا موقع ملا۔ لیکن پھر بھی زیادہ قیام لاہور اور ملتان میں رہا۔ آسیہ نے اسلامک ہسٹری میں ماسٹرز کیا ہے۔ ان کی تین بہنیں اور دو بھائی ہیں۔ آسیہ کا نمبر آخری ہے۔

”مشہور لوگ لڑکیوں کی کمزوری ہوتے ہیں اور عامر سلیم بھی اچھے خاصے مشہور ہیں۔ پروپوزل آیا تو کیا احساسات تھے آپ کے؟“

”ارے جناب میں تو بہت زیادہ خوش تھی‘ مگر دلچسپ بات تو یہ تھی کہ مجھ سے وابستہ لوگ زیادہ خوش تھے اور میری دوستیں تو اور بھی زیادہ۔۔۔ اور ان کے گانے تو میں پسند کرتی ہی تھی۔ ان کی فیملی سے بھی واقف تھی اور مجھے اندازہ تھا کہ عامر اور ان کی فیملی ممبر سب بہت اچھے ہیں۔“

”سسرال میں سب سے زیادہ دوستی کس سے ہے آپ کی؟“

”ویسے تو سب ہی اچھے ہیں‘ لیکن ان کی والدہ بہت اچھی ہیں اور یقین کریں کہ سب ہماری چاہت آج بھی اسی طرح کرتے ہیں جس طرح پہلے دن کرتے تھے۔ چھوٹی چھوٹی باتوں کا خیال رکھنا‘ چھوٹی چھوٹی ضرورتوں کا خیال رکھنا۔ بہت اچھا لگتا ہے۔ بس اللہ تعالیٰ محبتیں برقرار رکھے۔ (آمین) سسرال میں میرا اپنا ایک کمرا ہے‘ جو ہمیشہ مجھے صاف ستھرا اور سجا ہوا ہی ملتا ہے۔“

”شادی سے پہلے آئیڈیل بنایا تھا؟“

”نہیں جی۔۔۔ میں ان لڑکیوں میں سے نہیں تھی کہ جو کہانیاں اور ناولز پڑھ کر آئیڈیل بنا لیتی ہیں۔ میں تو ایک سیدھی سادی لڑکی تھی اور فیصلے اللہ پر چھوڑے ہوئے تھے اور اللہ جو کرتا ہے بہتر کرتا ہے تو اللہ نے میرے ساتھ بھی بہت اچھا کیا۔ آج میں ایک کامیاب اور خوش گوار زندگی گزار رہی ہوں۔“

”نکاح اور رخصتی۔۔۔ لڑکی کی زندگی میں یہ دو دن بہت اہم اور جذباتی ہوتے ہیں‘ یہ وقت کیسا گزرا تھا؟“

”نئی زندگی کی خوشی بہت ہوتی ہے اور میکے کی جدائی کا سوچ کر دکھ اور تکلیف بھی بہت ہوتی ہے۔۔۔ بہت جذباتی موقع ہوتے ہیں اور برداشت کرنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ مگر یہ سب کچھ تو بابا آدم کے زمانے سے چلا آرہا ہے اور بیٹیاں تو بیاہی ہی اچھی ہوتی ہیں۔“

”منہ دکھائی میں کیا ملا تھا اور ہنی مون کے لیے کہاں گئی تھیں؟“

”اسپیشلی ہنی مون ٹرپ کے لیے تو کہیں نہیں گئے آئے دن ایک شہر سے دوسرے شہر آنا جانا لگا رہتا ہے تو بس پھر وہی ہمارا ہنی مون تھا۔ منہ دکھائی میں انہوں نے ایک بریسلٹ اور انگوٹھی دی تھی۔“

”شادی اور ولیمہ کا جوڑا ایک ہی دن پہنا جاتا ہے۔ پھر بھی لڑکیاں بھاری سے بھاری جوڑا بنواتی ہیں‘ کیوں؟“

”لڑکیاں تو شاید اتنی ایکسائیٹڈ نہیں ہو رہی ہوتیں‘ جتنی مائیں ہو رہی ہوتی ہیں۔ بس پھر کرنا پڑتا ہے۔ میرے جوڑے بھی اچھے خاصے بھاری تھے۔ پہلے دن کا جوڑا میکے کا تھا اور دوسرے دن کا جوڑا سسرال کا تھا جو عامر نے اپنی پسند سے لیا تھا۔“

”آپ ان کے ساتھ کہیں جاتی ہیں تو ان کی کیا ڈیمانڈ ہوتی ہے۔ میک اپ یا سادگی؟“

”زیادہ میک اپ کی ڈیمانڈ نہیں کرتے‘ البتہ ان کا دل چاہتا ہے کہ کپڑے بہت اچھے کلر کے ہوں اور بال اسٹائلش انداز میں بنے ہوئے ہوں۔“

”چھٹی کا دن گھر پر ہی گزرتا ہے یا کہیں جاتی ہیں؟“

”چھٹی کا دن ویسے تو زیادہ تر گھر پر ہی گزرتا ہے۔ مگر کبھی کبھی کہیں گھومنے بھی چلے جاتے ہیں۔۔۔ دونوں بیٹوں کا دل چاہتا ہے تو ان کی خاطر بھی نکلتے ہیں۔“

او کے آسیہ سلیم۔۔۔ بہت شکریہ ٹائم دینے کا۔



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

اس بار خط لکھنے کی بنیادی وجہ سمیرا حمید کی "یارم" ہے بلاشبہ عمدہ لکھ رہی ہیں مگر یہ کیا؟ کیا یہ وہی سمیرا حمید ہیں جنہوں نے "دائم الحبس" اور "مہر ثبت" جیسے شاہکار لکھے۔ مگر "یارم" میں کیا ہوا؟ سمیرا کے ناول میں تمام غیر ملکی کردار مسلسل پاکستانی معاشرے اور اسلام پر تنقید کیے جا رہے ہیں اور امرحہ کے پاس اس کا کوئی جواب نہیں۔ یہ کیسی ہیروئن ہے جو ہر خامی کو سنے جا رہی ہے۔ مگر کچھ بولتی نہیں۔ مگر ٹھہریے! بات جب اپنی ذات کی آتی ہے تو وہ "کارل" جیسے شیطان کو بھی کتابوں کا پلندہ دے مارتی ہے بغیر نتائج کی پرواہ کیے اور پھر امرحہ کے پاس تو "دادا جان" بھی ہیں۔ وہ بھی اسے گائیڈ کر سکتے ہیں۔ یہ کیا بات ہوئی؟ ایک رائٹر جو غیر مسلم و مسلم کرداروں سے اپنے ملک اور سب سے بڑھ کر اپنے معاشرے پر جو کہ اسلام کی اپنے اندر زبردست جھلک رکھتا ہے' لاجواب تنقید لکھ سکتی ہے تو پھر وہی لکھاری جوابی کارروائی کیوں کرنے سے قاصر ہے؟ پاکستان کے حوالے سے آمنہ ریاض کی تحریر "یہی میرا حوالہ ہے" ہمیں ابھی تک بھولی نہیں۔ سمیرا جی ایسا مت کریں ورنہ دل پھٹ جائے گا اور پھر ناول کا کردار "لیڈی مہر" کا یہ کہنا کہ "میں نے بچوں کو اسلام پر نہیں لگایا کہ یہ میری خود غرضی ہوتی" حیرت در حیرت۔

"محبت میں سب بھول جاؤ" لیڈی مہر سے درخواست کہ آپ اگر اپنے بچوں کو اسلام پر نہیں لگانا چاہتیں تو برائے مہربانی اسلام سے منافی باتیں بھی مت کریں۔ کیا اسلام میں کچھ ایسا ہے کہ "محبت میں سب بھول جاؤ" تو پھر میں جاننا چاہوں گی۔ ادھورا علم گمراہ تو کر سکتا ہے مگر پار لے کر نہیں جا سکتا۔ ڈی این اے بچی نسل کا پوچھے تو ایک مسلم لڑکی کے چھکے چھوٹ جائیں اور ایک مسلم لڑکی (یعنی امرحہ) عالیان کے بارے میں بات کرتے ہوئے صرف اس کے باپ کا پوچھ لے تو معتوب ٹھہرا دی جائے۔ یہ کیسا تضاد ہے؟ اور ہاں چلو مانا کہ باقی بچے تو مسلم تھے ہی نہیں جبکہ "بچہ فطرت اسلام پر پیدا ہوتا ہے" مگر عالیان تو فطرت اسلام پر پیدا ہونے والا ایک ایسا بچہ تھا جس کو اس کی ماں تک نے بھی اسلام سے متنفر نہیں کیا تو پھر لیڈی مہر کس بیس پر عالیان کو دو مذاہب پڑھا رہی ہے۔

ج : بشریٰ! آپ نے لکھا ہے ایسے خطوط شائع کرنے سے پرہیز کریں جس سے تفرقہ نظر آئے کیونکہ ہمارے ڈائجسٹ کو ہر مکتبہ فکر کے لوگ پڑھتے ہیں۔ اس لیے ہم آپ کے خط کا وہ حصہ شائع نہیں کر رہے ہیں جو آپ نے عفیفہ خیام کے بارے میں لکھا ہے۔ یارم کے بارے میں جو کچھ آپ نے لکھا ہے اسے ہم آپ کی جلد بازی کہیں گے۔

تصویر کا ایک حصہ دیکھ کر پوری تصویر کے بارے میں فیصلہ نہیں کیا جا سکتا۔ یہ قسط پڑھ لیں آپ کو اسلام کے بارے میں امرحہ کے ردعمل کا پتا چل جائے گا۔ "محبت کرتے وقت سب کچھ بھول جاؤ" کا مطلب یہ نہیں کہ اپنا مذہب' اپنی تہذیب بھول جاؤ بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ بلا امتیاز مذہب' تہذیب خاندان' عزت امارت کسی مفاد کے بغیر سب سے بے لوث محبت کرو' لیڈی مہر نے جن بچوں کی پرورش کی' ان کا تعلق مختلف خطوں ممالک اور مذاہب سے تھا۔ انہوں نے دیانت داری کا مظاہرہ کیا کہ اپنی پرورش کے عوض انہیں مسلمان نہیں بنایا۔ اب یہ ان کی مرضی ہے کہ وہ لیڈی مہر سے متاثر ہو کر اسلام قبول کر لیں جیسے ان کے دو بچے اسلام کی اسٹڈی کر رہے ہیں۔ شارلٹ اور مورگن کبھی نامناسب لباس نہیں پہنتیں عالیان نے اسلام کو پسند کیا' اس نے اپنے باپ کی وجہ سے نہیں لیڈی مہر کی وجہ سے اسلام قبول کیا۔ ان کی سیرت کردار سے متاثر ہو کر اسلام کا مطالعہ کیا پھر مسلمان ہوا۔

امن علی ساہیوال سے تشریف لائی ہیں' لکھا ہے

میں پہلی بار شریک محفل ہوں۔ اوجی' کیا ہوا؟ اچھا اچھا... مجھ سے مل کر بہت خوشی ہوئی ہے نا (بس جی کبھی غرور نہیں کیا...) ویسے شعاع سے وابستگی کو تو بہت سال گزر چکے ہیں۔ آٹھویں میں تھی' جب میں نے پہلی بار شعاع پڑھا تھا اور اب ایم اے اردو کی طالبہ ہوں۔ تو اسی سے اندازہ لگا لیں کہ کتنے پرانے تعلقات ہیں شعاع سے... یہ سچ ہے کہ شعاع ایسا معیاری ادبی رسالہ ہے۔ نہ صرف مجھے بلکہ بہت سی لڑکیوں کو خوشی و غمی ہر طرح کے حالات میں بہترین زندگی گزارنے کے ڈھنگ سکھا رہا ہے۔

اوہ' ہاں سچ! جو بھی خطوط کے جواب دیتے ہیں نامکمل کرتے ہیں جی... اتنی اپنائیت سے' اتنے پیار سے کہ بس




خواتین اور دوشیزاؤں کیلئے اپنی طرز کا پہلا ماہنامہ
خواتین ڈائجسٹ



نومبر 2014ء
کے شمارے کی ایک جھلک

- نمرہ احمد کا مکمل ناول "نمل"،
- "پیر کامل" کا دوسرا حصہ عمیرہ احمد کا ناول "آبِ حیات"،
- تنزیلہ ریاض کا مکمل ناول "عہدِ الست"
- لبنیٰ جدون اور بنفشہ گل شاد کیرم کے ناول،
- عنیزہ سید کے ناول "کوہ گراں تھے ہم" کی آخری قسط،
- عفت سحر طاہر کا ناول "بن مانگی دعا"،
- اُم ایمان قاضی، عتیقہ ایوب اور میمونہ صدف کے ناولٹ،
- ایسل رضا، تمثیلہ زاہد، کنیز نور علی اور حمیرا نوشین کے افسانے
- ٹی وی فنکارہ "شاہین خان" سے ملاقات،
- ڈاکٹر، اداکار اور ماڈل "فہد مرزا" سے باتیں،
- کرن کرن روشنی، نفسیاتی ازدواجی الجھنیں، عدنان کے مشورے اور دیگر مستقل سلسلے شامل ہیں،

خواتین ڈائجسٹ کا نومبر 2014 کا شمارہ آج ہی خرید لیں۔


WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

پاک سوسائٹی ڈاٹ کام کی پیشکش
یہ شمارہ پاک سوسائٹی ڈاٹ کام نے پیش کیا ہے
ہم خاص کیوں ہیں :-

- ہائی کوالٹی پی ڈی ایف فائلز
- ہر ای بک آن لائن پڑھنے کی سہولت
- ماہانہ ڈائجسٹ کی تین مختلف سائزوں میں اپلوڈنگ
سپریم کوالٹی، نارمل کوالٹی، کمپریسڈ کوالٹی
- عمران سیریز از مظہر کلیم اور ابن صفی کی مکمل رینج
- ایڈ فری لنکس، لنکس کو پیسے کمانے کے لئے شرنک نہیں کیا جاتا
- ہر ای بک کا ڈائریکٹ اور رزیوم ایبل لنک
- ڈاؤنلوڈنگ سے پہلے ای بک کا پرنٹ پریویو ہر پوسٹ کے ساتھ
- پہلے سے موجود مواد کی چیکنگ اور اچھے پرنٹ کے ساتھ تبدیلی
- مشہور مصنفین کی کتب کی مکمل رینج
- ہر کتاب کا الگ سیکشن
- ویب سائٹ کی آسان براؤسنگ
- سائٹ پر کوئی بھی لنک ڈیڈ نہیں

We Are Anti Waiting WebSite

واحد ویب سائٹ جہاں ہر کتاب ٹورنٹ سے بھی ڈاؤنلوڈ کی جاسکتی ہے

ڈاؤنلوڈنگ کے بعد پوسٹ پر تبصرہ ضرور کریں

ڈاؤنلوڈنگ کے لئے کہیں اور جانے کی ضرورت نہیں ہماری سائٹ پر آئیں اور ایک کلک سے کتاب ڈاؤنلوڈ کریں

اپنے دوست احباب کو ویب سائٹ کا لنک دیکر متعارف کرائیں

WWW.PAKSOCIETY.COM
Online Library For Pakistan
Like us on Facebook fb.com/paksociety twitter.com/paksociety1

۔۔۔ رئیلی بہت اچھا لگتا ہے۔
اور۔۔۔ اور، یہ کہ مجھے بھی لکھنے کا جنون ہے دعا کیجئے گا اس میں کامیاب ہو جاؤں۔

ج، امن علی! صحیح کہتے ہیں خط آدھی ملاقات ہوتا ہے، آپ سے مل کر بہت خوشی ہوئی۔ کامیابی کے لیے اولین شرط کوشش ہے کوشش جاری رکھیے، ضرور کامیاب ہوں گی۔

**پاکیزہ ہاشمی نے بھاولپور سے شرکت کی ہے، لکھا ہے**

اس ماہ پہلی بار شعاع کو پڑھا اور یارم کو بھی کیا کہوں۔ ابتدا کا یہ جملہ "اور محبت کا ایک ہی پنجرہ ہے دنیا' اس کا ایک ہی قصور ہے دنیا دار ہونا' اس پنجرے پر ایک ہی تالا لگتا ہے روایات کا۔ اس سوال کا اس سوال کا۔" واہ جی۔ سمیرا حمید کے الفاظ انسان کو اپنے حصار میں لے لیتے ہیں۔ آہ میں کئی بار ہماری بھی آہ نکلی۔ اور نایاب جی کیا بات ہے آپ کی شفا کی شادی کو ساڑھے چھ سال ہوئے ہیں اور آخر میں چھ سال بتایا گیا۔

ج : شکریہ پاکیزہ! شعاع پڑھنے کا اور اس توجہ سے پڑھنے کا۔ ہمیں اعتراف ہے کہ ہماری قارئین چھوٹی چھوٹی باتوں پر بھی نگاہ رکھتی ہیں' اس لیے ہم کو بہت احتیاط کرنا پڑتی ہے لیکن پھر بھی بشر ہونے کے ناتے غلطی ہو ہی جاتی ہے' آپ نے نشان دہی کی خوشی ہوئی۔ آئندہ خیال رکھیں گے۔

**مدیحہ راولپنڈی سے لکھتی ہیں**

ایک بات سے کنفیوز ہوں کہ شعاع کے سرورق پر لڑکی کے کاندھے پہ تیسرا ہاتھ کس کا ہے؟

ج : مدیحہ! تیسرا ہاتھ ہمیشہ خفیہ ہوتا ہے اب یہی دیکھ لیں دھرنوں کے پیچھے کسی تیسرے ہاتھ کا ذکر تو کیا جا رہا ہے لیکن کوئی نام نہیں لیتا۔

**ڈاکٹر آمنہ حسین نے آریان سٹی شہداد پور سے لکھا ہے**

اس دفعہ شعاع کچھ پسند نہیں آیا مگر یارم بہت زبردست تھا۔

ج : پیاری آمنہ! ہمیں افسوس ہے۔ اس بار شعاع آپ کو اچھا نہیں لگا ہم اسے مزید بہتر بنانے کی کوشش کریں گے۔

**خالدہ نے گاؤں اولاخ ضلع گوجرانوالہ سے لکھا ہے**

اس ماہ کا شعاع بہت اچھا لگا۔ تعریف کے لیے الفاظ نہیں مل رہے۔

ج : بہت شکریہ خالدہ۔

☼

## قارئین متوجہ ہوں!

1 شعاع ڈائجسٹ کے لیے تمام سلسلے ایک ہی لفافے میں بھجوائے جاسکتے ہیں۔ تاہم ہر سلسلے کے لیے الگ کاغذ استعمال کریں۔
2 افسانے یا ناول لکھنے کے لیے کوئی بھی کاغذ استعمال کر سکتے ہیں۔
3 ایک سطر چھوڑ کر خوش خط لکھیں اور صفحے کی پشت پر یعنی صفحے کی دوسری طرف ہرگز نہ لکھیں۔
4 کہانی کے شروع میں اپنا نام اور کہانی کا نام لکھیں اور اختتام پر اپنا مکمل ایڈریس اور فون نمبر ضرور لکھیں۔
5 مسودے کی ایک کاپی اپنے پاس ضرور رکھیں۔ ناقابل اشاعت صورت میں تحریر کی واپسی ممکن نہیں ہوگی۔
6 تحریر روانہ کرنے کے دو ماہ بعد صرف پانچ تاریخ کو اپنی کہانی کے بارے میں معلومات حاصل کریں۔
7 شعاع ڈائجسٹ کے لیے افسانے' خط یا سلسلوں کے لیے انتخاب' اشعار وغیرہ درج ذیل پتے پر رجسٹری کروائیں۔


ماہنامہ شعاع۔ 37 اردو بازار کراچی۔

ماہنامہ خواتین ڈائجسٹ اور ادارہ خواتین ڈائجسٹ کے تحت شائع ہونے والے پرچوں ماہنامہ شعاع اور ماہنامہ کرن میں شائع ہونے والی ہر تحریر کے حقوق طبع و نقل بحق ادارہ محفوظ ہیں۔ کسی بھی فرد یا ادارے کے لیے اس کے کسی بھی حصے کی اشاعت یا کسی بھی ٹی وی چینل پہ ڈراما' ڈرامائی تشکیل اور سلسلہ وار قسط کے کسی بھی طرح کے استعمال سے پہلے پبلشر سے تحریری اجازت لینا ضروری ہے۔ بہ صورت دیگر ادارہ قانونی چارہ جوئی کا حق رکھتا ہے۔



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM



رخسانہ نگار عدنان

# ایک تھی مثال

عدیل اور فوزیہ نسیم بیگم کے بچے ہیں۔ بشریٰ ان کی بہو ہے اور ذکیہ بیگم کی بیٹی ہے۔ عمران بشریٰ کا بھائی ہے۔ مثال ذکیہ بیگم کی نواسی اور نسیم بیگم کی پوتی ہے۔ بشریٰ اور نسیم بیگم میں روایتی ساس بہو کا تعلق ہے۔ نسیم بیگم مصلحتاً بیٹا بہو سے لگاوٹ دکھاتی ہیں۔ دوسری طرف ذکیہ بیگم کا کہنا ہے۔ ان کی بیٹی بشریٰ کو سسرال میں بہت کچھ برداشت کرنا پڑتا ہے۔ پانچ سال کی مسلسل کوششوں کے بعد بشریٰ کی نند فوزیہ کا بالآخر ایک جگہ رشتہ طے پا جاتا ہے۔ نکاح والے روز بشریٰ دولہا ظہیر کو دیکھ کر چونک جاتی ہے۔

عدیل سے شادی سے قبل ظہیر کا بشریٰ کے لیے بھی رشتہ آیا تھا مگر بات نہ بن سکی تھی۔ نکاح والے دن فوزیہ کی ساس زاہدہ اور ذکیہ بیگم بھی ایک دوسرے کو پہچان لیتی ہیں۔ بشریٰ اپنی ماں سے یہ بات چھپانے کے لیے کہتی ہے مگر عدیل کو پتا چل جاتا ہے۔ وہ ناراض ہوتا ہے مگر فوزیہ اور نسیم بیگم کو بتانے سے منع کر دیتا ہے۔ بشریٰ اور عدیل ایک ہفتے کے لیے اسلام آباد جاتے ہیں۔ وہاں انہیں پتا چلتا ہے کہ بشریٰ کے ہاں سات سال بعد پھر خوش خبری ہے۔

عفان اور عاصمہ اپنے تین بچوں اور والد کے ساتھ کرائے کے گھر میں رہتے ہیں۔ عفان کے والد فاروق صاحب سرکاری نوکری سے ریٹائر ہوئے ہیں۔ گریجویٹی اور گاؤں کی زمین فروخت کر کے وہ اپنا گھر خریدنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ ڈیڑھ کروڑ میں زمین کا سودا کر کے وہ عفان کے ساتھ خوشی خوشی شہر آ رہے ہوتے ہیں کہ ڈکیتی کی واردات میں قتل ہو جاتے ہیں۔

عفان کے قریبی دوست زبیر کی مدد سے عاصمہ عفان کے آفس سے تین لاکھ روپے اور فاروق صاحب کی گریجویٹی سے سات لاکھ روپے وصول کر پاتی ہے۔ زبیر گھر خریدنے میں بھی عاصمہ کی مدد کر رہا ہے۔

اسلام آباد سے واپسی پر عدیل دونوں مقتولین کو دیکھتا ہے۔ زاہدہ نسیم بیگم سے بیس لاکھ روپے سے مشروط فوزیہ کی



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

رخصتی کی بات کرتی ہیں۔وہ سب پریشان ہوجاتے ہیں۔عدیل بشریٰ سے ذکیہ بیگم سے تین لاکھ روپے لانے کو کہتا ہے۔

حمیدہ خالہ ٗعاصمہ کو سمجھاتی ہیں کہ عدت میں زبیر کا اکیلے اس کے گھر آنا مناسب نہیں ہے۔لوگ باتیں بنا رہے ہیں جبکہ عاصمہ کی مجبوری ہے کہ گھر میں کوئی مرد نہیں۔اس کا بیٹا ابھی چھوٹا ہے اور سارے کام اس نے خود کرنے ہیں۔وہ جلد از جلد اپنا گھر خریدنا چاہتی ہے۔عاصمہ کے کہنے پر زبیر کسی مفتی سے فتویٰ لے کر آجاتا ہے کہ دوران عدت انتہائی ضرورت کے پیش نظر گھر سے نکل سکتی ہے بشرطیکہ مغرب سے پہلے واپس گھر آجائے ٗسو وہ عاصمہ کو مکان دکھانے لے جاتا ہے۔اور موقع سے فائدہ اٹھا کر اسے اپنی ہوس کا نشانہ بناتا ہے اور وہیں چھوڑ کر فرار ہوجاتا ہے۔

رقم مہیا نہ ہونے کی صورت میں فوزیہ کو طلاق ہوجاتی ہے۔ نسیم بیگم جذباتی ہوکر بشریٰ اور اس کے گھر والوں کو مورد الزام ٹھہرانے لگتی ہیں۔اسی بات پر عدیل اور بشریٰ کے درمیان خوب جھگڑا ہوتا ہے۔عدیل طیش میں بشریٰ کو دھکا دیتا ہے۔اس کا ابارشن ہوجاتا ہے۔عدیل شرمندہ ہوکر معافی مانگتا ہے مگر وہ ہنوز ناراض رہتی ہے اور اسپتال سے اپنی ماں کے گھر چلی جاتی ہے۔

اسی اسپتال میں عدیل عاصمہ کو دیکھتا ہے جسے بے ہوشی کی حالت میں لایا گیا ہوتا ہے۔عاصمہ اپنے حالات سے تنگ آکر خودکشی کی کوشش کرتی ہے تاہم بچ جاتی ہے۔نو سال بعد عاصمہ کا بھائی ہاشم پریشان ہوکر پاکستان آجاتا ہے۔عاصمہ کے سارے معاملات دیکھتے ہوئے ہاشم کو پتا چلتا ہے کہ زبیر نے ہر جگہ فراڈ کرکے اس کے سارے راستے بند کردیے ہیں اور اب مفرور ہے۔بہت کوششوں کے بعد ہاشم ٗعاصمہ کو ایک مکان دلا پاتا ہے۔

بشریٰ اپنی واپسی الگ گھر سے مشروط کردیتی ہے۔دوسری صورت میں وہ علیحدگی کے لیے تیار ہے۔عدیل سخت پریشان ہے۔عدیل مکان کا اوپر والا پورشن بشریٰ کے لیے سیٹ کروادیتا ہے اور کچھ دنوں بعد بشریٰ کو مجبور کرتا ہے کہ وہ فوزیہ کے لیے عمران کا رشتہ لائے۔ نسیم بیگم اور عمران کسی طور نہیں مانتے۔عدیل اپنی بات نہ مانے جانے پر بشریٰ سے جھگڑتا ہے۔بشریٰ بھی ہٹ دھرمی کا مظاہرہ کرتی ہے۔عدیل طیش میں بشریٰ کو طلاق دے دیتا ہے اور مثال کو چھین لیتا ہے۔مثال بیمار پڑجاتی ہے۔بشریٰ بھی حواس کھودیتی ہے۔ عمران بہن کی حالت دیکھ کر مثال کو عدیل سے چھین کرلے آتا ہے۔عدیل عمران پر اغوا کا پرچا کٹوادیتا ہے۔

عاصمہ اسکول میں ملازمت کرلیتی ہے مگر گھریلو مسائل کی وجہ سے آئے دن چھٹیاں کرنے کی وجہ سے ملازمت چلی جاتی ہے۔اچانک ہی فوزیہ کا کہیں رشتہ طے ہوجاتا ہے۔

انسپکٹر طارق دونوں فریقین کو سمجھا بجھا کر مصالحت پر آمادہ کرتے ہیں۔ذکیہ بیگم کی خواہش ہے کہ عدیل ٗمثال کو لے جائے ٗتاکہ وہ بشریٰ کی کہیں اور شادی کرسکیں۔دوسری طرف نسیم بیگم بھی ایسا ہی سوچے بیٹھی ہیں۔فوزیہ کی شادی کے بعد نسیم بیگم کو اپنی جلد بازی پر پچھتاوا ہونے لگتا ہے۔

انسپکٹر طارق ٗذکیہ بیگم سے بشریٰ کا رشتہ مانگتے ہیں۔ذکیہ بیگم خوش ہوجاتی ہیں ٗمگر بشریٰ کو یہ بات پسند نہیں آتی۔ایک پراسراری عورت عاصمہ کے گھر بطور کرائے دار رہنے لگتی ہے۔وہ اپنی حرکتوں اور انداز سے جادو ٹونے والی عورت لگتی ہے۔عاصمہ بہت مشکل سے اسے نکال پاتی ہے۔

بشریٰ کا سابقہ منگیتر احسن کمال ایک طویل عرصے بعد امریکا سے لوٹ آتا ہے۔وہ گرین کارڈ کے لالچ میں بشریٰ سے منگنی توڑ کر نازیہ بھٹی سے شادی کرلیتا ہے ٗپھر شادی کے ناکام ہوجانے پر ایک بیٹے سیفی کے ساتھ دوبارہ اپنی چچی ذکیہ بیگم کے پاس آجاتا ہے اور دوبارہ بشریٰ سے شادی کا خواہش مند ہوتا ہے۔بشریٰ تذبذب کا شکار ہوجاتی ہے۔

بشریٰ اور احسن کمال کی شادی کے بعد عدیل مستقل طور پر مثال کو اپنے ساتھ رکھنے کا دعوا کرتا ہے مگر بشریٰ قطعی نہیں مانتی ٗپھر احسن کمال کے مشورے پر دونوں بمشکل راضی ہوجاتے ہیں کہ مہینے کے ابتدائی پندرہ دنوں میں مثال ٗبشریٰ کے پاس رہے گی اور بقیہ پندرہ دن عدیل کے پاس۔گھر کے حالات اور نسیم بیگم کے اصرار پر بالآخر عدیل عفت سے شادی کرلیتا ہے۔والدین کی شادی کے بعد مثال دونوں گھروں کے درمیان گھن چکر بن جاتی ہے۔بشریٰ کے گھر میں سیفی اور احسن اس کے ساتھ کچھ اچھا برتاؤ نہیں کرتے اور عدیل کے گھر میں اس کی دوسری بیوی عفت۔مثال کے لیے مزید زمین تنگ بشریٰ



اور عدیل کے نئے بچوں کی پیدائش کے بعد پڑجاتی ہے۔مثال اپنا اعتماد کھو بیٹھتی ہے۔احسن کمال اپنی فیملی کو لے کر ملائیشیا چلا جاتا ہے اور مثال کو تاریخ سے پہلے عدیل کے گھر بھجوادیتا ہے۔دوسری طرف عدیل اپنی بیوی بچوں کے مجبور کرنے پر مثال کے آنے سے قبل اسلام آباد چلا جاتا ہے۔مثال مشکل میں گھر جاتی ہے۔پریشانی کی حالت میں اسے ایک نشئی تنگ کرنے لگتا ہے تو عاصمہ آکر اسے بچاتی ہے۔پھر اپنے گھر لے جاتی ہے۔جہاں سے مثال اپنے ماموں کو فون کرکے بلواتی ہے اور اس کے گھر چلی جاتی ہے۔

عاصمہ کے حالات بہتر ہوجاتے ہیں۔وہ نسبتاً "پوش ایریا" میں گھر لے لیتی ہے۔اس کا کوچنگ سینٹر خوب ترقی کرجاتا ہے۔اسے مثال بہت اچھی لگتی ہے۔مثال ٗواثق کی نظروں میں آچکی ہے تاہم دونوں ایک دوسرے سے واقف نہیں ہیں۔

عاصمہ کا بھائی ہاشم ایک طویل عرصے بعد پاکستان لوٹ آتا ہے اور آتے ہی عاصمہ کی بیٹیوں اریشہ اور اریبہ کو اپنے بیٹوں وقار ٗوقاص کے لیے مانگ لیتا ہے۔عاصمہ اور واثق بہت خوش ہوتے ہیں۔

مثال کو نیند میں محسوس ہوتا ہے کہ کوئی اسے گھسیٹ رہا ہے۔

## —۲۱—
## اکیسویں قسط

"میں جھوٹ نہیں کہہ رہی۔وہ واقعی پورے گھر میں کہیں نہیں ہے۔وہ چلی گئی ہے کہیں۔۔۔اور عدیل! آپ کو شاید بہت برا لگے لیکن مجھے کئی دنوں سے مثال پر شک تھا۔"عفت مخصوص نرم تسلی دینے والے لہجے میں بول رہی تھی جس میں کوئی بہت بھیانک خبر پوشیدہ تھی۔

"کیا۔کیا کہنا چاہتی ہو تم! کیا شک تھا تمہیں؟"عدیل باہر کی طرف جاتے ہوئے بے اختیار ٹھٹک کر رک سا گیا تھا۔

"اور پلیز کوئی بھی الٹی سیدھی بے بنیاد بات نہیں کرنا۔میرا دماغ آل ریڈی بہت ڈسٹرب ہے۔"وہ آخر میں کچھ اکتائے ہوئے لہجے میں اسے وارن کرتے ہوئے بولا تھا۔

"میں جانتی ہوں آپ کی ڈسٹربنس کو۔بشریٰ۔۔۔مثال کی ماں جو اپنی بیٹی سے کبھی بھی جدا نہیں ہونا چاہتی تھی ٗکس طرح کس وجہ سے اسے ہمیشہ کے لیے یہاں چھوڑ کر چلی گئی۔کوئی تو وجہ ہوگی ناں۔آپ نے یہ بات نہیں محسوس کی۔۔۔اتنے سال تو اسے یہ بات ایک دن کے لیے بھی گوارہ نہیں تھی کہ مثال یہاں رہتی۔"وہ جتا جتا کر کوئی بھی واضح بات کیے بغیر بہت کچھ واضح کرتی چلی جارہی تھی۔

عدیل نے اسے سخت ناراض نظروں سے دیکھا۔

"مجھے ان فضول پہیلیوں میں مت الجھاؤ۔جو بات ہے وہ کرو۔"عدیل لہجے میں درشتی لیے ہوئے جھنجلا کر بولا۔

"مجھے لگتا ہے وہ کسی میں انوالو ہے اور ابھی بھی وہ جو نکلی ہے۔تو وہ چلی گئی ہے۔"وہ رک رک کر دھما کے دار لہجے میں بولی۔

"واٹ۔۔۔چلی گئی۔۔۔کہاں چلی گئی ہے وہ۔"عدیل تو جیسے اچھل ہی پڑا اس کی بات سن کر!

"جس کے ساتھ انوالو ہوگی۔اس کے کمرے میں جاکر دیکھ لیتے ہیں۔اگر اس کا ضروری سامان وہاں نہیں ہوگا تو پھر اسے تلاش کرنے کا کوئی فائدہ نہیں۔"عفت جیسے کچھ طے کیے بیٹھی تھی کہ اب یہ ہونے والا ہے۔



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

"عفت! میرا دماغ خراب نہیں کرو۔ میری بیٹی ایسی نہیں ہے۔ سنا تم نے۔" وہ پاگلوں کی طرح زور سے چیخا تھا۔ عفت ڈر کر بے اختیار پیچھے ہو گئی۔

"تو ڈھونڈلیں اسے جا کر۔ یوں آدھی رات کو غائب ہونے کا مطلب۔ مجھے جو لگا میں نے کہہ دیا۔" وہ ذرا دیر بعد ڈھٹائی سے بولی۔ عدیل اسے پرے دھکیل کر تیزی سے باہر نکل گیا۔

"ہونہہ! میری بیٹی ایسی نہیں ہے۔ شیشے کی طرح بے داغ شفاف ہے نا یہ مثال بی بی۔ جیسی ماں۔ ماں نے طلاق کے پانچویں مہینے پرانے عاشق سے شادی رچالی فوراً" تو کیا بیٹی دودھ کی دھلی ہو گی۔" بڑبڑا کر باہر نکل گئی۔

مثال کسی بھی سمت کا تعین کیے بغیر یونہی دوپٹہ سینے پر پھیلائے تیز تیز منتشر قدموں کے ساتھ چلی جا رہی تھی۔

وہ اب تنگ گلی سے نکل کر کھلی جگہ پر آگئی تھی۔ خنک ہوا اس کے گھسے ہوئے کپڑوں کو کاٹتی اب اس کے جسم سے ٹکرا رہی تھی۔ اس کے بال ہوا میں اڑ رہے تھے۔

"مجھے اب واپس نہیں جانا۔ یوں بھی وہ کون سا میرا گھر ہے اور وہاں کسی کو بھی میری ضرورت نہیں۔ میں یہاں سے کہیں چلی بھی جاؤں، مر بھی جاؤں تو بھی کسی کو پریشانی نہیں ہو گی بلکہ سب کو خوشی ہو گی کہ ان کی جان چھٹ گئی مجھ سے۔ پتا نہیں اللہ نے مجھے پیدا کیوں کیا تھا۔ ایک مثال ' ایک عبرت بنانے کے لیے۔" اس کی آنکھوں سے بے آواز آنسو بہتے چلے جا رہے تھے۔

وہ دائیں بائیں کہیں بھی دیکھے بغیر اب اور بھی تیز رفتاری کے ساتھ چلی جا رہی تھی کہ ایک دم سے سامنے سے ادھر آتے ہوئے کسی سے ٹکرا گئی۔

ایک دم سے اسے لگا جیسے وہ کسی محفوظ پناہ میں آگئی ہو۔ خنک سرد ہواؤں سے گرم ڈھارس بھری پناہ گاہ میں! مضبوط گرم بازوؤں کی پناہ نے صرف چند ساعتوں کے لیے اسے گہرے سکون کا احساس دیا تھا۔ کسی کی گرم سانسوں کا ادراک ہوتے ہی وہ ایک جھٹکے سے سیدھی ہوئی۔

وہ زور لگا کر پیچھے ہونا چاہتی تھی مگر کسی مضبوط گرفت میں تھی۔ اس نے یوں لائٹ میں سامنے اتنے قریب کھڑے شخص کو حیران نظروں سے دیکھا اور دوسرے لمحے وہ شاکڈ سی رہ گئی۔

"یہ تو وہی ہے۔" اس کے لب ہولے سے کانپے تھے۔

"واثق عفان!" وہ اس کی نظروں کا مفہوم پڑھتے ہوئے بڑی اپنائیت سے بولا۔

"کتنی بار مجھے اپنا تعارف کرانا پڑے گا آپ سے؟" وہ اب کے مسکرایا تھا۔

مثال نے پوری طاقت سے اسے دھکا دے کر پرے کیا اور وحشت بھری نظروں سے کچھ کہے بغیر اسے دیکھتی وہاں سے بھاگ پڑی۔ واثق اسے یوں دیوانہ وار بھاگتے دیکھ کر حیران سا رہ گیا۔

دوسرے لمحے وہ بھی اس کے پیچھے تیزی سے گیا۔ وہ بھاگتے ہوئے پیچھے مڑ کر دیکھے بغیر چلی جا رہی تھی۔

"مجھے لگ رہا ہے یہ اپنے حواس میں نہیں۔ اسے معلوم ہی نہیں یہ اس وقت کہاں ہے۔ مجھے اس کے پیچھے جانا چاہیے۔" وہ اب کے کچھ پریشان سا ہو کر تیز قدموں سے اس کے پیچھے چل پڑا۔

تیز ہوا میں اڑتا گلابی آنچل اس کی رہنمائی کر رہا تھا!

☼ ☼ ☼

وہ کھلے گیٹ سے اندر آ رہی تھی۔

عفت اور عدیل اس کے سامنے کھڑے تھے۔ وہ سر جھکائے ان کے سامنے آ کر کھڑی ہو گئی۔



"کہاں سے آ رہی ہو تم اس وقت؟" عدیل کی آواز میں سرد مہری تو تھی عجیب سا کھردرا پن بھی تھا۔

مثال نے دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کو آپس میں پکڑ کر ان کی کپکپاہٹ پر قابو پانے کی کوشش کی مگر۔ اس کی ٹانگیں۔ ان سے جیسے جان نکلی جا رہی تھی۔ یوں جیسے وہ ابھی گر پڑے گی۔

"کیا پوچھ رہا ہوں میں تم سے مثال؟" عدیل کی گرج دار آواز نے اس کی رہی سہی ہمت بھی ختم کر دی۔

"کیا وہ چھوڑ کر بھاگ گیا جس کے بھروسے پر تم نے یہ دہلیز عبور کی تھی۔ بس اتنی سے محبت تھی اسے تم سے"۔ عفت نے بہت عجیب سے لہجے میں چٹخارہ لے کر یوں کہا جیسے وہ اس کہانی کے آگے پیچھے ہونے والے ہر واقعے کی چشم دید گواہ ہے۔

مثال حیرت بھری نظروں سے چہرہ اٹھا کر اسے دیکھنے لگی۔

"عفت! تم جاؤ کمرے میں۔ میں بات کر رہا ہوں مثال سے۔" عدیل نے ہمیشہ کی طرح عفت کو اپنے اس انتہائی ذاتی معاملے سے دور ہٹانے کی کوشش کی۔

"کیوں جاؤں میں اندر یہ اب آپ کا ہی نہیں میرا بھی معاملہ ہے۔ کیونکہ یہ لڑکی اب میرے گھر پر رہ رہی ہے۔ میری بھی اتنی ہی ذمہ داری بنتی ہے جتنی آپ کی۔ اور جیسے یہ آج رات کو نکل گئی کل دن میں کسی بھی ٹائم پھر سے نکل گئی تو شام میں آ کر تو آپ مجھ سے ہی سوال کریں گے نا۔ اس وقت بھی تو مجھے ہی ذمہ دار ٹھہرایا جائے گا تو پلیز مجھے بھی معلوم ہو لینے دیجیے کہ اس لڑکی کے ارادے کیا ہیں۔ کیوں یہ سب کچھ کر رہی ہے جبکہ میں نے ہم نے اسے اس گھر میں ہر طرح کا آرام سہولت دے کر اپنی اولاد کی طرح ہی رکھا ہوا ہے پھر یہ سب کیوں کر رہی ہے کہ اسے اپنے باپ کی عزت کا ذرا بھی پاس نہیں۔" عفت بہت استحقاق بھرے انداز میں کہتی چلی گئی اور عدیل کی سمجھ میں آ گیا کہ وہ عفت کو اب کسی بھی طرح یہاں سے بھیج نہیں سکے گا۔

"ہوتی اگر اس کی جگہ میری پری قسم خدا کی میں اب تک اس کی ٹانگیں توڑ کر ہاتھ میں پکڑا چکی ہوتی۔" وہ منہ پر ہاتھ پھیر کر پر عزم لہجے میں بولی جیسے وہ واقعی پری کی ٹانگیں توڑ ہی تو چکی ہے۔

"تم سے میں کیا پوچھ رہا ہوں۔ تم مجھے جواب دو گی یا میں خود ہاتھ پکڑ کر تمہیں اس دروازے کے باہر کروں جس سے تم ابھی اندر آئی ہو۔" اور عدیل یہ سب کر سکتا تھا۔ مثال کو اس بات کا پتا تھا۔

اس وقت مسئلہ صرف عدیل کی عزت اور غیرت کا نہیں تھا' عفت جس طرح بڑھ بڑھ کر باتیں کر رہی تھی اور جس طرح اس نے "تمہاری اور میری بیٹی" کے بیچ میں لکیر کھینچی تھی اس نے عدیل کو کچھ اور بھی غضب ناک سا کر دیا تھا۔

"پاپا۔ میں۔" وہ کانپتے لہجے میں اتنا ہی گھٹی آواز میں بول سکی تھی۔

"کس کے ساتھ گئی تھیں تم؟" وہ گرج کر بولا۔

"یہ بھی ہو سکتا ہے وہ ابھی باہر ہی موجود ہو اور یہ چپکے سے کچھ سامان سمیٹنے کے لیے آئی ہو۔" عفت کہہ کر تیزی سے باہر کی طرف لپکی اور باہر جھانکتے ہوئے دور تک دیکھنے لگی۔ واثق جو دور اندھیرے میں کھڑا تھا کچھ اور بھی پیچھے ہو گیا۔

عفت کچھ دیر کھڑی ادھر ادھر دیکھتی رہی پھر مایوس ہو کر گیٹ بند کر کے اندر آ گئی۔

"میرا۔ دم گھٹ رہا تھا کمرے میں۔ تو میں۔ کھلی ہوا میں۔" وہ بہت رک رک کر ڈرے ہوئے لہجے میں بولی۔



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

اور عدیل نے شدید غصے میں اسے تھپڑ مارنے کے لیے ہاتھ اٹھایا تھا مگر جانے کیسے وہ فضا میں ہی رک گیا۔ اس نے ہونٹ زور سے بھینچ لیے تھے۔ مثال آنکھوں میں آنسو، حیرت اور دکھ لیے خود سے بہت محبت کرنے والے باپ کی اس تشنجی کیفیت کو دیکھ رہی تھی۔

"اللہ میری توبہ... بہانہ بھی دیکھو کیسا بودا گھڑا... دم گھٹ رہا تھا۔ تم کیا قبر میں پڑی تھیں، جو تمہارا کمرے میں دم گھٹنے لگا۔ سارے گھر میں سب سے ہوا دار کمرہ ہے وہ اللہ مغفرت کرے اماں جان کا۔ اتنے سال اپنی آخری عمر کے انہوں نے اس کمرے میں گزارے اس بہشتن نے تو کبھی ایسی شکایت نہ کی۔ اور پوتی کی حالت دیکھیں۔ دو دنوں میں اس کا کمرے میں دم گھٹنے لگا۔ آگے آگے کیا ہونے والا ہے عدیل! آپ یہیں سے اندازہ کرلیں میں تو کہتی ہوں..."

عفت کو برداشت کرنا نسیم بیگم سے بھی زیادہ مشکل تھا۔ اتنے سالوں میں آج پہلی بار اتنی شدت سے عدیل کو اندازہ ہوا تھا۔

"پاپا... آئی ایم سوری... سوری پاپا!" اس نے بے اختیار روتے ہوئے باپ کے آگے دونوں ہاتھ جوڑ دیے۔ اس کی بند آنکھوں سے آنسو ٹوٹ ٹوٹ کر گر رہے تھے۔

اور عدیل کو لگا، یہ آنسو نیچے مثال کے پیروں پر نہیں، اس کے دل پر گر رہے ہیں۔ وہ شکست خوردہ سا خاموش اندر چلا گیا۔

"بہت خوب! کیا ڈرامے بازی ہے... ماشاء اللہ، مثال بی بی! تم تو کچھ اور ہی نکلیں۔ جیسے میں نے سوچ رکھا تھا۔" عفت جلے کٹے لہجے میں بولی۔

اس کی توقع کے برعکس عدیل نے کوئی بھی سخت ردعمل ظاہر نہیں کیا تھا اس اتنے بڑے واقعے پر۔ وہ سخت مایوس ہوئی تھی۔

مثال کچھ بھی کہے بغیر اس کے پاس سے گزر کر اندر چلی گئی۔ عفت وہیں کھڑی اسے جاتے دیکھ کر کچھ سوچتی چلی گئی۔

"عدیل جتنا بھی اس لڑکی سے ناراض ہو جائے۔ چیخ چلا لے اور یہ کتنی بھی بڑی غلطی کرلے۔ وہ اسے کبھی کچھ نہیں کہے گا۔ یہ لڑکی اس کی کمزوری ہے۔ اور یہ عنقریب اس گھر میں میرے بچوں کی جگہ لے لے گی۔ مجھے اس کو یہاں سے دفعان کرنے کے لیے کچھ نہ کچھ فوری طور پہ کرنا ہوگا ورنہ پھر... یہ معاملہ میرے ہاتھوں سے نکل گیا تو سب کچھ اس کے ہاتھوں میں چلا جائے گا۔"

وہ کچھ دیر وہیں کھڑی غور کرتی رہی کہ مثال سے جان چھڑانے کا بہترین طریقہ کون سا ہو سکتا ہے کہ سانپ بھی مر جائے اور لاٹھی بھی نہیں ٹوٹے مگر فوری طور پر اسے کوئی موزوں حل نہیں سوجھ سکا مگر اسے یقین تھا وہ کوئی نہ کوئی راستہ ڈھونڈے گی۔

☆ ☆ ☆

پھر کئی دن خاموشی سے سرک گئے۔

عدیل نے مثال سے کوئی بات نہیں کی۔ وہ بالکل خاموش تھا۔ اس کی باتوں کا جواب دیتا مگر خود سے کوئی بات نہیں کرتا تھا۔

مثال اس کے رویے سے افسردہ اور الجھی ہوئی تھی مگر یہ بھی غنیمت تھا کہ آج کل عفت نے بھی جلی کٹی سنانے کا پروگرام ملتوی کر رکھا تھا۔

پری کی کلاسز شروع ہو چکی تھیں۔ اس نے الگ سے وین لگوائی تھی۔ وہ مثال کی وین میں نہیں جاتی تھی۔

"پاپا! میری کلاسز دیر سے ختم ہوں گی۔ آپی کی کلاسز جلدی ختم ہو جاتی ہیں۔ ان کی وین میں یوں بھی لڑکیاں بہت زیادہ ہیں اور سب سینئر کلاسز سے ہیں۔ مجھے اپنی کلاس فیلوز کے ساتھ وین میں جانا ہے جس میں سب جاتی ہیں۔" اس نے بہت معصومیت اور سادگی سے مثال سے دور رہنے کے لیے الگ وین لگوانے کی باپ کو وجہ بتائی تو عدیل نے جواب میں کچھ بھی نہیں کہا۔

وہ صبح مثال سے پہلے کالج چلی جاتی اور دوپہر میں بہت دیر میں واپس آتی تھی۔

آج اتفاق کی بات تھی کہ مثال کی وین والے نے واپسی پر انہیں خود آنے کے لیے کہہ دیا تھا کہ اسے کسی ضروری کام سے شہر سے باہر جانا تھا۔

"سوری آپی! میری تو کلاسز ہیں، پھر اس کے بعد پریکٹیکل بھی ہیں تو بہت لیٹ ہو جاؤں گی۔ تم بس میں یا رکشے میں چلی جانا۔"

مثال کو پری کلاس میں ملی تو اس نے صاف انکار کر دیا۔ مثال خاموشی سے واپس آگئی۔

لوکل بس یا وین سے وہ کبھی اکیلی نہیں گئی تھی اور رکشے میں بھی اکیلی نہیں جاتی تھی، پھر اس کے پاس پیسے بھی بہت کم تھے۔

چھٹی کے بعد وہ پریشان سی باہر نکل کر یونہی پیدل چلنے لگی۔

"میں نے غلطی کی، میں عروسہ سے کہتی، وہ گھر کی طرف سے گزر کر جاتی ہے۔ وہ مجھے ڈراپ کر دیتی راستے میں۔" اسے خیال ستانے لگا۔

"لیکن اب تو وہ جا چکی ہوگی اور پیدل تو گھر نہیں جایا جا سکتا۔ کیا مصیبت ہے، اگر یہ وین والے انکل صبح گھر ہی بتا دیتے تو میں آج چھٹی ہی کر لیتی۔" وہ یونہی سڑک کے کنارے فٹ پاتھ پہ الجھتی ہوئی چلی جا رہی تھی جب ایک گاڑی اس کے پاس سے گزری اور پھر ریورس کرتے ہوئے اس کے پاس آکر ہلکا سا ہارن دیتی رک گئی۔

مثال کو متوجہ ہونا پڑا۔

واثق اسے ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھا اپنائیت بھری نظروں سے دیکھتا گاڑی میں بیٹھنے کا اشارہ کر رہا تھا۔

وہ سینے سے لگی فائل پر گرفت مضبوط کرتی اس سے نظریں چرا کر تیزی سے آگے بڑھنے لگی۔ وہ گاڑی سے اتر کر اس کے پاس آگیا۔

"پلیز! اتنا تو بھروسے کے لائق سمجھ سکتی ہیں مجھے۔ ہم بہت دنوں سے مل رہے ہیں۔ مطلب ٹکرا رہے ہیں ٹرسٹ می۔ میں آپ کو آپ کے گھر تک ہی ڈراپ کروں گا۔" وہ اس کے ساتھ چلتے ہوئے ملتجی لہجے میں کہہ رہا تھا۔

"مجھے نہیں جانا آپ کے ساتھ تو کیوں خواہ مخواہ میرے ساتھ چل رہے ہیں۔" وہ اس کی طرف براہ راست دیکھے بغیر جھلا کر بولی۔

"میں صرف ساتھ چلنا ہی نہیں چاہتا... بلکہ آپ کا ہاتھ بھی تھام لینا چاہتا ہوں اور مثال! اب اگر تم نہیں رکیں اور میرے ساتھ گاڑی میں نہیں بیٹھیں تو میں تمہارا ہاتھ پکڑ لوں گا اور پھر تمہیں ساتھ لے جاؤں گا۔ کیا کروگی تم۔"

"اس کی اتنی جرات!" مثال شاکڈ سی آنکھیں پھاڑے اسے دیکھتی رہ گئی۔




WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

"تو پکڑ لوں ہاتھ؟" وہ شرارت سے بولا۔

"شٹ اپ! میں اتنا شور مچاؤں گی۔" وہ غصے میں بولی۔

"نہیں مچا سکو گی۔ اگر مچاؤ گی تو دیکھو! یہاں سڑک پر تو کوئی بھی نہیں ہے۔ میں تمہارے شور مچانے سے پہلے تمہیں اٹھا کر لے جاؤں گا پھر کیا کرو گی؟" وہ اس کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے بولا وہ تو جیسے حیرانی سے مرنے والی ہو گئی۔

"تو اب چل پڑو ناں یا واقعی اٹھا کر لے جاؤں۔" کہہ کر اس نے تیزی سے اس کا ہاتھ پکڑا اور اسے کھینچتا ہوا اپنے ساتھ لے گیا۔

"پلیز چھوڑیں... چھوڑیں میرا ہاتھ ورنہ میں۔" اس نے زندگی میں کبھی خود کو اتنا بے بس محسوس نہیں کیا تھا' جتنا اس لمحے کر رہی تھی۔

اس کا نازک ہاتھ واثق کی بہت مضبوط گرفت میں تھا۔

"پلیز چھوڑیں۔" وہ آخر میں رونے لگی۔

واثق نے اسے پسنجر سیٹ پر بٹھاتے ہوئے دروازہ بند کر کے تیزی سے آ کر ڈرائیونگ سیٹ سنبھال لی۔

"پلیز رونا نہیں۔ میں قسم کھا کر کہتا ہوں تمہیں اغوا کرنے کا میرا کوئی ارادہ نہیں۔" وہ اس کی بھیگتی آنکھوں کو دیکھ کر فوراً" ملتجی لہجے میں بولا۔

گاڑی روانہ ہو چکی تھی اور مثال کے آنسو بھی!

"پلیز... دیکھو' تمہیں تو میرا تھینک فل ہونا چاہیے کہ میں نے تمہیں لفٹ آفر کی' ورنہ اس سڑک پر اس وقت کنوینس ملنا آسان نہیں ہے۔" کہہ کر اس نے ٹشو باکس سے ٹشو نکال کر اس کی طرف بڑھایا اور مثال کو بھی فوراً" اپنی حماقت کا احساس ہوا۔

وہ کیوں بھلا ایک اجنبی کے ساتھ بیٹھی اس طرح آنسو بہا رہی ہے۔ کوئی دیکھے تو کیا سمجھے۔ اس نے جلدی سے ٹشو سے آنکھیں اور چہرہ رگڑ ڈالا۔

"شاباش... بات تو سمجھ میں آگئی ہو گی کہ آنسو کسی بھی مسئلے کا حل نہیں ہوتے... ہے نا۔" وہ مسکرا کر نصیحت کرنا نہیں بھولا تھا۔

مثال خاموشی سے ٹشو کو انگلیوں میں مسلتی رہی۔ گاڑی میں کچھ دیر کے لیے خاموشی چھا گئی۔

"آپ اس اکیڈمی میں گئی تھیں۔" اس خاموشی کو بھی واثق نے ہی توڑا تھا۔

"نہیں۔" وہ مختصراً" بولی۔

"کیوں؟" واثق کو جواب میں یہی کہنا تھا۔

مثال نے پورا چہرہ گھما کر اسے یوں دیکھا جیسے وہ اس کے سوال کرنے پر حیران ہوئی ہو۔

"مثال! ہم اتنی بار مل چکے ہیں تو اجنبی بالکل بھی نہیں۔ کم از کم تم تو میرے لیے بالکل بھی نہیں ہو۔" وہ رک کر اسے دیکھتے ہوئے بولا۔

"بلکہ تم میرے لیے جتنی اپنی ہو... مطلب محسوس ہوتی ہو... میں اب کچھ بھی سوچوں... تم میری سوچ میں کہیں نہ کہیں موجود ہوتی ہو۔" وہ جیسے خود کلامی کر رہا تھا۔ کندھے اچکا کر بولا۔

"یہ کیا کہہ رہے ہیں آپ۔" وہ کچھ بوکھلا سی گئی۔

"میں آپ کے بارے میں ایسا کچھ نہیں سوچتی۔" وہ جلدی سے صفائی دینے والے انداز میں بولی۔ وہ بے اختیار ہنس پڑا۔



"میں نے کوئی لطیفہ نہیں سنایا۔" وہ چڑ کر بولی۔

"وہ تو میں نے سنایا ہے۔" وہ جیسے محظوظ ہو کر بولا۔

"کیا مطلب؟" وہ اسے خفا نظروں سے دیکھ کر بولی۔

"بھئی جو میری فیلنگز تھیں تمہارے متعلق' وہ میں نے تم سے شیئر کی ہیں لیکن میں نے تمہیں مجبور تو نہیں کیا کہ تم بھی ایسا ہی محسوس کرو میرے بارے میں' لیکن یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ میں ایسا چاہتا ہوں۔" وہ ذرا رک کر اس کی طرف دیکھتے ہوئے گہری آواز میں بولا۔

"کیا؟" بے اختیار مثال کے منہ سے نکلا۔

"کہ تم میرے بارے میں بھی ایسا سوچو جیسے میں تمہارے بارے میں سوچتا ہوں... میری خواہش ہے یہ اور دعا بھی۔"

"پلیز آپ یہیں ڈراپ کر دیں۔ میں آگے خود چلی جاؤں گی۔" وہ ناراض لہجے میں کہنے لگی۔

"خیر ڈراپ تو اب میں آپ کو کسی صورت نہیں کر سکتا۔" وہ معنی خیزی سے بولا۔

"کیا... کیا کہہ رہے ہیں یہ آپ؟" وہ ایک دم پریشان سی ہو کر اسے دیکھنے لگی تو واثق بے ساختہ ہنس پڑا۔

"آپ کی کوئی دوست ہے؟" وہ اسے دیکھتے ہوئے پوچھنے لگا۔ مثال کی گردن بے اختیار نفی میں ہل گئی۔

"چچ چچ... کیسا اکیلا وہ شخص ہو گا اس دنیا میں' جس کا کوئی ایک بھی دوست نہیں ہے۔" وہ مصنوعی تاسف بھرے لہجے میں بولا۔

"آپ مجھے یہیں ڈراپ کر دیں پلیز۔"

"مثال! ایک بات پوچھوں۔" وہ سنجیدگی سے اس کی فرمائش ان سنی کرتے ہوئے بولا۔ وہ اسے دیکھ کر رہ گئی۔

"اس رات تم اکیلی... بالکل اکیلی عجیب ذہنی کیفیت میں راستوں میں بھٹک رہی تھیں... ایسا ہی تھا نا؟" وہ اسے دیکھ کر بولا۔ مثال نظریں چرا گئی۔

"مجھے اس لمحے پتا ہے کیا ڈر لگا۔" وہ جیسے سرگوشی میں بولا۔

"مجھے لگا میں کہیں تمہیں کھو نہ دوں۔" وہ گہری نظروں سے اسے دیکھتے ہوئے بولا۔

"اور جب میں نے یہ محسوس کیا تو مجھے لگا اگر ایسا ہو گیا تو شاید میں خود کو بھی کھو دوں گا... گم کر دوں گا خود کو بھی۔" وہ عجیب کھوئے کھوئے لہجے میں کہہ رہا تھا۔

"مجھے اقرار کرنے میں کوئی جھجک محسوس نہیں ہو رہی۔ میں واقعتاً" تمہارے بارے میں بہت سنجیدہ ہوں۔" وہ گمبھیر لہجے میں کہہ رہا تھا۔

"اگر بابا نے مجھے اس اجنبی کے ساتھ جو اس وقت مجھ سے ایسی باتیں کر رہا ہے۔ جو میرے دل کے تار ہلائے جا رہا ہے' دیکھ لیا تو وہ میرے بارے میں کیا سوچیں گے۔ کم از کم انہیں عفت ماما کی سب باتیں' جو وہ میرے بارے میں اس رات کہہ رہی تھیں' بالکل سچ لگنے لگیں گی اور میں اعتبار کھو بیٹھوں گی۔"

وہ بابا کا اعتبار کھو دے گی' اس خیال سے اس کا دل بند ہونے لگا۔

"پلیز گاڑی روکیں یہیں۔" اس نے ایک دم سے اس کے اسٹیرنگ پر رکھے ہاتھ پر زور سے اپنا ہاتھ رکھ دیا۔

"روکیں۔" وہ زور سے چیخی تھی۔

واثق نے ایک دم گھبرا کر گاڑی روک دی اور اس سے پہلے وہ اس سے وجہ پوچھتا' وہ تیزی سے اپنی طرف کا



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

دروازہ کھول کر باہر نکل گئی۔

"مثال پلیز میری بات تو سنو۔" وہ اسے پکارتا رہ گیا۔ وہ دوپٹا ٹھیک کرتی تیزی سے سڑک کے دوسری طرف چلی گئی۔

"پتا نہیں میں اس الجھی ڈور جیسی لڑکی کو کبھی سمجھ بھی پاؤں گا یا نہیں۔ جو قریب آتی ہے اور ایک دم سے دور بہت دور چلی جاتی ہے کہ مجھے لگتا ہے یہ پھر مجھے کبھی نہیں ملے گی۔"

وہ افسردہ سا اس خالی راستے کو دیکھتے ہوئے سوچتا چلا گیا' جہاں کچھ دیر پہلے مثال مڑ گئی تھی۔ اس نے گہرا سانس لیتے ہوئے گاڑی اسٹارٹ کرنے کے بعد گیئر کی طرف ہاتھ بڑھایا اور ٹھٹک گیا۔

مثال کا موبائل فون سیٹ کے پاس نیچے گرا ہوا تھا تو وہ بے اختیار مسکرا اٹھا۔

"تو ملنے کا بہانہ تو وہ چھوڑ گئی۔ اب تو وہ مجھ سے ضرور ملے گی۔" وہ سیل فون ہاتھ میں لے کر دیکھتے ہوئے سوچنے لگا۔

"اور اب مجھے امی سے بات کرنا ہو گی مثال کے بارے میں۔ ایسا نہ ہو کہ وہ خدانخواستہ مجھ سے بچھڑ جائے' کھو جائے میرا وہم حقیقت نہ بن جائے۔" وہ سر جھٹک کر گاڑی ڈرائیو کرنے لگا۔

☼ ☼ ☼

مثال اپنا بیگ پورا الٹ کر سب چیزیں دیکھتے ہوئے موبائل فون ڈھونڈ رہی تھی۔

کتابیں الٹ پلٹ کر دیکھ لیں۔ بیگ سارا چھان لیا۔

"کہاں گیا میرا موبائل۔" وہ پریشان ہو کر سوچنے لگی۔

"کہیں وہ اس واثق کی گاڑی میں تو نہیں گر گیا کیونکہ روڈ پر چلتے ہوئے تو وہ میرے ہاتھ میں ہی تھا۔ گاڑی میں بیٹھی تو بھی میرے پاس تھا۔ ہاں۔۔۔ یقیناً" وہیں اس کی گاڑی میں رہ گیا ہو گا۔" وہ سر پکڑ کر سوچتی چلی گئی۔

"اب اس سے واپس کیسے لوں گی۔ مجھے اس کا گھر ٹھکانا کچھ بھی تو معلوم نہیں۔" وہ مضطرب سی چیزیں واپس بیگ میں رکھتے ہوئے سوچنے لگی۔

"لائبریری تو وہ جاتا ہو گا۔ مگر ریگولر نہیں۔ کل شام کو وہ وہاں نہیں تھا۔" وہ موبائل لینے کے طریقے سوچنے لگی۔

"تم آج واپسی میں کس لڑکے کی گاڑی میں بیٹھ کر گھر آئی ہو مثال؟" اگر اس کے قریب آ کر کوئی بم پھوڑتا تو مثال کو اتنی حیرت نہ ہوتی جتنی اسے عفت کی اس اچانک بات سے ہوئی۔ وہ اس کے سر پر کھڑی بہت جارحانہ انداز میں پوچھ رہی تھی' اس کے پیچھے پری کھڑی تھی۔

"اب یہ مت کہنا کہ میں گپ مار رہی ہوں یا یہ میرا وہم ہے۔ ایسا کچھ بھی نہیں تھا۔" وہ مثال کی گمبھیر چپ پر بڑے طنزیہ لہجے میں بولی مثال کچھ بول ہی نہیں سکی۔

"ممّا! میری دوست فریال نے خود دیکھا مثال آپی کو کسی لڑکے کی گاڑی میں جاتے ہوئے۔ اس نے مجھے فون کر کے فوراً" بتایا ہے۔" مثال کو پری کی بات پر معاملہ سمجھ میں آگیا۔

"جی اس میں جھوٹ تو واقعی کچھ نہیں ہے۔ وہ میری کلاس فیلو ایمان کا بھائی تھا۔ اس نے مجھے باہر مین روڈ پر ڈراپ کیا تھا کیونکہ وین والے انکل نے واپسی پر نہیں آنا تھا اور میں نے پری سے کہا تھا کہ وہ مجھے واپسی پر اپنی وین میں ساتھ لے جائے لیکن اس نے انکار کر دیا۔ پوچھ لیں آپ اس سے۔" وہ پہلے کی طرح کمپوزڈ لہجے میں بولی'



جس سے عفت کو چڑ تھی۔

بہت پہلے جب مثال عفت کے سرد چہرے اور غصیلی آنکھوں سے سخت خوف زدہ ہو کر کانپتی آواز میں اس کی کسی کسی بات کا جواب دیا کرتی اور کسی پر بالکل گھبرا کر خاموش رہتی تو عفت کو بڑی کمینی سی خوشی ملتی تھی۔ مگر اب کچھ مہینوں سے وہ بہت بے نیاز لاتعلق سے لہجے میں عفت سے بات کرنے لگی تھی۔ جس سے صاف لگتا تھا کہ اسے عفت کی باتوں کی' اس کی دہشت کی ذرا بھی پروا نہیں۔

"ہاں تو میں کیوں لے کر آتی ساتھ۔ ہماری کلاسز تھیں۔ پھر ہماری وین میں ایک بھی سیٹ خالی نہیں ہوتی۔" پری فوراً" جتانے والے انداز میں بولی۔

"لیکن اس کا یہ مطلب بھی نہیں کہ تم کسی بھی ایرے غیرے کے ساتھ گاڑی میں بیٹھ کر لفٹ لے لو۔" عفت رعب بھرے انداز میں بولی۔

"کیا تم نے اپنے باپ سے اس بات کی اجازت لے رکھی ہے۔" وہ دھونس جمانے والے لہجے میں بولی۔

"کیا آج گھر میں کھانے کے لیے کچھ نہیں ملے گا۔ جب بھی آؤ یہاں کوئی نہ کوئی ایشو چل رہا ہوتا ہے۔ سب کھڑے کسی نہ کسی بحث میں الجھ رہے ہوتے ہیں۔ کیا میں ہوٹل سے کھا کر آیا کروں۔" دانی بہت اونچی آواز میں کمرے کے باہر کھڑے ہو کر چیخا تھا۔

"ارے نہیں' نہیں۔ کچھ بھی نہیں میں تو ابھی کچن میں ہی تھی تم دیر سے آئے ہو۔ چلو میں نکالتی ہوں تمہارے لیے کھانا میں نے تمہارے انتظار میں کھایا بھی نہیں تھا ابھی تک۔" عفت بے اختیار لجاجت بھرے انداز میں کہتے ہوئے مثال کو بھول کر دانی کے ساتھ باہر نکل گئی۔ وہ اس کے ساتھ جاتے ہوئے بھی مسلسل خوشامدی لہجے میں بول رہی تھی۔

"اور اگر میں مما کو بتا دیتی کہ تمہاری دوست ایمان کا کوئی بھائی نہیں ہے نہ اس کے پاس گاڑی تو!" پری اس کی الماری کھول کر دیکھتے ہوئے بولی۔

"ضرور بتاؤ۔ بلکہ ابھی بھی دیر نہیں ہوئی۔ تم کچن میں جا کر بتا سکتی ہو۔ تمہیں کسی نے یہ نہیں بتایا کہ بغیر اجازت کسی کی یوں تلاشی لینا کیا کہلاتا ہے۔" اس نے الماری آگے بڑھ کر بند کرتے ہوئے طنزیہ لہجے میں کہا تو پری لمحہ بھر کو اس کے اس انداز پر حیران سی رہ گئی۔

"صرف ایک ملاقات کا اتنا اثر۔۔۔ اتنا اعتماد!" وہ طنز کرتے ہوئے بولی مثال کا چہرہ سرخ ہو گیا۔

"تمہیں اگر کچھ اور بات نہیں کرنی تو تم چلی جاؤ یہاں سے۔" وہ منہ پھیر کر بے رخی سے بولی۔

"اگر میں نہیں جاؤں تو؟" وہ بھی ضدی لہجے میں بولی۔ مثال نے ایک طرف پڑے اپنے کپڑے تہ کرنے شروع کر دیے۔ انداز ایسا تھا جیسے کہہ رہی ہو' بھلے رات تک بیٹھی رہو۔ پری کچھ لمحے کھڑی رہی پھر تلملاتی وہاں سے چلی گئی۔

اور اگر انہوں نے یہ بات پاپا کو بتا دی اور انہوں نے بھی مجھ سے پوچھ لیا۔ تو میں ان کے سامنے خود کو بے نیاز نہیں ظاہر کر سکوں گی کبھی بھی۔۔۔ پتا نہیں پاپا کے سامنے مجھے کیا ہو جاتا ہے۔ میرے سارے حوصلے ڈھے جاتے ہیں۔ میں وہی سات آٹھ سال کی مثال بن جاتی ہوں' جسے صرف اور صرف ان کی محبت اور بے تحاشا پیار کی عادت تھی۔ وہ ان کے اس اجنبی روپ کو دیکھتے ہی خود پر یہ ضبط کھو دیتی ہے۔

پاپا اگر پہلے کی طرح نہ سہی نارمل لہجے میں جس میں میرے لیے اعتماد ہو' بات کر لیا کریں تو مجھے لگے گا میں زندگی میں کامیاب ہو گئی ہوں۔ اگر میں پاپا کا اعتماد جیت لوں۔۔۔ لیکن عفت مما اور پری کی موجودگی میں یہ آسان



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

نہیں اور مما نے اتنے دنوں سے مجھے فون بھی نہیں کیا' پوچھا بھی نہیں میرے بارے میں۔
اور میرا فون اس کے پاس ہے۔ اگر مما کی کال آ گئی تو۔" وہ ایک دم بے چین ہو کر کھڑی ہو گئی۔
"مجھے مما سے پوچھ کر لائبریری جانا چاہیے۔ اللہ کرے وہ وہاں آ جائے۔" وہ بے چین سی باہر نکل گئی۔

☼ ☼ ☼

"عدیل!" عفت کچھ شاکڈ سی عدیل کو دیکھنے لگی۔
"اس میں اتنا حیرت زدہ ہونے کی کیا بات ہے؟" عدیل سرسری نظر اس کے چہرے پر ڈال کر بولا۔
"ابھی.... میرا مطلب ہے' وہ ابھی پڑھ رہی ہے۔" وہ ذرا سنبھل کر بولی۔
"اس کے ایگزام تک بات چیت اور دوسرے معاملات طے ہو جائیں گے۔ ایگزام کے فوراً بعد شادی۔" وہ جیسے سب کچھ طے کر چکا تھا۔ مطمئن لہجے میں بولا۔
عفت کچھ بول ہی نہ سکی۔
"میں بہت ڈر گیا تھا عفت! اس رات جب مثال بغیر بتائے گھر سے چلی گئی تھی میں نے اسی وقت فیصلہ کر لیا تھا۔ میں جلد سے جلد مثال کی شادی کر دوں گا۔" وہ سوچ سوچ کر بولا تو عفت کو وجہ سمجھ میں آ گئی۔
"اور پھر وقار میرا بہت اچھا پرانا دوست ہے۔ بہت سال وہ لوگ امریکہ میں سیٹل رہے۔ اس کا بیٹا کوالیفائیڈ انجینئر ہے۔ بہت اچھی فیملی ہے۔ اکلوتا بیٹا اور اتنا قابل۔ فائزہ بھابھی بھی بہت محبت کرنے والی رکھ رکھاؤ والی خاتون ہیں۔ فہد کے پاس تو وہاں کی نیشنلٹی بھی ہے۔ ہماری مثال ان شاء اللہ بہت خوش رہے گی۔ میں ایسا ہی رشتہ تو اس کے لیے چاہتا تھا۔" عدیل بہت خوش' بہت مطمئن تھا۔
اور عفت کو لگا آگ کا کوئی جھلسا دینے والا شعلہ تھا' جس نے یک لخت سرتاپا اسے جھلسا کر رکھ دیا ہو۔
"ایسی اچھی قسمت اس مثال کی ہو' کیا میں یہ چاہوں گی۔ ارے واہ! پہلے ماں باپ کی آنکھ کا تارہ بنی رہی اور اب جا کر شوہر اور سسرال والوں کی لاڈلی.... کبھی نہیں۔"
وہ مٹھیاں بھینچے سوچ رہی تھی۔
"کل شام میں آئیں گے وہ لوگ.... جسٹ فارملیٹی ہو گی۔ سب کچھ تو سمجھو ڈن ہے۔ کل ہی وہ لوگ شگن ڈال دیں گے اور فہد کے اگلے مہینے پاکستان آنے پر منگنی وغیرہ یا نکاح ہو جائے گا اور چار ماہ بعد شادی.... تم سن رہی ہو ناں۔"
اتنی دیر تک عفت کبھی چپ نہیں رہی تھی۔ عدیل اس کی لمبی چپ پر بولا۔
"ہوں.... جی سن رہی ہوں۔" وہ بہت مشکل سے بول سکی تھی۔
"اور سب سے اچھی بات کہ وہ لوگ ڈیمانڈنگ بھی نہیں ہیں۔ انہیں جہیز وغیرہ کچھ نہیں چاہیے بلکہ سخت خلاف ہیں وہ جہیز کے لیکن خیر! بھئی ہم اپنی مثال کو خالی ہاتھ تو رخصت نہیں کریں گے۔ بہت کچھ سوچ کیا ہے میں نے تو۔" وہ تو اپنی ہی دھن میں کہے جا رہا تھا۔ بہت عرصے بعد عفت نے عدیل کو اتنا خوش اتنا مسرور دیکھا تھا۔
"ہماری مثال کوئی معمولی لڑکی نہیں ہے اور مجھے یقین تھا۔ میرے اللہ نے اس کی قسمت بھی بہت خاص بنائی ہو گی۔ عفت! مجھے لگ رہا ہے جیسے آج میں ہلکا پھلکا ہو گیا ہوں۔ میرے دماغ پر دل پر جو اتنے دنوں سے بوجھ تھا' سب اتر گیا۔" وہ عفت کی طرف دیکھ بھی نہیں رہا تھا۔
"سچ پوچھو بشریٰ' مجھ پر جو یہ ذمہ داری ڈال گئی تھی۔ شروع میں تو میں بہت گھبرا گیا تھا۔ ظاہر ہے بیٹی کا معاملہ اور اس کو بیاہنا' پھر آج کل جو سچویشن اچھے رشتوں کے معاملے میں چل رہی ہے.... تھینک گاڈ!"



عفت تو جیسے پتھر کا بت بنی بیٹھی تھی۔
"میں نے وقار اور فائزہ بھابھی کو شام پانچ بجے کا ٹائم دیا ہے لیکن کچھ تیاری تو پہلے آ کر کرنا ہو گی۔ کیا خیال ہے تمہارا۔" وہ اس کی ہم نوائی کو بولا۔
"جی.... بالکل۔" وہ کسی معمول کی طرح سر ہلا کر مزید کچھ کہے خاموشی سے باہر نکل گئی۔ عدیل ریموٹ اٹھا کر ٹی وی دیکھنے لگا۔
"کیا کروں میں۔ وہ واثق تو لائبریری بھی نہیں آیا۔ میرا فون۔" وہ سخت پریشان سی پچھلے صحن میں ٹہل رہی تھی۔
ہاتھ میں کتاب تھی مگر پڑھنے کی طرف بالکل دھیان نہیں تھا۔

☼ ☼ ☼

"اس کی قسمت بھی اس کی ماں جیسی شان دار ہو گی۔ پہلے ایک شان دار مرد ملا۔ جو ابھی تک اس کے ہجر و فراق میں راتوں کو اٹھ اٹھ کر آہیں بھرتا ہے اور پھر دوسرا امیر کبیر مرد جو اسے ہر عیش اور آرام دیتے ہوئے ملکوں ملکوں گھوم رہا ہے اور اب ایسی ہی قسمت اس کی بیٹی کی....
کہتے ہیں ناکہ بیٹی کی قسمت بھی ماں جیسی ہوتی ہے۔ اس کی قسمت اپنی ماں جیسی اور میری پری کی.... ایک برتا ہوا مرد.... جس کے استعمال شدہ دل میں میرے لیے نہ کوئی جذبہ تھا نہ احساس۔
صرف گھر کو اس کی بچی کو سنبھالنے والی ایک دوسری عورت کی ضرورت!
اسی ضرورت سے ہم دونوں آج تک بندھے ہوئے ہیں۔
محبت تو ہمارے درمیان کبھی رہی نہیں۔ کبھی عدیل نے اس محبت سے میرا ہاتھ نہیں تھاما' جس محبت سے وہ ابھی بھی بشریٰ کو سوچتا ہے۔ اس کے دل میں ابھی بھی وہی ہے۔ میں تو صرف گھر میں ہوں گھر کے دوسرے سامان کی طرح!
اور جس طرح وہ مثال کے لیے پریشان تھا' اس نے ایک بار بھی پری کا ذکر نہیں کیا۔ بھلے دونوں کی عمروں میں سات آٹھ سال کا فرق ہے مگر دیکھنے والے تو یہی کہتے ہیں پری بڑی ہے مثال سے.... اور باپ کو جب اتنا شان دار رشتہ مل رہا تھا تو کیا اسے ایک لمحے کے لیے بھی پری کا خیال نہیں آیا۔
غلطی میری ہے۔ مجھے عدیل کو احساس دلانا چاہیے تھا کہ اگر رشتہ ایسا اچھا ہے تو پہلا حق پری کا ہو گا....
وہ صحن میں ٹہل ٹہل کر کتاب پڑھتی مثال کو دیکھتے ہوئے سوچے جا رہی تھی۔
اس مثال کو تو ادھر بھی دس مل جائیں گے لیکن یہ اتنا شان دار پروپوزل صرف میری پری کے لیے ہونا چاہیے۔ میں اب سب کچھ قسمت پر چھوڑ کر نہیں بیٹھ سکتی کہ پری کی شکل اچھی ہے تو قسمت بھی اچھی ہو گی۔ مجھے اپنی بیٹی کی قسمت خود بنانی ہو گی' دیکھتی ہوں مثال کیسے میری بیٹی کا حق چھینتی ہے۔" وہ زہریلی نظروں سے مثال کو دیکھ رہی تھی۔

☼ ☼ ☼

وہ سیل فون ہاتھ میں لیے اس میں موجود کال لاگ دیکھ رہا تھا۔
"اوہ اس میں گھر کا لینڈ لائن نمبر بھی موجود ہے۔" وہ چونکتے ہوئے سوچنے لگا۔
"لیکن اگر فون کسی اور نے اٹھایا تو.... مثال کا نام لے کر میں اسے بلا بھی نہیں سکتا۔" وہ متذبذب سا سوچنے



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

پاک سوسائٹی ڈاٹ کام کی پیشکش
یہ شمارہ پاک سوسائٹی ڈاٹ کام نے پیش کیا ہے
ہم خاص کیوں ہیں:۔

- ہائی کوالٹی پی ڈی ایف فائلز
- ہر ای بک آن لائن پڑھنے کی سہولت
- ماہانہ ڈائجسٹ کی تین مختلف سائزوں میں اپلوڈنگ
سپریم کوالٹی، نارمل کوالٹی، کمپریسڈ کوالٹی
- عمران سیریز از مظہر کلیم اور ابن صفی کی مکمل رینج
- ایڈ فری لنکس، لنکس کو پیسے کمانے کے لئے شرنک نہیں کیا جاتا
- ہر ای بک کا ڈائریکٹ اور رژیوم ایبل لنک
- ڈاؤنلوڈنگ سے پہلے ای بک کا پرنٹ پریویو ہر پوسٹ کے ساتھ
- پہلے سے موجود مواد کی چیکنگ اور اچھے پرنٹ کے ساتھ تبدیلی
- مشہور مصنفین کی کُتب کی مکمل رینج
- ہر کتاب کا الگ سیکشن
- ویب سائٹ کی آسان براؤسنگ
- سائٹ پر کوئی بھی لنک ڈیڈ نہیں

We Are Anti Waiting WebSite

واحد ویب سائٹ جہاں ہر کتاب ٹورنٹ سے بھی ڈاؤنلوڈ کی جاسکتی ہے

ڈاؤنلوڈنگ کے بعد پوسٹ پر تبصرہ ضرور کریں

ڈاؤنلوڈنگ کے لئے کہیں اور جانے کی ضرورت نہیں ہماری سائٹ پر آئیں اور ایک کلک سے کتاب ڈاؤنلوڈ کریں

اپنے دوست احباب کو ویب سائٹ کا لنک دیکر متعارف کرائیں

WWW.PAKSOCIETY.COM
Online Library For Pakistan
Like us on Facebook
fb.com/paksociety
twitter.com/paksociety1

لگا۔

"نہیں مجھے بے صبراپن نہیں دکھانا چاہیے۔ کل اس کے کالج کے باہر جاکر اسے فون لوٹا دینا چاہیے۔" اس نے اپنے سیل پر نمبر ڈائل کرتے ہوئے رک کر سوچا۔

"ایک بار کوشش کرنے میں کیا حرج ہے۔ ہوسکتا ہے فون مثال اٹھائے۔" بے قرار دل کو قرار نہیں آرہا تھا' اس نے نمبر ڈائل کرلیا۔

مثال فون کے پاس سے گزرتے ہوئے اپنے کمرے کی طرف جارہی تھی فون کی بیل پر چونک کر رک گئی۔

سب اپنے کمروں میں سونے کے لیے جاچکے تھے۔

سب ڈسٹرب نہ ہوں فون کی آواز سے اس نے یہ سوچ کر ریسیور اٹھالیا۔

دوسری طرف خاموشی تھی۔

"ہیلو!" مثال کو جھلا کر بولنا پڑا۔

"ہیلو۔ بھئی بات کریں فون کس لیے کیا تھا۔" وہ کہہ کر فون بند کرنے لگی تھی کہ بے اختیار رک گئی۔

"میں کل کالج کے گیٹ کے باہر آپ کا فون دینے کے لیے آرہا ہوں۔ میرا انتظار کیجئے گا۔" واثق مثال کی آواز پہچان کر آہستگی سے بولا۔

"اور وہ جو ساری شام میں نے لائبریری میں آپ کا انتظار کیا۔ وہ کیا۔ مجھے پاگل سمجھ رکھا ہے آپ نے۔" وہ ایک دم سے غرا کر بولی۔

"کیا۔۔۔ اوہ میرے خدایا! یہ کیا غضب ہوگیا۔ لائبریری میں میرا انتظار ہوتا رہا اور میں بدنصیب فیکٹری کے بیکار حساب کتاب میں الجھا ہوا تھا۔۔۔ میری بدقسمتی اور کیا کہوں میں اس کو۔" وہ ٹھنڈی آہیں بھرتا ہوا بولا۔

"پلیز مجھے فون چاہیے میرا۔" وہ تیز لہجے میں بولی۔

"تو ابھی آجاؤں۔ یہ پاس میں تو میرا گھر ہے۔ پانچ منٹ کی پیدل واک پر۔ آپ بھی باہر آجائیں۔ تھوڑی واک کرلیں گے اور گپ شپ بھی۔" وہ بے تکلفی سے فوراً بول اٹھا۔

"شٹ اپ! کل شام کو پانچ بجے لائبریری میں۔" خدا حافظ کہہ کر تیزی سے اندر چلی گئی۔

اس کے دل کی دھڑکنیں عجیب بے ہنگم انداز میں منتشر ہورہی تھیں۔

"یہ کیا ہو رہا ہے مجھے اور میں کیوں دعائیں کررہی تھی کہ کسی طرح اس سے بات ہوجائے۔ اس کی آواز سن لوں اور اس کی آواز سن کر میرے دل کی جو حالت تھی۔ نہیں نہیں مجھے ایسی باتیں نہیں سوچنی چاہییے۔" وہ بے قراری کمرے میں ٹہلنے لگی۔

میں جتنا اس سے دور بھاگنا چاہتی ہوں۔ حالات مجھے اس کے پاس لے آتے ہیں۔ جیسے وہ کہتا ہے کہ قسمت ہمیں یونہی راستوں میں نہیں ٹکراتی۔۔۔ کوئی مقصد ہے قدرت کا۔

افوہ! میں یہ فضول باتیں کیوں سوچے جارہی ہوں۔ مجھے اس کے بارے میں کچھ بھی نہیں سوچنا۔ صرف کل آخری بار اس سے مل کر اپنا موبائل فون لے کر آنا ہے۔ پھر میں اس سے کبھی نہیں ملوں گی۔" وہ دل میں ارادہ باندھنے لگی۔

"کبھی نہیں؟" اس کے دل نے بہت معصومیت سے فریادی انداز میں سوال کیا تھا۔ وہ بے اختیار مسکرا کر نہ چاہتے ہوئے بھی اسے سوچنے لگی۔



www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

✡ ✡ ✡

"کیا واقعی۔۔۔ واثق! تم سچ کہہ رہے ہو۔" عاصمہ نے بے یقینی کے ساتھ واثق کی طرف دیکھتے ہوئے سرشار سے لہجے میں کہا۔

وہ مسکراتے ہوئے اثبات میں سر ہلانے لگا۔

عاصمہ آنکھوں میں چمک لیے اسے دیکھے جا رہی تھی۔

"اُفوہ مما! ایسے کیا دیکھے جا رہی ہیں۔ میں نے تو بس یونہی ایک بات کی ہے آپ سے۔" وہ اس کے یوں دیکھنے پر بے اختیار جھینپ گیا تھا۔ عاصمہ بے ساختہ اپنی جگہ سے اٹھ کر اس کا ماتھا چومنے لگی۔ اس کا چہرہ دونوں ہاتھوں میں لے کر محبت بھری نظروں سے دیکھتے ہوئے مسکراتی رہی۔

"تمہیں نہیں پتا اس ایک دن کا ارمان اس کی خواہش ایک بیٹے کی ماں کے دل میں ٹھیک اسی دن سے جگہ بنا لیتی ہے، جب وہ بیٹے کی ماں بنتی ہے اور تم نے تو جیسے مجھے نہال ہی کر دیا یہ بات کر کے کہ تم کسی کو پسند کرتے ہو اور واثق میری جان! یقین کرو میرے دل کو ایسا اندھا اعتماد ایسا بھروسہ ہے تم پہ تمہاری پسند پر، تمہارے انتخاب پر، میں جانتی ہوں تم کبھی غلط ہو ہی نہیں سکتے۔ وہ لڑکی دنیا کی بہترین لڑکی ہوگی جسے میرے بیٹے نے پسند کیا ہے۔ بہت بہت زیادہ خوش ہوں میں۔" عاصمہ تو جذباتی پن میں اس کا چہرہ ہاتھوں میں لیے بولتی چلی گئی۔

واثق کچھ اور بھی جھینپ گیا۔ آہستگی سے عاصمہ کے دونوں ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لے کر چومنے لگا۔

"مما پلیز! اتنی بڑی بڑی امید نہ لگائیں۔ پہلے آپ اسے دیکھیں گی اور یہ تو میرا بھی دل کہتا ہے کہ وہ آپ کو بہت پسند آئے گی لیکن پھر بھی مما! میرے لیے آپ کی پسند آپ کی مرضی ہر چیز پر اولیت رکھتی ہے۔ آپ اس سے ملیں گی۔ اسے دیکھیں گی۔ پسند کریں گی۔" وہ مسکراتے ہوئے سنجیدہ لہجے میں بولا۔

عاصمہ ابھی بھی محبت سے اسے دیکھتی جا رہی تھی۔

"ابھی چلیں۔" وہ جوشیلے پن سے بولی۔

واثق بے اختیار ہنس پڑا۔ عاصمہ کے چہرے پر خفگی سی آگئی۔

"مما! ابھی تو میں فیکٹری جا رہا ہوں۔ شام میں ذرا جلدی آجاؤں گا تو پھر آپ کو لے چلوں گا۔ صبح میں تو میرے خیال میں کوئی بھی لڑکی دیکھنے نہیں جاتا۔" وہ ماں کو چھیڑنے والے انداز میں بولا۔

"بے وقوف ہم نے لڑکی دیکھنے تھوڑی جانا ہے۔ میں نے تو اسے شگن ڈالنے جانا ہے بلکہ میں۔۔۔ ابھی تھوڑا ٹائم نکال کر جیولر کی طرف سے ہو آتی ہوں۔ ایک اچھی سی انگوٹھی لے آتی ہوں۔ کیا خیال ہے واثق!" وہ سنجیدگی سے کہہ رہی تھی اور واثق نے پھر ہنسنا شروع کر دیا۔

"تم میرا مذاق اڑا رہے ہو کہ میں سٹھیا گئی ہوں۔" وہ خفگی سے بولی۔

"نہیں تو بالکل بھی نہیں اور مما کبھی سنا ہے کہ لڑکی کو پہلی بار دیکھنے کے لیے جائیں اور انگوٹھی پہنا آئیں۔ آپ بھی ناں بس۔۔۔" وہ ہونٹوں کا کونا دبا کر ہنسی روک رہا تھا۔

"اچھا تمہیں بڑا تجربہ ہے لڑکیوں کو جا کر دیکھنے کا۔۔۔ میں تو آج پہلی بار جاؤں گی۔ کون سا میرا کوئی تجربہ ہے یوں لڑکیاں دیکھنے کا۔ تمہاری بہنوں کا خیر سے اللہ کے کرم سے اتنی آسانی سے رشتہ شادی سب ہو گیا۔ دیکھنے دکھانے کی نوبت ہی نہیں آئی۔ اللہ تعالیٰ تم دونوں بہن بھائی کے معاملات بھی اس طرح نمٹا دے تو پھر سمجھو میرے تو اس دنیا میں سارے فرائض تمام ہوئے۔ حج کروں گی اور پھر اللہ اللہ۔ تم جانو اس گھر کے معاملات کو اور تمہاری بیوی۔" عاصمہ نے لمحوں میں سارا سلسلہ ہی پلان کر ڈالا۔



واثق پھر ہنس پڑا۔ اسے عاصمہ پر بے اختیار پیار آیا تھا۔

"میری بھولی سی مما! یوں تھوڑی ہوتا ہے۔ بہو آئے گی۔ کچھ برتن ٹوٹیں گے تھوڑی لڑائیاں ہوں گی۔ کچھ سازشیں ہوں گی پھر۔" وہ ماں کو چھیڑ رہا تھا۔

"خبردار تم نے اس سے آگے ایک لفظ بھی کہا تو۔۔۔ میں سچ میں تمہیں مار ڈالوں گی۔" وہ اسے ناراضی سے وارن کرتے ہوئے بولی۔

"او کے بالکل نہیں۔" وہ کان پکڑ کر بولا۔

"تمہاری بات چیت تو ہوگی واثق اس لڑکی سے؟" وہ کچھ دیر بعد سنجیدگی سے پوچھ رہی تھی۔

واثق نا سمجھی سے ماں کو دیکھ کر رہ گیا۔ اب جانے وہ کیا پوچھنا چاہ رہی تھیں۔

"میرا مطلب ہے لڑکی کے گھر۔۔۔ پیغام آئی مین! یونہی تو اٹھ کر کسی کے گھر نہیں چلے جاتے۔ تھوڑا بہت اس کے پیرنٹس کے نالج میں ہونا چاہیے کہ آنے والے لوگ کیوں آئے ہیں۔ تو وہ بھی تھوڑا ذہنی طور پر تیار ہوتے ہیں۔" عاصمہ اسے سمجھانے والے انداز میں بولی تو واثق سوچ میں پڑ گیا۔

"کیا ہوا تم نے جواب نہیں دیا۔" عاصمہ اسے خاموش دیکھ کر بولی۔

"مما! ابھی تو رابطہ نہیں ہے۔ تو آج ہم یونہی چلے جاتے ہیں نا مطلب بس یونہی ملنے۔۔۔ آپ" وہ کچھ سوچنے لگا۔

"آپ کہہ دیجیے گا کہ وہ آپ کی اسٹوڈنٹ رہ چکی ہے تو آپ اس سے ملنے آئی ہیں۔" وہ چٹکی بجا کر جیسے مسئلہ حل کرتے ہوئے بولا۔ عاصمہ اسے گھورنے لگی۔ "کیا کچھ غلط کہہ دیا میں نے۔" وہ ماں کے یوں دیکھنے پر جلدی سے بولا۔

"بے وقوف! ابھی ٹیچر بھی اپنے اسٹوڈنٹ سے یونہی ملنے جاتے ہیں۔" عاصمہ چڑے ہوئے انداز میں بولی۔

"تو پھر کیا کریں؟" واثق پریشان ہو کر بولا۔

"بیٹا! سمپل اس کی مدر سے بات کر لیتے ہیں۔ میں کر لیتی ہوں۔ تم مجھے اس کا نمبر دو۔" عاصمہ رک کر بولی۔

واثق ماں کو دیکھتے ہوئے نفی میں سر ہلانے لگا۔

"کیا مطلب! نمبر نہیں ہے تمہارے پاس۔"

"وہ تو ہے۔ ایکچوئلی مما! اس کی مدر اس کے فادر۔۔۔ معلوم نہیں اس طرح ہمارے جانے سے کیا مطلب لیں کہ کہیں اس نے مثال نے آئی مین اس نے میرے ساتھ کوئی افیئر چلا رکھا ہے تو۔۔۔ وہ شاید اس سے ناراض ہو جائیں اسی بات پر۔ کوئی اور ریزن سوچیں جس میں انہیں ایسا کوئی شک نہ ہو کہ میں مثال کو پہلے سے جانتا ہوں اور اس وجہ سے ہم آئے ہیں۔" وہ رک رک کر ماں کو سمجھانے والے انداز میں کہہ رہا تھا۔

عاصمہ بھی سوچ میں پڑ گئی۔

"خیر ابھی تم فیکٹری جاؤ لیٹ ہو رہے ہو۔ میں اس دوران کچھ سوچ لیتی ہوں۔ تمہاری بات ٹھیک ہے۔" عاصمہ سر ہلاتے ہوئے کہہ کر اٹھ کر اندر چلی گئی۔

✡ ✡ ✡

"مگر کیوں۔" مثال حیرت بھرے انداز میں عفت کو دیکھنے لگی۔

"تمہارے پاپا کہہ کر گئے ہیں۔" وہ سپاٹ سرد لہجے میں بولی۔



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | f PAKSOCIETY
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

آج عفت کی بیگانگی مثال سے کچھ زیادہ بڑھ کر تھی۔ وہ اس کی طرف دیکھ بھی نہیں رہی تھی۔ میکانکی انداز میں ناشتے کے خالی برتنوں کو ڈائننگ ٹیبل سے سمیٹ رہی تھی۔

"مگر کالج کیوں نہیں جاؤں۔ کوئی کام ہے آپ کو مجھ سے گھر میں۔" وہ عفت کے مختصر جواب سے مطمئن نہیں ہوتی تھی۔ کچھ اور بھی الجھ کر بولی۔

"بی بی! میں پہلے کون سے تم سے ہل جتواتی ہوں جو آج اپنے کسی کام کے لیے تمہیں کالج سے چھٹی کے لیے بولوں گی۔" وہ ایک دم جیسے ڈپٹ کر بولی۔

حالانکہ روز صبح کالج جانے سے پہلے پورے گھر میں بکھری ہوئی چیزیں سمیٹنا سب کچھ درست حالت میں رکھنا ڈسٹنگ کرنا کچن کی صفائی ناشتے میں عفت کی مدد کرنا سب مثال کی روز کی ڈیوٹی میں شامل تھا اور جس دن صفائی والی ماسی کے نہ آنے کا امکان ہوتا۔ اس روز اور بھی جلدی اٹھ کر گھر کی صفائی بھی کرنا پڑتی تھی اور آج عفت کیسے اکھڑے ہوئے لہجے میں کہہ رہی تھی اُسے مثال کے کام سے کوئی مطلب نہیں۔

مثال دکھ سے اسے دیکھ کر رہ گئی۔ خیر یہ دکھ تو کوئی نئی بات نہیں تھی۔

"مما! آج میرا اکنامکس کا بہت اہم ٹیسٹ ہے۔" وہ عفت کے پیچھے کچن میں آتے ہوئے بولی۔

"تو اپنے باپ کو فون کرکے بتا دو۔" وہ سنک میں برتن پٹختے ہوئے مڑ کر اس کی طرف دیکھے بغیر بولی۔

"شام میں تمہیں دیکھنے کچھ لوگ آرہے ہیں۔ دیکھنے کیا سمجھو معاملہ طے ہوچکا ہے۔ شام کو صرف فارملیٹی ہوگی۔" وہ کچھ دیر بعد اسی بیگانے پن سے اسے اطلاع دیتے ہوئے بولی۔

"کون سا معاملہ؟" مثال کے سر کے اوپر سے عفت کی بات گزر گئی۔ عفت نے ہاتھ میں پکڑی پلیٹ زور سے سنک میں پٹخی۔

"اتنی معصوم نہیں ہو تم۔ تمہاری ماں یہاں تمہیں جس مقصد کے لیے ڈال گئی تھی۔ وہ پورا ہونے جارہا ہے۔ فون ملا کر بتا دو اپنی جادوگرنی ماں کو۔۔۔ خود نکل گئی جان چھڑا کر مصیبت ساری ہمارے گلے ڈال گئی۔ جیسے ہم تو خدانخواستہ بے اولاد ہیں نا ہماری اپنی کوئی ذمہ داری ہے ہی نہیں۔" عفت سخت غصے اور ملال میں تھی۔

مثال ساکت سی کھڑی اسے دیکھتی رہی۔

"اب جاؤ یہاں سے۔ کہیں جانا ہے تو جاؤ۔ یوں میرے سر پر سوار ہوکر کھڑی مت ہو۔ اپنے ہی گھر میں آزادی سے سانس لینا محال ہوگیا ہے ہمارا تو۔" وہ سخت نفرت سے بولی۔

اور مثال کا جی چاہا وہ یہیں کھڑے کھڑے زمین کے اندر چلی جائے۔ اس نے آنسو پی لیے۔

یوں بھی اب اسے آنسو پینے کی پریکٹس ہوچلی تھی۔ مرے مرے قدموں سے واپس مڑ گئی۔

"مہمان کون سے آنے والے ہیں اور معاملہ کون سا ہے صرف فارملیٹی ہوگی۔" وہ ڈائننگ ٹیبل کے پاس بیٹھ کر الجھی ہوئی خود ہی یہ گتھی سلجھانے لگی۔

"پاپا سے فون کرنے پوچھوں۔ وہ یہ بات مجھ سے خود بھی کہہ کر جاسکتے تھے کہ میں آج کالج نہیں جاؤں لیکن انہوں نے تو مجھ سے بات کرنا ہی ختم کر رکھا ہے۔ عجیب طرح سے وہ ناراض ہیں مجھ سے۔" وہ دل گرفتی سے سوچے جارہی تھی۔

"اور میرے پاس موبائل فون بھی نہیں ہے میں مما کو میسج کرتی کہ وہ مجھے فون کریں۔" وہ بے بسی سے سوچنے لگی۔

"لیکن نہیں۔ میں کیوں کہوں ان سے کہ وہ مجھے فون کریں۔ انہیں خود تو میرا خیال نہیں۔ جب پاس تھی تب



انہیں میری پروا نہیں تھی۔ اب تو میلوں کے فاصلے ہیں۔" وہ نم آنکھوں سے سوچتی چلی جارہی تھی۔

"تمہارے ابا نے گھر میں دس ملازم نہیں رکھے ہوئے جو یوں مزے سے ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھی ہو ملکہ پکھراج جی! اٹھ کر گھر کے کام کرو۔ پہلے ڈرائنگ روم دیکھ لو۔ اس کے پردے بدلنے ہیں اور کشنز کے کور بھی۔ ماسی آئی ہے تو اچھی طرح صفائی کراؤ پھر کچن میں آکر میرا ہاتھ بٹاؤ۔ اس عذاب میں ادھر جو میری جان کو چمٹے ہوئے ہیں۔"

عفت نے کچن کی کھڑکی سے اسے یوں بیٹھے دیکھ کر وہیں سے چلّانا شروع کردیا۔

مثال بوکھلا کر کتابیں میز پر چھوڑ کر جانے لگی پھر خیال آنے پر تیزی سے مڑ کر اس نے کتابیں اٹھائیں اور اپنے کمرے میں آگئی۔

"مہمان۔۔۔ کہیں وہ والے تو نہیں۔" کمرے میں آتے ہی اس کے ذہن میں جھماکا سا ہوا۔

وہ ٹھٹک کر رک گئی۔ معاملہ کچھ کچھ اس کی سمجھ میں آنے لگا تھا۔

"پاپا کے دوست ایسے کون سے ہیں جنہیں میں نہیں جانتی۔ کیا پاپا میری شادی کرنے والے ہیں۔ مگر اتنی جلدی۔۔۔ ابھی تو میرے بی ایس ہونے میں بھی دو سال ہیں۔" وہ پریشان سی سوچتی چلی گئی، پھر عفت کی اگلی آواز کا خیال آتے ہی تیزی سے یونیفارم بدلنے چلی گئی۔

☼ ☼ ☼

"تمہارے گھر۔" پری حیران نظروں سے سامنے کھڑی اپنائیت بھری نظروں سے دیکھتی وردہ سے بولی۔

"ہاں میرے گھر یار۔۔۔ اور تم نے بتایا ہے نا جو ایڈریس تو وہ ہمارے گھر سے زیادہ دور نہیں ہے۔ یہ ہمارے گھر کا ایڈریس ہے۔" وردہ نے اپنے گھر کا ایڈریس جو عاصمہ کی اکیڈمی کے وزٹنگ کارڈ پر تھا نکال کر پری کو دیا۔

پری ایڈریس پڑھنے لگی۔

وردہ ابھی بھی اسے بہت پیار بھری نظروں سے دیکھ رہی تھی۔

"ہاں۔۔۔ یہ تو بالکل قریب ہے۔ ہارڈلی دو مین اسٹریٹس کا فاصلہ ہے۔" وہ بھی سرہلا کر بولی۔

"آف کورس!" وردہ خوش ہو کر بولی۔

"تو یار! تم آجاؤ ناں ہمارے گھر۔" پری کچھ سوچ کر اسے دعوت دیتے ہوئے کہنے لگی۔

"پہلے تم آجاؤ۔ ایکچوئلی میں تمہیں اپنی مما سے ملوانا چاہتی ہوں۔ میں نے اپنی مما سے تمہاری اتنی تعریفیں کر رکھی ہیں۔ وہ تم سے مل کر بہت خوش ہوں گی۔" وردہ بچوں کی سی معصومیت سے خوش ہو کر کہہ رہی تھی۔

"تم نے بھلا میری ایسی کیا تعریفیں کریں۔ مجھ میں تو کوئی ایسی بات نہیں۔" وہ ادا سے بولی۔

"ارے یہ تو پورے کالج سے پوچھو۔ تمہاری یہ من موہنی صورت بیچاری لڑکیاں تمہیں دیکھ کر حسد اور رشک میں مبتلا ہوجاتی ہیں تو لڑکوں کا کیا حال ہوگا۔" وردہ اسے سراہتے ہوئے کہہ رہی تھی، وردہ کو لگا اس کے گال تمتمانے لگے ہیں۔

"شٹ اپ یار! اب ایسی بھی کوئی بات نہیں ہے۔" وہ کچھ جھینپ کر بولی۔

"بات تو ہے، یہ تو تم نہ کہو۔" وردہ مصر ہو کر بولی۔

"تم پھر تم آرہی ہو ناں میرے گھر۔ دیکھو یہاں تو تم میری مما کی اکیڈمی دیکھنے کے بہانے بھی آسکتی ہو۔" وہ



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

اسے اکساتے ہوئے بولی۔

"نہیں یار! پہلے میں اپنی مما سے پرمیشن لوں گی پھر تمہیں بتاؤں گی کہ پہلے میں آؤں گی تمہارے گھر یا تم۔" وہ ذرا سوچ کر بولی۔

"اوکے تو کب بتاؤ گی۔" وہ بے صبرے پن سے پوچھنے لگی۔

"صبر کرو یار! گھر پہنچوں گی تو پوچھوں گی نا۔" وردہ ہنس پڑی۔ دونوں باتیں کرتی ہوئی آگے نکل گئیں۔

وردہ باتوں کے دوران بھی متاثر ہو جانے والی نظروں سے پری کو دیکھتی رہی۔

☆ ☆ ☆

واثق بری طرح سے کام میں منہمک تھا' جب اس کے بیگ میں موجود سیل فون کی بپ بجنے لگی۔

اجنبی بپ سنتے ہوئے وہ لمحہ بھر کو چونکا۔

کچھ دیر سوچتا رہا۔ پھر اسے خیال آیا کہ اس کے بیگ میں تو مثال کا سیل پڑا ہے۔

اس نے تیزی سے فون بیگ سے نکالا' جو ابھی بھی بج رہا تھا۔

"بشریٰ ماما کالنگ" بلنک ـــــ کر رہا تھا۔ واثق متذبذب سا فون کو دیکھنے لگا۔

"نہیں مجھے کال نہیں لینی چاہیے۔ اس کی مما کا فون ہے۔ جانے وہ کیا سمجھیں۔ لیکن اس نے ماما کے ساتھ ان کا نام کیوں فیڈ کیا ہوا ہے۔" وہ کچھ الجھ کر بجتے فون کو دیکھے جا رہا تھا۔ ذرا دیر بعد فون بند ہو گیا۔

وہ پھر سے کام میں مگن ہو گیا۔ فون پر میسج ٹون بجی تو وہ چونکا بشریٰ کا میسج تھا۔

"مثال جانو! کیسی ہو۔ شاید تم کالج میں ہو۔ میری کال نہیں لے رہیں۔ تمہارے پاپا کا رویہ کیسا ہے تمہارے ساتھ اور ان کی بیوی کا۔ ان کے بچوں کا۔ میں تم سے اتنی دور تو ہو گئی ہوں لیکن ایک پل کو چین نہیں مثال! تم کو بہت یاد کرتی ہوں ـــ جانو آئی لو یو۔ اپنا بہت خیال رکھنا بہت زیادہ۔ میں تمہیں پھر فون کروں گی ـــ لو یو۔" لمبا چوڑا میسج واثق کے سامنے ایک نئی کہانی کھول گیا۔

"تو کیا مثال اپنے اصل والدین کے ساتھ نہیں رہ رہی۔ اس کی ماما۔ کسی دوسرے ملک میں ہیں اور یہ ـــ"

وہ کچھ دیر سوچتا رہا پھر سر جھٹک کر فون بیگ میں رکھ کر کام کرنے لگا۔

☆ ☆ ☆

"تم جا کر چینج کر لو۔ تمہارے پاپا آنے والے ہیں اور ان کے ساتھ مہمان بھی۔ یوں سر جھاڑ منہ پہاڑ نہ ان کے سامنے چلی آنا کہ وہ دیکھتے ہی انکار کر دیں فوراً۔" عفت جلے کٹے لہجے میں کمرے میں آ کر اس سے بولی۔

صبح سے کام کر کر کے اس کا سارا جسم دکھنے لگا تھا۔ سر میں بھی بہت درد تھا۔ وہ ذرا کمر کو آرام دینے کے لیے کمرے میں آ کر بیٹھی تھی کہ عفت آ کر اسے ہدایت دینے لگی۔

"کون سے مہمان مما؟" پری نے ماں کے پیچھے سے سر نکالتے ہوئے متجسس لہجے میں پوچھا۔

"تمہارے پاپا کے جاننے والے ہیں۔ تم بھی جا کر اپنا حلیہ درست کر لو پری!" عفت اسے تنقیدی نظروں سے دیکھتے ہوئے بولی۔

"میں ٹھیک تو ہوں۔" وہ اپنے سراپے پر نظر ڈال کر لاپروا انداز میں بولی۔

عفت نظروں میں پیار سمو کر اسے دیکھنے لگی۔

"پری تیار نہیں بھی ہو تو بھی اس مثال کے سامنے بہت خوب صورت ہے۔ ماشاء اللہ لاکھوں میں ایک ہے



میری بیٹی!" عفت یونہی پری کو پیار کر کے مسکرانے لگی۔

☆ ☆ ☆

مثال بے دلی سے تیار ہو کر خود کو آئینے میں دیکھنے لگی۔ وہ پیاری لگ رہی تھی مگر آنکھوں میں تھکن سی تھی۔

اس وقت اسے صرف آرام کرنے کی خواہش ہو رہی تھی۔ اسی وقت باہر گاڑی رکنے دروازے کھلنے اور بند ہونے کی آوازیں آنے لگیں۔ ذرا دیر میں گھر میں مہمانوں کے آنے کی آوازیں شور اور ہلچل سی ہونے لگی۔

"آجاؤ تمہیں پاپا بلا رہے ہیں۔" پری خوب صورت گلابی رنگ کے ریشمی سوٹ میں کسی دیس کی پری ہی تو لگ رہی تھی۔ لمحہ بھر کو مثال مبہوت سی اسے دیکھتی رہ گئی۔

"اچھی لگ رہی ہوں نا میں۔" مثال کی نظروں سے اس نے فوراً" اخذ کرتے ہوئے اترا کر پوچھا۔

مثال پیار سے مسکرا دی۔

"تھینک یو!" وہ خوش ہو کر گول گول گھوم گئی۔ اس کا پھولا پھولا سا فراک کچھ اور بھی پھول گیا۔

"لائیک اے پرنسس ناں۔" وہ شوخی سے بولی۔

مثال اثبات میں سر ہلا کر اس کے ساتھ باہر نکل گئی۔

پری فوراً" ہی اندر ڈرائنگ روم میں مہمانوں کے پاس چلی گئی۔ مثال کچھ جھجک کر وہیں رک گئی۔

"معلوم نہیں کون ہیں۔ کیسے لوگ ہیں اور پری کو دیکھ کر انہوں نے میرے بارے میں کیا اندازے لگا رکھے ہوں گے۔" خوامخواہ اس کی ہتھیلیاں پسینے میں بھیگنے لگیں۔

"اور وہ واثق ـــ" بے اختیار اس کے دل نے ایک دھڑکن مس کی۔ وہ کچھ ششدر سی کھڑی رہ گئی۔ اس موقع پر اس کے یاد آنے کا کیا مطلب تھا۔ وہ گم صم سی کھڑی تھی۔ جب بالکل اس کے ہاتھ کے پاس پڑا لینڈ لائن گنگنا اٹھا۔

اس نے گھبرا کر پہلی گھنٹی کے بعد فون اٹھا لیا۔

"ہیلو۔" بہت مدھم آواز میں وہ بولی تھی۔

"تھینک گاڈ مثال! فون تم نے اٹھایا۔ میں ابھی کچھ دیر میں اپنی مما کے ساتھ تمہارے گھر آ رہا ہوں۔ پلیز تم اپنے پیرنٹس کو بتا دینا کسی فارملیٹی کی ضرورت نہیں۔ ہم بس یونہی ملنے آ رہے ہیں۔ مما تمہارے لیے میرا پرپوزل دیں گی۔ تمہیں کوئی اعتراض تو نہیں ناں؟" وہ شوخی سے پوچھ رہا تھا۔

"واثق!" اس کی آواز بے اختیار کانپی تھی۔

"اوکے بائے۔ ہم کچھ دیر میں روبرو ملتے ہیں اور ہاں تمہارا فون بھی میں ساتھ لیتا آؤں گا یار! اپنے گھر میں تھوڑا میرا سوفٹ امیج بنا دینا تاکہ میری مما کا کام آسان ہو جائے ـــ اوکے بائے۔" کہہ کر اس نے فون بند کر دیا۔

مثال پریشان سی کھڑی رہ گئی۔

"مجھے ری ڈائل کر کے اس وقت یہاں آنے سے منع کرنا چاہیے۔ اگر وہ اس طرح اپنی والدہ کو لے کر آ گیا اور پاپا نے کچھ اور سمجھ لیا تو بہت مشکل ہو جائے گا۔" وہ جلدی سے نمبر ری ڈائل کرنے لگی۔

"کتنے لوگوں کو بھجوانا پڑے گا تمہیں بلانے کے لیے۔ مہمان تم سے ملنا چاہتے ہیں۔ آجاؤ اب۔" عفت بے زاری سے اس کے سر پر آ کر بولی تو اس نے جلدی سے فون بند کر دیا۔

(باقی آئندہ ماہ ان شاء اللہ)



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

سلمیٰ فقیر حسین

# دل کے فیصلے

وہ یقین کرو رابیل! وہ بہت اچھی ہے۔ اتنی پیاری کہ اسے پہلی نظر میں دیکھ کر ہی میرے دل میں یہ خواہش ابھری تھی کہ کاش وہ میرا نصیب ہو۔ تم جانتی ہو نا کہ مجھے ملائیشیا جانا کبھی بھی پسند نہیں رہا۔ مگر جب سے میں نے سانعل کو ملائیشیا میں دیکھا ہے۔ میرا دل چاہتا ہے میں کبھی وہاں سے واپس نہ آؤں۔ بس تم ماموں کو انکار کر دو کہ ہم شادی نہیں کریں گے۔ پہلے مجھے تم سے شادی کرنے پر کوئی اعتراض نہیں تھا۔ مگر اب جب کہ میں کسی سے محبت کرنے لگا ہوں۔ میں تم سے شادی کیسے کر سکتا ہوں۔ مجھے پتا ہے تم بھی اپنے باپ کے ٹکڑوں پر پل کر جوان ہونے والے شخص سے شادی نہیں کرنا چاہو گی۔"

ہمیشہ کی طرح اپنے دل کا حال مجھ سے شیئر کر رہا تھا۔ وہ پچھلے دو ماہ سے ڈیڈ کے کہنے پر آفس کے کسی کام سے ملائیشیا گیا ہوا تھا۔ اسے ملائیشیا جانا کبھی بھی اچھا نہیں لگتا تھا۔ مگر ڈیڈ کے کسی حکم پر انکار کرنا اس نے کہاں سیکھا تھا۔ مجھے یقین تھا کہ وہ چند دنوں میں ہمیشہ کی طرح کام نمٹا کر واپس آجائے گا۔ مگر اس بار میرا اندازہ غلط ثابت ہوا تھا۔ وہ دو ماہ بعد بھی آنے کا نام نہیں لے رہا تھا۔

میرے واپس آنے کے اصرار اور ڈیڈ کی طبیعت کی خرابی کا سن کر وہ واپس آگیا اور اب اس کی واپسی میں دیر کی وجہ بھی میرے علم میں آگئی۔ میرا دل جیسے ڈوبنے لگا تھا۔ وہ دس برس کا تھا' جب پھوپھو بیوہ ہو کر ہمارے گھر آئی تھیں۔ ڈیڈی نے حذیفہ کو پھوپھو کی مرضی سے ہمارے پاس رکھ کر ان کی شادی کر دی تھی۔ ڈیڈی نے ہمیشہ اسے اپنا بیٹا سمجھا تھا اس کو میری طرح بہتر تعلیمی اداروں میں پڑھایا تھا اور وہ اس کی ہر خواہش پوری کرتے تھے۔ بے شک حذیفہ بہت کم فرمائش کرتا تھا۔ میں نے ہمیشہ اسے ایک اچھے دوست ایک غمگسار ساتھی کی طرح — ہمیشہ اپنے پاس پایا تھا۔ میرے جیسی مغرور اور اپنی منوانے والی لڑکی کب کسی کمزور لمحے کی زد میں آکر اس سے محبت کرنے لگی' پتا ہی نہیں چلا۔

اور جب ڈیڈی نے میری اور حذیفہ کی شادی کا اعلان اچانک حذیفہ کی برتھ ڈے پر کیا تو بے ساختہ مجھے اپنی خوش بختی کا یقین ہو گیا تھا۔ جس شخص کو ایک دن دیکھے بغیر میرا سارا دن بے چین و بے مزا گزرتا ہے۔ وہ ہمیشہ کے لیے میرا ہو رہا ہے۔ اس سے بڑھ کر خوشگوار احساس میرے لیے اور کیا ہوتا تھا۔ مگر اب وہ مجھ سے کہہ رہا تھا کہ میں اس سے شادی سے انکار کر دوں۔ میرا دل چاہا میں اسے بتا دوں کہ میں اس سے کتنی محبت کرتی ہوں۔ اور جسے خود سے بڑھ کر چاہا جائے اس کے لیے انکار کیسے کیا جا سکتا ہے۔ مگر اس کی باتوں' اس کے چہرے پر جھلکتے محبت کے جگنوؤں نے مجھے گنگ سا کر دیا تھا۔ کتنے ہی پل میں کچھ بول نہیں پائی تھی۔ پھر بولی تو میرے لہجے میں صدیوں کی تھکن اتر آئی تھی۔

"کیا وہ مجھ سے بھی زیادہ خوب صورت ہے؟" مجھے اس کے شادی سے انکار کی یہی وجہ سمجھ میں آئی تھی۔ کیونکہ میں جانتی تھی کہ وہ میری طرح حسن پرست ہے۔ خوب صورتی کا شیدائی ہے۔ مجھے یقین تھا کہ وہ مجھ سے بڑھ کر خوب صورت نہیں ہو سکتی اور یہ یقین مجھے میری طرف اٹھنے والی ستائشی نظروں اور تعریفی جملوں نے دیا تھا۔

"پتا نہیں وہ تم سے زیادہ خوب صورت ہے یا کم۔ مگر مجھے وہ ساری دنیا سے زیادہ اچھی اور خوب صورت لگتی ہے۔ اتنی کہ جب میں اس کے پاس ہوتا ہوں تو مجھے وقت گزرنے کا احساس تک نہیں ہوتا اور جب وہ ہنستی ہے تو میں بھی یونہی بے وجہ ہنس دیتا ہوں اور جب وہ اپنے بیمار باپ کی دوائی خریدنے کے لیے پریشان ہوتی ہے تو — میرا دل چاہتا ہے میں اپنا آپ بیچ دوں۔ میں اسے پریشان نہیں دیکھ سکتا۔ مگر وہ میرا احسان نہیں لینا چاہتی۔ بہت خوددار ہے۔ بچوں کے کھلونوں کا اسٹال لگاتی ہے وہ۔ جانتی ہو۔ جب وہ مجھ سے پیسے نہیں لیتی تو میں کیا کرتا تھا۔"

وہ بولتے ہوئے ایک لمحے کے لیے رکا۔ اس کے ہونٹوں پر بڑی خوب صورت مسکراہٹ ٹھہر گئی۔

"تب میں وہاں کے مقامی لوگوں کے ذریعے اس کے چھتری والے اسٹال سے تمام کھلونے خرید لیتا تھا۔ تاکہ اس کی پریشانی حل ہو جائے اور اسے پتا بھی نہ چلے' جب وہ شام کو گھر واپس جاتے ہوئے مجھے بتاتی تھی کہ حذیفہ آج میرا پورا اسٹال بک گیا۔ منافع بھی پہلے سے زیادہ ہوا۔ میں بہت خوش ہوں۔ اس لمحے میں سانس تک لینا بھول جاتا تھا۔ وہ مجھے اس قدر پیاری لگتی تھی کہ میرا دل بے ساختہ اسے بانہوں میں بھر لینے کو چاہتا تھا۔ اپنا نام اس کے ہونٹوں پر بہت اچھا لگتا ہے مجھے..... حذیفہ۔"

اس نے اپنے نام کو دہرایا تھا۔ یوں جیسے وہ اس لڑکی کو تصور میں لا کر اس کے انداز میں اپنا نام لے رہا ہو۔ وہ پاکستان واپس آکر بھی یہاں نہیں تھا۔ اس کا دل ابھی بھی ملائیشیا میں ہی تھا۔ میں ابھی بھی خاموش تھی۔ ساکت کسی بے جان مجسمے کی طرح بے حرکت۔ ان ہی ساکت آنکھوں سے میں اس کے لہجے میں اس لڑکی کے لیے محبت ہی محبت دیکھ رہی تھی۔ وہ محبت جو اس کی آنکھوں میں' میں اپنے لیے دیکھنا چاہتی تھی آج۔ کس قدر تکلیف دہ احساس تھا۔ جو لمحے میں میری رگ و جاں میں اتر گیا تھا۔


پھر وہ مما کے ساتھ باتوں میں مصروف ہو گیا اور میں خاموشی سے اپنے کمرے میں آگئی تھی۔

"تمہاری لائٹ براؤن آنکھیں' رس بھرے ہونٹ' صراحی دار گردن اور شہد جیسی رنگت اور سب سے بڑھ کر تمہارے گھٹنوں تک آتے کالی گھٹاؤں جیسے بال — رابیل تمہاری ہر چیز تمہیں خاص اور منفرد بناتی ہے۔"

"ایسا مکمل اور سحر زدہ کر دینے والا حسن میں نے آج تک نہیں دیکھا۔ کسی اسکرین پر بھی نہیں۔"

"رابیل! تم بہت حسین ہو۔"

میرے دوستوں' یونیورسٹی فیلوز کے بہت سے ستائشی مغرور کر دینے والے جملے میرے کانوں میں گونجنے لگے۔ میں جو آئینے میں ابھرتے اپنے خوب صورت سراپے کو بغور دیکھ رہی تھی۔ دونوں ہاتھوں





WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

میں چہرہ چھپا کر رو دی تھی۔

"جھوٹ بولتے ہو تم سب۔ اگر میں اتنی ہی منفرد اور خوب صورت ہوتی تو حذیفہ کبھی مجھے ریجیکٹ نہ کرتا۔ کبھی میرے سامنے کسی دوسری لڑکی کی تعریف میں زمین و آسمان کے قلابے نہ ملاتا۔ مجھے ایسی خوب صورتی نہیں چاہیے۔ جو حذیفہ کو میرے قریب نہ کر سکے۔"

میں رو رہی تھی بلک بلک کر۔ اس وقت میری حالت کسی قابل رحم فقیر سے بھی بدتر ہو رہی تھی۔ میں، جس نے بچپن سے ہی ہمیشہ دوسروں کو خود پر رشک کرتے ہوئے دیکھا تھا۔ لوگوں کی رشک آمیز نظروں اور تعریفی جملوں نے ہی تو مجھے خود پسند اور مغرور بنا دیا تھا۔ اتنا مغرور کہ حنان صدیقی کے اظہار محبت پر میں اس کی تذلیل کر کے رکھ دیتی تھی۔ مگر وہ بھی ایک نمبر کا ڈھیٹ تھا۔ میرے بارہا دھتکارنے کے باوجود وہ ہر روز میرے سامنے آجاتا تھا۔ آج صبح بھی وہ یونیورسٹی میں مجھے اپنی مخصوص جگہ برگد کے درخت سے ٹیک لگائے کھڑا نظر آیا تھا۔ مجھے پتا تھا وہ میرا ہی انتظار کر رہا ہے۔ میں اس پر ایک کڑی نظر ڈال کر آگے بڑھ جانا چاہتی تھی۔ مگر وہ میرے عین سامنے آکھڑا ہوا۔ ہمیشہ کی طرح ہنستا مسکراتا ہوا۔

"آوارہ لڑکوں کی طرح میرا پیچھا کرنا چھوڑ دو اور جتنی جلدی ممکن ہو سکے یہ حقیقت جان لو کہ رابیل تمہاری قسمت میں نہیں ہے۔ مجھے میری قسمت کا ستارہ مل گیا ہے۔"

میں نے اچھے خاصے کڑے تیوروں سے اسے دیکھتے ہوئے جتایا تھا۔ تب مجھے یہ نہیں پتا تھا کہ میں جسے اپنی قسمت کا ستارہ سمجھ رہی تھی۔ وہ کسی اور آسماں کا تھا۔ تب وہ میری بات کا ہمیشہ کی طرح برا مانے بغیر بولا تھا۔

"کیسے مان لوں رابیل آفندی! کہ تم میری قسمت میں نہیں ہو حالانکہ جب بھی میں نے اپنے دونوں ہاتھوں کی لکیروں کو ملایا ہے۔ ہمیشہ تمہارا ہی عکس ابھرا ہے۔ تمہیں پانے کے لیے مانگی ہوئی میری دعائیں رائیگاں نہیں جائیں گی۔"

اور میں اس کی ڈھٹائی پر حیران ہوتے ہوئے چلی آئی۔ بظاہر تو اس میں کوئی برائی نہیں تھی۔ وہ ایک اچھی فیملی سے تعلق رکھتا تھا۔ انجینئرنگ کر رہا تھا۔ اچھی شکل و عادات کا مالک انسان تھا۔ جس پر پوری یونیورسٹی کی لڑکیاں نہیں تو آدھی تو ضرور فدا ہوتی تھیں... مگر اس کی آنکھوں میں اپنے لیے محبت دیکھ کر میں چڑ سی جاتی تھی۔ کیونکہ یہ محبت میں حذیفہ کی آنکھوں میں دیکھنا چاہتی تھی... اپنی مرضی کے خلاف کام مجھے یونہی چڑچڑا کر دیتے تھے۔ اور حنان صدیقی کی محبت بھی میری مرضی کے خلاف تھی۔

✡ ✡ ✡

وہ ایک بار پھر میرے سامنے کھڑا تھا۔ میں اس سوال سے بچنے کے لیے کتنے دنوں سے اس سے کترا کر گزر جاتی تھی۔ اس کو بات کرنے کا موقع نہیں دے رہی تھی۔ مگر آج اس نے مجھے گھیر ہی لیا تھا اور وہی بچھو جیسا سوال مجھے ڈنک مار گیا تھا۔

"تم ماموں کو انکار نہیں کر سکتیں، کوئی بات نہیں، میں تمہیں مجبور نہیں کروں گا۔" اس نے میری خاموشی کو میری جھجک سمجھا تھا۔

"تم ڈیڈی سے خود بات کرو گے؟" میں بے ساختہ بول اٹھی میں جاننا چاہتی تھی کہ وہ آگے کیا کرنا چاہتا ہے۔ دل میں امید تھی کہ ہو سکتا ہے اس کے دل میں میرے لیے ذرا سی گنجائش ہو۔ اس لمحے مجھے اپنا آپ حنان صدیقی کی طرح ڈھیٹ لگا تھا۔ محبت کے سامنے جھکا ہوا اور کسی بھی بات کا برا نہ ماننے کا عزم لیے ہوئے۔

"میرے اوپر ماموں کے احسانوں کا اتنا بوجھ ہے رابیل! کہ میں ان سے کوئی فرمائش تو کر سکتا ہوں۔ مگر ان کے کسی طے کردہ فیصلے پر انکار نہیں کر سکتا۔ ہم دونوں کی شادی کا فیصلہ بھی وہ عرصہ ہوا طے کر چکے ہیں۔ تم سے انکار کے لیے اس لیے کہا تھا کہ وہ تمہاری کوئی بات نہیں ٹالتے۔ مجھے لگا تھا کہ تم بھی بس ماموں



جان کے کہنے پر ہی راضی ہوئی ہو۔ مگر تم نہ جانے کیوں خاموش ہو۔ تمہیں ہمیشہ وہ ملا ہے رابیل! جو تم نے چاہا ہے اور مجھے ہمیشہ وہ ملا، جو ماموں نے چاہا ہے۔ جس میں ان کی خوشی ہے۔ پہلی بار دل نے اپنی کوئی خوشی پوری کرنے کی ضد کی ہے۔ مگر اتنا بدنصیب ہوں کہ وہ بھی پوری نہیں کر سکتا۔ میں ماموں کو انکار نہیں کر سکتا۔"

میں جانتی تھی کہ وہ مجھے اچھی دوست سمجھتا ہے۔ مگر پچھلے کچھ عرصے سے میں سمجھنے لگی تھی کہ اس سے میری کوئی بات چھپی ہوئی نہیں رہی۔ وہ سمجھ جائے گا کہ میں، جس کو ناز نخرے اٹھوانے کی عادت ہے۔ کیوں اس کی پسند ناپسند کے پیچھے ہلکان ہونے لگی ہے۔ مگر آج میری ساری خوش فہمیاں ہوا ہو گئی تھیں۔ میں اس پر کوئی الزام بھی نہیں رکھ سکتی تھی۔ اس نے تو کبھی بھی مجھ سے کوئی وعدہ نہیں کیا تھا۔ کبھی مجھے سراہا نہیں تھا۔ میری تعریف نہیں کی تھی بلکہ ہمیشہ میں نے اس کی تعریف کی تھی۔ اس کی ذہانت کی، اس کی سیاہ آنکھوں کی، اور اس کی شاندار پرسنالٹی کی۔ محبت تو میں نے اس سے کی تھی۔ اس نے نہیں۔

مجھے پتا تھا۔ وہ ہمیشہ مجھے خوش رکھنے کی کوشش کرے گا۔ اس لیے نہیں کہ میں اس کی بیوی بن جاؤں گی بلکہ اس لیے کہ اس طرح ڈیڈی کے احسانوں کا بوجھ کچھ کم ہو جائے۔ مگر اس سب میں وہ خود کتنا ناخوش ہو جائے گا اور اسے اداس دیکھ کر رابیل آفندی دن میں نہ جانے کتنی بار مرتی۔ مگر محبت میں قربانی تو دینا پڑتی ہے۔ تب ہی وہ فیصلہ جو پچھلے دس دن میں نہیں ہو رہا تھا۔ وہ دس سیکنڈ میں ہو گیا تھا۔

میں نے اسے اپنی محبت اپنے نام سے جدا ہونے کی نوید دی۔ اور وہ خوشی سے بے قابو ہوتے ہوئے بے اختیار مجھ سے لپٹ گیا تھا۔

"سچ رابیل! تم بہت اچھی، بہت پیاری ہو۔ مجھے یقین تھا تم میرا ساتھ ضرور دو گی۔ آخر دوست دوست کے کام نہیں آئے گا تو اور کون آئے گا۔"

وہ مجھے کندھوں سے تھامے خوشی سے کھلکھلاتے ہوئے صرف دوست بول رہا تھا اور مجھ میں اتنی ہمت بھی نہیں تھی۔ اپنی بے بس کھوئی سی آنکھوں کو اس کے چہرے کا طواف کرنے سے باز رکھ سکوں جو اس کے چہرے کی سچی خوشی میں کھو سی گئی تھیں۔

✡ ✡ ✡

میں نے حذیفہ سے شادی کرنے سے انکار کر دیا تھا۔ جس پر ڈیڈی مجھ پر خوب غصہ ہوئے تھے۔ مجھے نافرمان اور نہ جانے کیا کچھ کہہ ڈالا تھا۔ مگر میں خاموش کھڑی رہی تھی۔ مما نے بھی مجھے سمجھانے کی کوشش کی۔ مگر میرا فیصلہ نہیں بدلا۔ تب میرا اٹل انداز دیکھ کر انہوں نے مجھ سے کہا۔

"ٹھیک ہے۔ مجھے تمہارا فیصلہ منظور ہے۔ مگر اس شخص کو کہو جلدی رشتہ لے کر آئے۔ جس کو تم پسند کرتی ہو۔ تمہاری شادی کے بعد ہی میں حذیفہ کی شادی کروں گا۔ میں تمہاری نافرمانی کا سایہ بھی حذیفہ کی بیوی پر نہیں پڑنے دوں گا۔"

وہ غصے سے دو ٹوک اور سخت انداز میں اپنا فیصلہ سنا گئے تھے۔ آج بھی میری مان لی گئی تھی۔ مگر جس شرط پر میری بات مانی گئی تھی۔ میں بے حد پریشان ہو گئی تھی۔ میں نے دل ہی دل میں فیصلہ کر لیا تھا کہ اگر حذیفہ نہیں تو پھر کوئی نہیں۔ مگر اس بار ڈیڈی کے لہجے کی سختی اور ناراضی نے مجھے باور کروا دیا تھا کہ مجھے ان کی شرط پوری کرنی ہی پڑے گی۔ اپنے لیے نہیں تو حذیفہ کی خوشی کے لیے... تب ہی میرے ذہن میں حنان صدیقی کا نام ابھرا تھا اور میں نے بے ساختہ لب بھینچ لیے تھے۔

✡ ✡ ✡

"حنان! اگر تم مجھ سے شادی کرنا چاہتے ہو تو اپنے پیرنٹس کو میرے گھر بھیج دو۔"

اس دن وہ لائبریری کی سیڑھیوں پہ اپنے دوستوں کے ساتھ بیٹھا کچھ ڈسکس کر رہا تھا۔ جب پاس سے



www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

گزرتے ہوئے میں نے اسے ایک منٹ آنے کا کہا تھا' اور وہ میرے بلانے پر حیران سا شادی مرگ والی کیفیت لیے چلا آیا تھا' جب میں نے رشتہ لانے والی بات کی تھی تو وہ پہلے سے بھی کہیں زیادہ حیران اور خوش ہوا تھا۔

"سچ رابیل! یہ سب تم کہہ رہی ہو۔ یقین نہیں آ رہا۔" وہ خوشی کے بے تحاشا احساس میں گھرا پوچھ رہا تھا۔ "اور وہ تمہاری قسمت کا ستارہ کہاں گیا؟" آخر میں اس نے شرارت سے مسکرا کر پوچھا۔ میں نے جھٹکے سے سر اٹھا کر اسے دیکھا۔ شاید وہ مجھ پر ہنس رہا ہو۔ طنز کر رہا ہو۔ مگر اس کا انداز بہت سادہ سا تھا' سچی محبت اور خوشی لیے ہوئے۔ میں نے ایک لمبی سی سانس لی۔

"میری قسمت کا ستارہ ٹوٹ کر کسی اور کی جھولی میں جا گرا ہے اور تمہاری قسمت کا ستارہ خود چل کر تمہارے پاس آیا ہے۔ چاہو تو اسے تھام لو اور چاہو تو....."

میں نے پھیکے پن سے کہتے ہوئے بات ادھوری چھوڑ دی تھی کہ اتنی ہی ہمت تھی مجھ میں کہ جس شخص کی ہمیشہ میں نے تذلیل کی تھی۔ آج خود اس کے پاس آئی تھی۔ اس لمحے مجھے لگا۔ محبت میں بہت خواریاں ہیں۔ عورت کو محبت نہیں کرنی چاہیے۔ عورت کو ہمیشہ معشوق ہونا چاہیے۔ عاشق نہیں۔

"میرے بابا کہتے ہیں رابیل! انسان کو ہمیشہ وہی ملتا ہے۔ جو اس کی قسمت میں ہو۔ مجھے یقین تھا۔ تم میری قسمت میں ہو۔"

☼ ☼ ☼

میرے ایگزام کے چند روز بعد میری شادی حنان سے ہو گئی تھی۔ حذیفہ نے ہر رسم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا تھا۔ وہ بہت خوش تھا میں بھی خوش ہونے کی کوشش کرتی رہی۔

دلہن بنے اپنے پریوں سے روپ کو آئینے میں دیکھتے ہوئے بے ساختہ میرے دل میں سانمل کو دیکھنے کی خواہش ابھری تھی۔ میں دیکھنا چاہتی تھی کہ اس میں ایسا کیا ہے۔ جو حذیفہ کو مجھ میں نظر نہیں آیا۔ میں اس حسن کی دیوی کو دیکھنا چاہتی تھی۔ جس پر میرا حذیفہ مر مٹا تھا۔

حنان صدیقی کو رابیل کیا ملی تھی۔ اسے جیسے جنت مل گئی تھی۔ اس کی وارفتگیاں ہی کم نہیں ہو رہی تھیں۔ وہ میری سوچ سے بھی بڑھ کر مجھ سے محبت کرتا تھا۔

"وہ بہت اچھا ہے۔" اس کی محبتوں کے اعتراف میں میرے دل نے گواہی دی تھی۔

حذیفہ نے ملائیشیا میں ہی رہائش اختیار کر لی تھی۔ وہ اکثر مجھ سے فون پر بات کرتا تھا۔ فون کال دس منٹ کی ہو یا ایک گھنٹے کی۔ اس میں سانمل کا ذکر ہی ہوتا تھا۔ اس کی باتیں ہوتی تھی۔ "آج سانمل کی برتھ ڈے تھی۔ آج اس نے پرپل کلر کا سوٹ پہنا تھا۔ رابیل! تم جلدی ملائیشیا آنے کی کوشش کرنا۔ وہ تم سے ملنا چاہتی ہے۔ میں اس سے تمہارا بہت ذکر کرتا ہوں۔"

وہ بولتا رہتا اور میں اس کی خوشی کی خاطر بہت توجہ سے اس کا ذکر سنتی' ورنہ سانمل کے متعلق بات کرنا ہمیشہ مجھے تکلیف دیتا تھا۔

☼ ☼ ☼

آج بھی اس کا فون آیا تھا۔ جس میں بے پناہ خوشی سے لرزتی آواز میں اس نے مجھے بتایا تھا کہ وہ اور سانمل شادی کر رہے ہیں اور یہ کہ وہ اپنے بیمار باپ کے ساتھ پاکستان نہیں آ سکتی۔ اس لیے تم سب یہیں پر آجاؤ۔"

میں نے جلد ملائیشیا آنے کی یقین دہانی کروا کر فون بند کر دیا تھا۔ مگر مجھے اپنے دوست اپنے غمگسار کی شادی میں شریک نہیں ہونا تھا کہ اسے کسی اور کے لیے دولہا بنا دیکھنا کس قدر تکلیف دہ احساس تھا۔ یہ مجھے ___ ابھی ابھی پتا چلا تھا۔ اور پھر حنان اور ممی ڈیڈی کے بارہا کہنے کے باوجود میں نہیں گئی تھی۔ بلکہ حنان کو بھی نہیں جانے دیا تھا۔ مجھے پتا تھا کہ وہ واپس آ کر حذیفہ کی دلہن کے بارے میں مجھے ایک ایک بات



بتائے گا اور میں سانمل کے متعلق کچھ بھی سننا نہیں چاہتی تھی۔ بلکہ اسے خود اپنی آنکھوں سے دیکھنا چاہتی تھی۔ مگر حذیفہ کی دلہن بنے نہیں۔

میرے ملائیشیا نہ آنے پر حذیفہ خوب غصہ ہوا تھا اور میں خاموشی سے سنتی رہی تھی کہ ناراض ہونا اس کا حق ہے۔

☼ ☼ ☼

شادی کے بعد حذیفہ ملائیشیا میں ہی سیٹل ہو گیا تھا اور آج دو سال بعد میں حنان کے ساتھ ملائیشیا جا رہی تھی۔

سانمل کو دیکھنے کیونکہ اس کے حسن کو دیکھنے کی خواہش آج بھی میرے اندر روز اول کی طرح شدید تھی۔ بلکہ پہلے سے بھی زیادہ' اتنی کہ حنان کی بے پناہ چاہتوں کے جواب میں خوش ہونے کے بجائے میں اداس رہنے لگی تھی کہ اگر میں اتنی خوب صورت اور چاہے جانے کے قابل ہوں۔ پھر بھی حذیفہ مجھے چھوڑ کر دوسری طرف گیا ہے تو کچھ تو اس میں مجھ سے بڑھ کر ہو گا نا۔ تب ہی آج سانمل کے حسن کو دیکھنے رابیل آفندی اس کے دروازے پر کھڑی تھی۔

میں نے ایک نظر اپنے ہاتھ میں موجود کارڈ پر لکھے ایڈریس پر ڈالی اور دوسری نظر اپنے سامنے موجود خوب صورت اسٹائلش سے فلیٹ کو دیکھا اور بیل پر ہاتھ رکھ دیا۔ اگلے ہی لمحے دروازہ کھل گیا تھا اور دروازہ کھولنے والی کو دیکھ کر میں نے حیرانی کے عالم میں اپنے برابر کھڑے حنان کو دیکھا۔

"جی! کس سے ملنا ہے آپ کو؟" میں نے انگریزی میں بات کرتی اس سیاہ فام لڑکی کو دیکھا۔ موٹے موٹے سیاہ ہونٹ' درمیانی آنکھیں۔ چھوٹی سی ناک۔ میکسی اور اسکارف میں ملبوس یہ لڑکی پہلی ہی نظر میں مجھے بہت بدصورت لگی تھی۔

"بات کرو۔" حنان نے مجھے یوں خاموش دیکھ کر ٹھوکا دیا تھا۔ اس سیاہ فام لڑکی کے چہرے پر بھی تشویش سی تھی۔

"میں رابیل ہوں۔ حذیفہ کی کزن اور یہ میرے ہزبینڈ ہیں حنان صدیقی اور تم؟" میں نے اپنا تعارف کروایا۔

"آپ رابیل ہیں؟" وہ خوشگوار حیرت سے مجھے دیکھنے لگی۔

مجھے حیرت ہوئی۔

"ہاں! حذیفہ بہت ذکر کرتا ہے آپ کا ___ آپ آیئے وہ آتے ہی ہوں گے" وہ کہتے ہوئے ایک طرف ہو گئی۔ میں حیران سی اندر داخل ہو گئی۔

"سانمل یار کہاں ہو۔ کتنی بار کہا ہے آفس سے آتے ہی مجھے نظر آیا کرو تم۔ تمہیں دیکھ کر مجھے یقین آجاتا ہے کہ میں اپنے جنت میں آگیا ہوں اور تم میری جنت کی حور ہو۔"

حذیفہ کی آواز پر دل کی دنیا اتھل پتھل ہو گئی تھی۔ تب ہی وہ سیاہ فام لڑکی تیزی سے کچن سے نکل کر دروازے کی سمت بڑھی۔ اور حذیفہ نے اسے اپنی بانہوں کے حصار میں لے لیا۔ میں اس سیاہ فام لڑکی کے سانمل ہونے پر ششدر بے یقین نظروں سے حذیفہ کی بانہوں کے گھیرے میں اس سیاہ فام لڑکی کو دیکھ رہی تھی۔ جسے میں اب تک حذیفہ کی میڈ

"ارے! رابیل تم!"

وہ ہم پر نظر پڑتے ہی سانمل کو چھوڑ کر ہماری طرف بڑھا۔ اور حنان سے گلے ملتے ہوئے وہ مسلسل مجھ سے مخاطب رہا تھا۔ مگر میں تو جیسے کچھ سن ہی نہیں رہی تھی۔ بس خالی اور ویران سی نظروں سے اسے دیکھ رہی تھی۔

"کیا ہوا۔ ایسے کیوں دیکھ رہی ہو؟" وہ سامنے والے صوفے پر بیٹھا مسکراتے ہوئے مجھے دیکھ رہا تھا۔ وہ واقعی مجھے اپنے گھر میں دیکھ کر بہت خوش ہوا تھا۔ ہم نے سرپرائز کے چکر میں اسے بتایا نہیں تھا۔

"یہ سانمل ہے۔ تمہاری بیوی؟" میں نے دیگر لوازمات سامنے ٹیبل پر رکھتی اس سیاہ فام لڑکی کی طرف آنکھوں سے اشارہ کیا۔ دل میں ابھی بھی یہ امید



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

# پاک سوسائٹی ڈاٹ کام کی پیشکش

## یہ شمارہ پاک سوسائٹی ڈاٹ کام نے پیش کیا ہے

## ہم خاص کیوں ہیں:۔

- ہائی کوالٹی پی ڈی ایف فائلز
- ہر ای بک آن لائن پڑھنے کی سہولت
- ماہانہ ڈائجسٹ کی تین مختلف سائزوں میں اپلوڈنگ
  سپریم کوالٹی، نارمل کوالٹی، کمپریسڈ کوالٹی
- عمران سیریز از مظہر کلیم اور ابن صفی کی مکمل رینج
- ایڈ فری لنکس، لنکس کو پیسے کمانے کے لئے شرنک نہیں کیا جاتا
- ہر ای بک کا ڈائریکٹ اور رزیوم ایبل لنک
- ڈاؤنلوڈنگ سے پہلے ای بک کا پرنٹ پریویو ہر پوسٹ کے ساتھ
- پہلے سے موجود مواد کی چیکنگ اور اچھے پرنٹ کے ساتھ تبدیلی
- مشہور مصنفین کی کُتب کی مکمل رینج
- ہر کتاب کا الگ سیکشن
- ویب سائٹ کی آسان براؤسنگ
- سائٹ پر کوئی بھی لنک ڈیڈ نہیں

We Are Anti Waiting WebSite

واحد ویب سائٹ جہاں ہر کتاب ٹورنٹ سے بھی ڈاؤنلوڈ کی جاسکتی ہے

ڈاؤنلوڈنگ کے بعد پوسٹ پر تبصرہ ضرور کریں

ڈاؤنلوڈنگ کے لئے کہیں اور جانے کی ضرورت نہیں ہماری سائٹ پر آئیں اور ایک کلک سے کتاب ڈاؤنلوڈ کریں

اپنے دوست احباب کو ویب سائٹ کا لنک دیکر متعارف کرائیں

WWW.PAKSOCIETY.COM

Online Library For Pakistan

Like us on Facebook fb.com/paksociety

twitter.com/paksociety1

تھی کہ وہ کہہ دے کہ یہ میری بیوی نہیں ہے۔ مگر اس کے جواب پر بے ساختہ میرے لب بھنچ گئے تھے۔ جب اس نے محبت سے اس سیاہ فام لڑکی کا ہاتھ پکڑ کر اپنے قریب بٹھاتے ہوئے کہا تھا۔

"یہی سانمل ہے۔ میری محبت' میری بیوی۔"

"کاش! حذیفہ تم نے مجھے کسی میرے برابر کی لڑکی کی وجہ سے ٹھکرایا ہوتا تو اتنی تکلیف نہ ہوتی۔"

مزید وہاں رکنا میرے لیے مشکل ہو گیا تھا مگر مجبوراً" کھانے تک مجھے رکنا تھا۔ میں نے دل ہی دل میں اس بات پر شکر کیا تھا کہ حنان نے ہوٹل میں بکنگ کروالی تھی۔ حذیفہ کو ایک بدصورت لڑکی کا دم بھرتا دیکھ کر مجھے اپنے آپ سے نفرت ہونے لگے۔

"تمہیں سانمل اچھی نہیں لگی؟" میں کھانے کے بعد واش روم میں ہاتھ دھونے کے لیے آئی تو وہ میرے پیچھے چلا آیا تھا اور اب مجھ سے پوچھ رہا تھا۔

"اس میں اچھا لگنے والا کچھ ہے؟" میں نے ایک نظر اسے دیکھا اور تلخ لہجے میں اسی سے پوچھا کہ دل ابھی تک اس بات پر رو رہا تھا کہ اس شخص نے مجھے کس کے لیے ٹھکرا دیا۔

"میری سمجھ میں نہیں آرہا حذیفہ! تم جیسا حسن پرست بندہ کیسے سانمل جیسی سیاہ فام کا انتخاب کر سکتا ہے؟"

میں واقعی ابھی تک حیران و بے یقین سی تھی کہ وہ جو ڈیڈی کے لائے گئے اپنی پسند کے خلاف کپڑوں کو ڈبوں سے نکالتا ہی نہیں تھا کہ اسے ڈیڈی کے لائے پھیکے نہیں بلکہ شوخ رنگ پسند تھے۔ وہ سانمل سے کیسے شادی کر سکتا ہے۔

"میں! آج بھی حُسن پرست ہوں۔ مجھے آج بھی ہر خوب صورت چیز اٹریکٹ کرتی ہے۔"

وہ میری بات کے جواب میں چند ثانیے خاموش بے تاثر نظروں سے مجھے دیکھتے رہنے کے بعد ایک لمبی سانس لے کر بولا تھا۔

"میں آج بھی اپنے جوتے' موزے' ٹائی تک خریدنے کے لیے کئی بار بازاروں کے چکر لگاتا ہوں۔ تب کہیں جا کر مجھے میرے معیار میری پسند کی چیز ملتی ہے۔ مگر رابیل! تم شاید ایک بات نہیں جانتیں کہ محبت پسند ناپسند کا معیار نہیں رکھتی۔ محبت' حسن پرست نہیں ہوتی۔ یہ بس ہو جاتی ہے۔ جو مجھے سانمل سے ہو گئی۔ پہلی نظر کی محبت ایسی ہی ہوتی ہے۔ یہ نہیں دیکھتی کہ جس سے محبت کی جارہی ہے وہ گورا ہے یا کالا' خوب صورت ہے یا بدصورت۔ وہ بس محبوب ہوتا ہے معشوق ہوتا ہے اور در اصل عاشق کی نظر میں ہی سارا حسن ہوتا ہے۔"

وہ بڑے سنجیدہ سے انداز میں مجھے بتا رہا تھا۔ اس کے لہجے میں دور دور تک سانمل سے شادی پر کوئی افسوس کوئی پچھتاوا نہیں تھا۔ وہ اس کے ساتھ کتنا خوش ہے۔ یہ پوچھنے کی مجھے ضرورت نہیں رہی تھی۔

"میرے! ڈیڈ کہتے ہیں کہ محبت سوچنے سمجھنے کی صلاحیت سے بہت اوپر ہوتی ہے۔ آج اس کی عملی تصویر دیکھ بھی لی تھی۔ مجھے یقین آگیا کہ محبت دلوں کا رشتہ ہے' جو ایک دل سے دوسرے دل میں بڑی خاموشی سے سرایت کر جاتا ہے۔ یوں کہ بندہ اپنی ساری سوجھ بوجھ بھول جاتا ہے۔"

واپسی پر گاڑی ڈرائیو کرتے ہوئے حنان نے کہا۔ میں نے ایک نظر اس کو دیکھا اور رخ شیشے کے پار بھاگتے دوڑتے مناظر پر جما دی۔

"کیا واقعی محبت سوچنے سمجھنے کی صلاحیت سے محروم ہوتی ہے۔" میں نے سوچا۔ "تب ہی حذیفہ جیسے حسن پرست نے مجھ جیسی حسین و جمیل لڑکی کو چھوڑ کر اس سیاہ فام سانمل سے شادی — کرلی اور میرے جیسی مغرور اور اپنی منوانے والی نے بھی اپنی محبت کو کسی اور کے حوالے کر دیا۔ اور تب ہی حنان صدیقی میرے بار ہا دھتکارنے' تذلیل کرنے کے باوجود آنکھوں میں محبت و امید لیے میرا منتظر رہا۔

یہی زندگی ہے۔ یہی محبت ہے — دل کے فیصلے انوکھے ہی ہوتے ہیں۔ یہ کب کسے خاص ہونے کا سرٹیفکیٹ دے دے۔ پتا ہی نہیں چلتا۔ ☆



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

میمونہ صدف

# مٹی بڑی زرخیز ہے

ملک میں سیلاب آیا اور سب کچھ بہا لے گیا۔۔۔ جانیں' مال مویشی' گھربار' کھیت' کھلیان اور ہمارے اسٹاف میں سیاسی۔ بحران زیر بحث تھا۔

دلائل پر دلائل۔۔۔

کیچڑ اچھالنا۔۔۔

الزامات کی بوچھاڑ۔۔۔

حاصل بحث۔۔۔ تعلقات میں بگاڑ۔

جوں ہی میں نے بیانگ دہل اعلان کیا۔ "سب لوگ اپنی استطاعت کے مطابق آئی ڈی پیز اور سیلاب زدگان کے لیے پیسے اس ڈبے میں ڈال دیں۔"

سب کو سانپ سونگھ گیا۔

کچھ نے نظریں چرائیں۔۔۔ کچھ نے بغلیں جھانکیں۔۔۔ کچھ کتابیں نوٹس سنبھالتی کلاس لینے چل دیں۔۔۔ کسی نے یوں ظاہر کیا کہ بے حد مصروفیت کے باعث سنا ہی نہیں اور جنہوں نے ڈالا انہوں نے چند چھوٹے نوٹ نکال کے یوں اچھالے جیسے بھیک دی جا رہی ہو۔

میں حیرت سے منہ کھولے دیکھتی ہی رہ گئی۔۔۔

محفل برخاست۔۔۔

بحث ختم۔۔۔

دلائل زائل۔۔۔

پانچ ہزار کا ایک سوٹ پہننے والیوں سے پانچ لاکھ افراد کے لیے ایک روپیہ نہ نکلا۔۔۔

جیب کی اجازت تو تھی مگر دل کی اجازت نہ ملی۔

اتنے میں پرنسپل نے مجھے بلوا بھیجا۔

"حفصہ! آپ کس کے کہنے پر فنڈز اکٹھے کر رہی ہیں؟"

لو جی۔۔۔ کیا ملک کی اس صورت حال میں بھی کسی سے پوچھ کر کام کرنا ہوتا ہے۔

"میڈم! میں تو بحیثیت پاکستانی اپنا فرض پورا کر رہی ہوں۔"

"ہمارے اسکول کو ابھی آفیشلی طور پر لیٹر نہیں ملا کہ ہم فنڈز اکٹھے کریں' اس لیے اس قسم کی ایکٹیوٹی کی میں آپ کو پرمیشن نہیں دیتی۔"

میری زبان ہی گنگ ہو گئی۔

"آفیشل لیٹر۔۔۔"

ہاں۔ آفیشل لیٹر اوپر سے آتا۔۔۔ پھر فنڈز اکٹھے کیے جاتے۔۔۔ تصاویر بنوائی جاتیں اور واہ واہ سمیٹی جاتی۔۔۔ جذبہ حب الوطنی کو تو بھاڑ میں بھیجا ہی بھیجا' انسانیت بھی نام کو باقی نہیں رہی۔۔۔ ہم وطن بھیڑ بکریوں کی طرح پانی پر تیر رہے ہیں اور یہاں لوگ آفیشل لیٹر کے منتظر تھے۔

ہماری یہ بے حسی کسی سیاسی جماعت کی سازش تھی۔۔۔ دینے والے تو جان' مال کے نذرانے دے گئے اور پیچھے رہ جانے والے چند ہزار نہ دے سکے۔

اس مردہ دلی کا ذمہ دار کون تھا۔۔۔؟

دل زندہ کرنے' احساس پیدا کرنے' جذبہ حب الوطنی اجاگر کرنے کو کسے کھڑا ہونا تھا۔۔۔؟

"حکمرانوں کو برا مت کہو۔۔۔ جیسی قوم ہو گی ویسے اس کے حکمراں ہوں گے۔" میرے کانوں میں کسی عالم کا جملہ گونجا۔

"پورے بازار میں کوئی ایک دو تاجر ہوں گے جو ایمان دار ہوں گے۔۔۔ ناپ تول میں کمی' فحاشی و جوئے کے اڈے' رشوت کے بازار گرم' زکوٰۃ کا مال بینکوں میں جمع' سود پر سود کھانا' قتل و غارت' بم دھماکے۔۔۔ یہ سب کس کی سازش ہے۔۔۔ کس سیاسی جماعت کی۔۔۔؟ بھارت کی۔۔۔ امریکہ کی۔۔۔؟ یہ سب ہمارے اپنے کرتوت ہیں۔۔۔ عام آدمی کے۔

جب عوام کرپٹ ہوں تو حکمران بھی کرپٹ ہوتا ہے۔

پھر زلزلے نہ آئیں۔۔۔


پھر سیلاب تباہ کاریاں نہ مچائیں۔۔۔

پھر سونامی کے خطرے نہ ہوں۔۔۔

پھر دشمن کی یلغار نہ ہو۔۔۔

پھر دل خوف زدہ نہ ہوں۔۔۔ تو کیا ہو؟ اور پھر بھی قوم توبہ نہ کرے۔۔۔ برائیوں میں حد سے تجاوز کر جائے؟

امی نے مجھے پریشان حال دیکھا تو سر پر ہاتھ پھیرتے پوچھنے لگیں۔۔۔







WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

"کیوں پریشان ہو حفصہ؟"

"امی! کیا ہم کبھی ایک قوم نہیں بن سکیں گے.....؟ صوبوں نے تقسیم کیا' پھر فرقہ واریت نے' لسانیت نے' مذہبی گروہ بندی اور پھر سیاسی گروہ بندی..... بانی پاکستان تو کہتے تھے کہ ہم بس پاکستانی ہیں..... ہم کیوں بھول گئے امی۔" میں رو دی۔ روتی نہ تو کیا کرتی.....؟

"ہر شخص کو خود میں بدلاؤ کی ضرورت ہے..... انفرادی تبدیلی ہی اجتماعی تبدیلی کا باعث بنتی ہے۔ اندر تبدیلی ہو تو باہر خود بخود تبدیلی آتی ہے حفصہ..... خالی دعووں سے کبھی کچھ نہیں ہوتا۔ صرف جاگنا ہی نہیں ہوتا' جاگ کر حرکت بھی کرنا ہوتی ہے..... قومیں بیٹھے بیٹھے نہیں بدلتیں' قومیں اتحاد سے بدلتی ہیں۔ جس چیز کی ہم میں کمی ہے وہ اتحاد ہی ہے بیٹا۔" امی نے مجھے سمجھایا۔

"اماں کہتی تھیں 1965 کی جنگ کے وقت عوام میں بے پناہ جوش و جذبہ تھا..... فوجیوں کی امداد کے لیے عورتوں نے اپنے جسم پر موجود واحد زیور تک قربان کیا۔ لاٹھیاں اٹھائے میدان جنگ کی جانب مردوں نے دوڑ لگائی کہ..... ہم بھی دشمن کا مقابلہ کریں گے۔ ناشتا' دوپہر اور رات کا کھانا بنا بنا کر فوجی بھائیوں کو پہنچایا جاتا تھا..... کوئی فرقہ واریت نہ تھی' سب پاکستانی تھے بس..... ایسے ایسے جوشیلے ترانے فنکاروں نے دن رات بیٹھ کر ریکارڈ کروائے کہ جو حب الوطنی کا جذبہ تازہ کر دیتے۔

پھر اماں آہ بھرتیں..... "اب دشمن محاذوں پر نہیں لڑتا۔ اس سے اس کو منہ کی کھانی پڑتی ہے۔ اب اس کا طریقہ کار تبدیل ہو گیا ہے۔ اس نے قوم میں لاکھوں "میر جعفر" پیدا کر دیے..... اور جب کوئی "میر جعفر" نقصان پہنچاتا ہے نا تو اس کے دیے زخم صدیوں نہیں بھرتے۔"

اور میں نے سوچا' امی ٹھیک کہتی ہیں..... اب دشمن کے حربے بدل گئے..... دشمن نے بغیر اطلاع پانی چھوڑ دیا..... دریا ابل پڑے۔ ملک ڈوب گیا اور ہم قتل و غارت میں مصروف ہیں۔ آپس میں لڑ رہے ہیں۔ غیر حملے کرواتا ہے اور عوام تماشا دیکھتے ہیں۔ ہم کبوتر کی طرح آنکھیں بند کیے بیٹھے رہتے ہیں کہ دوسروں کا گھر جل رہا ہے ہمیں کیا..... کیونکہ ہم نے ملک کو "اپنا گھر" سمجھنا چھوڑ دیا۔" امی نے سرد آہ بھری۔ ان کی آنکھیں بھی ڈبڈبا گئیں۔

میں اٹھی اور خاموشی سے گھر سے نکل کر دادی امی کی قبر کی طرف چل دی..... میری دادی نے 1947ء اور پھر 1965ء کی جنگوں میں ملک کی بڑی خدمت کی تھی۔ تب ہی بچپن سے یہ سب قصے سن کر بڑی ہونے والی حفصہ رحیم یعنی میں ملک کے لیے اتنا جذباتی تھی..... اور میرے خیال میں یہ کچھ غلط نہ تھا۔ ہر پاکستانی کو ہی جذباتی ہونا چاہیے۔ جذبات مر گئے تب ہی تو قومیت کا تصور کھو گیا۔

دادی کی قبر پر بیٹھی میں کتنی دیر روتی رہی۔ میرے کندھے پر کسی نے ہاتھ رکھا تو میں نے مڑ کر دیکھا۔ ایک بازو سے معذور بچہ کھڑا مسکرا رہا تھا۔

"مجھے کسی نے بتایا کہ آپ سیلاب زدگان کے لیے چندہ جمع کر رہی ہیں۔" میں نے تعجب سے اسے دیکھا۔

"یہ میری طرف سے ہے....." اس نے مٹھی میں دبے چند نوٹ میری طرف بڑھائے۔ چھوٹے بچے نے بڑے نوٹ تھمائے۔

"جب آپ فوجی بھائیوں کو دیں تو انہیں بتایئے گا کہ منو نے اپنے آدھے کھانے کے پیسے اپنے بھائیوں کے لیے دے دیے۔" اور میں اس سے لگ کر پھوٹ پھوٹ کر رو دی۔

دادی صحیح کہتی تھیں..... میں نے مڑ کر ان کی مٹی کی جانب دیکھا جہاں وہ خود مٹی کا ڈھیر بن چکی تھیں۔

"ذرا نم ہو تو یہ مٹی بڑی زرخیز ہے ساقی۔"


✱

پاک سوسائٹی ڈاٹ کام کی پیشکش
یہ شمارہ پاک سوسائٹی ڈاٹ کام نے پیش کیا ہے
ہم خاص کیوں ہیں:۔
✧ ہائی کوالٹی پی ڈی ایف فائلز
✧ ہر ای بک آن لائن پڑھنے کی سہولت
✧ ماہانہ ڈائجسٹ کی تین مختلف سائزوں میں اپلوڈنگ
سپریم کوالٹی، نارمل کوالٹی، کمپریسڈ کوالٹی
✧ عمران سیریز از مظہر کلیم اور ابن صفی کی مکمل رینج
✧ ایڈ فری لنکس، لنکس کو پیسے کمانے کے لئے شرنک نہیں کیا جاتا
✧ ہر ای بک کا ڈائریکٹ اور رژیوم ایبل لنک
✧ ڈاؤنلوڈنگ سے پہلے ای بک کا پرنٹ پریویو ہر پوسٹ کے ساتھ
✧ پہلے سے موجود مواد کی چیکنگ اور اچھے پرنٹ کے ساتھ تبدیلی
✧ مشہور مصنفین کی کُتب کی مکمل رینج
✧ ہر کتاب کا الگ سیکشن
✧ ویب سائٹ کی آسان براؤسنگ
✧ سائٹ پر کوئی بھی لنک ڈیڈ نہیں
We Are Anti Waiting WebSite
واحد ویب سائٹ جہاں ہر کتاب ٹورنٹ سے بھی ڈاؤنلوڈ کی جاسکتی ہے
ڈاؤنلوڈنگ کے بعد پوسٹ پر تبصرہ ضرور کریں
ڈاؤنلوڈنگ کے لئے کہیں اور جانے کی ضرورت نہیں ہماری سائٹ پر آئیں اور ایک کلک سے کتاب ڈاؤنلوڈ کریں
اپنے دوست احباب کو ویب سائٹ کا لنک دیکر متعارف کرائیں
WWW.PAKSOCIETY.COM
Online Library For Pakistan
Like us on Facebook fb.com/paksociety
twitter.com/paksociety1



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM



راشدہ رفعت

# یہ سناٹا موسم

موبائل فون پر کیا چنگھاڑتا ہوا الارم سیٹ کیا تھا سویرا صاحبہ نے۔ الارم بجنے پر ماہا کی آنکھ کھلی تھی۔ اس نے بیڈ پر اپنے ساتھ گھوڑے گدھے بیچ کر سوتی سویرا کا شانہ پکڑ کر جھنجھوڑا۔

"سویرا کی بچی۔۔۔ تمہارا سیٹ کیا ہوا الارم بج رہا ہے۔ اٹھ جاؤ"

اور وہ سویرا ہی کیا جو ارادہ باندھنے اور الارم لگنے کے باوجود اتنی سویرے اٹھ سکتی۔ کروٹ بدل کر پھر سو گئی۔ ماہا نے اسے قہربار نگاہوں سے گھورا۔ پھر ہاتھ بڑھا کر اس کے سرہانے پڑا موبائل اٹھا کر آف کر دیا۔ تکیے پر سر رکھ کر اس نے دوبارہ سونے کی کوشش کی لیکن پانچ، دس منٹ تک کروٹیں بدل کر آخر اٹھ ہی گئی۔ بیس منٹ بعد وہ دوبارہ سونے کی کوشش کر رہی تھی۔ دل کو اطمینان تھا کہ آج فجر کی نماز ادا کر لی ہے۔ باقی چار نمازیں تو وہ اور سویرا باقاعدگی سے پڑھتی تھیں، بس فجر کے وقت کم بخت شیطان خوب ورغلاتا تھا اور پھر صبح اٹھ کر بی بی جان کی خشمگیں نگاہوں کا سامنا بھی ضرور کرنا پڑتا تھا۔ بی بی جان کا خیال آیا تو سوچا کہ ایک چکر ان کے کمرے کے سامنے لگا کر اپنا "جاگنا" رجسٹر کروا دیا جائے۔ ماہا نے دوبارہ دوپٹہ نماز کے اسٹائل میں باندھا، پھر بیڈروم سے باہر نکلی۔

بی بی جان کے کمرے کا دروازہ کھلا تھا اور وہ اپنی تسبیح ہاتھ میں لیے بیٹھی تھیں۔ حسب توقع اسے گزرتا دیکھا تو آواز دے کر بلایا۔

"صبح بخیر بی بی جان!" اس نے انہیں ادب سے مخاطب کیا۔

مکمل ناول



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

"خیریت تو ہے' آج اتنی صبح کیسے اٹھ گئیں؟"

"نماز کے لیے اٹھی تھی۔ نماز پڑھ کر پیاس لگی۔ فریج میں سے ٹھنڈے پانی کی بوتل لینے جارہی تھی۔" اس نے وضاحت دی۔

"اچھا۔۔۔ اٹھ گئی ہو تو چائے بنالو۔" بی بی جان کے کہنے پر ماہا اس گھڑی کو کوسنے لگی' جب اس نے بی بی جان کے سامنے سے گزرنے کا فیصلہ کیا تھا۔ کچھ نیند تو ان کی شکل دیکھ کر اڑ گئی تھی اور باقی چائے بنا کر اڑ جاتی تھی۔

"دو کپ چائے اور زیادہ دیر مت لگانا۔" بی بی جان کی بات سن کر وہ پھر مڑی تھی۔

"میرا اتنی صبح چائے پینے کا موڈ نہیں ہے۔ میں نے نماز پڑھ کر دوبارہ سونا تھا۔ آپ کو بنا کر لا دیتی ہوں۔" اس نے انہیں رسانیت سے آگاہ کیا۔

"تمہارا خیال ہے کہ میں صبح سویرے تمہیں اپنے ساتھ چائے پینے کا شرف بخش رہی ہوں۔" بی بی جان نے جیسے مذاق اڑایا یا کم از کم اسے تو ایسا ہی لگا دیسے تو وہ مسکرا رہی تھیں۔

"پھر اکٹھے دو کپ چائے خود ہی پئیں گی کیا۔" اس نے چڑ کر پوچھا۔

بی بی جان پھر مسکرا دیں' لیکن وہ اسے نہیں دیکھ رہی تھیں۔ ان کی نگاہوں کا محور کوئی اور تھا۔ ماہا ان کی نگاہوں کا تعاقب کرتے ہوئے پلٹی اور دروازے میں ایستادہ مغیث کو دیکھ کر حیران رہ گئی تھی۔

"مغیث بھائی! آپ کب آئے؟" کوفت پر خوشی نے غلبہ پالیا تھا۔ کتنے دنوں بعد مغیث کی آمد ہوئی تھی۔

"ابھی کچھ دیر پہلے ہی پہنچا ہوں۔ بیگ رکھا' پھر مسجد چلا گیا' ہرگز اندازہ نہ تھا کہ اتنے سویرے تم سے ملاقات ہوجائے گی۔" مغیث نے پیار سے اس کا سر تھپتھپایا تھا۔

"پھوپھو کو کیوں ساتھ نہیں لائے اور ندا' سارہ' طلحہ کیسے ہیں سب۔ ندا کے تو پریکٹیکلز بھی ختم ہوگئے۔ کم از کم اسے تو ساتھ لے آتے اور اپنی آمد کی کوئی اطلاع بھی نہیں دی' مجھے پہلے پتا ہوتا تو اس ندا کی بچی سے کہتی۔"

"ماہا! چائے کا کہا تھا تم سے۔ باتیں بعد میں کرلینا۔" بی بی جان نے ٹوکا تو وہ منہ بنا کر چپ ہوگئی۔

"چائے نہیں ناشتا۔۔۔ بہت زوروں کی بھوک لگی ہے بی بی جان۔" مغیث نے بے تکلفی سے فرمائش کی تھی۔

"ناشتا؟" فرمائش بی بی جان سے ہوئی تھی' ہوش ماہا کے اڑے۔ اس گھر میں ناشتے کا کوئی خاص رواج نہ تھا۔ سویرا تو وزن بڑھنے کے خوف سے ناشتا کرتی ہی نہ تھی۔ ماہا بریڈ' جیم اور دودھ کے گلاس سے کام چلا لیتی تھی۔ دو ہفتے بعد ڈیڈ گھر آتے' تب ناشتے پر خوب اہتمام ہوتا تھا۔ لیکن یہ اہتمام رحمت بوا کرتی تھیں۔ ڈیڈی دیر سے سو کر اٹھتے تھے۔ رحمت بوا تب تک آچکی ہوتی تھیں' بلکہ جن دنوں ڈیڈی آئے ہوئے ہوتے وہ جلدی آجاتی تھیں۔ روزانہ بی بی جان کا ناشتا بھی رحمت بوا کے آنے کے بعد بنتا تھا۔ حالانکہ بی بی جان ناشتے میں صرف ایک چپاتی ہی لیتی تھیں۔ سویرا کالج جانے سے پہلے بارہا ان کی چپاتی پکانے کی پیش کش کرچکی تھی۔ "اتنے سویرے اٹھتی ہیں آپ اور اتنی دیر میں ناشتا کرتی ہیں۔ ٹیڑھی میڑھی سہی' ایک چپاتی تو میں بھی آپ کو ڈال کر دے سکتی ہوں۔ روٹی کا گول ہونا اتنا بھی ضروری نہیں بی بی جان۔"

"روٹی کا گول ہونا ہرگز بھی بہت ضروری نہیں بیٹی جان! لیکن صاف ستھرے ہاتھوں سے روٹی کا پکنا اتنا ہی ضروری ہے۔ ان جنگلیوں جیسے بڑھے ہوئے ناخنوں سے پیڑا بناؤ گی۔ پھر ان ہی ہاتھوں سے توے پر روٹی ڈالو گی' تمہارے خیال میں ایسی روٹی میرے حلق سے اتر سکتی ہے۔"

"اتنی تیز آنچ پر جب توے پر روٹی ڈالی جاتی ہے نا بی بی جان تو سارے جراثیم مرجاتے ہیں۔" سویرا کی بے چاری سی شکل دیکھ کر ماہا کو بہن پر ترس آجاتا اور وہ فوراً اس کی مدد کو آتی۔

"مجھے مردہ جراثیم کھانے میں بھی کوئی دلچسپی نہیں۔ جاؤ میرا سر نہ کھاؤ۔ جاکر اپنے کالج کی تیاری کرو۔" بی بی جان بے زاری سے کہتیں۔

"تم نہار منہ بی بی جان کا سر کیوں کھاتی ہو۔" کمرے میں آکر ماہا بہن پر بگڑتی۔

"وہ ہماری دادی ہیں ماہا۔" سویرا جیسے اسے یاد دلاتی۔

"سوتیلی دادی۔۔۔" ماہا منہ بناتی۔ سویرا اسے کاٹ کھانے والی نگاہوں سے گھورتی گویا کہہ رہی ہو "شرم سے ڈوب مرو۔"

"ہاں۔۔۔ لیکن مجھے اپنی سگی دادی سے بھی بڑھ کر پیاری ہیں۔" ماہا جھٹ اپنی پوزیشن کلیئر کرتی۔

"بی بی جان کا وجود ہمارے لیے چھتنار درخت کی مانند ہے ماہا! ورنہ سوچو' اگر ہمیں سوتیلی دادی کے بجائے اپنی سوتیلی ماں کے ساتھ زندگی گزارنی پڑتی تو کیا بنتا ہمارا۔"

"آلو کا بھرتہ۔" ماہا جیسے جھرجھری لے کر کہتی۔

"اب یہ آلو کہاں سے آگیا۔" سویرا بہن کو گھورتی۔

"ڈیڈی کے بچن سے' نوشابہ آنٹی کو آلوؤں سے کتنا شغف ہے۔ بھول گئیں تم۔ ناشتے سے لے کر رات کے کھانے تک ہر ڈش میں آلو ضرور ہی شامل ہوتے ہیں۔"

"تم بات کو کہاں سے کہاں لے جاتی ہو۔" سویرا چڑ جاتی اور وہ واقعی بات کو کہاں سے کہاں لے جاتی تھی۔

مغیث بھائی ناشتے کی فرمائش کیے بیٹھے تھے۔ بی بی جان طنزیہ نگاہوں سے اس کے چہرے کے تاثرات ملاحظہ کررہی تھیں اور وہ جانے کیا کچھ سوچے جارہی تھی۔

"میں آپ کو ناشتا کرواسکتی ہوں' مغیث بھائی! اگر آپ کا ناشتا ابلے ہوئے انڈے' دودھ کے گلاس یا سینکے ہوئے توس اور آملیٹ پر مشتمل ہو' لیکن جیسا ہیوی ناشتا آپ کرنا پسند کرتے ہیں' وہ تو میں قیامت تک نہیں بنا سکتی۔" اس نے صاف گوئی سے کہا تھا۔

"تمہاری شادی کے لیے میں قیامت تک انتظار نہیں کروں گی۔ اس سے پہلے کچھ گھرداری سیکھ لو تو اچھا ہے۔" بی بی جان اس کا جواب سن کر تلملا گئی تھیں۔

"غضب خدا کا' اگلے گھر جاکر سسرال والوں کے سامنے انڈا ابال کر' دودھ کا گلاس بھر کر رکھ دیں گی۔ لو جی ہوگیا ناشتا۔ ناک تو میری ہی کٹے گی کہ دادی نے کچھ نہ سکھایا۔" انہیں سخت تاؤ چڑھ گیا تھا۔

"انڈا اور دودھ مکمل غذا ہیں بی بی جان۔" وہ ماہا ہی


خواتین ڈائجسٹ
کی طرف سے بہنوں کے لیے ایک اور ناول
دستِ کوزہ گر
فوزیہ یاسمین



قیمت -/750 روپے
منگوانے کا پتہ:
مکتبہ عمران ڈائجسٹ: 37 - اردو بازار، کراچی۔ فون نمبر: 32735021






WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY
RSPK.PAKSOCIETY.COM FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

کیا جس پر بی بی جان کی تلملاہٹ کا اثر ہو جائے۔ اس نے کھلکھلاتے ہوئے ان کی معلومات میں اضافہ کیا۔ مغیث دونوں دادی' پوتی کی نوک جھونک سن کر بہت مشکل سے مسکراہٹ ضبط کیے بیٹھا تھا۔ مگر جب بات زیادہ بڑھتی دیکھی تو سیز فائر کروائے بنا نہ رہ پایا۔

"تم ناشتا بنانے کی زحمت نہ کرو ماہا! وہ جو تمہاری سحر خیز آپی ہیں' اب تک تو یقیناً" جاگ چکی ہوں گی' ان کی مدد لے لو۔" مغیث نے تو لہجے کو بہت سرسری سا بنا کر کہا تھا' لیکن ماہا نے شرارتی انداز میں اسے دیکھا۔ وہ مغیث کی ناشتے کی خواہش کا پس منظر جان چکی تھی۔

"وہ جو میری سحر خیز آپی ہیں نا مغیث بھائی! ان کی نائٹ ڈیوٹی تھی' وہ ابھی تک گھر نہیں لوٹی ہیں۔" اس نے مسکراتے ہوئے جواب دیا اور یہ خبر سن کر مغیث کی تو جیسے بھوک ہی اُڑ گئی۔

"اچھا۔ میں ایک' دو گھنٹے کی نیند لے لوں۔ ویسے بھی بہت تھکاوٹ ہو رہی ہے۔ رحمت بوا کے ہاتھ کے بنے خستہ کرارے پراٹھوں سے ہی ناشتا کریں گے۔" مغیث نے تھکے ہارے انداز میں جمائی لی تھی۔ ماہا مسکرادی اور بی بی جان لاتعلق سے انداز میں تسبیح پڑھنے لگی تھیں۔

☼ ☼ ☼

ماہا اور سویرا کالج سے گھر لوٹیں تو مختلف کھانوں کی اشتہا انگیز خوشبو گھر میں پھیلی ہوئی تھی۔

"بچیو آگئی ہو تو جلدی سے کپڑے بدل کر دستر خوان لگانے میں میری مدد کرو۔" کچن میں سے رحمت بوا نے جھانک کر انہیں پکارا تھا۔

"ابھی آئے رحمت بوا۔" دونوں نے مستعدی سے جواب دیا تھا اور جب دستر خوان سج گیا تو بی بی جان اپنے لاڈلے نواسے کے ساتھ آن موجود ہوئیں۔

"رحمت! پودینے کی چٹنی نہیں بنائی کیا؟" بی بی جان نے دستر خوان پر طائرانہ نگاہ ڈال کر پوچھا تھا۔

"یہ رہی پودینے کی چٹنی۔" اسی لمحے سویرا پودینے کی چٹنی سمیت حاضر ہو گئی تھی۔

"پودینے کی چٹنی کی کمی محسوس کرلی آپ نے بی بی جان اور کسی کی کمی کا احساس نہیں ہوا کیا؟" ماہا جو مغیث کی جانب متوجہ تھی اور پہلے اس کی متلاشی نگاہیں اور پھر ان میں چھلکتی مایوسی کو محسوس کر چکی تھی۔ بی بی جان کو مخاطب کیے بنا نہ رہ پائی۔

مغیث نے سر اٹھا کر ماہا کو دیکھا' اس لڑکی کی جی داری سے وہ ہمیشہ ہی متاثر ہوتا تھا۔ بی بی جان نے البتہ پوتی کو خشمگیں نگاہوں سے گھورا تھا۔

"اسپتال سے آکر بھوکی پیاسی سو گئی ہوں گی ہنیہ آپی! لنچ کے لیے تو بلالیں انہیں۔" ماہا نے انہیں مخاطب کیا۔ بی بی جان کی تیوریوں پر بل پڑ گئے تھے۔

"وہ مہمان نہیں ہے کہ ظہرانے پر باقاعدہ دعوت نامہ دے کر مدعو کیا جائے۔ کھانے کا وقت ہے' اسے خود اس وقت دستر خوان پر موجود ہونا چاہیے اور جہاں تک تعلق ہے اسپتال سے واپس آکر سونے..." بی بی جان کی بات ادھوری ہی رہ گئی تھی۔

"السلام علیکم!" دھیمے سے لہجے میں سب کو سلام کر کے دستر خوان پر بیٹھنے والی شخصیت ہنیہ کی ہی تھی۔

"وعلیکم السلام۔" جواب مغیث کی جانب سے ہی آیا تھا۔ جس کی آنکھیں ہنیہ کو دیکھ کر جگمگانے لگی تھیں۔

"کیسی ہیں ڈاکٹر صاحبہ! ہاؤس جاب کیسی چل رہی ہے۔" مغیث نے شگفتگی سے مسکراتے ہوئے پوچھا تھا۔

"فائن... آپ سنائیں۔ گھر میں سب کیسے ہیں۔ خالہ جان' ندا' طلحہ وغیرہ۔" ہنیہ نے بھی رسم نبھائی تھی' یہ اور بات کہ اس نے مغیث کی طرف دیکھنے سے گریز کیا تھا۔ اس کی جذبے لٹاتی نگاہوں کا سامنا کرنا ہنیہ کے بس کی بات نہ تھی۔

"تم نے نوٹ کیا سویرا! جب دوپہر کو مغیث بھائی ہنیہ آپی کو دیکھ رہے تھے تو یوں لگ رہا تھا جیسے ان کی آنکھوں میں سو' سو واٹ کے بلب جل رہے ہوں۔" رات سوتے وقت ماہا نے بہن کو مخاطب کیا تھا۔



"مغیث بھائی کو جذبے لٹانے میں اتنی فضول خرچی نہیں کرنی چاہیے۔ سو واٹ کے بلب کے بجائے انرجی سیور سے بھی تو کام چلایا جاسکتا تھا نا۔" سویرا نے کہہ کر خود ہی اپنی بات کا لطف لیا۔ وہ بھی کبھی کبھار ماہا کی طرح بے تکی بات کر ہی دیتی تھی۔

"تمہارے خیال میں مغیث بھائی اور ہنیہ آپی کی لو اسٹوری کا کیا انجام ہوگا۔ بی بی جان اپنے لاڈلے نواسے کے ساتھ ہنیہ آپی کی شادی کردیں گی۔" ماہا کو جانے کیا خدشہ ستایا کہ پوچھ بیٹھی۔

"لو اسٹوری تو نہ کہو اسٹوپڈ۔ بے چاری ہنیہ آپی تو مغیث بھائی کو نظر اٹھا کر دیکھتی تک نہیں۔" سویرا نے ہنیہ کی پوزیشن واضح کی۔

"دیکھنے کے لیے مغیث بھائی کم ہیں کیا۔ محبت بھری نرم نرم نگاہوں سے ہنیہ آپی کو دیکھے چلے جاتے ہیں۔ بے چاری ہنیہ آپی تو پلکوں کی لرزش اور دل کی دھڑکن کو سنبھالنے میں ہی ہلکان ہوئے رہتی ہیں۔" ماہا نے کیا درست نقشہ کھینچا تھا۔

"میرے خیال میں تو مغیث بھائی اور ہنیہ آپی کی شادی میں کوئی رکاوٹ آڑے نہیں آئے گی۔ مغیث بھائی بی بی جان کے لاڈلے نواسے ہیں تو ہنیہ آپی نواسی... پھوپھو بھی اپنی بھانجی کو خوب چاہتی ہیں۔ مناسب وقت آنے پر دونوں شادی کے بندھن میں بندھ جائیں گے۔" سویرا سدا کی خوش فہم تھی' لیکن ماہا کا اس سے متفق ہونا ضروری نہ تھا۔

"مغیث بھائی' بی بی جان کے سوتیلے نواسے ہیں اور ہنیہ آپی ان کی سگی نواسی' لیکن بی بی جان کو مغیث بھائی سے بڑھ کر کوئی پیارا نہیں اور بے چاری ہنیہ آپی سے تو وہ سوتیلوں سے بڑھ کر سلوک کرتی ہیں۔ وہ ہرگز مغیث بھائی کی شادی ہنیہ آپی سے نہیں ہونے دیں گی۔"

"یہ تم ہر بات میں سگے' سوتیلے کی بحث مت چھیڑا کرو۔ مہربانی ہوگی تمہاری۔" سویرا حسب توقع چڑ گئی تھی۔ ماہا نے نہ اقرار کیا' نہ انکار' محض ہنس پڑی تھی۔

☼ ☼ ☼

موسم کے تیور اچانک بدلے تھے۔ دوپہر تک سورج اپنی تابناک شعاعیں بکھیر رہا تھا اور دوپہر ڈھلتے ہی آسمان پر چہار سمت سے گھٹائیں اُمڈ آئیں۔

"اتنا زبردست موسم ہو رہا ہے مغیث بھائی! آج تو آپ کو ہمیں آؤٹنگ پر لے کر جانا پڑے گا۔" ماہا اسے ڈھونڈتی ہوئی اسٹڈی روم تک آئی تھی۔

"ایسے خطرناک موسم میں بی بی جان باہر نکلنے کی اجازت دیں گی؟" مغیث نے مسکراتے ہوئے سوال کیا۔

ماہا سوچ میں پڑ گئی۔

"صحیح کہہ رہے ہیں مغیث بھائی! بی بی جان بھی باہر جانے کی اجازت نہیں دیں گی اور ہنیہ آپی بھی ہمارے ساتھ چلنے پر مشکل سے راضی ہوں گی۔ صرف میں اور سویرا تو کیا خاک انجوائے کریں گے۔" اس نے مایوسی سے گردن ہلائی۔

"اگر تم ڈاکٹر صاحبہ کو راضی کرو تو میں بی بی جان سے اجازت لے سکتا ہوں۔" مغیث بخوشی اس کے بچھائے جال میں پھنسا تھا۔

"تو چلیں! آپ بی بی جان سے بات کریں اور میں ہنیہ آپی سے۔" وہ خوشی خوشی اسٹڈی روم سے باہر جانے لگی' مگر پھر ایک دم مڑی تھی۔

"لیکن مغیث بھائی! ہم باہر پُرتکلف ڈنر بھی کریں گے۔" اس نے یاد دلایا تھا۔

"وائے ناٹ شیور۔" مغیث شگفتگی سے مسکرایا تھا۔ ماہا مسکراتے ہوئے پلٹ گئی تھی۔

☼ ☼ ☼

ایک بھرپور شام گزار کر اور مزے کا ڈنر کرنے کے بعد رات گئے وہ گھر لوٹے تھے۔ ماہا نے موسم انجوائے کیا تھا۔ سویرا نے ڈنر اور مغیث نے ڈاکٹر صاحبہ کی اٹھتی گرتی پلکوں سے لطف اٹھایا تھا۔

وہ کامنی سی لڑکی محض اس کی نظروں کی تپش سے ہی گھبرا جاتی تھی۔ مغیث جب بھی یہاں آتا دل میں ٹھان کر آتا کہ اس بار نہ صرف وہ ہنیہ کو حال دل



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

سنائے گا' بلکہ اس کی رائے اور رضامندی بھی معلوم کر کے رہے گا۔ دل کو یہ یقین تو تھا کہ محبت کے اس سفر میں وہ اکیلا نہیں ہے' لیکن دماغ اپنی پوری تسلی کے لیے ہنیہ کا زبانی اقرار بھی سننا چاہتا تھا۔

وہ بزنس کے جھمیلوں سے تھوڑی سی فرصت پاتے ہی ڈیڑھ' دو مہینے بعد یہاں بھاگا چلا آتا تھا۔ بی بی جان کی بے پایاں محبتیں' سویرا' ماہا کی محبت بھری شوخیاں' شرارتیں اسے سرشار کر دیتیں' لیکن ڈاکٹر صاحبہ کی ایک جھلک دیکھنے کے لیے بھی گھنٹوں انتظار کرنا پڑتا۔ جب تنہائی میسر ہوتی تو ڈاکٹر صاحبہ دستیاب نہ ہوتیں' اور جب ان کی جھلک دیکھنے کو ملتی تو بات کرنے کا موقع میسر نہ آتا۔ دو' تین دن بعد وہ حال دل سننے اور سنانے کی تشنہ آرزوؤں سمیت گھر لوٹ جاتا۔

اس بار بھی یہی ہوا تھا' ہاں البتہ ماہا کی مہربانی سے اسے ہنیہ کو بڑی فرصت سے دیکھنے کا موقع ملا تھا۔ اسے ہرگز اندازہ نہ تھا کہ ماہا بھی اتنی ہی فرصت سے اس کی سرگرمی ملاحظہ کر رہی ہے۔ آخر ماہا نے اسے میسج کیا تھا۔

"فی الحال کھانے پر توجہ دیں۔ مغیث بھائی! آپ نہ خود کھا رہے ہیں' نہ ہنیہ آپی کو کھانے دے رہے ہیں۔ سویرا ساری ٹیبل کا صفایا کر دے گی۔"

مغیث میسج پڑھ کر مسکرایا اور ڈاکٹر صاحبہ کو چھوڑ کر کھانے کی طرف متوجہ ہوا تھا۔

☼ ☼ ☼

مغیث کے جانے کے دو دن بعد ہی ڈیڈی آ گئے تھے۔ ماہا دوپہر کو کالج سے آنے کے بعد جو سوئی تو سہ پہر ڈھلنے پر اس کی آنکھ کھلی تھی۔ بی بی جان کے نزدیک اتنی دیر تک سونا نحوست شمار ہوتا تھا۔ وہ ان کی ناراض نظروں کا سامنا کرنے کے لیے خود کو تیار کرتی لاؤنج میں آئی تھی۔ مگر سامنے ہی صوفے پر ڈیڈی کو بیٹھے دیکھ کر خوشی سے اچھل پڑی تھی۔

"آپ نے تو اگلے ہفتے آنا تھا۔" وہ ان کے کھلے بازوؤں میں سما گئی تھی۔ سویرا پہلے ہی ان سے جڑی بیٹھی تھی۔

"کیسا ہے میرا بچہ۔" ڈیڈی نے اس کی پیشانی پر محبت بھرا بوسا دیا تھا۔ اس سے پیشتر وہ کوئی جواب دیتی۔ سامنے سے نوشابہ آنٹی آتی دکھائی دیں۔ ماہا کے چہرے کی مسکراہٹ یک لخت سمٹی تھی۔ اسے ہرگز اندازہ نہ تھا کہ ڈیڈی کے اس ٹرپ پر ان کی مسز بھی ان کے ہمراہ ہوں گی۔

"السلام علیکم آنٹی۔" ڈیڈی سے الگ ہوتے ہوئے اس نے ٹھنڈے ٹھار لہجے میں نوشابہ آنٹی کو سلام کیا تھا۔

"وعلیکم السلام!" جواب میں انہوں نے بھی کسی گرم جوشی کا مظاہرہ کرنے کے بجائے محض سلام کا جواب دینے پر اکتفا کیا تھا۔ حالانکہ کتنے مہینوں بعد ان کی ملاقات ہو رہی تھی۔

"میں نے آپ کے کپڑے سوٹ کیس سے نکال دیے ہیں عثمان' آپ فریش ہو لیں۔" نوشابہ آنٹی نے ڈیڈی کو مخاطب کیا۔ وہ ان کے پاس ان کی بیٹیوں کا وجود بمشکل برداشت کرتی تھیں۔ سویرا اور ماہا کے چہرے پھیکے پڑے تھے۔

"میں نے اپنی بیٹیوں کی شکل دیکھ لی ہے نوشابہ! میں آل ریڈی فریش ہو چکا ہوں۔" ڈیڈی نے اپنے اردگرد بیٹھی بیٹیوں کو دوبارہ اپنے بازوؤں میں بھرا تھا۔ نوشابہ آنٹی بنا کچھ کہے واپس پلٹ گئی تھیں۔ لیکن اگلے ہی پل بی بی جان لاؤنج میں داخل ہوئی تھیں۔

"باپ کی جان چھوڑو اور جا کر کچن دیکھو۔ رحمت جا چکی ہے۔ رات کا کھانا تم دونوں نے بنانا ہے۔" انہوں نے دونوں کی سماعتوں پر بم گرایا تھا۔

"دوپہر کو رحمت بوا نے اتنے مزے کے آلو انڈے بنائے تھے' میں سالن میں مزید دو انڈے ابال کر ڈال دیتی ہوں' کیوں ڈیڈی۔" ماہا نے بی بی جان کے بجائے ڈیڈی کی رائے لینے کو ترجیح دی تھی۔

"نوشابہ آنٹی کو آلوؤں سے بنی ہر ڈش بے حد مرغوب ہے۔" ماہا بولی' اس کا ڈیڈی کے پاس سے اٹھنے کو دل ہی نہ کر رہا تھا۔ بی بی جان نے خشمگیں نگاہوں



...ے گھورا تو سویرا جلدی سے اٹھ کھڑی ہوئی۔

"میں چکن ہانڈی بنا لیتی ہوں ٹھیک ہے نا' بی بی جان' آؤ ماہا! تم بھی میری ہیلپ کروا دو۔" اس نے ماہا سے کہا۔ وہ برا سا منہ بناتے ہوئے اٹھ گئی تھی۔ دونوں کے لاؤنج سے چلے جانے کے بعد ڈیڈی اور بی بی جان ایک دوسرے کی جانب دیکھ کر مسکرا دیے۔

"سویرا کی مجھے ہرگز فکر نہیں۔ لیکن ماہا بہت موڈی ہے۔ اس کے مزاج کا بچپنا مجھے ڈراتا ہے۔ بس میری تو یہی دعا ہے کہ اللہ ان دونوں کو میری زندگی میں اپنے گھر بار کا کر دے۔" وہ اپنی دونوں پوتیوں سے جس قدر مرضی سختی سے پیش آتیں' لیکن دونوں میں ان کی جان تھی۔ تب ہی نوشابہ آ گئیں۔

"ہنیہ' ماہا اور سویرا سے بڑی ہے۔ آپ نے اس کے متعلق کچھ نہیں سوچا۔" بات معمولی' لیکن انداز قدرے چبھتا ہوا اور جتاتا ہوا تھا۔ بی بی جان کے دل کو جیسے کسی نے مٹھی میں لے کر مسل دیا۔ ایک پل کے لیے وہ خاموش ہوئی تھیں۔ پھر چند ثانیوں کے توقف کے بعد انہوں نے بہت پرسکون اور ہموار لہجے میں جواب دیا تھا۔

"ہنیہ ایک سمجھ دار ماں کی سمجھ دار بیٹی ہے۔ ماں نے اپنے مستقبل کا فیصلہ اپنی مرضی سے کیا تھا تو بیٹی بھی یقیناً اس کی راہ پر چلے گی۔ حق انسان اپنوں پر جتا سکتا ہے اور میرے اپنوں کی فہرست میں ہنیہ شامل نہیں ہے۔"

کہتے ہوئے بی بی جان کا دل ڈوب ڈوب کر ابھرا تھا' لیکن ان کے چہرے پر دلی تاثرات کا عکس تک نہ تھا۔

"بی بی جان!" عثمان فقط یہی کہہ پائے۔ بی بی جان کو تو وہ کچھ نہ کہہ سکے' البتہ نوشابہ کو ضرور جتا دیا تھا۔

"ہنیہ بھی میرے لیے میری بیٹیوں جیسی ہی ہے نوشابہ! اس کے لیے بھی جو سوچنا ہے' ہم نے ہی سوچنا ہے۔"

وہ چہرے پر استہزائیہ مسکراہٹ سجا کر رہ گئی تھیں۔

☼ ☼ ☼

رات بہت اذیت ناک اور تکلیف دہ تھی۔ نوشابہ نے تو محض ایک بات کہہ دی تھی' مگر زینب خاتون کے دل پر لگے گھاؤ پھر سے ہرے ہو گئے تھے' بلکہ شاید ان زخموں پر تو کبھی کھرنڈ جما ہی نہ تھا۔ لیکن جب بھی وہ اپنے جگر کے ٹکڑے کی نشانی سے بے اعتنائی برتتیں دل کا درد سوا ہو جاتا۔ وہ ساری رات بستر پر کروٹیں بدلتی رہیں اور اوراق زندگی نظروں کے سامنے پھڑپھڑاتے رہے۔

ان کی شادی شدہ زندگی کا پہلا باب شادی کے محض چار سال بعد ہی بند ہو گیا تھا اور یہ چار سال ان کی زندگی کے اذیت ناک سال تھے۔ وہ پانچ بھائیوں کی اکلوتی بہن تھیں۔ میکے میں شہزادیوں کی سی زندگی گزاری۔ ماں' باپ نے تو اپنے تئیں ان کے لیے شہزادہ ہی ڈھونڈا تھا۔ لیکن اس شہزادے کا ساتھ ان کی زندگی کو کٹھنائیوں سے عبارت کر گیا۔ بے تحاشا دولت مند گھرانے سے تعلق رکھنے والے زبیر شاہ انتہائی اخلاقی گراوٹ کا شکار تھے۔ ایک نیک اور پارسا عورت بیوی بن کر ان کی زندگی میں شامل ہوئی' تب بھی ان کی عادتوں میں کوئی سدھار نہ آیا' بلکہ وہ اپنی برائیوں کا عکس اپنی بیوی کی ذات میں بھی تلاش کرتے رہتے۔ زینب خاتون ہر وقت ان کے شک و شبے کی زد میں رہتیں' وہ انہیں اذیت دینے کے لیے نت نئے حربے آزماتے۔

مشرقی عورت ہونے کے ناتے شوہر کو چھوڑنے کا تو کوئی سوال ہی پیدا نہ ہوتا تھا' وہ صرف شوہر کے راہ راست پر آنے کی دعا کرتی رہتیں۔ شادی کے سوا سال بعد ملیحہ نے ان کی گود میں آنکھ کھولی تو ناقابل برداشت ہوتی زندگی پھر سے جینے کے قابل لگنے لگی' لیکن من موہنی صورت والی بیٹی پا کر بھی زبیر شاہ کی روش نہ بدلی' انہیں بیٹی کی ذات سے بھی قطعاً کوئی دلچسپی نہ تھی۔ بلکہ سسرال والے بھی بیٹی کی پیدائش کے بعد ان کی ذات سے بالکل لاتعلق ہو گئے۔ بیٹی کو جنم دے کر



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

رہی بات آپا بی کے مزاج کی تو اب ان کے مزاج میں پہلے والی سختی نہیں رہی۔ وقت کے ساتھ اور بدل جائیں گی۔" انہوں نے نجیب کو تسلی دی۔

"آپا بی کا مزاج بدلے' نہ بدلے' مجھے ملیحہ پر پورا بھروسا ہے۔ ہماری بیٹی بہت سمجھ دار ہے۔ آپا بی کے گھر آسانی سے ایڈجسٹ کرے گی۔"

نجیب کے لہجے میں ملیحہ کے لیے بہت سامان اور پیار چھپا تھا۔ زینب مسکرا دیں۔ ان کے وہم و گمان میں بھی نہ تھا کہ ان کی "سمجھ دار بیٹی" عنقریب اپنے باپ کا مان توڑنے والی ہے۔

گھر جا کر انہوں نے اپنی دانست میں تو ملیحہ کو اس کی بات طے ہو جانے کی خوش خبری سنائی تھی۔ ان کا خیال تھا کہ اویس کی پسندیدگی یک طرفہ نہیں ہوگی۔ آپا بی ملیحہ کے لیے اویس کی جس دیوانہ وار چاہت کا تذکرہ کر رہی تھیں' ملیحہ یقیناً" اویس کی چاہت سے واقف ہوگی۔ وہ دونوں ہم عمر تھے۔ جب بھی اویس یہاں آتا' ملیحہ اور عثمان اس کی آمد پر بہت خوش ہو جاتے تھے۔ تینوں کی خوب دوستی تھی۔ اکٹھے محفلیں جمتیں۔ سیر سپاٹے کو اکٹھے نکلتے۔ اویس نے یقیناً" کبھی نہ کبھی تو ملیحہ سے حال دل کہا ہوگا۔ زینب کو اس بات کا پورا یقین تھا جب ہی تو انہوں نے مسکراتے ہوئے ملیحہ کو مخاطب کیا تھا۔

"میری بیٹی نے تو ماں سے اپنے دل کا حال چھپا لیا تھا' لیکن ماں اولاد کے دل کی خواہش سے کیسے بے خبر رہ سکتی تھی۔ آپا بی نے اویس کے لیے تمہارا رشتہ مانگا ہے اور تمہارے بابا جان نے انہیں ہاں کہہ دی ہے۔ اویس تو ایسے خوش ہو رہا تھا جیسے اسے ہفت اقلیم کی دولت مل گئی ہو۔ بہت خوش قسمت ہے میری بیٹی جو اتنے چاہنے والے شخص کا ساتھ ملا ہے۔"

زینب نے محبت پاش نگاہوں سے بیٹی کا چہرہ دیکھتے ہوئے اسے آگاہ کیا تھا۔ لیکن چند سیکنڈ بعد ہی انہیں احساس ہو گیا کہ بیٹی کے چہرے پر تاثرات ہرگز ایسے نہیں ہیں' جیسے کسی خوشی کی خبر سننے کے بعد ہونے چاہئیں وہ آنکھیں پھاڑے حیرانی سے انہیں تک رہی تھی۔ اگر یہ صرف حیرت بھرے تاثرات ہوتے تو بھی غنیمت تھا۔ اس کے چہرے سے تو شدید دکھ جھلک رہا تھا۔

"آپ نے پھوپھو کو ہاں بھی کہہ دی۔ یوں اچانک مجھ سے پوچھے بغیر ہی بی بی جان۔" وہ دکھ سے چور لہجے میں پوچھ رہی تھی۔

"ہمارے خیال میں یہ رشتہ ہر لحاظ سے بہترین تھا' نجیب سوچنے کے لیے کچھ مہلت لینا چاہ رہے تھے' لیکن آپا بی نے ایسی جلدی مچائی کہ ہمیں ہاں کہتے ہی بنی' پھر ہمیں یقین تھا کہ تمہیں اس رشتے پر کوئی اعتراض نہیں ہوگا۔" انہوں نے پیار سے بیٹی کی ٹھوڑی چھوئی۔

"آپ میرے ساتھ ایسا کس طرح کر سکتے ہیں۔" ملیحہ نے سرسراتے لہجے میں انہیں مخاطب کیا۔ زینب نے چونک کر بیٹی کو دیکھا۔ وہ یہ سمجھ رہی تھیں کہ ملیحہ اچانک یہ خبر سن کر ہکا بکا رہ گئی ہے۔ لیکن اس کے تاثرات تو ناقابل فہم تھے۔

"اویس کی پسندیدگی پر یہ رشتہ جڑا ہے۔ وہ بہت چاہتا ہے تمہیں۔" انہوں نے اس بار بھی مسکرانے کی کوشش کرتے ہوئے بیٹی کو آگاہ کیا۔

"اور میں کیا چاہتی ہوں یہ جاننے کی آپ لوگوں نے زحمت بھی نہیں کی۔"

آنسو اب ملیحہ کے گال بھگو رہے تھے۔ اب ہکا بکا ہونے کی باری زینب کی تھی۔

"مجھے اویس سے شادی نہیں کرنی بی بی جان۔ ہرگز نہیں۔ کسی قیمت پر نہیں' آپ بس پھوپھو کو انکار کر دیں۔"

"تم آپا بی کی وجہ سے انکار مت کرو' اویس کا سوچو' وہ کتنا چاہتا ہے تمہیں۔" زینب نے اسے دوبارہ اویس کی چاہت یاد دلائی تھی۔

"لیکن میں اویس کو نہیں چاہتی بی بی جان۔ میں کسی اور کو چاہتی ہوں۔" ملیحہ نے ان کے حواسوں پر بم گرایا تھا۔

"اس کے آگے ایک لفظ مت کہنا ملیحہ! چپ ہو جاؤ۔" زینب اس کی بات سن کر سخت متوحش ہو گئی تھیں' لیکن ملیحہ چپ نہیں رہی تھی۔

وہ تو کسی مناسب موقع کا انتظار کرتے کرتے پہلے ہی بہت دیر کر چکی تھی۔ اس نے ماں کو سب کچھ بتا ڈالا۔ عاشر اس کا کلاس فیلو تھا۔ دونوں ایک دوسرے کو ٹوٹ کر چاہتے تھے۔ دونوں کا خیال تھا کہ جب عاشر پڑھائی مکمل کر کے اپنے پاؤں پر کھڑا ہو جائے گا' جب ملیحہ کے والدین کے آگے دست سوال بلند کرے گا۔

ملیحہ کے تو وہم و گمان میں بھی نہ تھا کہ یوں اچانک اس کی بات ہی پکی کر دی جائے گی۔ وہ ماں کے سامنے بلک بلک کر رو پڑی تھی۔ انہیں بتا دیا تھا کہ عاشر اس کے لیے کیا حیثیت رکھتا ہے اور یہ کہ وہ عاشر کے بغیر زندگی گزارنے کا سوچ بھی نہیں سکتی۔

"اگر تمہیں اپنے باپ کی عزت کا ذرا سا بھی خیال ہے تو اپنی محبت سے دست برداری اختیار کرنا پڑے گی' تمہارے بابا اپنی بہن کو زبان دے چکے ہیں۔ اویس بہت اچھا لڑکا ہے۔ اپنے دل کو جتنا جلدی سمجھا لو تمہارے حق میں اتنا ہی اچھا ہوگا۔"

زینب نے اسے قطعی انداز میں باور کروا دیا تھا۔ ملیحہ بس روتی ہی رہی تھی۔ زینب کا خیال تھا کہ ملیحہ آہستہ آہستہ صورت حال سے کمپرومائز کر لے گی' لیکن ان ہی دنوں آپا بی کی طرف سے باقاعدہ رسم کرنے کا شوشا چھوڑ دیا گیا۔

"تم تو جانتے ہو نجیب! کہ آج کل اویس کے تایا پاکستان آئے ہوئے ہیں۔ جلد ہی ان کی امریکہ واپسی متوقع ہے۔ اویس کے ابو چاہ رہے ہیں کہ بڑے بھائی کی موجودگی میں اویس کی منگنی کی رسم ادا ہو جائے۔ ہم کل ہی تمہاری طرف آ رہے ہیں۔ فرحانہ کے سسرال والے بھی ہمارے ساتھ ہوں گے۔ تمہاری طرف سے ان کی خاطر مدارت میں کوئی کمی نہیں ہونی چاہیے۔ میری بیٹی کے سسرال کا معاملہ ہے۔" آپا بی نے پہلے ہی جتا دیا تھا۔

"آپ فکر ہی نہ کریں آپا بی۔ سب کچھ آپ کی خواہش کے مطابق انجام پائے گا۔" نجیب نے بہن کو تسلی دی۔ پھر بیوی کو بہن کے فون کے بارے میں بتایا تھا۔

زینب سن کر سخت پریشان ہو گئی تھیں۔ ابھی تو ملیحہ پہلے دھچکے سے ہی نہیں سنبھلی تھی۔ آپا بی کی عقابی نگاہیں۔ ملیحہ کی اجڑی شکل دیکھ کر کچھ بھانپ ہی نہ لیں۔

"کیا ہوا بیوی' تم تو پریشان ہی ہو گئیں' میں ہوں نا تمہارے ساتھ۔ سارے انتظامات کروانا میری ذمہ داری۔" نجیب نے ان کی پریشان شکل دیکھ کر یہی نتیجہ اخذ کیا تھا کہ وہ تقریب کے انتظامات کی وجہ سے پریشان ہیں' سو فوراً" انہیں اپنی مدد کا بھرپور یقین دلوایا۔

زینب نے بدقت مسکراتے ہوئے اثبات میں گردن ہلا دی۔ مدحت اور عثمان بھی بہن کی منگنی کی خبر سن کر پرجوش انداز میں اپنی تیاریاں کرنے لگے تھے۔ عثمان تو ملیحہ سے چھیڑ چھاڑ بھی کر رہا تھا' لیکن ملیحہ اس کے چھیڑنے پر بری طرح رو ہی تو پڑی۔

"ارے بابا! صرف منگنی کرنے آ رہی ہیں پھوپھو' ابھی سے تمہیں رخصت کروا کر ساتھ تھوڑی لے جائیں گی۔" عثمان نے بہن کو بازو کے حلقے میں لے کر تسلی دی۔

"بھائی! آپ آپی کو بلاوجہ تنگ کر رہے ہیں۔ اس موقع پر لڑکیوں کو رونا آ ہی جاتا ہے۔" بہن کی متوقع جدائی سے مدحت کی اپنی آنکھیں بھر آئی تھیں۔

زینب کا دل ملیحہ کی شکل دیکھ کر ڈوب رہا تھا۔ اگر یہ بے وقوف لڑکی پہلے ہی اپنے دل کے حال سے آگاہ کر دیتی تو یہ نوبت درپیش نہ آتی' نجیب روشن خیال شخص تھے۔ وہ بیٹی کی پسند کو سند قبولیت بخش سکتے تھے۔ لیکن اب کچھ بھی ہونا ناممکن تھا۔ رات کو تنہائی پاتے ہی زینب پھر ملیحہ کو سمجھانے چلی آئی تھیں۔

"اپنے آپ کو سنبھالو ملیحہ! آپا بی تمہاری شکل دیکھ کر کھٹک ہی نہ جائیں۔"

"اب بھی وقت ہے بی بی جان! آپ بابا کو کہیں کہ وہ پھوپھو کو انکار کر دیں۔" ملیحہ ان سے روتے ہوئے چمٹ گئی تھی۔





WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

"بے وقوفی کی باتیں مت کرو ملیحہ۔" انہوں نے ڈپٹتے ہوئے اسے خود سے الگ کیا۔

"میں عاشر کے سوا کسی اور کے ساتھ زندگی گزارنے کا سوچ بھی نہیں سکتی۔" وہ بلک بلک کر روئی تھی۔ زینب نے ایک زوردار طمانچہ اس کے گال پر رسید کیا تھا۔

"آج کے بعد میں عاشر کا نام تمہارے منہ سے نہ سنوں۔ سمجھو مر گیا ہے وہ تمہارے لیے۔" ملیحہ کی جذباتیت کا شاید یہی علاج تھا۔ اسے درشتی سے ڈپٹتے ہوئے وہ کمرے سے چلی گئیں۔

اگلا طلوع ہونے والا دن ان کی زندگی کا سیاہ ترین دن تھا۔ ملیحہ کے گال پر تھپڑ مارنے کی بہت کڑی سزا بھگتنی پڑی تھی انہیں۔ آپا بی ڈھیروں مہمانوں کے ہمراہ بہت دھوم دھام سے منگنی کی رسم کرنے پہنچ چکی تھیں۔ ملیحہ صبح بغیر بتائے یونیورسٹی کے لیے نکل گئی تھی۔

"آپ کیوں فکر کرتی ہیں بی بی جان! آپی جلد آنے کا کہہ کر گئی ہیں۔"

مدحت کی زبانی ہی انہیں ملیحہ کے یونیورسٹی جانے کا پتا چلا تھا اور اس نے ہی ان کی پریشانی بھانپ کر تسلی دی تھی۔ حالانکہ اسے اندازہ بھی نہ تھا کہ ماں کے دل میں کن خدشات نے جنم لیا ہے۔ وہ صرف یہی سوچ سکی تھی کہ وہ مہمانوں کی آمد اور کاموں کے دباؤ کی وجہ سے پریشان ہیں۔ گھریلو کام کاج میں بالکل اناڑی ہونے کے باوجود اس روز مدحت نے ان کا ہاتھ بٹانے کی ہر ممکن کوشش کی تھی۔ عثمان نے بھی آج اپنے انسٹی ٹیوٹ سے چھٹی کی تھی۔

آپا بی اور ان کے مہمانوں کا استقبال کرنے کے لیے سب ہی جی جان سے مصروف تھے، لیکن زینب کا دل خدشات کا شکار تھا۔ ان کی نگاہیں بار بار گھڑی کی طرف اٹھ رہی تھیں۔ آپا بی اپنے سسرالی عزیزوں اور دیگر مہمانوں کے ہمراہ پہنچ چکی تھیں، لیکن ملیحہ کا نام و نشان تک نہ تھا۔ مہمانوں کی طرف سے پہلا سوال ملیحہ کے متعلق ہی کیا گیا تھا۔ وہ لوگ اویس کی منگیتر دیکھنے کے آرزومند تھے۔

"ملیحہ یونیورسٹی گئی ہے، بس آتی ہی ہوگی۔" زینب نے اپنے فق پڑتے چہرے پر زبردستی کی مسکراہٹ لاتے ہوئے بتایا تھا۔

"یہ بھی خوب رہی زینب! آج کے دن بھی بیٹی کو یونیورسٹی بھیج دیا۔ کچھ تو سوچا ہوتا۔" آپا بی نے سب کے سامنے ہی ناراضی کا اظہار کیا۔

"آج اس کا بہت ضروری ٹیسٹ تھا۔ بس اب پہنچنے ہی والی ہوگی۔" انہوں نے دل کی خواہش کو لفظوں میں ڈھال کر جواب دیا۔ دل یہی راگ الاپ رہا تھا کہ کاش جلدی سے ملیحہ آجائے اور ان کے تمام خدشات غلط ثابت ہوں۔ گھڑی کی سوئیاں آگے سرکتی جارہی تھیں اور ان کا دل اندر ہی اندر ڈوبتا جارہا تھا۔ صبح سے بھاگ دوڑ اور کاموں میں مصروف نجیب کو بھی اب پتا چلا تھا کہ ملیحہ گھر پر موجود نہیں ہے۔

"تمہیں آج ملیحہ کو یونیورسٹی نہیں بھیجنا چاہیے تھا زینب! آپا بی سخت خفا ہو رہی ہیں اور وہ خفا ہونے میں حق بجانب ہیں۔ مہمانوں سے گھر بھرا پڑا ہے۔ تقریب کے سب انتظامات مکمل ہیں اور ملیحہ گھر پر موجود نہیں۔" نجیب ان سے ناراضی سے گویا ہوئے۔

"بس آتی ہی ہوگی۔" وہ گھڑی پر نگاہیں جما کر دھیرے سے بولی تھیں۔ نجیب کو ان کا انداز کچھ غیر معمولی لگا تھا۔ وہ کچھ کھٹکے تو تھے، لیکن اپنا وہم سمجھ کر نظرانداز کر گئے۔

"اچھا اب تم بھی تیار ہو جاؤ۔ آپا بی کو دیکھا ہے، کیسے زرق برق کپڑے پہنے ہیں آج۔ وہ دولہا کی ماں ہیں تو دلہن کی ماں کو بھی کسی سے کم تو نہیں لگنا چاہیے نا۔"

اپنی کچھ لمحوں پہلے والی بات کا اثر زائل کرنے کو وہ ہلکے پھلکے انداز میں گویا ہوئے۔ زینب نے سر اٹھا کر شوہر کو دیکھا۔ انہوں نے جیسے نجیب کی بات سنی ہی نہ تھی۔ ان کی نگاہیں، پھر گھڑی کی طرف اٹھیں۔ عام دنوں میں ملیحہ اس وقت تک گھر آچکی ہوتی تھی۔ آج کے دن ملیحہ کی گھر سے غیر موجودگی کا صرف ایک ہی



مطلب تھا۔ وہ اویس سے منگنی کرنا ہی نہ چاہتی تھی۔ ایک دن پہلے وہ اسے تھپڑ مار کر یہ سمجھے بیٹھی تھیں کہ انہوں نے ملیحہ کو باور کروا دیا ہے۔ ماں، باپ کے کیے ہوئے فیصلے کو حتمی فیصلہ سمجھے۔ ملیحہ نے بحث مباحثے کے بجائے منظر سے غائب ہو کر ان کے فیصلے کو چیلنج کر دیا تھا۔ بیٹی کی پلاننگ ان کی سمجھ میں آگئی تھی۔ ان کا جی چاہ رہا تھا کہ وہ بھی کوئی سلیمانی ٹوپی پہن کر منظر سے غائب ہو جائیں۔

نجیب جانے کیا، بول رہے تھے۔ انہوں نے خالی خالی نگاہوں سے نجیب کو دیکھا۔ یہ فرشتہ صفت شخص ان کا شوہر ہی نہیں ان کا محبوب بھی تھا۔ ملیحہ کو سگے باپ سے بڑھ کر چاہا، اس نے اور ان کی بیٹی نے اس چاہت کا کیا اچھا جواب دیا تھا۔ کیا وہ آج کے بعد نجیب سے نگاہیں ملا پائیں گی۔ وہ بے دم سی ہو کر بیڈ پر بیٹھی تھیں۔

"کیا ہوا زینب، تمہاری طبیعت تو ٹھیک ہے؟" نجیب نے پوچھا تب ہی عثمان داخل ہوا۔ وہ بھی گھبرایا ہوا اور پریشان تھا۔

"بی بی جان! ابھی ملیحہ کی ایک دوست کا فون آیا ہے۔ اس نے یہ بتانے کے لیے فون کیا تھا کہ کل بھی یونیورسٹی میں اسٹرائیک ہے، کوئی کلاس نہیں ہوگی، جب میں نے اس سے کہا کہ ملیحہ تو آج بھی یونیورسٹی گئی ہے تو وہ کہہ رہی تھی کہ آج بھی اسٹرائیک کے سبب کوئی کلاس نہیں ہوئی تھی۔" عثمان نے پریشانی کے عالم میں ماں کو آگاہ کیا۔ وہ چپ چاپ بیٹے کی شکل تکتی رہیں۔

"میں خود یونیورسٹی جاتا ہوں اور پلیز یہ اسٹرائیک والی بات پھوپھو کے سامنے مت کیجیے گا۔ پہلے ہی ان کا موڈ سخت آف ہے، پتا نہیں کیا معاملہ ہے ملیحہ یونیورسٹی گئی ہی کیوں اور پھر اب تک لوٹی کیوں نہیں۔" عثمان کی پریشانی اس کے چہرے سے چھلک رہی تھی۔

"مجھے معاف کر دیں نجیب!" زینب نے یک لخت نجیب کے سامنے ہاتھ جوڑ دیے تھے۔ وہ اب زار و قطار رو رہی تھیں۔ ان کے اعصاب مزید بوجھ برداشت کرنے کے قابل نہ تھے۔ انہیں یہ بوجھ نجیب کے کندھوں پر منتقل کرنا ہی تھا۔

"ملیحہ جان بوجھ کر آج کے دن گھر سے باہر نکلی ہے۔ وہ ابھی واپس نہیں آئے گی اور پتا نہیں واپس آئے گی بھی یا نہیں۔" نجیب پریشانی کے عالم میں ان کے قریب آئے تھے جب انہوں نے روتے ہوئے انہیں آگاہ کیا۔

"کیا کہہ رہی ہو زینب۔" نجیب ان کی بات سن کر ہکا بکا رہ گئے تھے۔ پاس کھڑے عثمان کا حال بھی کچھ مختلف نہ تھا۔

"وہ اویس سے منگنی نہیں کرنا چاہتی تھی۔ اپنے کلاس فیلو کو پسند کرتی تھی۔ میں نے بہت سمجھایا۔ بہت سمجھایا اسے۔ مار کر بھی دیکھ لیا۔ کیا خبر تھی یوں بدلہ لے گی مجھ سے۔ اپنی چند دن کی محبت ماں، باپ کی عزت سے زیادہ قیمتی لگی اسے۔ وہ ہمیں رسوا کر گئی نجیب۔"

زینب بری طرح رو پڑی تھیں۔ ان کے جڑے ہاتھ جو نجیب نے اپنی گرفت میں لے لیے تھے۔ یک لخت وہ گرفت کچھ ڈھیلی پڑی تھی۔ سامنے آپا بی کھڑی تھیں۔ قہر برساتی نگاہوں سے زینب کو گھور رہی تھیں۔

"میں یہی سن گن لینے آئی تھی کہ بند کمرے میں کون سا ڈراما ہو رہا ہے، ارے میں تو پہلے ہی کھٹک گئی تھی کہ دال میں کچھ کالا ہے۔ ایسی مردنی چھائی ہوئی تھی اس کے چہرے پر۔" انہوں نے نفرت سے روتی ہوئی زینب کو دیکھا تھا۔

"اس حرافہ ماں کی بیٹی سے اسی طرح کے کرتوت کی توقع تھی۔ ساری عمر میرے بھائی پر جادو کیے رکھا، بیوی کے سوا اسے کچھ نظر ہی نہ آیا۔ بیٹی نے ویسا ہی سحر میرے بچے پر پھونک ڈالا۔ باؤلا ہو گیا وہ اس کی چاہت میں، کہتا تھا مر جاؤں گا۔ ملیحہ کے سوا کسی سے شادی نہ کروں گا۔ دل پر جبر کر کے صرف اس کی خوشی کی خاطر تمہارے آگے دامن پھیلایا۔ اب بتاؤ کیا کروں میں۔



www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

شرکت کا بلاوا دینے آئی تھیں۔

سویرا کی تو دلی مراد بر آئی تھی۔ جب سب ابتدائی تعارف میں مگن تھے تو اس نے پہلے ایک بچے کو پاس بلا کر گود میں بٹھایا۔ چار منٹ بعد دوسرے کو پھر آخر ماں سے اس کی گود والی بچی بھی مانگ لی۔

"یہ تو تین بچے ہیں۔ باقی تین بچے وہ کس کے ہیں آپی۔" جب محفل میں بے تکلفی کا رنگ جما تو ماہا نے دل میں کلبلاتا سوال پوچھ ڈالا۔ عائشہ شرمندہ سی ہو گئی تھیں۔

"میرے ہی ہیں۔ ماشاء اللہ چھ بچے ہیں میرے۔"

"ماشاء اللہ... ماشا اللہ... بہت خوشی ہوئی سن کر۔ ورنہ آج کل تو لوگ بچے دو ہی اچھے والے محاورے پر یقین رکھتے ہیں۔ مجھے تو سخت اختلاف ہے اس منطق سے۔" بی بی جان نے عائشہ کے چہرے پر چھائی خجالت مٹانے کو یہ بات کی تھی۔

"ہم بھی اسی محاورے پر یقین رکھتے تھے آنٹی۔" عائشہ کو ہنسی آ گئی تھی۔ "ریان اور عالیان بچے دو ہی اچھے والے فارمولے کا نتیجہ تھے۔ سفیان اور ثوبان بس ایسے ہی اچانک تشریف لے آئے۔ پھر میرے میاں، سسر اور دیور کی خواہش تھی کہ ان بھائیوں کی کم از کم ایک بہن تو ضرور ہونی چاہیے۔ بیٹی کے بنا گھر بالکل ادھورا ہے۔ بس اللہ نے دو رحمتیں اکٹھی بھیج دیں۔ شائلہ یہ رہی اور عائلہ گھر میں سو رہی ہے۔" ہنس مکھ سی عائشہ نے اپنے چھ بچوں کی تفصیلات سے آگاہ کیا تھا۔

ماہا، سویرا کے ساتھ بی بی جان کو بھی یہ ملنسار سی لڑکی بہت اچھی لگی تھی۔ اسے زبردست سی چائے پلا کر قرآن خوانی میں شرکت کا وعدہ کیا گیا تھا اور پھر دونوں گھرانوں میں آنا جانا شروع ہو گیا تھا۔ یہ آنا جانا یہ رنگ لایا کہ دو ماہ بعد عائشہ سویرا کے لیے اپنے "گیلو گیلو ڈشنگ" سے دیور کا رشتہ لے آئیں۔ احمر کو دیکھ کر اور اس سے مل کر ماہا کو سویرا کی بات ماننا پڑی تھی۔ واقعی کوئی شخص بڑھے وزن کے باوجود ڈشنگ لگ سکتا تھا۔ عثمان نے ہر طرح کی چھان بین اور جانچ پڑتال کے بعد بی بی جان کو احمر کے متعلق او کے رپورٹ دی تھی۔ بی بی جان کو تو پہلے ہی یہ فیملی بہت شریف، ملنسار اور خوش اخلاق لگی تھی۔ انہوں نے استخارہ کرنے کے بعد ان لوگوں کو ہاں کہلوا دی تھی۔

سویرا کے سسرال والوں کی خواہش پر منگنی کی رسم بھی منعقد کی گئی۔ طویل عرصے بعد نجیب ہاؤس میں ایسی خوشیوں بھری شام اتری تھی۔ مدحت اپنے تینوں بچوں سمیت ایک روز قبل پہنچ چکی تھیں۔ عثمان اور نوشابہ تین، چار دن پہلے ہی پہنچ چکے تھے۔ یہ ایک چھوٹے پیمانے پر منعقد کیا گیا فیملی فنکشن تھا۔ لیکن ندا، طلحہ اور ماہا نے خوب ہی رونق لگائی۔ عائشہ کے چھ عدد پیارے پیارے بچے تقریب میں سب کی نگاہوں کا مرکز تھے۔

عائشہ کی ٹوئنز بیٹیوں میں ایک ہنیہ کی گود میں تھی۔ دوسری رحمت بوا کے پاس تھی۔ انہیں بی بی جان نے کسی کام سے پکارا تھا۔

"مغیث بیٹا ذرا ایک منٹ کو شائلہ کو پکڑنا۔ میں ابھی آئی۔" رحمت بوا کو مغیث ہی فارغ نظر آیا سو اس کی گود میں بچی منتقل کرتی بی بی جان کی بات سننے لپکیں۔

مغیث بچی کو کندھے سے لگائے ہنیہ کے پاس آن کھڑا ہوا۔ سفید لباس میں وہ اسے آسمان سے اتری حور لگ رہی تھی۔

"سویرا کی جیٹھانی مزے سے فوٹو سیشن کروا رہی ہیں اور بچے سنبھالنے کی ذمہ داری ہمارے سپرد کر دی۔" اس نے ہنیہ کو شگفتگی سے مسکراتے مخاطب کیا۔ وہ کچھ نہ بولی، محض مسکرا دی تھی۔

"آپ اتنی کم گو کیوں ہیں ڈاکٹر صاحبہ۔ یہ کم گوئی ہمیشہ میری بولتی بند کر دیتی ہے۔ کبھی تو کچھ بول لیا کریں، تاکہ میرے کچھ بولنے کا بھی جواز پیدا ہو سکے۔" اس نے ٹھنڈا سانس بھرتے ہوئے ہنیہ کو مخاطب کیا۔

"اتنی چھوٹی بچی ہے آپ کی گود میں، اس کی گردن کے نیچے ہاتھ رکھیں۔" ڈاکٹر صاحبہ بولیں بھی تو کیا۔ مغیث جی بھر کر بد مزہ ہوا تھا۔ اسی لمحے ماہا وہاں سے گزری تھی۔

"بیوٹی فل۔" وہ انہیں ساتھ ساتھ کھڑا دیکھ کر رک گئی۔ بے ساختہ لبوں سے توصیفی کلمہ بھی بر آمد ہوا۔ ہنیہ نے اسے گھورا تھا۔ "آپ دونوں اجازت دیں تو ایک تصویر لے لوں۔" اس نے اپنا موبائل والا ہاتھ آگے کیا۔ ہنیہ کی گھورتی نگاہوں کا اس پر مطلق اثر نہ ہوا تھا۔

"عائشہ باجی شاید مجھے ڈھونڈ رہی ہیں۔" ہنیہ تیزی سے منظر سے غائب ہوئی تھی۔ ماہا اور مغیث ایک دوسرے کو دیکھ کر ہنس پڑے تھے۔

"آئی ہوپ مغیث بھائی! اس گھر میں بہت جلد ایک مزید منگنی کی رسم ادا کی جائے گی۔" اس نے شرارتی انداز میں مغیث کو مخاطب کیا۔

"آئی ہوپ سو ماہا۔" مغیث بھی دھیرے سے مسکرا دیا تھا۔

☼ ☼ ☼

بی بی جان کے وہم و گمان میں نہ تھا کہ ان کی چپ چاپ کم گو اور شرمیلی سی نواسی، اپنی ماں کے نقش قدم پر چلتے ہوئے اپنی مرضی سے اپنے جیون ساتھی کا انتخاب کر سکتی ہے۔

ڈرائنگ روم میں اس وقت ڈاکٹر عمر ہاشم کی ماں اور دو بہنیں موجود تھیں۔ بہت شائستگی سے انہوں نے بی بی جان سے ہنیہ کا رشتہ مانگا تھا۔

"ہمیں مایوس مت لوٹایئے گا آنٹی۔ عمر ہمارا اکلوتا لاڈلا بھائی ہے۔ ہمارا بھائی یقیناً آپ لوگوں کے معیار پر پورا اترے گا۔ پھر ہنیہ آپ کو خود عمر کے مزاج اور عادتوں سے آگاہ کر دے گی۔ دونوں پانچ سال اکٹھے پڑھے ہیں، ہاؤس جاب بھی اکٹھے کی اور پھر اتفاق سے ایک ہی ہاسپٹل میں جاب بھی مل گئی۔ عمر کے متعلق ہنیہ کی گواہی ہی سب سے معتبر ہو گی۔ آپ ہنیہ سے پوچھ کر اپنے دل کی تسلی کر لیجیے۔"

ڈاکٹر عمر کی بہن نے شگفتگی سے مسکراتے ہوئے بی بی جان کو مخاطب کیا۔ اسے کیا اندازہ تھا کہ عام سے پیرائے میں کی جانے والی یہ بات بی بی جان کے دل و دماغ میں کیسا اودھم مچا چکی ہے۔

ابھی دو چار دن پہلے کی ہی تو بات تھی، مدحت نے ان سے ٹیلی فون پہ بات کی تھی۔

"سویرا کی منگنی میں تو اویس کسی مصروفیت کی وجہ سے نہ آ سکے تھے۔ لیکن اگلے ہفتے میں اور اویس آپ کے پاس آ رہے ہیں بی بی جان۔" مدحت نے ماں کو مسکراتے ہوئے بتایا۔

"سو بار آؤ، تمہارا اپنا گھر ہے۔" انہوں نے بھی مسکرا کر کہا تھا۔

"میں اور اویس اپنے گھر کے لیے آپ کے گھر سے کچھ مانگنا چاہتے ہیں بی بی جان۔"

مدحت نے سرپرائز برقرار رکھنے کی خاطر صاف بات نہ کی تھی۔ لیکن وہ بیٹی کے خوشی سے کھنکتے لہجے سے اس کی بات کا مفہوم پا گئی تھیں۔ طمانیت کی لہر ان کے رگ و پے میں دوڑ گئی تھی۔ بظاہر وہ ہنیہ سے جتنا مرضی لاتعلقی بھرا رویہ روا رکھتی تھیں۔ لیکن سچ تو یہی تھا کہ ان کی زندگی کی سب سے بڑی خواہش یہی تھی کہ وہ اپنی دونوں پوتیوں اور اکلوتی نواسی کو اپنی زندگی میں ہی ان کے گھر بار کا کر دیں۔

سویرا کی منگنی میں انہوں نے مغیث کو ہنیہ کی جانب والہانہ تکتے ہوئے دیکھا تو دل میں بے ساختہ دعا نکلی تھی کہ ان کا یہ پیارا سا نواسا ان کی جان سے پیاری نواسی کا نصیب بن جائے۔ وہ چاہتیں تو مدحت سے اس بارے میں بات کر سکتی تھیں۔ لیکن پھر یہ خیال ذہن کو جکڑ لیتا تھا کہ ہنیہ، ملیحہ اور عاشر کی بیٹی ہے۔ بے شک ایک عمر گزار لینے کے بعد اویس مدحت کے لیے نرم خو اور خیال رکھنے والے شوہر کا روپ دھار چکا تھا۔ مدحت نے بھی محبت کے بجائے اویس کی توجہ پر ہی قناعت کر لی تھی۔

انہیں انتظار تھا کہ مدحت اویس کی رضامندی کے ساتھ مغیث کے لیے ہنیہ کا ہاتھ مانگے اور ان کی دعائیں مستجاب ہوئی تھیں۔ پتا نہیں اویس آسانی سے مان گیا تھا یا مدحت کو اسے قائل کرنے میں محنت




WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

کرنا پڑی تھی۔ ان کے لیے تو یہی بہت تھا کہ اویس اور مدحت اکٹھے ہنیہ کا ہاتھ مانگنے آرہے ہیں، لیکن انہوں نے سوچ رکھا تھا کہ جب ان کی بیٹی یہاں آکر اشاروں، کنایوں کے بجائے کھل کر بات کرے گی تو وہ اسے رضامندی دینے سے قبل اس کے سامنے ہنیہ کو بلا کر اس کی رضامندی بھی دریافت کریں گی۔

وہ ماضی کی غلطی نہیں دہرانا چاہتی تھیں، لیکن لگتا تھا تاریخ اپنے آپ کو دہرانے پر تلی ہے۔ محبت کے سفر میں مغیث کو اپنے باپ کی طرح نامراد رہنا تھا۔ ان کی نواسی نے ماں کی طرح انہیں اعتماد میں لیے بغیر اپنے مستقبل کا فیصلہ خود ہی کر ڈالا تھا۔ ان کی بھولی بھالی نواسی جس پر انہیں دل ہی دل میں ٹوٹ کر پیار آتا۔ وہ اس سے لاتعلقی اختیار کر کے اس کی ماں کے کیے کی سزا اسے دیتی تھیں، لیکن ایسا کرتے ہوئے ان کا اپنا دل کیسے کرلاتا تھا، کوئی نہیں جانتا تھا، اپنی دانست میں وہ مغیث جیسے بندے سے اس کا رشتہ طے کر کے ہنیہ کی زندگی بھر کی محرومیوں کی تلافی کر رہی تھیں، لیکن ہنیہ نے اپنے مستقبل کا فیصلہ خود کرنے کو ترجیح دی تھی۔

ظاہر ہے وہ اپنی ماں کی طرح ذی شعور اور پڑھی لکھی لڑکی تھی۔ اسے ایسا کرنے کا پورا حق تھا۔ تنفر بھری طنزیہ مسکراہٹ ایک لمحے کو ان کے چہرے پر نمودار ہو کر غائب ہو گئی۔ وہ ڈرائنگ روم میں بیٹھے مہمانوں کی جانب متوجہ ہوئیں۔ شکر ہے وقت ابھی ان کے ہاتھ سے نہ نکلا تھا۔ مدحت نے ابھی صرف اشارے کنایوں میں بات کی تھی۔ وہ ہنیہ کے مستقبل کا فیصلہ ہنیہ کی مرضی سے کرنے کے لیے آزاد تھیں۔ وہ نہیں چاہتی تھیں، ہنیہ بھی ملیحہ والے انجام سے دوچار ہو۔

"جب بیٹیاں والدین کو اعتماد میں لیے بغیر اپنی زندگی کے فیصلے اپنی مرضی سے کرنے لگیں تو زور زبردستی سے ان کے فیصلے بدلوانے کے بجائے ان کے فیصلے کے آگے سر تسلیم خم کر دینا ہی عین دانش مندی ہے۔" یہ سبق ان کی زندگی کے تلخ ترین تجربے کا نچوڑ تھا۔

انہوں نے مزید دیر کرنا مناسب نہ سمجھا۔ وہ مدحت اور اویس کی آمد سے پہلے اس قصے کو منطقی انداز سے نمٹانا چاہتی تھیں۔ سو ایک بردبار سی مسکراہٹ چہرے پر سجاتے ہوئے انہوں نے ڈاکٹر عمر کی والدہ کو مخاطب کیا تھا۔

"میری اپنی خواہش بھی یہی تھی کہ ہنیہ کو اسی کے پروفیشن سے وابستہ کسی شخص کا ساتھ نصیب ہو جائے۔ آپ لوگوں سے مل کر مجھے واقعی بہت خوشی ہوئی ہے۔ جس چاہت اور محبت سے آپ نے میری نواسی کا رشتہ مانگا یہ ہماری عزت افزائی ہے۔ میں چاہتی تو آپ سے رسمی طور پر سوچنے کی مہلت مانگ سکتی تھی، لیکن جیسا کہ آپ نے کہا کہ عمر نے ہنیہ کا دیکھا بھالا ہے، اتنے عرصے تک دونوں اکٹھے پڑھے ہیں۔ طبیعت اور مزاج کا اندازہ تو ہو ہی جاتا ہے۔ زندگی بچوں نے گزارنی ہے۔ ان کی ذہنی مطابقت قائم ہو جائے تو ہمیں اور کیا چاہیے۔ مجھے یہ رشتہ منظور ہے۔"

دل کے درد کو دل میں دبا کر بہت نرم مسکراہٹ چہرے پر سجاتے ہوئے بی بی جان نے ان لوگوں کو مثبت عندیہ دے دیا تھا۔ اتنا فوری اقرار ان لوگوں کے لیے بھی غیر متوقع تھا۔ پھر بھی ان کی خوشی کا کوئی ٹھکانا نہ تھا۔

"ہم آپ کا شکریہ کس منہ سے ادا کریں۔ بے شک ہم بہت آس لے کر آئے تھے لیکن اندازہ نہ تھا کہ آپ ہماری درخواست کو فوراً" شرف قبولیت بخش دیں گی۔" خوشی کے مارے ڈاکٹر عمر کی ماں کی آنکھوں میں نمی اتر آئی۔

"میری زندگی کا کوئی بھروسا نہیں بیٹا۔! میری اپنی یہی خواہش ہے کہ میں جلد از جلد ہنیہ کے فرض سے سبک دوش ہو جاؤں۔ اس کے ماں، باپ سلامت ہوتے تو اور بات تھی، جب آپ لوگوں سے مل کر میرا دل مطمئن ہو گیا ہے تو رسمی باتوں میں وقت ضائع کرنے کا کیا فائدہ۔" انہوں نے گویا فوری اقرار کی توجیہہ پیش کی تھی۔

"بالکل ٹھیک کہا آپ نے۔ اگر ہنیہ گھر پر ہے تو



اسے بلوائیے۔ باقاعدہ رسم تو دھوم دھام سے کریں گے میں اسے شگن کے طور پر اپنی ہی انگوٹھی پہنا دیتی ہوں۔"

ڈاکٹر عمر کی ماں کا چہرہ خوشی سے تمتما رہا تھا۔ بی بی جان نے مسکرا کر سر ہلا دیا۔ سویرا اور ماہا بازار گئی ہوئی تھیں، انہوں نے کچن میں مصروف رحمت بوا کو آواز دی تھی کہ وہ ہنیہ کو اس کے بیڈ روم سے بلالیں۔ نائٹ ڈیوٹی کرنے کے بعد وہ بہت گہری نیند سو رہی تھی جب رحمت بوا نے اسے بی بی جان کا پیغام دیا تھا۔

"کون مہمان ہیں، مجھے کس سے ملوانے کے لیے اٹھایا ہے؟" وہ حیران ہوتی ڈرائننگ روم تک آئی تھی۔

ڈرائننگ روم میں ڈاکٹر عمر کی والدہ اور بہنوں کو دیکھ کر وہ ٹھٹھک کر رکی۔

"آنٹی! آپ لوگ یہاں کیسے؟" خوش دلی سے انہیں سلام کر کے اس نے اپنی حیرت کا بھی اظہار کیا تھا۔

بی بی جان نے ایک چبھتی ہوئی نگاہ انجان بنتی نواسی پر ڈالی۔ جب وہ عمر کی ماں بہنوں سے واقف تھی تو ان کی آمد سے کیسے لاعلم ہو سکتی تھی۔

"ہاتھ آگے کرو ہنیہ! عمر کی والدہ تمہیں انگوٹھی پہنانے آئی ہیں۔"

بی بی جان نے گویا اس کے حواس پر بم گرایا تھا۔ بے یقینی سے اس نے نانی کو دیکھا۔ اس کے تاثرات سے بے نیاز ڈاکٹر عمر کی والدہ نے خوشی خوشی اس کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیتے ہوئے انگوٹھی پہنا دی تھی۔

☆ ☆ ☆

"ہم مارکیٹ تک گئے تھے دوسری دنیا تک نہیں، آپ نے ہمارے پیچھے سے ہنیہ آپی کا رشتہ بھی طے کر دیا۔" ماہا چیخ رہی تھی۔

"آہستہ بولو۔ تمہارا رشتہ طے نہیں کیا جو یوں اچھل رہی ہو۔ جس کا رشتہ طے کیا ہے، اس کی پسند پر طے کیا ہے۔ عثمان کا نمبر ملا کر دو مجھے۔ میں اسے آگاہ کروں۔"

ماہا ان کی بات سنی ان سنی کرتی ہنیہ کے کمرے کی طرف بڑھی تھی۔ سویرا بھی اس کے پیچھے لپکی۔

"تمہارا ابھی جواب نہیں رحمت! فوراً" بچیوں کو رپورٹ دی۔" بی بی جان نے اندر کا غصہ رحمت بوا پر نکالا۔ وہ خفیف سی ہو کر پھر باورچی خانے میں گھس گئیں۔

اور وہاں ماہا، ہنیہ کے کمرے کا دروازہ بجا بجا کر تھک چکی تھی۔

"میں سو رہی ہوں ماہا! میرے سر میں شدید درد ہے۔ پلیز تنگ نہ کرو۔" ہنیہ نے بند دروازے کے پیچھے سے ہی جواب دیا تھا۔

ماہا نے اپنے پیچھے کھڑی سویرا کو دیکھا۔ سویرا بھی حیرت سے گنگ کھڑی تھی۔

"بی بی جان نے اپنی سگی نواسی سے سوتیلا پن دکھا دیا نا۔ مجھے اسی چیز کا خدشہ تھا۔" اس نے غصے سے سر جھٹکا تھا۔

"آہستہ بولو ماہا۔! بلکہ آؤ اپنے کمرے میں ہنیہ آپی ابھی دروازہ نہیں کھولیں گی اور ان کا موقف لیے بغیر معاملہ پوری طرح ہماری سمجھ میں نہیں آئے گا۔" سویرا دھیرے سے اسے سمجھاتی، اس کا ہاتھ پکڑ کر کمرے میں لے گئی تھی۔

رات کے کھانے کے بعد دونوں نے پھر ہنیہ کے کمرے کا رخ کیا۔ صد شکر اس بار دروازہ کھلا ملا۔ ہنیہ نماز سے فارغ ہو کر جائے نماز تہہ کر رہی تھی۔ اس کی سوجی ہوئی متورم آنکھیں اور گلابی ناک دیکھ کر اندازہ لگانا چنداں مشکل نہ تھا کہ وہ اتنے گھنٹوں تک متواتر روتی رہی ہے۔

"کھانا کھانے کیوں نہیں آئیں آپ۔ کم از کم بی بی جان کو آپ کی شکل تو دیکھنے کو ملتی، وہ تو یہی سمجھ رہی ہوں گی کہ آپ شرما کر کمرے سے باہر نہیں نکل رہیں۔" ماہا نے ذرا تیز لہجے میں ہنیہ کو مخاطب کیا۔

"ماہا!" سویرا نے اسے تنبیہی انداز میں ٹوکا۔

"بی بی جان کا کہنا ہے کہ انہوں نے آپ کی پسند کا



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

کرنے میں جھجک تو محسوس نہیں ہوگی اس لیے میں نے اس بارے میں ہنیہ سے تذکرہ تک نہ کیا۔ میری دانست میں یہ ایک انتہائی شریفانہ عمل ہے۔ آپ جانے کس بنیاد پر مجھ سے جرح کرنے آگئیں۔" عمر کے کہنے پر ماہا ایک لمحے کو خاموش ہوگئی اس سے کوئی جواب نہ بن پڑا تھا۔

"اگر ہنیہ کو اس رشتے پر اعتراض ہے تو آپ لوگوں کو کل ہی انکار کردینا چاہیے تھا۔ ہنیہ کی مرضی کے بغیر ہاں کیوں کی۔ میری والدہ تو شاید انہیں رنگ بھی پہنا آئی ہیں۔ ہمارے گھر میں خوشیاں منائی جارہی ہیں' آپ لوگوں کو چاہیے کہ میرے گھر والوں تک اپنا انکار پہنچادیں۔ اس میں اتنا پریشان ہونے کی کیا ضرورت ہے۔" وہ ماہا کی پریشانی بھانپ گیا تھا جب ہی اسے رسانیت سے مخاطب کیا۔

"آپ ہمارے گھر آکر میری دادی سے وضاحت دیں کہ آپ کے اور ہنیہ آپی کے بیچ کوئی کمٹمنٹ نہیں تھی۔"

"آپ کی دادی میری کیا لگتی ہیں بھئی؟" وہ حیران ہوا۔

"جب آپ ہنیہ آپی کو پسند بھی نہیں کرتے۔ رشتہ ٹوٹنے سے آپ کو کوئی فرق بھی نہیں پڑتا تو اک ذرا سی وضاحت دینے سے آپ کا کیا جاتا ہے۔" وہ اس پر بگڑی تھی۔

"لگتا نہیں ہنیہ آپ کی کزن ہے وہ اتنی کم گو ہیں اور آپ؟"

"کیا میں؟" ماہا نے تنک کر پوچھا تھا۔

"ناشتے میں ہری مرچوں والا آملیٹ لینا بند کردیں۔ افاقہ ہوگا۔ چلتا ہوں۔" چائے کا آخری گھونٹ لے کر وہ اٹھ کھڑا ہوا تھا۔ ماہا ہکا بکا ہو کر رہ گئی۔ عجیب بے نیاز سا بندہ تھا۔ وہ جو کچھ سوچ کر گھر سے آئی تھی سچویشن اس کے بالکل برعکس تھی۔

"میں اتنی دور سے' اپنے گھر والوں سے چھپ کر آپ سے ملنے آئی' آپ مجھے یوں چھوڑ کر چل پڑے۔" حیرانی اور خفگی میں خاصا فضول فقرہ لبوں سے برآمد ہوا اور اگر ڈاکٹر عمر کے چہرے پر بے ساختہ مسکراہٹ نہ ابھرتی تو اسے پتا بھی نہ چلتا کہ وہ کیا بول چکی ہے۔

"یہ میرے ڈیوٹی آورز ہیں اور ویسے بھی میرا خیال تھا' بات کلیئر ہوگئی۔ ڈاکٹر ہنیہ مجھے سخت ناپسند کرتی ہیں۔ آپ کی دادی نے ان سے بنا پوچھے میری امی کو ہاں کردی۔ آپ الٹا میری جواب طلبی کرنے پہنچ گئیں۔ میں نے وضاحت کردی کہ اس معاملے سے میرا کوئی تعلق ہی نہیں۔ آپ کے گھر والے میرے گھر والوں سے مل کر بلکہ صرف ایک فون کال کرکے بات ختم کردیں۔ سو سمپل۔"

"خیر' یہ تو میں نے ایسے ہی بول دیا تھا کہ ہنیہ آپی آپ کو سخت ناپسند کرتی ہیں' دراصل میری پھوپھو کے بیٹے ہیں مغیث بھائی' وہ ہنیہ آپی سے بے حد محبت کرتے ہیں ہنیہ آپی بھی انہیں چاہتی ہیں لیکن یہ بڑی پاکیزہ سی خاموش محبت تھی اب میری پھوپھو انہیں باضابطہ طور پر مغیث بھائی سے منسوب کرنے آرہی تھیں کہ درمیان میں آپ کی فیملی ٹپک پڑی' پتا نہیں آپ کی امی وغیرہ نے کچھ ایسا کہا یا پھر واقعی میری بی بی جان کو غلط فہمی ہوئی۔ آپ ہماری فیملی ہسٹری سے واقف نہیں۔ بے چاری ہنیہ آپی کو ناکردہ گناہ کی سزا بھگتنی پڑی ہے۔ مجھے آپ سے صرف اتنی سی فیور چاہیے تھی کہ آپ کے گھر والے یہ وضاحت کردیں کہ وہ یہ پروپوزل اپنی مرضی اور خوشی سے لائے۔ آپ کی اور ہنیہ آپی کی کوئی انوالومنٹ نہیں۔" ماہا نے اس بار بہت تحمل' رسانیت اور سبھاؤ سے بات کی تھی۔

"بہت بہتر اور کوئی حکم؟" اس نے مسکراتے ہوئے پوچھا۔

"اور کوئی حکم سے کیا مراد؟ پہلے آپ نے میرے کتنے حکم مان لیے؟" ماہا کو ذرا غصہ سا آیا۔ پل پل موڈ بدلتی اس لڑکی سے مل کر عمر کو واقعی مزہ آیا تھا۔ اس کا جی چاہا کہ اسے تھوڑا سا مزید غصہ دلا کر اس کے لبوں سے اپنے لیے کچھ "مزید" سنے لیکن اس نے دل کی خواہش کو دل میں ہی دبالیا تھا۔



"آپ بے فکر ہو کر گھر جائیے۔ ہنیہ کو بھی تسلی دے دیجیے' ہماری طرف سے یہ رشتہ ختم سمجھے' میرے گھر والے آپ کے گھر والوں سے رابطہ کرکے یہ بات کرلیں گے۔"

"تھینک یو' تھینک یو سو مچ۔ آپ نے تو مسئلہ ہی حل کردیا۔ اللہ آپ کو خوش رکھے۔" اس بار ماہا نے خوش ہوتے ہوئے اس کا شکریہ ادا کیا۔ عمر مسکرا دیا تھا۔

☼ ☼ ☼

ہنیہ بخار میں پھنک رہی تھی۔ سویرا اس کے ماتھے پر پٹیاں رکھ رہی تھی۔ پاس ہی متفکر سی بی بی جان بیٹھی تھیں۔

"ڈاکٹر باجوہ کو کب سے فون ملارہی ہوں۔ کوئی فون اٹھا ہی نہیں رہا۔ گھر پر کوئی مرد نہیں کس طرح اسے ڈاکٹر تک لے کر جائیں۔"

بے سدھ پڑی ہنیہ کو دیکھ کر بی بی جان بری طرح پریشان ہورہی تھیں اسی پریشانی میں انہیں ماہا سے پوچھنا بھی یاد نہ رہا کہ وہ ان سے پوچھے بنا کہاں گئی تھی جو اتنی دیر بعد واپسی ہوئی ہے۔

"ہنیہ آپی دنیا کی واحد لڑکی ہیں جنہیں بات پکی ہونے کی خوشی میں بخار چڑھ گیا۔" ماہا نے بی بی جان کو کن اکھیوں سے دیکھتے ہوئے کہا تھا وہ جواب میں کچھ نہ بولی تھیں۔

"کتنے گھنٹوں سے بھوکی پیاسی کمرے میں بند ہیں ہنیہ آپی اور ہم ایسے سنگ دل لوگ کہ وجہ پوچھنے کی زحمت بھی گوارا نہیں کی۔"

بی بی جان کی خاموشی سے شہ پاکر ماہا نے ایک اور طنز کر ڈالا۔ سویرا اسے خاموش رہنے کا اشارہ کرتی رہی مگر ماہا نے اس کے اشاروں پر توجہ دینا قطعاً ضروری نہ سمجھا تھا۔ اسی لمحے ہنیہ کراہی تھی۔ ماہا لپک کر اس کے پاس گئی۔ بخار کی شدت سے ہنیہ پر غنودگی چھارہی تھی۔ وہ کچھ بڑبڑائی تھی یہ بڑبڑاہٹ ماہا کی سمجھ میں بھی نہ آئی لیکن اس سے ذرا فاصلے پر بیٹھی بی بی جان تک اس بڑبڑاہٹ کی "ٹرانسلیشن" پہنچانا ضروری سمجھا تھا۔

"بی بی جان مجھ پر اعتبار کریں۔" اس نے خود کلامی کے سے انداز میں ہنیہ کی بات دہرائی تھی۔

"کیا ہوگیا ہے ہنیہ آپی! ہوش کریں۔ سب اعتبار کرتے ہیں آپ پر۔" ماہا نے "جذباتی" ہو کر اس کے گال تھپتھپائے سویرا گہری سانس اندر کھینچتے ہوئے اس کی اوور ایکٹنگ ملاحظہ کررہی تھی۔

"مدحت بیٹا پہنچ گئی ہیں۔" اسی لمحے رحمت بوا نے کمرے میں جھانک کر اطلاع دی۔ بی بی جان ایک پل کو متفکر ہوئی تھیں لیکن اگلے لمحے ہی وہ پرسکون ہوگئیں۔

"چلو شکر ہے ڈاکٹر کے پاس لے جانے کا مسئلہ تو حل ہوا۔ مدحت کی گاڑی میں لے جاتے ہیں ہنیہ کو۔" بی بی جان کے پیش نظر اس وقت صرف اور صرف ہنیہ کی بگڑتی طبیعت تھی دوسری تمام باتیں ذہن سے محو ہوچکی تھیں۔

"رحمت بوا نے بتایا۔ ہنیہ کی طبیعت بہت خراب ہے۔ کیا ہوا ہے ہنیہ کو؟" متفکر اور متوحش ملاحت پھوپھو سیدھی ہنیہ کے کمرے میں ہی آئیں ان کے پیچھے مغیث کا پریشان چہرہ نمودار ہوا۔

"جو ہونا تھا ہوگیا۔ اب آپ لوگ آئے ہیں تو سب کچھ صحیح ہوجائے گا۔" ماہا کے سر سے جیسے منوں ٹنوں وزن اتر گیا تھا۔

اور پھر واقعی سب کچھ صحیح ہوگیا تھا۔ ماہا نے بلاوجہ ڈاکٹر عمر کے پاس جانے کی زحمت کی تھی۔ اپنی خالہ کی مہربان بانہوں کا لمس پاکر ہنیہ ایسے ٹوٹ کر روئی کہ مدحت کو اسے سنبھالنا دشوار ہوگیا۔ نواسی کی اُجڑی بکھری حالت دیکھنے کے بعد بی بی جان کو مزید کسی صفائی کی ضرورت نہ تھی۔ پشیمانی کے شدید احساس نے انہیں لپیٹ میں لے لیا تھا لیکن ہنیہ چپ رہ رہ کر تھک چکی تھی۔ اس نے رو' رو کر نانی کو یقین دلایا تھا کہ وہ اسے غلط سمجھی ہیں۔ ڈاکٹر عمر سے اس کا کوئی تعلق' واسطہ نہیں۔



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

"آپ نے ڈاکٹر عمر سے میرا رشتہ طے کردیا۔ میں اس فیصلے کے خلاف نہیں جاؤں گی۔ میں آپ کا ہر فیصلہ مانوں گی بی بی جان! لیکن آپ مجھ پر اعتبار تو کریں۔ آپ کی بیٹی نے آپ کے اعتماد کو ٹھیس پہنچائی تھی لیکن آپ کی نواسی نے کوئی ایسا کام نہیں کیا۔ آپ نواسی پر اعتبار کریں۔ اور بیٹی کی خطا معاف کردیں۔ اب تو میری ماں کو مرے ہوئے بھی اتنا عرصہ گزر گیا بی بی جان۔"

وہ بلک بلک کر رو رہی تھی۔ بی بی جان سے مزید ضبط نہ ہوا۔ انہوں نے نواسی کو سینے سے چمٹا لیا تھا۔ وہ اس کا منہ چوم رہی تھیں اسے پیار کررہی تھیں ان کی آنکھوں سے مسلسل آنسو گر رہے تھے۔

"غلطی صرف بچوں سے نہیں ہوتی غلطی بڑوں سے بھی ہوتی ہے۔ مجھے معاف کردے میری بچی۔ میری ملیحہ کی نشانی۔" انہوں نے پھر اسے خود سے چمٹا لیا تھا۔ مدحت اور مغیث معاملے سے لاعلم تھے اور حیران پریشان سے کھڑے تھے۔

"کیا بات ہے بی بی جان۔ بتائیے تو سہی اور ہنیہ تم یوں رو' رو کر کیوں حالت خراب کررہی ہو' چلو ڈاکٹر کے پاس۔" مدحت نے پہلے ماں اور پھر بھانجی کو مخاطب کیا۔

"میں میڈیسن لے لوں گی خالہ۔!" ہنیہ نے نقاہت بھرے لہجے میں جواب دیا۔ اس کی آنکھوں میں اب بھی آنسو تھے لیکن شاید یہ خوشی کے آنسو تھے۔ بی بی جان کا شفیق لمس اور محبت بھرے بوسے آج تو زندگی کا خوش قسمت ترین دن تھا۔

"اویس میاں نہیں آئے۔" بی بی جان نے خود کو سنبھالنے کی کوشش کرتے ہوئے مدحت کو مخاطب کیا۔

"طلحہ کا پریکٹیکل تھا آج۔ ندا اور طلحہ کل اپنے پاپا کے ساتھ پہنچ جائیں گے مجھے تو مغیث آج زبردستی لے آیا کہہ رہا تھا جانے کیوں دل بے چین سا ہورہا ہے۔ شام تک عثمان بھائی اور نوشابہ بھی پہنچ رہے ہیں میں نے انھیں بھی فون کردیا تھا۔" مدحت نے بتایا تھا۔ بی بی جان محض ہنکارہ بھر کر خاموش ہوگئیں۔

"ہنیہ کو آرام کرنے دیں۔ آئیے باہر چل کر بات کرتے ہیں۔" مدحت بی بی جان کو ان کے کمرے میں لے گئیں۔ مغیث بھی ماں کے پیچھے گیا تھا۔

"اب بتائیں بی بی جان! کیا معاملہ ہے میرا تو دل ڈوب رہا ہے اتنی خوشی خوشی میں آپ کے پاس آئی تھی۔ عثمان بھائی کو بھی فون کرکے بلوایا۔ ہنیہ کیا کہہ رہی تھی۔ آپ نے کس سے اس کا رشتہ طے کردیا۔"

مدحت متوحش انداز میں ماں کو مخاطب کررہی تھی۔ مغیث بھی بے چین ہو کر نانی کی شکل دیکھ رہا تھا۔ بی بی جان پھر رو پڑی تھیں۔

"میں ڈر گئی تھی مدحت! ماضی والا قصہ پھر نہ دوہرایا جائے۔ میں نے اپنی بچی کا اعتبار نہ کیا۔ انجانے میں پھر ماضی والی غلطی دہرادی۔ ہنیہ سے پوچھا تک نہیں۔ شدید رنج اور غصے نے میری عقل سلب کرلی۔ بنا سوچے سمجھے ان لوگوں کو ہاں کردی۔ لڑکے کی ماں ہنیہ کو انگوٹھی تک پہنا گئی۔" بی بی جان نے روتے ہوئے اپنی غلطی کا اعتراف کیا۔ مدحت اور مغیث کو تو جیسے سانپ سونگھ گیا تھا۔

"میں ہنیہ کو آپ سے مانگنے آرہی تھی بی بی جان اور آپ نے کسی اور کو زبان دے دی۔" رنج' حیرت' افسوس کیا کچھ نہیں تھا مدحت کے لہجے میں۔ مغیث بھی بے دم سا ہو کر صوفے پر بیٹھ گیا۔ اس کی بے چینی بے سبب نہیں تھی۔

پشیمانی اور پچھتاوے کے شدید احساس کے زیر اثر بی بی جان روئے جارہی تھیں جب دروازے سے کان لگا کر کارروائی سنتی ماہا سے مزید ضبط نہ ہوا وہ اندر آگئی تھی۔

"پلیز آپ لوگ اتنی ٹینشن مت لیں۔ بی بی جان نے غلط فہمی کی بنیاد پر انہیں ہاں کہہ دی اب تو بات کلیئر ہوگئی ہے ڈاکٹر عمر کے گھر والوں کو انکار کردیں گے۔" اس نے سب کو ٹینشن سے نکالنا چاہا تھا مدحت ہنوز سر پکڑے بیٹھی تھیں مغیث لب کچل رہا تھا اور آہنی اعصاب والی بی بی جان اب بھی آنسو بہا رہی تھیں۔

"آپ نے واقعی انہیں زبان دے دی بی بی جان۔" مدحت اب تک بے یقینی کے عالم میں تھیں۔

"ریلیکس پھوپھو! ہم ان کی انگوٹھی واپس کرکے اپنی زبان واپس لے آئیں گے۔" ماہا نے پھر تسلی دی تھی' لیکن کوئی اس کی جانب متوجہ ہی نہ تھا۔ شام کو عثمان اور نوشابہ بھی پہنچ گئے تھے۔ معاملہ عثمان کے علم میں آیا۔ خلاف توقع وہ بہت زیادہ حیران و پریشان نہ ہوئے تھے۔

"یہ کوئی ایسا بڑا مسئلہ نہیں۔ جیسا کہ بی بی جان نے بتایا کہ وہ شریف' وضع دار اور خاندانی لوگ ہیں۔ ہم سلیقے سبھاؤ سے ان سے معذرت کرلیں گے۔ مانا قول سے پھرنا اچھی بات نہیں' لیکن جب زندگی بھر کا معاملہ ہو تو محض قول نبھانے کی خاطر اپنے چاہے رشتے جوڑنا سراسر حماقت ہے۔ ہمیں ماضی کی المناک روایت سے سبق سیکھنا ہوگا۔"

عثمان ٹھوس لہجے میں بولے تھے۔ سب کے تنے اعصاب ذرا ڈھیلے پڑے تھے۔ عثمان پہلی فرصت میں ڈاکٹر عمر کے ہاں جانا چاہتے تھے' لیکن اس سے پہلے عمر کی والدہ اپنی بڑی بیٹی کے ہمراہ خود ہی پہنچ گئی تھیں۔ ڈاکٹر عمر نے اپنی کمٹمنٹ نبھائی تھی۔ کس شائستگی سے ان لوگوں نے بات کی تھی۔

"ہنیہ کی دوست ناجیہ کے ذریعے پتا چلا کہ آپ لوگوں کو یہ غلط فہمی ہوئی کہ عمر اور ہنیہ ایک دوسرے کو پسند کرتے ہیں۔ اسی لیے آپ لوگوں نے اقرار کرلیا۔ ایسی کوئی بات نہیں آنٹی۔ ہم ہنیہ سے اس کی ایک سہیلی کی شادی میں ملے تھے۔ ہنیہ ہمیں بہت پسند آئی' اتفاق سے اس روز یہ تذکرہ کرنا بھول گئے تھے۔ اس کے لیے ہم معذرت خواہ ہیں اور ویسے بھی رشتے آسمانوں پر بنتے ہیں' اگر آپ لوگوں کی رضامندی نہیں ہے تو اس بات کو یہیں ختم سمجھیے۔"

ڈاکٹر عمر کی والدہ نے بات مکمل کی تو ڈرائنگ روم میں بیٹھے سب لوگوں کے دل و دماغ پر سے بھاری بوجھ ہٹ گیا۔ مہمانوں کو کولڈ ڈرنک سرو کرتی ماہا نے ڈاکٹر عمر کی عقل مندی کو سراہا تھا۔ اگر وہ لوگ ناجیہ کا حوالہ نہ دیتے تو یہ وضاحت ممکن نہ ہوتی کہ ان کے علم میں سارا معاملہ کیسے آیا اور اس پہلو پر ماہا بی بی نے غور ہی نہ کیا تھا۔ بہرحال ایک بہت بڑی ٹینشن کا خاتمہ ہوگیا تھا۔ ڈرائنگ روم میں موجود مہمان اور میزبان خوش دلی سے ایک دوسرے سے گپ شپ کرنے لگے تو وہ ہنیہ کو ڈھونڈتی ڈھونڈتی گھر کے عقبی لان میں پہنچ گئی۔ ہنیہ کو بھی خوش خبری سنانا ضروری تھا نا۔

"امید ہے' مہمانوں کے جاتے ہی مدحت پھوپھو آپ کو مغیث بھائی کے نام کی انگوٹھی پہنا دیں گی۔ بس اب آپ مغیث بھائی کو منانے کا طریقہ سوچیں۔ وہ آپ سے سخت روٹھے بیٹھے ہیں۔" اس نے ہنیہ کو شرارتی انداز میں مخاطب کیا۔ ہنیہ نے ناسمجھی سے اسے دیکھا تھا۔

"اب اتنی انجان مت بنیں۔ آپ خود ہی تو کہہ رہی تھیں کہ بی بی جان اگر آپ نے ڈاکٹر عمر سے میرا رشتہ طے کر بھی دیا تو میں آپ کا فیصلہ قبول کروں گی۔ بس آپ مجھ پر اعتبار کریں۔" اس نے ہنیہ کے لہجے کی نقل اتاری۔

"مغیث واقعی ناراض ہیں کیا؟" ہنیہ کو فکر دامن گیر ہوئی۔

"ناراض ہیں بھی تو اتنا فکر کرنے کی کیا ضرورت ہے بھئی۔ مغیث بھائی کے کان میں جاکر تین لفظ بول دیں' خود ہی مان جائیں گے۔" اس نے مسکراتے ہوئے راہ سجھائی۔

"کون سے تین لفظ۔" ہنیہ نے اسے بری طرح گھورا تھا۔ ماہا ذرا اگڑ بڑائی تھی۔

"اب مان بھی جائیں نا۔ بس یہ ہی تو بولنا ہے۔" اس نے بات سنبھالی۔ ہنیہ کے چہرے پر مسکراہٹ دوڑ گئی۔

"یہ تین نہیں پانچ لفظ ہیں۔" ہنیہ نے مسکراتے ہوئے تصحیح کی۔

"اب اور نا ہٹا دیں' پھر تو تین ہی بچیں گے نا۔"

"ماہا بی بی! اگر آپ مجھے موقع دیں تو میں تین' پانچ یا





WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

سات لفظ خود ہی بول لوں اور یہ ڈس انفارمیشن کیوں پھیلا رہی ہیں کہ میں ہنیہ سے ناراض ہوں۔" جانے کب مغیث اس کے پیچھے آکر کھڑا ہوا تھا۔ اس نے مسکرا کر ماہا کو مخاطب کیا۔ وہ کھلکھلا کر ہنس پڑی تھی۔

"جانتی ہوں' آپ ہنیہ آپی سے ناراض ہو ہی نہیں سکتے اور اس میں کمال آپ کا نہیں' ہماری ہنیہ آپی ہیں ہی اتنی اچھی کہ کوئی ان سے ناراض ہو ہی نہیں سکتا۔ اتنے برسوں سے بی بی جان بلاوجہ ناراض تھیں۔ شکر ہے آج اس ناراضی کا بھی خاتمہ ہوا۔" وہ ہنسی تھی اتنے میں پھولے سانسوں کے ساتھ سویرا بھی اسے ڈھونڈتی ہوئی یہاں پہنچ گئی۔

"ماہا! تمہارا رشتہ آیا ہے۔" اس نے ماہا کو فی الفور اطلاع دی۔

"کہاں سے....؟" اس نے ہکا بکا ہو کر پوچھا۔

"ڈاکٹر عمر کے گھر والوں نے اب تمہیں پروپوز کیا ہے۔" سویرا نے اس کے حواسوں پر بم گرایا تھا۔

"ابھی میں نے ادھوری بات سنی۔ تمہیں بتانے کے لیے آئی تھی۔ اب دوبارہ وہیں جا رہی ہوں۔"

سویرا تیزی سے واپس مڑی تھی۔

ماہا بھی اس کے پیچھے لپکی تھی۔

☆ ☆ ☆

"ہمیں آپ کی فیملی بے حد پسند آئی ہے۔ ہماری خواہش ہے عمر کا رشتہ اسی خاندان کی کسی بچی سے جڑ جائے۔ آگے آپ کا جو بھی فیصلہ ہوگا ہمیں قبول ہے۔" ڈاکٹر عمر کی ڈیسنٹ سی والدہ نے جاتے سے ایک بار پھر سب کو حیران کیا تھا۔

"میری دو بھتیجیاں ہیں۔ سویرا کی تو منگنی ہو چکی۔ ماہا کے لیے ابھی ہم نے کچھ نہیں سوچا۔" مدحت پھوپھو نے متانت سے کہا۔

"جی.... جی ماہا.... ہم ماہا کی ہی تو بات کر رہے ہیں۔" عمر کی آپا پُرجوش ہوئی تھیں۔ اس کی والدہ نے ہلکا سا کھنکھار کر بیٹی کو مزید پرجوش ہونے سے روکا۔

"آپ لوگوں سے مل کر ہمیں بھی بہت اچھا لگا۔ ایک ملاقات صاحب زادے سے بھی کر لیں' پھر باہمی مشورے سے آپ کو جواب سے آگاہ کر دیں گے۔" عثمان نے شائستگی سے جواب دیا۔

"جی جی ضرور....." مطمئن انداز میں ان لوگوں کی واپسی ہوئی تھی۔ ڈرائنگ روم میں پھر گول میز کانفرنس منعقد ہو گئی۔

"بہت اچھی سلجھی ہوئی فیملی تھی۔" عثمان نے پہلی رائے دی تھی۔

"اور ماشاء اللہ ہماری بچیاں اتنی پیاری ہیں کہ لوگ پہلی نگاہ میں ہی فریفتہ ہو جاتے ہیں۔ محض چند لمحوں کے لیے ماہا کولڈ ڈرنک سرو کرنے اندر آئی تھی اور ان لوگوں نے ماہا کو پسند کر لیا۔" مدحت پھوپھو کے خیال میں سارا کمال گھر کی بچیوں کی پیاری پیاری صورتوں کا تھا۔

"لوگ واقعی اچھے ہیں۔ لیکن اب کوئی فیصلہ جلد بازی میں مت کرنا اور ماہا سے ضرور پوچھ لینا وہ میری بہت کٹ کھنی پوتی ہے۔" بی بی جان نے مسکرا کر بیٹے کو مخاطب کیا۔ عثمان نے مسکرا کر اثبات میں گردن ہلا دی۔

☆ ☆ ☆

"مجھے آج صبح سے منہ دھونے کی فرصت نہیں ملی اور مدحت پھوپھو کا خیال ہے کہ ڈاکٹر عمر کی ماں' بہنوں نے مجھے پہلی نگاہ میں پسند کر لیا۔" ماہا کو اس بیان کی صداقت پر رتی برابر یقین نہ آیا تھا۔ اسے جب سے یہ بات پتا لگی تھی وہ کمرے میں بے چینی سے چکر کاٹ رہی تھی۔

"خیر' صبح تو تم منہ دھو کر ہی ڈاکٹر صاحب سے ملنے گئی تھیں۔ یقیناً" انہوں نے ہی اپنی امی کے سامنے تمہارا نام لیا ہوگا۔" سویرا پریقین لہجے میں بولی۔

"یہ کوئی بات ہے بھلا۔ ہنیہ آپی سے جڑا رشتہ توڑنے آئے تھے اور منہ اٹھا کر میرا رشتہ مانگ لیا۔ بظاہر تو وہ بندہ ٹھیک ٹھاک لگتا ہے' ڈاکٹر ہے' پرسنالٹی



بھی ٹھیک ٹھاک ہے' پھر آخر اسے رشتوں کی ایسی کیا کمی کہ جس گھر کی ایک لڑکی سے رشتہ جڑتے ہی ٹوٹ گیا۔ اگلے دن دوسری لڑکی کا رشتہ مانگنے پہنچ گئے۔"

"کہنا کیا چاہتی ہو؟" سویرا نے پوچھا۔

"اس بندے میں یقیناً" کوئی نہ کوئی ایسی خامی ہے' جس کی وجہ سے اس کے گھر والے اجنبی اور انجان لوگوں میں ایسے جھٹ پٹ اس کا رشتہ طے کر رہے ہیں۔ بی بی جان کو بتا دو کہ میں کسی مشکوک شخص کا ساتھ قبول نہیں کر سکتی۔"

"بات تو صحیح ہے۔ وہ بندہ اتنا قابل ڈاکٹر ہے۔ بھلا اسے رشتوں کی کیا کمی ہوگی۔ پہلے ہماری بھولی بھالی سی ہنیہ آپی سے رشتہ جوڑنا چاہا۔ بی بی جان نے فوری اقرار کر لیا تو ان کی اتنی ہمت بندھی کہ آج ہنیہ آپی کو چھوڑ کر تمہارا رشتہ مانگ لیا۔ ان کا خیال ہوگا' بغیر کسی چھان بین اور جانچ پڑتال کے ہم اس بار بھی ہاں کر دیں گے۔ لیکن تم بہت عقل مند ہو ماہا۔ جس پہلو پر تم نے سوچا' میرا تو اس طرف دھیان ہی نہ گیا تھا۔" سویرا نے نہ صرف بہن کی "سازشی تھیوری" سے اتفاق کر لیا تھا' بلکہ اس کی عقل مندی کو بھی سراہا تھا۔ فخر سے ماہا کی گردن تن سی گئی۔ واقعی دور و نزدیک میں اس سے عقل مند اور کون تھا۔

"کل شام کو ڈیڈی کی واپسی ہے۔ پھر بھی' پندرہ دن سے پہلے وہ کہاں آپائیں گے۔ اس لیے فی الحال تو یہ معاملہ ملتوی سمجھو' اس عرصے میں' میں ڈاکٹر عمر کی اصلیت جان ہی جاؤں گی۔" ماہا کے پاس اس بارے میں کوئی واضح حکمت عملی تو نہ تھی۔ لیکن اسے اپنی صلاحیتوں پر پورا بھروسا تھا۔ سویرا نے بہن کے پریقین لہجے پر بہت متاثر ہو کر اسے دیکھا۔ وہ واقعی سب کچھ کر سکتی تھی۔

☆ ☆ ☆

مدحت پھوپھو کی فیملی واپس جا چکی تھی۔ انہوں نے ہنیہ اور مغیث کی منگنی کے بجائے شادی کی تاریخ طے کروالی تھی۔ دو ماہ بعد ان کی شادی تھی۔ ہنیہ کے چہرے پر بکھرا گلال دیکھ کر بی بی جان اللہ کا شکر ادا کرتے نہ تھکتیں۔ ماہا اور سویرا بھی ہنیہ کو مغیث کے حوالے سے خوب ہی چھیڑتیں۔ ڈاکٹر عمر کے گھر والوں نے ایک بار فون پر رابطہ کر کے بی بی جان کو فیملی سمیت اپنے ہاں مدعو کیا تھا۔ انہیں یقین دہانی کروا دی گئی کہ عثمان جب دوبارہ چکر لگائیں گے تو ضرور ان لوگوں کو شرف میزبانی بخش دی جائے گی۔

ہنیہ' ماہا کی سازشی تھیوری سے اتفاق نہ کرتے ہوئے اسے مسلسل ڈاکٹر عمر کی اچھائیاں گنواتی اور اس کے حق میں قائل کرنے کی کوشش میں لگی ہوئی تھی۔

"ہنیہ آپی..... آپ بہت معصوم ہیں' زمانے کی چالاکیوں سے آپ آگاہ ہی نہیں۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کی باتیں درست ہوں اور یہ سب میرا وہم ہو لیکن میں اس بندے سے صرف ایک بار ملی ہوں۔ جب تک اس سے ایک دو بار مزید نہ مل لوں میرا دل مطمئن نہیں ہوگا۔" اس نے آخر دل کی بات کہہ ہی ڈالی۔

"ویسے تو عمر خود بھی تم سے ملنا چاہ رہا ہے' لیکن میں نے اس سے کہا۔" ہنیہ نے بات ادھوری چھوڑی تھی۔ چند لمحوں کے لیے کچھ سوچا۔ پھر دوبارہ ماہا کو مخاطب کیا۔

"اگر چاہو تو کل ہاسپٹل آکر مل لو اس سے۔" ماہا نے بھی تھوڑا سا سوچنے کے بعد دھیرے سے اثبات میں گردن ہلا دی۔

☆ ☆ ☆

"میں چار بہنوں کا اکلوتا بھائی ہوں۔ میرے والد حیات نہیں۔ خاندان میں میرے والد ہی سب سے بڑے تھے۔ ویسے بھی ہمارے خاندان میں میری بہنوں کے علاوہ لڑکیوں کی خاصی قلت ہے اور فیملی کی سب سے بڑی لڑکی مجھ سے چودہ سال چھوٹی ہے۔ یہ وجہ ہے کہ میرا فیملی میں رشتہ طے نہیں ہو سکا۔ ہنیہ نے مجھے بتایا تھا کہ آپ میرے بارے میں خاصے تحفظات رکھتی ہیں۔ میں مرحلہ وار سب باتوں کا جواب دینے کو



www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

تیار ہوں' پوچھیے اور کیا پوچھنا ہے۔"

بہت سکون سے کہنیاں میز پر ٹکائے وہ ماہا سے مخاطب تھا۔ بندہ صاف گو تھا۔ ماہا یہ جانتی تھی' لیکن وہ چھوٹتے ہی پہلی بات یہ کرے گا۔ یہ اس نے نہ سوچا تھا۔ وہ دل ہی دل میں کچھ شرمندہ سی ہوئی۔ پتا نہیں ہنیہ آپی نے اسے کیا کچھ بتا ڈالا تھا۔

"دیکھیے' ڈاکٹر عمر شادی زندگی بھر کا معاملہ ہے۔ دل کی پوری تسلی کے بغیر کوئی رشتہ کیسے جوڑا جاسکتا ہے۔" اس نے بہت مدبر بن کے اپنی صفائی دی۔

"بالکل درست فرمایا آپ نے۔" عمر نے بھی سنجیدگی سے اس کی بات کی تائید کی' لیکن اس کی بھوری آنکھیں مسکرا رہی تھیں۔

"اپنی کولیگز لڑکیوں کے علاوہ میری کسی لڑکی سے ہائے ہیلو نہیں۔ موبائل میں نے صرف فون سننے اور الارم لگانے کے لیے رکھ رکھا ہے۔ سگریٹ میں نہیں پیتا۔ بڑوں کا ادب کرتا ہوں' چھوٹوں کا لحاظ کرتا ہوں' مریضوں سے بہت خندہ پیشانی سے پیش آتا ہوں۔ یہ تو میری کچھ اچھائیاں ہیں۔ ہاں غصے کا کچھ تیز ہوں۔ لیکن شاید سال میں دو' تین بار ہی آتا ہے' کھانے پینے میں بہت نخرے کرتا ہوں۔ لیکن اس میں بھی میرا قصور نہیں۔ اکلوتا ہوں۔ اس لیے ماں' بہنوں نے بگاڑ دیا اور اسی اکلوتے پن کی وجہ سے میری امی اور بہنیں جلد از جلد میرے سر پر سہرا دیکھنے کی خواہش مند ہیں۔ میری شادی ان لوگوں کی زندگی کی سب سے بڑی خواہش بن چکی ہے۔ اسی جلد بازی میں انہوں نے اسی روز آپ کے گھر والوں کے سامنے دوسری بار میرا رشتہ پیش کردیا۔ حالانکہ میں نے ان سے کہا تھا۔"

"یعنی اس رشتے میں آپ کی مرضی شامل نہیں۔"

ماہا نے اس کی بات کاٹی تھی۔

"ماہا بی بی! آپ نتیجہ بہت جلد اخذ کرلیتی ہیں' بات پوری تو ہو لینے دیا کریں۔" وہ ذرا خفا ہوا تھا۔ پھر گہری سانس اندر کھینچتے ہوئے اسے دوبارہ مخاطب کیا۔

"ایک جوک سناؤں آپ کو۔" بہت سنجیدگی سے اس نے ماہا سے پوچھا۔ پھر اس کے جواب کا انتظار کیے بنا شروع ہو گیا تھا۔

"ٹرین کے ایک کمپارٹمنٹ میں دو ہی مسافر تھے۔ آدھی رات کا وقت تھا۔ ایک مسافر نے دوسرے سے پوچھا۔ آپ کو بھوتوں پر یقین ہے؟ دوسرے نے کہا نہیں' یہ سن کر پہلا مسافر پلک جھپکتے میں غائب ہوگیا۔"

بہت سنجیدگی سے اس نے یہ ڈراؤنا سا لطیفہ سنایا تھا۔ ماہا کو ہنسی تو خاک آتی اسے تو سنانے کا مقصد بھی سمجھ نہ آیا تھا۔

"جس طرح مسافر کو بھوتوں پر یقین نہیں تھا' اسی طرح مجھے بھی لو ایٹ فرسٹ سائٹ پر یقین نہیں تھا۔ لیکن جو مسافر کے ساتھ بنی وہی میرے ساتھ ہوا۔"

کس معصومیت سے اظہار محبت فرمایا گیا تھا۔ پھر بھی ماہا بری طرح بوکھلا گئی تھی۔ وہ تو صرف انویسٹی گیشن کرنے آئی تھی۔ کیا خبر تھی ڈاکٹر موصوف اس طرح کی بات بھی کرسکتے ہیں۔

"اب اگر آپ چاہیں تو میں آپ کے ساتھ کورٹ جاکر آپ کو بیان حلفی بھی تیار کروا کردے سکتا ہوں کہ میں ہرگز کسی مشکوک سرگرمی میں مبتلا نہیں۔ میرے گھر والوں نے آپ کے گھر جاکر آپ کا رشتہ مانگا۔ وہ صرف پہلی نگاہ کی محبت کا معاملہ ہے۔ اس کے سوا ہمارے پس پردہ عزائم کچھ نہیں ہیں۔" وہ اب مسکرا رہا تھا۔ ماہا بی بی کی ساری تیزی طراری ہوا ہوگئی۔ انویسٹی گیشن جائے بھاڑ میں' اس شخص کی نرم نرم سی بولتی نگاہوں کا سامنا اب ماہا کے بس کی بات نہ تھی۔

"جب بی بی جان کو پتا چلے گا کہ میں نے آپ سے ملاقات کی ہے تو وہ میرا جو حشر کریں گی' آپ جانتے ہیں۔ بس میں اب چلتی ہوں۔" اس نے میز پر دھرا اپنا ہینڈ بیگ اٹھایا۔ عمر اس کی اتنی اچانک روانگی پر ہرگز تیار نہ تھا۔ اس نے بوکھلا اسے روکنے کی کوشش کی۔

"آج میرا ڈیوٹی کا آف تھا۔ میں اتنی دور سے گھر والوں کو بتائے بغیر آپ سے ملنے آیا۔ آپ مجھے یوں چھوڑ کر کیسے جاسکتی ہیں۔" کمال کی یادداشت تھی اس بندے کی۔ ایسے ہی تو ڈاکٹر نہیں بنا تھا۔



"اچھا ایسے خونخوار نگاہوں سے مت گھوریں۔ بیٹھ جائیں اور رہی بات آپ کی بی جان کی تو کون بتائے گا انہیں' صرف ہنیہ آپ کی یہاں آمد سے واقف ہیں۔ کیا آپ کو ہنیہ پر اعتبار نہیں۔" وہ پوچھ رہا تھا۔

"مجھے ہنیہ آپی پر اعتبار کیوں نہ ہوگا اور جہاں تک بات ہے بی بی جان کو بتانے کی تو انہیں کوئی اور کیوں بتائے گا۔ انہیں میں خود بتاؤں گی۔ بی بی جان ویسے تو ہماری دادی ہیں' لیکن وہ میرے لیے ماں کی جگہ ہیں۔ ماؤں سے ہرگز کوئی بات نہیں چھپانی چاہیے۔ خصوصاً "جب لڑکیاں کسی کو پسند کرنے لگیں تو سب سے پہلے یہ بات اپنی ماں کو بتانی چاہیے۔ ماں راضی ہوگی تو معاملے کو منطقی انجام تک وہ ہی پہنچائے گی اور اگر ماں منع کردے تو لڑکیوں کو بنا کسی جرح کے ماں کی بات مان لینی چاہیے۔" ماہا فلسفیانہ موڈ میں آچکی تھی۔ ڈاکٹر عمر کے چہرے پر بے ساختہ مسکراہٹ ابھر آئی۔

"تو گویا آپ مجھے پسند کرنے لگی ہیں۔" پوری تقریر میں اسے یہ ہی نکتہ سمجھ میں آیا تھا۔ ماہا پھر گڑبڑائی تھی۔

"آپ ایویں اندازے مت قائم کریں۔ ویسے بھی مجھے ڈاکٹرز قطعاً" اچھے نہیں لگتے۔" خود کو سنبھالتے ہوئے اس نے ذرا بے نیازی بھرا جواب دیا۔

"اوہ تو گویا آپ کو اپنی ہنیہ آپی بھی قطعاً اچھی نہیں لگتیں۔" اس بندے سے تو بحث کرنا ہی فضول تھا' لیکن آگے بھی ماہا تھی۔

"ہنیہ آپی میری کزن ہیں اور پھر لیڈی ڈاکٹر ہیں۔ میں نے یہ بات لیڈی ڈاکٹرز کے بارے میں نہیں کہی تھی۔" کیا برجستہ جواب تھا۔ اس نے دل میں خود کو داد بھی دی۔

"اب آپ کی خاطر میں لیڈی ڈاکٹر تو بننے سے رہا۔" عمر نے ٹھنڈی سانس بھر کر کہا اور اس بار نہ چاہتے ہوئے بھی ماہا کو ہنسی آگئی۔ یہ بندہ بھی اس کی طرح بے تکی باتیں کرنے میں ماہر ہے۔ اگر ڈیڈی اور بی بی جان اسے اوکے کردیتے ہیں تو زندگی مزے میں گزرنا تھی اور ڈاکٹر عمر بھی مسکراتے لبوں کے ساتھ بالکل یہ ہی بات سوچ رہا تھا۔ دونوں کی نگاہیں ملیں اور دونوں پھر ہنس پڑے تھے۔

☆


## ادارہ خواتین ڈائجسٹ کی طرف سے بہنوں کے لیے خوبصورت ناول

| کتاب کا نام | مصنفہ | قیمت |
| --- | --- | --- |
| بساط دل | آمنہ ریاض | 500/- |
| زرد موسم | راحت جبیں | 750/- |
| زندگی اِک روشنی | رخسانہ نگار عدنان | 500/- |
| خوشبو کا کوئی گھر نہیں | رخسانہ نگار عدنان | 200/- |
| شہر دل کے دروازے | شازیہ چودھری | 500/- |
| تیرے نام کی شہرت | شازیہ چودھری | 250/- |
| دل ایک شہر جنوں | آسیہ مرزا | 450/- |
| آئینوں کا شہر | فائزہ افتخار | 500/- |
| بھول بھلیاں تیری گلیاں | فائزہ افتخار | 600/- |
| پھلاں دے رنگ کالے | فائزہ افتخار | 250/- |
| یہ گلیاں یہ چوبارے | فائزہ افتخار | 300/- |
| مین سے عورت | فرزانہ عزیز | 200/- |
| دل اُسے ڈھونڈ لایا | آسیہ رزاقی | 350/- |
| بکھرنا جائیں خواب | آسیہ رزاقی | 200/- |
| زخم کو ڈھونڈتی مسیحائی ہے | فوزیہ یاسمین | 250/- |
| اماوس کا چاند | بشریٰ سعید | 200/- |
| رنگ خوشبو ہوا بادل | افشاں آفریدی | 500/- |
| درد کے فاصلے | رضیہ جمیل | 500/- |
| آج گگن پر چاند نہیں | رضیہ جمیل | 200/- |
| درد کی منزل | رضیہ جمیل | 200/- |

ناول منگوانے کے لئے فی کتاب ڈاک خرچ -/30 روپے

منگوانے کا پتہ:

مکتبہ عمران ڈائجسٹ -37 اردو بازار کراچی۔

فون نمبر: 32216361




WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM



نبیہ نقوی

# محبت فاتح عالم

ناولٹ

رباح کی آنکھوں میں آنسوؤں کی برسات تھی۔ وہ اپنے باپ کی وجہ سے بے حد پریشان تھی۔ نشہ کی بری لت نے اسے کہیں کا نہیں چھوڑا تھا۔

نذر محمد شروع سے خراب نہ تھا گُر برے دوستوں کی صحبت نے تباہ کر دیا تھا۔ راتوں کو دیر سے آنا' دفتر سے آئے دن ناغے ... جس کے سبب ملازمت سے برطرف کر دیا گیا۔ اور پھر جیسے روزگار بھول ہی گیا۔ جب شوہر کو بیوی کی کمائی کی عادت پڑ جائے تو پھر وہ اپنی ملازمت کے متعلق سوچنا چھوڑ دیتا ہے۔ نذر محمد کا بھی یہ ہی حساب ہوا۔

سلطانہ پڑھی لکھی تھی۔ لہٰذا چند اچھی ٹیوشنز مل گئیں' جس سے گھر کا دال دلیہ چل رہا تھا۔ رباح نے بھی پرائیویٹ پڑھائی شروع کر دی۔ نذر محمد دن میں چارپائی توڑتا رہتا۔ رات کو باہر چل دیتا۔ منہ اندھیرے گھر آنا اس کا معمول بن گیا تھا۔ سلطانہ اسے دنیا کی اونچ نیچ سمجھاتی۔ اچھے دن یاد کراتی تو کہتا۔

"تو دیکھتی رہ بس۔ ایک ہی داؤ میں سارا ادھار چکا دوں گا۔"

"جوئے میں آج تک کسی کو بنتے نہیں دیکھا۔ یہ گھر پھونک ڈالتا ہے۔ چھوڑ اس کو۔ کوئی کام ڈھونڈ' بیٹی بیاہنی ہے۔" وہ دوبارہ کہتی۔

"معلوم ہے۔" وہ تلخی سے جواب دیتا۔

"شکر کرو ایک ہی بیٹی ہے' دو' چار ہوتیں تو پتا چلتا۔"



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

اور پھر تکرار شروع ہو جاتی۔ جس روز لڑائی ہوتی۔ اس رات تو وہ بالکل گھر نہیں آتا۔

"ابا کہاں جاتے ہیں آخر۔" رباح متفکر ہوتی۔

"اپنے نکمّے بے ہودہ دوستوں میں اور کہاں جائے گا۔ تم سو جایا کرو۔"

"مجھے ڈر لگتا ہے' وہ پچھلے گھر میں' سنا ہے سایہ ہے۔ ابا آجاتے ہیں تو اطمینان ہو جاتا ہے۔"

"آیت الکرسی پڑھ کر سویا کرو۔" سلطانہ تلخی سے کہتی۔

آج بھی تکرار ہوئی تھی' لہٰذا وہ غائب تھا۔

"نہیں معلوم ہے' مجھے ڈر لگتا ہے' پھر بھی دیر سے آتے ہیں۔" رباح باپ سے ناراض تھی۔

آدھی رات کو دروازہ پیٹا جا رہا تھا۔

"ابا آگئے۔" وہ ایک ہی جست میں چارپائی سے کودی۔

"لیٹی رہ! میں کھولتی ہوں۔" سلطانہ کو شاید اونگھ آگئی تھی۔ ورنہ رات بھر میاں کے سدھرنے کی دعائیں کرتی تھی۔

"کہاں مرگئی تھی؟ ٹھاٹ سے پڑی سوتی رہتی ہے۔" انتہائی غلیظ گالی دی گئی۔

"کتنے برے ہیں ابا!" رباح نے منہ تک چادر لے لی۔ "چلو! شکر ہے آتو گئے' اب میں آرام سے سو جاؤں گی۔" اس نے اطمینان سے کروٹ لی۔

"بیٹی جوان ہے اب تو سدھر جاؤ' وہ تمہارا انتظار کرتی رہتی ہے۔"

"اچھا۔۔۔ اچھا۔۔۔ دماغ نہ کھاؤ' ابھی ہوش نہیں ہے کچھ۔" ادھیڑ عمر' کھچڑی بال' ملگجے سے کپڑے' چال میں لڑکھڑاہٹ' اس کی حالت عجیب ہو رہی تھی۔

"کہاں نصیب پھوٹے' اس مرد کو ذرا احساس نہیں۔" سلطانہ کڑھ کے رہ گئی۔

وہ چارپائی پر اوندھا جا پڑا۔

☼ ☼ ☼

سویرے نذر محمد کو ناشتے میں انڈا چاہیے تھا' پاپے اور چائے کا پیالہ دیوار پر دے مارا۔

"خدا کا خوف کرو۔" پیالے کی کرچیاں اٹھاتے ہوئے سلطانہ سلگی۔

رباح چائے کے پیالے میں پاپے ڈبو ڈبو کر کھا رہی تھی۔ بالوں کی چھوٹی بڑی لٹیں' حسین چہرے پر نثار ہو رہی تھیں۔

"ایسے خوب صورت نقش۔" نذر محمد نے اسے غور سے دیکھا تھا۔ سلطانہ نے باپ کی نگاہ بیٹی پر ٹکی دیکھی تو خوف سے لرز گئی۔

"کتنا کھائے گی' چل دفعان ہو کمرے میں۔"

سلطانہ کی کرخت آواز وہ پر آدھا پاپا منہ میں دبا کر وہ اندر بڑھ گئی۔

"کیوں اندر بھیج دیا اسے؟" اسے برا لگا۔

"باپ جوان بیٹیوں کو اتنے غور سے نہیں دیکھا کرتے۔" اس نے رسان سے سمجھایا' مگر اندر سے جان نکلی جا رہی تھی۔ نذر محمد کے کرتوت اسے پتا تھے۔

"اونہہ! آئی بڑی افلاطون۔۔۔ ویسے۔۔۔ بگڑا تو تیرا بھی کچھ نہیں؟" فوراً" بیوی پر نگاہ جمائی۔ "حاکم نے لاکھوں کما لیے۔ اس کی بیوی بھی بڑی دھانسو۔"

"خبردار!" وہ حلق کے بل چلائی۔ "میرے میں ایسا سوچنا بھی مت۔"

وہ کمینگی سے ہنسنے لگا۔ وہ چکرا کر رہ گئی تھی۔

"جہنم میں ڈالے جاؤ گے۔"

"پہلے اس جہنم کو تو بھر دے۔" اس نے پیٹ پر ہاتھ مارا۔ ڈھٹائی کی انتہا تھی۔

"دن رات اسی کے لیے تو آنکھیں پھوڑتی ہوں۔" اس نے احساس دلانے کی کوشش کی۔

"کیوں پھوڑتی ہو۔ اتنی آنکھیں ہیں۔ ان میں کاجل ڈالا کرو۔ کتنے تمہارے قدموں میں گریں گے۔"

وہ بے شرمی سے ہنسا۔

"خدا سے ڈرو نذر محمد!" سلطانہ لرز گئی تھی اس کے ارادے خطرناک لگ رہے تھے۔



دن بھر غائب رہا اور سلطانہ خوف سے دہلتی رہی۔

"امی! ابو کیسی باتیں کرتے ہیں؟" ماں کو لرزتے کانپتے دیکھ کر وہ بھی ڈر گئی تھی۔

"انسان کی ذہنیت بدلتے دیر نہیں لگتی۔ بری صحبت نے اسے کہیں کا نہ رکھا۔"

"میں کہیں نوکری کرلوں؟" اس نے اجازت طلب نظروں سے ماں کو دیکھا۔ اسے معلوم تھا باپ اچھے کھانوں کا شوقین ہے۔ دونوں ماں بیٹی کمانا شروع کریں گی تو باپ کی نت نئی فرمائشیں باآسانی پوری ہو سکیں گی۔

"چپ کرو تم!" سلطانہ ویسے ہی پریشان تھی' اس کی بات نے اسے مزید تپا دیا تو اسے ڈانٹ دیا۔

وہ سارا دن دہلتی رہی۔ "اس کی سوچ کو میں کیسے بدلوں؟"

رباح بھی اسے دیکھ کر پریشان ہوتی رہی۔

☼ ☼ ☼

"بات سنو میری!" شام کو وہ آیا تو ہاتھ پکڑ کر کمرے میں لے گیا۔ "سلطانہ! مجھے معاف کردو' بڑا مجبور ہو گیا ہوں' تمہیں صرف ایک روز کے لیے کریم کے پاس جانا ہو گا' میں جوئے میں ہار گیا ہوں۔"

"تم۔۔۔ تم۔۔۔ کمینے انسان! میری بولی لگادی۔" غم و غصے سے سلطانہ کی آواز پھٹ گئی۔ "تمہارے اندر اتنی گندگی بھر گئی ہے۔" اس نے دونوں ہاتھ دعا کے انداز میں اٹھا کر کہا۔ "خداوند تعالیٰ تو مجھے اس جہاں سے اٹھالے۔"

"بیوہ ہونے کی دعا مانگو۔" وہ بھی رو رہا تھا۔

"ہونہہ! ایسے رو رہے ہو جیسے بڑی غیرت ہے؟" اس نے نفرت سے زمین پر تھوک دیا۔

"تم۔۔۔ تم۔۔۔ تیار رہنا' میں رات کو لے جاؤں گا' ورنہ وہ ہماری بیٹی کو غنڈوں سے اٹھوا لے گا۔"

وہ ٹھٹک گئی' نذر منہ چھپا کر چلا گیا۔

سلطانہ کے دماغ میں دھماکے ہو رہے تھے۔ وہ کوئی بھی انتہائی قدم اٹھانے کو تیار تھی۔ رباح الگ دہل کر رہ گئی تھی' باپ کی آواز اس کے کانوں نے بھی سنی تھی۔ وہ حواس باختہ تھی۔

"اٹھو جلدی' اس جہنم سے نکل جاؤ۔" سلطانہ نے اسے پاگلوں کی طرح گھسیٹا۔

"اس سے پہلے تمہارا باپ آجائے۔"

"امی! میں کک۔۔۔ کہاں جاؤں۔" رباح خوف سے ڈھے گئی۔

"تم گھر کے پچھلے حصے میں جہاں کچرا پڑا رہتا ہے۔ وہاں جا کر چھپ جاؤ' صبح آجانا۔ اس کمینے انسان نے مجھے بیچ ڈالا ہے۔ چرسی' شرابی' جواری' ضمیر مر گیا اس کا۔"

"تو۔۔۔ تو امی۔۔۔ ہم دونوں کہیں چلتے ہیں۔"

"تمہارا باپ آتا ہی ہو گا۔ خدا کے واسطے رباح! بحث نہ کر' نکل جا۔"

خواتین ڈائجسٹ
کی طرف سے بہنوں کے لیے ایک اور ناول
محبت من محرم
سمیرا حمید

قیمت -/300 روپے
منگوانے کا پتہ:
مکتبہ عمران ڈائجسٹ: 37 - اردو بازار کراچی۔ فون نمبر: 32735021



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

"مگر؟" وہ ہچکچائی۔

"چلی جا۔" سلطانہ نے اسے گھسیٹ کر دروازے سے باہر دھکیل دیا۔ وہ جیسے سوچ سمجھ سب بھول چکی تھی۔

"یا اللہ۔۔۔"

اس کے پیروں تلے سے زمین نکلی جارہی تھی۔ بڑے سے دوپٹے میں لرزتا کانپتا وجود لیے وہ گھر سے باہر آئی۔ گھر کے پچھلے حصے کی طرف بڑھی وہاں اندھیرا تھا اچانک کتے کی آواز پر وہ بری طرح بھاگی تھی۔ باپ کا سایہ ناقابل بھروسا اور ماں کا سایہ ہمیشہ کے لیے چھوٹ جائے گا۔

"یہ کیسا فیصلہ کرلیا امی نے۔۔۔ ابا۔۔۔" باپ کا خیال آتے ہی بدن میں نفرت کی لہری اٹھی تھی۔

رات بڑھتی جارہی تھی مگر ٹریفک ابھی رواں دواں تھا۔

شور مچاتی بس، دھواں اڑاتے رکشے۔۔۔ اس نے چاروں طرف دیکھا۔ گاڑیوں کا اژدحام تھا۔ وہ سوچ میں پڑ گئی۔ روڈ پار کرلوں یا کسی گاڑی کے نیچے آجاؤں یا اسی جہنم میں واپس پلٹ جاؤں۔

"امی۔۔۔ نے زہر کھالیا ہوگا۔۔۔ اور اب ابا کیا کررہے ہوں گے۔"

رات بڑھتی جارہی تھی۔ اس کا خوف بھی بڑھ رہا تھا۔ وہ تو ویسے ہی ڈرپوک تھی۔

گھبراہٹ میں اس نے قریب گزرنے والی گاڑی کو ہاتھ دے دیا دوسرے لفظوں میں اپنی شامت کو خود آواز دی۔

"آ۔۔۔ آپ میری مدد کرسکتے ہیں؟" وہ پچھلی کھڑکی پہ تھوڑا جھکی۔

سیٹھ نے اس کے چمکتے حسین چہرے کو للچا کر دیکھا۔ ڈرائیور نے گاڑی آگے بڑھانا چاہی مگر سیٹھ نے روک دیا۔

ڈرائیور نے انتہائی غصے سے اس روتی دھوتی لڑکی کو دیکھا۔

"آجاؤ۔" سیٹھ نے گاڑی سے جھانک کر کہا وہ آبیٹھی۔

"آپ کا بہت بہت شکریہ!" وہ بدقت بولی۔ سیٹھ کی ہوس ناک نظریں اس انتہائی خوف زدہ زاروقطار روتی لڑکی پر گڑ گئیں، جبکہ ڈرائیور قہر آلود نظروں سے اسے گھور رہا تھا۔

مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی گاڑی پوش ایریا میں ایک بنگلے کے پاس رکی۔

جدید آرائش سے سجا نہایت عالی شان گھر مگر وہاں خاموشی کا راج تھا۔

"بیٹھو!" وہ ڈری سہمی کرسی پہ ٹکی۔ سیٹھ اس کے برابر آبیٹھا۔

چہرے پر انتہا کی بے صبری تھی۔

"میں تمہیں پوچھوں گا، کس حالات کے تحت گھر سے نکلی ہو۔ مجھے خوش کردو بس۔ ڈھیروں دولت تمہارے قدموں میں بچھادوں گا۔" سیٹھ نے اس کا نازک ہاتھ پکڑا۔

رباح کو اس شخص کی کمینگی کا احساس جاگا، تو بجلی کی سی تیزی سے ہاتھ چھڑایا۔

"خدا کے واسطے، مجھے بچالو۔" تڑپ کر ڈرائیور کے سامنے ہاتھ جوڑ دیے۔ جو پتا نہیں کیسے اچانک وہاں آگیا تھا۔

"تم خود آئی ہو۔" ڈرائیور نے نفرت سے کہا۔ سیٹھ کھڑا ہوا۔

اسے نظر انداز کرکے اپنے سیٹھ کے حکم کا منتظر ہوا۔

"اللہ کے واسطے۔" سیٹھ کے مزید کچھ بولنے سے پہلے وہ ڈرائیور کے قریب آئی۔ "پلیز مجھے یہاں سے نکالو، تمہیں اپنی ماں کا واسطہ اگر تمہاری کوئی بہن ہے تو پلیز۔" وہ کچھ اس انداز سے گڑگڑائی کہ وہ چونک اٹھا۔

سیٹھ نے اٹھ کر رباح کو اپنی جانب گھسیٹا۔

اسی پل بغیر سوچے سمجھے اشتر نے سیٹھ کو ایک جھانپڑ رسید کیا۔



سیٹھ کی کراہ نکلی۔ وہ لڑکھڑا کر دو قدم دور ہوا۔ اگلے ہی لمحے وہ بجلی کی سی تیزی سے رباح کا ہاتھ پکڑ کر گیٹ سے باہر تھا۔ ابھی اس نے گاڑی گیٹ کے اندر نہ کی تھی۔ اسے جھٹ گاڑی میں بٹھایا اور ہوا کے دوش پر اڑادی۔

وہ ڈری سہمی مسلسل آنسو بہارہی تھی۔ اس روڈ پر ٹرالر اور اونچے اونچے سامان سے لدے ٹرک رواں تھے۔ گاڑی کسی چیونٹی کی مانند لگ رہی تھی۔

"کہاں جارہے ہو؟" خوف سے کانپتی آواز میں پوچھا۔

"جہنم میں۔" وہ گویا کاٹ کھانے کو دوڑا تھا۔

"میں نے یہ قدم کیوں اٹھایا۔ ہم دونوں ہی کہیں چلی جاتیں یا پھر دونوں ہی زہر کھالیتیں۔ اب۔۔۔ یہ ڈرائیور پتا نہیں کہاں لے جارہا ہے۔"

غصے میں بھرا، ہاتھ اسٹیئرنگ پر جمائے اپنے انجام سے لاپروا وہ گاڑی بھگائے چلا جارہا تھا۔

"مجھے میری امی کے پاس لے چلو واپس۔" وہ منمنائی۔

"واپس ہی جانا تھا۔ تو بھاگی کیوں گھر سے۔" اس نے قہر برسایا۔

"میں بھاگی نہیں ہوں۔" چیخ پڑی۔

اس نے غصے سے اس کی طرف دیکھا۔ اسی لمحے گاڑی اس کے قابو سے باہر ہوئی۔ ٹرک سے ٹکراتے ٹکراتے بچی اور سنبھلتے سنبھلتے بھی گاڑی سڑک سے اتر گئی اور ایک درخت سے جا ٹکرائی۔

اس نے خوف سے آنکھیں میچ لیں۔ ٹائر بڑی زور سے چرچرائے تھے۔

"ابو نے امی کو بیچ دیا۔ جانے وہ کس حال میں ہوں گی۔ مجھے ان کے پاس لے چلو پلیز۔ انہیں میری ضرورت ہوگی۔" وہ رو، رو کر التجا کرنے لگی۔

"یہ سب پہلے سوچنا تھا تمہیں۔ میری زندگی بھی اپنے ساتھ خوار کروادی، سیٹھ بھلا کہاں چھوڑے گا مجھے۔"

"میں معافی مانگتی ہوں تم سے۔ ابو نے میری امی کو جوئے میں ہار دیا۔ انہوں نے مجھے کہا کہ گھر سے نکل جاؤ۔ ورنہ میرا باپ مجھے۔۔۔

میں سوچ بھی کہاں سکتی تھی کہ میرے سر کا سایہ، میری چھت، میرا باپ اتنا گھناؤنا اقدام کرے گا۔" دہشت بھرا لہجہ دکھ کی چبھن بھی لیے ہوئے تھا۔

"اسی لیے۔۔۔ اسی لیے مرد ذات سے نفرت ہونے لگی ہے۔"

"میں تمہاری جھوٹی کہانی پر یقین نہیں کرسکتا۔ کسی کی خاطر گھر سے بھاگی ہو۔ اس نے بے وفائی کردی۔"

ایک سنسناتا ہوا تازیانہ اس کے تن بدن میں آگ لگا گیا۔ وہ تڑپ اٹھی۔ پوری قوت سے اس کی گردن پر دونوں ہاتھ مارے۔

وہ بلبلا اٹھا۔

"تمہارا دماغ خراب ہے۔ دفع ہوجاؤ۔ ایک منٹ کے اندر اندر۔ نکلو گاڑی سے، ورنہ تمہارا گلا دبا دوں گا۔" وہ خوف ناک آواز سے دھاڑا تھا۔

وہ بیٹھی رہی۔

"تم اترتی ہو یا دھکا دوں تمہیں؟" وہ غرایا۔

"گلا دبادو۔" وہ زاروقطار رونے لگی۔

"پتا نہیں کس مصیبت میں پھنس گیا۔" وہ گاڑی اسٹارٹ کرنے لگا، مگر وہ اسٹارٹ نہ ہوئی۔

"کچھ فالٹ ہوگیا ہے۔ سیٹھ بھوکے کتے کی طرح ڈھونڈ رہا ہوگا۔ اس کے ہاتھ سے تر نوالہ چھین لایا ہوں۔ اس نے پولیس کو بھی اطلاع کردی ہوگی۔ یقیناً" مجھ پر گاڑی چوری کا الزام لگادیا ہوگا۔ ابھی کوئی پولیس موبائل ڈھونڈتی ہوئی آجائے گی۔ اسے یہیں چھوڑ دینا چاہیے۔" وہ بڑبڑایا۔

وہ شہر سے کافی دور نکل آئے تھے۔

اس کا ذہن اپنے بچاؤ کی ترکیب لڑانے لگا۔ ڈیش بورڈ کھولا، گاڑی کی لائٹ جلائی۔ یہاں اچھی خاصی رقم ہوا کرتی تھی، تاکہ اسے چھوٹے موٹے فالٹ یا کیس بھروانے کے لیے سیٹھ سے بار، بار تقاضا نہ کرنا پڑے۔ اسے ماہانہ رقم مل جاتی تھی۔ وہ بڑی دیانت داری سے



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

خرچ کرتا تھا۔

اس کی رہائش بھی سیٹھ کے گھر میں تھی، حقیقت میں اس کا تو کوئی خرچہ ہی نہ تھا۔ بس اپنی تعلیم پر خرچ کرتا۔ وہ اعلا کردار کا پڑھا لکھا نوجوان تھا اور غیرت مند بھی۔

اس وقت اس مصیبت زدہ لڑکی کی مدد کرکے گویا اپنے مالک سے خیانت کررہا تھا۔ حالانکہ اسے اس لڑکی سے اور اس کی کہانی سے کوئی دلچسپی نہ تھی۔ اسے یہ بھی احساس ہوگیا تھا اس کی خوب صورتی کی وجہ سے اسے مشکلات کا سامنا ہوسکتا ہے۔

یوں ہی پلٹ کر اسے دیکھا۔ ہلکی روشنی میں خوف زدہ، ڈری سہمی، ہچکیاں لیتی وہ لڑکی اسے بڑی نڈھال سی لگی، اس کا حسن اسے سب سے زیادہ خوف دلا رہا تھا۔ رقم جیب میں ڈال کر درشتی سے بولا۔

"باہر نکلو۔"

"مجھے یہیں رہنے دو۔" اس نے روتے ہوئے التجا کی۔

"گھر سے نکلی ہو۔ بغیر سوچے سمجھے۔"

"مجھے کیا پتا تھا۔ میں جن حالات کا شکار تھی، میری امی نے۔" وہ خاصی وحشت زدہ تھی۔

اسے شک کی نگاہ سے دیکھا تھا مگر اس کے چہرے پر خوف کے علاوہ کچھ نہ تھا۔

نہ ارادہ، نہ ہی کوئی رقم۔ بس یوں ہی گھر سے دھکیل دی گئی تھی۔ گھر کے باہر ہوس پرستوں کی یلغار تھی۔

مدد کرنے والا بھی شک کی نگاہ سے دیکھ رہا تھا۔

اس سے تو بہتر تھا گھر کے جہنم میں رہتی۔

"اترو! سیٹھ کی گاڑی ہے۔"

"اب کہاں جانا ہوگا؟" لرزتی کانپتی آواز میں پوچھا۔

"اللہ مالک ہے۔ میں نے تمہاری مدد کی حامی بھری ہے تو اب کروں گا بھی۔ میری ماں کا واسطہ دے دیا تم نے۔ یہ الگ بات کہ خود کو آگ میں جھونک دیا ہے۔" وہ تمیز سے تو بولا مگر بے زاری کا احساس بھی دلا دیا۔

"سیٹھ کے بڑے احسان ہیں مجھ پر۔ سیٹھ نے پرورش کی۔ تعلیم دلائی، مزید تعلیم کے لیے باہر جارہا تھا۔ میرا ٹکٹ بھی آچکا تھا۔ اگلے ہفتے میری روانگی تھی۔ اب یہ سب کچھ ممکن نہیں۔"

"آہ! میری مدد کرنے والا خود کتنا مجبور ہے۔ اس وقت مجھے سیٹھ کے چنگل سے نہ نکالتا تو ہوسکتا ہے میں بے عزت ہوکر اپنی جان دے دیتی۔"

"آپ کا بہت شکریہ۔ آپ کا احسان تاحیات نہیں اتار سکتی۔ میرے بہت عزیز ہیں، مگر باپ کی وجہ سے سب نے ناطہ توڑ لیا۔ وہ تو روز بروز پستی میں گرتے جارہے ہیں۔ امی تک کو داؤ پر لگا دیا۔ مجھے شدید نفرت ہورہی ہے اپنے والد سے۔ کوئی یوں اپنی عزتوں کو نیلام کرتا ہے۔ میری امی نے اب تک زہر کھالیا ہوگا۔ اس وقت میں نے کچھ تو سوچا ہوتا۔" رو، رو کر وہ بے حال ہورہی تھی۔

"بی بی! خود کو سنبھالو۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ پولیس آجائے، اس گاڑی کو یہیں چھوڑ کر جانا ہے۔" وہ سمجھانے لگا۔ مگر اس کی سمجھ میں کچھ نہیں آرہا تھا۔

وہ بے ہوش ہوکر ایک سمت کو لڑھک گئی۔

"سنو بی بی!" اس نے اس کا کاندھا ہلایا۔

اسی لمحے دور سے موبائل کی آواز سنائی دی۔

اس نے فوراً" دروازہ کھولا۔ بجلی کی سی تیزی سے اس بے ہوش وجود کو بازوؤں میں سنبھالا اور ایک طرف کو چل پڑا۔

"اچھی مصیبت ہے۔" وہ بڑبڑایا۔

ڈھلوان راستہ، بڑھتا ہوا اندھیرا، موبائل کا سائرن۔

جھاڑیوں کی اوٹ میں بے ہوش لڑکی کو لٹا دیا۔ ابھی سیدھا بھی نہ ہوا تھا کہ جھاڑیوں میں سرسراہٹ کی آواز نے خوف کردیا۔

ایک سانپ انتہائی قریب سے گزرا۔

اس نے برق رفتاری سے اسے بازوؤں میں یوں سمیٹا جیسے متاع حیات ہو۔



گھاس پھوس پر لٹاتے ہوئے وہ جھجک رہا تھا۔ کیونکہ جھاڑیوں سے مسلسل سرسراہٹ سنائی دے رہی تھی۔ اسے اٹھا کر چلنا بھی دشوار تھا۔ اندھیرا بڑھتا جارہا تھا۔

"کسی مشکل میں نہ پھنس جاؤں۔ اس لڑکی کی مدد زندگی بھر کا روگ نہ بن جائے۔"

وہ یوں ہی بیٹھا رہا۔ موبائل کے سائرن کی آواز ختم ہوچکی تھی۔

"گاڑی کو چلانے کی کوشش کروں۔" وہ اسی شش و پنج میں تھا۔

"چھوڑو۔ چھوڑو مجھے۔" اچانک وہ جاگی اور دہشت زدہ ہوکر بری طرح چیخی۔ صورت حال ایسی تھی کہ وہ غلط فہمی کا شکار ہوگئی۔ اس کے چیخنے پر گھبرا کر اس نے فوراً" بازو کھول دیے۔

وہ پوری قوت سے پتھریلی زمین پر جا پڑی۔

اور درد سے بلبلا اٹھی۔

"پتا نہیں یہ مددگار کیا کرنا چاہ رہا تھا۔" مضبوط بانہوں کے حصار کا تصور آتے ہی وہ لرزنے لگی۔

"تو اس لیے بچایا تھا مجھے۔ تم سارے مرد ایک ہوتے ہو۔"

"خبردار۔" اس کی وجہ سے وہ پہلے ہی پریشان تھا۔ الزام نے جیسے آگ لگادی۔

ایک زناٹے دار تھپڑ اس کے منہ پر رسید کردیا۔

"مرو یہیں! تمہاری وجہ سے میری زندگی عذاب میں آگئی ہے اور تم۔" انگلی اس کے چہرے کے سامنے لہرائی۔ "پولیس کسی بھی پل مجھے تلاش کرتی یہاں آپہنچے گی۔ اتنے اثر و رسوخ والا انسان اپنے مجرم کو کیسے چھوڑے گا۔ میرا تابناک مستقبل صرف تمہاری وجہ سے خاک کا ڈھیر بن گیا۔ تم بے ہوش تھیں تو تمہیں سانپ کے کاٹنے سے بچایا اور تم۔ تم مجھ ہی پر شک کررہی ہو۔" وہ کپڑے جھاڑ کر اٹھا۔ قدم آگے بڑھائے۔

"بس جتنی مدد کرنی تھی کردی۔ اب اپنی حفاظت تم خود کرو۔" وہ سخت بھنا گیا تھا۔

جیسے ہی وہ ایک طرف کو چلا۔ وہ بری طرح گھبرا گئی۔

"دیکھو پلیز۔" وہ خوف سے کانپنے لگی۔

وہ رکا۔ اس کی طرف نگاہ گھمائی، اس کی شفاف رنگت ملگجے اندھیرے میں چمک رہی تھی۔ تھپڑ زناٹے دار تھا، پھر اس کا مردانہ ہاتھ، رخسار پر انگلیوں کے نشان واضح تھے۔ ہونٹ کا کنارا بھی سوج گیا تھا۔ خوف سے بری طرح کانپتی ہوئی ملتجی نظروں سے اسے ہی دیکھ رہی تھی۔ اس کا دل پسیج گیا۔

اسی پل اس کے پاؤں پر کسی کیڑے نے کاٹ لیا۔ اس نے سسکی بھری تو لپک کر اس کے بازو کو ہاتھوں سے جکڑ لیا۔

"چلو! جلدی کرو، یہاں سے نکلنا ہے۔" ذہن پر صرف اس کی مدد کرنے کی دھن سوار ہوگئی۔ آگے کیا کرنا ہے، سب بھول گیا۔

"یہ یقیناً" شریف انسان ہے۔" اس نے دل میں سوچا۔

وہ تیز تیز قدموں سے چل رہا تھا۔ اس کا ساتھ دینے کے لیے اسے تقریباً" بھاگنا پڑ رہا تھا۔ خطرہ ابھی تک سر پر منڈلا رہا تھا۔ اندھیرے کے سبب اس نے دائیں بائیں کے بجائے ناک کی سیدھ اختیار کی۔ سڑک پر پہنچے تو دور سے ایک بس آتی نظر آئی۔

"اپنے چہرے کو چھپا لو میں بس روکتا ہوں۔"

وہ اس کی بات پر ممنون سی ہوگئی۔

بڑے سے دوپٹے کو سلیقے سے لپیٹ لیا۔ چہرہ بھی تقریباً" چھپا لیا۔ صرف آنکھیں نظر آرہی تھیں۔

اس نے اشارہ کیا۔ بس رک گئی۔ وہ دونوں سوار ہوگئے۔

"کہاں جانا ہے؟" کنڈیکٹر کی آواز پر دونوں چونک گئے۔

"ہم مسافر ہیں۔ ایسی جگہ جانا ہے، جہاں رات بسر کرسکیں۔"

مضبوط لہجے میں کہا۔

"قریبی بستی میں ہمارا آخری اسٹاپ ہے۔"

"ہم بھی اسی جگہ ٹھہر جائیں گے۔" وہ اطمینان



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

سے بولا۔

کنڈیکٹر کو مطلوبہ رقم ادا کی۔ بس میں چند سواریاں اور تھیں۔ سب ان کی طرف متوجہ تھے۔ دونوں ساتھ ساتھ بیٹھے تھے۔ رباح نے گورے گورے ہاتھ دوپٹے میں چھپالیے تھے۔

دل دھڑک دھڑک کر بے حال تھا۔ ماں کا خیال ستا رہا تھا۔

یہ اجنبی۔۔۔ جانے کہاں لے جائے' یہ فکر تو تھی مگر اتنا سکون ضرور تھا کہ کسی غلط ہاتھ نہیں لگی۔

"بیٹا! اس علاقے میں پہلی مرتبہ آئے ہو؟" بس میں سوار ایک بوڑھی عورت نے پوچھا۔

"جی۔۔۔" اشتر نے جواب دیا۔

"یہ تمہاری بیوی ہے؟"

وہ زبردستی کھانسنے لگا۔ اسے بات ٹالنے کا یہ ہی طریقہ سوجھا تھا۔

"تم اور تمہاری بیوی میری سرائے میں ٹھہر جانا۔" گلے پڑنے والی بوڑھی عورت گاہک پھانس رہی تھی۔

"ٹھیک ہے اماں۔" اس نے سر ہلایا اور مطمئن ہوگیا۔ "چلو! رات گزارنے کا انتظام تو ہوگیا۔"

بس نے سارے مسافر اتار دیے۔ وہ دونوں اس بوڑھی عورت کے ساتھ ہولیے۔

☼ ☼ ☼

سرائے کیا تھی۔ ایک چھپر سا پڑا تھا۔ گندے گندے میلے بستروں پر خراٹے لیتے لوگ۔

وہ بہت ڈری سہمی تھی۔ یہ جگہ عورتوں کے رہنے کے قابل نہ تھی۔ سارے مرد تھے۔

"تمہاری بیوی کو اپنے گھر لے جاؤں گی۔ عورتیں اندر ہی ہوتی ہیں۔"

"جاؤ! اور خود کو نارمل رکھنا۔ کسی کو شک نہ ہو۔" اس نے سرگوشی کی۔

"کیسے عجیب حالات ہیں۔ اجنبی' شناسا ہوگیا۔ اس سے دور رہنے سے خوف آیا۔ اندھیرے میں چھوڑ گیا تو۔"

"مم مجھے۔۔۔ چھوڑ کر نہیں جانا۔" روہانسی آواز میں اندیشے کا اظہار کیا۔

"رات کے اندھیرے میں اگر پولیس پکڑ کر لے گئی تو کچھ نہیں کرسکتا۔"

"پھر۔۔۔ پھر بھی میں تمہارے ساتھ رہوں گی' بتادینا پولیس کو' اندر میں بھی ہوں۔" وہ خوف سے اس کے قریب ہوگئی۔

"سنیے مسٹر!" کاندھے پر کسی نے اچانک تھپکی دی۔

وہ پلٹا اور بری طرح چونکا۔ سامنے پولیس والا کھڑا تھا۔

رباح کا سانس اٹک گیا۔ اشتر بھی ڈر رہا تھا۔ مگر اگلے ہی لمحے وہ مسکرا رہا تھا۔

"تم۔۔۔ سہیل! یہاں کیسے؟" انداز میں شناسائی تھی۔

"یہ ہی سوال میں بھی پوچھنا چاہ رہا ہوں۔ بس سے اترتے دیکھا تم کو۔ یہاں کس سے ملنے آئے ہو؟"

"کسی سے بھی نہیں۔"

"چلو! پھر گھر چلو۔" اچٹتی نگاہ اس ڈری سہمی لڑکی پر ڈالی' پھر اشاروں اشاروں میں اس کے متعلق پوچھا۔

اس نے ہاتھ کے اشارے سے تسلی دی۔

"تمہیں دیکھ کر جان میں جان آگئی۔"

"کیوں۔ کوئی واردات کرکے نکلے ہو؟" سہیل نے قہقہہ لگایا۔

"پولیس والے ہو' تفتیشی طریقہ ہی اپناؤ گے۔" اس نے بھی ہنس کر بات اڑائی۔

تینوں اس کی جیپ میں سوار ہوئے۔ اسے اب تحفظ کا احساس ہورہا تھا۔

پھر بھی بے حد پریشان تھی' دل گھر میں اٹکا تھا۔ ماں جانے کس حال میں ہوگی؟

"بھابھی کا کیا حال ہے؟"

"وہی پرانی عادت' بہت مارتی ہے۔" وہ ہنس دیا۔ بھاری ہنسی جیپ میں گونج گئی۔

چھوٹے سے ایک کوارٹر کے قریب جیپ رکی۔



ہارن کی آواز پر دروازہ کھلا۔

"ارے انہیں کہاں سے پکڑ لائے؟" چھوٹے سے قد والی خاتون نے خوش گوار حیرت کا اظہار کیا۔ پھر اس کے پیچھے آنے والی لڑکی کو دیکھا۔

"آئیے! سہیل نے بڑی عزت سے پلٹ کر رباح کو کرسی پر بیٹھنے کا اشارہ کیا۔ پھر بیوی سے کہا۔

"ذرا کھانے کا بندوبست کرلو!"

اس نے سر ہلا کر حامی بھری اور کچن کی طرف جاتے جاتے ایک مشکوک نگاہ رباح پر ڈالی۔

"بہت حسین ہے۔ اشتر ایسا ہے تو نہیں مگر۔۔۔ پھر یہ کون ہے۔"

سہیل اسے باہر لے گیا۔ تب مختصراً" اشتر نے رباح کے بارے میں اور اپنے اقدام کے متعلق بتایا۔

وہ اندر آئے تو وہ دبی دبی ہچکیوں سے رو رہی تھی۔

"آپ بے فکر ہوجائیں' یہاں کوئی خطرہ نہیں۔ اپنا نام بتائیں' کچھ حالات وغیرہ بتائیں۔"

"مجھے بے حد شرم آرہی ہے اپنے بارے میں بتاتے ہوئے۔" وہ ہچکچائی مگر پھر اس کے زور دینے پر بڑی ہمت کرکے اپنی داستان غم سنادی۔ اسی اثنا میں سہیل کی بیوی کھانا لے آئی۔

"بی بی! آپ بے فکر ہوجائیں۔ مجھے اپنے گھر کا ایڈریس بتائیں۔ میں سب کچھ معلوم کرلوں گا۔"

"یہ تو محفوظ ہوگئی۔ میرا کیا ہوگا۔" اشتر کو فوراً اپنی فکر نے آگھیرا۔

"تمہارے سیٹھ کو تو میں دو جھانپڑ اور ماردوں۔ فی الحال ڈٹ کر کھانا کھاؤ اور آرام سے سوجاؤ۔ صبح میں پتا کرتا ہوں۔"

"میری امی کا پتا نہیں کیا حال ہوگا۔" وہ تڑپ رہی تھی۔

"اللہ سے اچھی امید رکھیں' سب بہتر ہوگا۔" اسے تسلی جھوٹی لگی تھی۔

رات بھر بے چین رہی۔

☼ ☼ ☼

اسے شام تک بڑی بے چینی تھی۔ سہیل کا انتظار تھا۔

"کک۔۔۔ کچھ معلوم ہوا۔" اسے فکرمند سا دیکھ کر وہ گھبرا گئی۔

"فی الحال آپ کا گھر نہیں ڈھونڈ سکا۔" وہ اس سے نظریں چرا گیا۔

بہانے سے اشتر کو باہر لے گیا۔

"یار! وہاں تو کہانی عجیب ہوگئی۔ باپ نے زہر کھا کر خود کو ہلاک کرلیا۔ ماں کسی کو بتائے بغیر گھر چھوڑ گئی۔ اب اسے کیا بتائیں؟"

"اور۔۔۔ اور سیٹھ؟؟" اسے اپنی پڑی تھی۔

"اسے تو میں نے خود دیکھا ہے۔ بھلا چنگا گاڑی میں بیٹھا سگار پی رہا تھا۔"

"میں تو مارا گیا۔" وہ بے حد پریشان ہوگیا۔

"کیا خبر قدرت نے کیا سوچا ہے۔ کسی بے سہارا کی مدد کی۔ اس کا اجر ملے گا۔"

"خاک ملے گا۔ اجر کے چکر میں ملازمت بھی گئی۔ گھر سے نکلنے سے پہلے سوچ تو لیتی۔"

اسے رباح پر نئے سرے سے غصہ آیا۔ جس کی وجہ سے اسے ملازمت سے ہاتھ دھونے پڑے۔ اور ملک سے باہر جانے کا موقع بھی ہاتھ سے گیا۔

دونوں اخبارات کا جائزہ لے رہے تھے۔ سیٹھ نے کسی بھی اخبار میں کوئی خبر نہیں دی تھی۔ اس نے شکر کا کلمہ پڑھا۔

"جاکر معافی مانگ لو۔" سہیل نے مشورہ دیا۔

"اتنا بے غیرت نہیں۔ ملازمت گئی' تو گئی۔ اب دیکھیں قسمت کیا کرتی ہے۔" ہاتھ کی ہتھیلی پر نگاہ جمائی۔

"شکر ہے وہ زندہ بچ گیا۔ ورنہ قاتل کہلاتا۔ میرا ضمیر مجھے تاحیات بے چین کیے رہتا۔"

"اسے کس طرح بتایا جائے۔" سہیل کو یہ ہی فکر تھی۔

"اس کا ذکر مت کرو۔" اسے رباح سے بے حد چڑ ہورہی تھی۔ اب وبال جان لگ رہی تھی۔

"کوئی جان پہچان ہے' جہاں اسے چھوڑا جائے؟"



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

سہیل ابھی تک اسی کے بارے میں سوچ رہا تھا۔

"ایک آدھ دن کی بات ہوتی تو۔۔۔ یہ پوری زندگی کا معاملہ ہے۔"

"پوری زندگی۔۔۔ ویسے۔۔۔ خوب صورت بہت ہے۔"

"یہ ہی تو مصیبت ہے۔" اس کا حسن اشتر کو مصیبت لگ رہا تھا۔

"اب اس کی عزت بچانی ہے تو کسی ایسی جگہ تو پہنچا دیں کہ باعزت رہے۔"

"کہاں پہنچا دیں؟" اس نے بے زاری اختیار کی۔

"میں کرتا ہوں کچھ۔" سہیل کو اس لڑکی پر ترس آرہا تھا۔ سہمی سہمی، خاموش، متورم آنکھیں۔

مگر کوئی حل نہ نکل سکا۔ اس کی امید دم توڑ رہی تھی۔ وہ دونوں بھی حوصلہ ۔۔۔ کھو رہے تھے۔

سہیل کی بیوی بھی خاموش تھی۔ وہ اس لڑکی وجہ سے پریشان تھی۔ وہ چاہتی تھی کہ یہ جلد از جلد اس گھر سے چلی جائے مگر دو دن گزر گئے، کہیں سے کوئی امید نہ بندھی۔

☼ ☼ ☼

سب ناشتا کر رہے تھے۔

اس نے صرف چائے پی۔ دوپٹا احتیاط سے اپنے گرد لپیٹا۔ سرو قد، نازک سی کانچ کی گڑیا جیسی وہ لڑکی وحشت زدہ اور پریشان نظر آرہی تھی۔

"آپ کا بہت شکریہ! مجھے پناہ دی۔ میری مدد کی۔" ہلکی سی سسکی لی، جو اشتر کے دل پر برچھی کی طرح لگی۔

"کہاں جاؤ گی؟" بے چینی سے پوچھا۔

سہیل نے چونک کر اشتر کو دیکھا۔

"میں بندوبست کر رہا ہوں۔" چند دن انتظار کرلو۔" سہیل نے کہا۔

"بہت شکریہ بھائی! آپ کا بہت احسان ہے۔"

"تھوڑا احسان اور لے لو۔ اندر چلی جاؤ کمرے میں۔" سہیل کے انداز پر اس کی ڈھارس قدرے بندھی مگر رونا آگیا۔ اس کی حالت دیکھ کر سہیل نے ایک دو جگہ فون کیے۔ پھر یک دم ہی اسے یاد آیا۔ مسز نیلوفر ذیشان خان زادہ کو اپنی ساس کی نگہداشت کے لیے کسی خاتون کی ضرورت ہے۔

"مجھے ابھی لے چلیے!" وہ بے تابی سے بولی۔

"وہاں کسی کو اپنی کہانی سنانے کی ضرورت نہیں۔" اشتر نے سمجھایا۔ اس نے سر ہلایا۔

"فیملی اچھی ہے۔ وہاں کوئی پریشانی نہیں ہوگی۔" سہیل نے ہمت بندھائی۔

سہیل اسی شام اسے وہاں لے گیا۔

مسز خان زادہ کا گھر کافی شان دار تھا۔

مسز خان زادہ نے اس کا تفصیلی جائزہ لیا۔

"آپ کی جان پہچان والی ہے تو پھر بہتر ہی ہوگی۔ مگر غضب کی حسین ہے۔" جواباً" سہیل خاموش رہا۔ اس بات پر کیا کہا جاسکتا تھا۔

نیلوفر گوری رنگت کی دبلی پتلی تراشیدہ بالوں والی خاتون تھیں۔ وہ مل اونر کی بیٹی تھیں، مگر غرور نام کو نہ تھا۔ میاں سرکاری عہدے دار تھے۔ وہ خود بھی کئی رفاہی ادارے چلا رہی تھیں۔

"میری ساس کو شکایت کا موقع مت دینا۔" وہ اسے اپنی ساس کے کمرے میں لے آئیں۔

نیلوفر کی ہدایت پر اس نے دھیمے سے سر ہلایا۔ تنخواہ اچھی خاصی تھی۔ وہ حیرت زدہ رہ گئی۔ اس نے اتنے سارے پیسے کہاں ایک ساتھ دیکھے تھے۔

"اماں! دیکھیے کتنی پیاری لڑکی ہے۔ یہ آپ کے ساتھ رہے گی۔"

اماں نے اسے ناگواری سے دیکھا۔

"اچھی لڑکی ہے۔ آپ کی دیکھ بھال کرے گی۔" انہوں نے پھر اسے گھورا۔

"میں پوری کوشش کروں گی کہ آپ کو شکایت کا موقع نہ دوں۔" اس نے پہلی بار گفتگو میں حصہ لیا۔

"کیا نام ہے؟"

"رباح۔"

"اماں کی عادت کو سمجھ لوگی تو آسانی ہوجائے گی۔" وہ سر ہلا کر ہدایات سن رہی تھی۔ دل اپنی ماں میں اٹکا تھا۔ دنیا میں رہی کہ نہیں، آہ کیسی مجبوری ہے کس سے معلوم کروں۔

"اماں! یہ تنہا ہے، ماں، باپ نہیں ہیں اس کے۔"

اماں کو پتا نہیں رباح کیوں نہیں اچھی لگ رہی تھی۔ وہ اسے مسلسل ناگواری سے گھور رہی تھیں۔

"تم یوں کرو۔ سب سے پہلے نہا کر کپڑے بدل لو۔" انہوں نے اسے اپنی ساس کی گھورتی نگاہوں سے بچایا اور ساتھ ہی کاٹن کا ایک سوٹ اسے پکڑا دیا۔

"اپنے آپ کو ذرا ڈھانپ کر رکھنا۔" تھوڑی سی ہدایت کی۔

"اماں کو ایڈجسٹ کرنے میں کچھ وقت لگے گا۔ مگر تم پریشان نہ ہو۔" نیلوفر نے اسے تسلی دی۔

نہا کر اس نے لباس تبدیل کیا۔ ابھی بال سنوار رہی تھی کہ نیلوفر آگئیں۔

"اماں کے ساتھ والا کمرا تمہارا ہے۔ فریج میں پھل وغیرہ موجود ہوتے ہیں، تم بے تکلفی سے استعمال کرسکتی ہو۔" انہوں نے فراخدلی دکھائی۔

"آپ بہت اچھی ہیں باجی!" اتنی محبت پاکر وہ ہچکیوں سے رودی۔

"سہیل بھائی نے ضرورت مند کہہ کر بات ختم کردی تھی۔ آپ نے بھروسا کرلیا، مگر میں آپ سے کچھ نہیں چھپا سکتی۔ میری اصل کہانی یہ ہے باجی کہ مجھے تحفظ چاہیے۔" نیلوفر کرسی پر بیٹھی تھیں۔ وہ وہیں پاؤں کے پاس بیٹھ گئی اور اپنی داستان غم سنا ڈالی۔ نیلوفر گنگ تھیں۔ اشتر نے اصل کہانی بتانے سے منع کیا تھا مگر اس نے کہہ سنائی۔

"آپ مجھ پر بھروسا کرسکتی ہیں، میرا اور کوئی ٹھکانہ نہیں ہے۔"

"تم بے فکر ہوجاؤ۔" انہوں نے اس کے سر پر ہاتھ رکھا۔

"مجھ سے جو ہوسکا، کروں گی۔ پڑھی لکھی ہو، کوئی اچھی جاب ہوئی تو ضرور بتاؤں گی۔"

"مجھے یہاں سے کہیں نہیں جانا۔" اس نے منت کی۔

"تم جب تک چاہو، یہاں رہ سکتی ہو۔" نیلوفر نے فراخدلی دکھائی۔

"اچھا ہوا تم نے مجھے سب کچھ بتا دیا۔ تمہارے ساتھ کوئی زیادتی ہوجاتی تو۔۔۔ مجھے شرمندگی ہوتی۔"

☼ ☼ ☼

نیلوفر آج کل زیادہ مصروف ہوگئی تھیں۔ این جی او کے تحت بے سہارا خواتین کے لیے رہائش کا انتظام اور ان کو ہنر سکھا کر کام دلانے کی دھن سوار تھی۔ رباح بھی بے سہارا ہے مگر اسے اپنے گھر میں رکھ کر وہ اس کی طرف سے مطمئن ہوگئی تھیں کہ اسے سہارا مل چکا ہے۔ وہ بھی ان کی بہت ممنون تھی، خدا کا شکر بھی ادا کرتی۔ مگر ماں کے بارے میں جاننے کو بے چین تھی۔ ان کا خیال آتے ہی دل کٹ کر رہ جاتا، نیلوفر کا گھر بھی دور دراز علاقے میں تھا۔ وہ راستوں سے ناواقف تھی۔ ورنہ ایک دفعہ گھر جاکر ضرور معلوم کرتی۔ نیلوفر سے بھی بات کرنے کا موقع نہیں مل رہا تھا۔

وہ اپنے بال بنا رہی تھی۔ دراز ریشمی گھنے بال جو ہاتھوں میں نہیں آتے تھے۔

"ماں کتنے پیار سے ان بالوں کو سنوارتی تھی ماشاء اللہ کہہ کر سر چوم لیتی" وہ سوچوں میں گم تھی۔

"رباح! پلیز ذرا ادھر آنا۔" نیلوفر نے اسے پکارا تھا۔ وہ بہت جلدی میں تھیں۔ وہ کیچر بالوں میں اٹکا کر تیزی سے باہر لپکی۔

"پلیز ذرا یہ اٹھالو۔ باہر گاڑی تک پہنچانا ہے۔" تھیلا کافی وزنی تھا، جسے اٹھانے میں اسے کافی دشواری ہورہی تھی۔ لینڈ کروزر کھڑی تھی۔ چند مرد اور خواتین بھی موجود تھیں۔ اس نے کسی کی جانب نہیں دیکھا۔

"ہائے کیسے غضب کے بال ہیں۔"

"کتنی بیوٹی فل ہے۔"

اسے دیکھتے ہی کچھ ملی جلی آوازیں آئیں۔ ایسے





WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

بے تکلفانہ تبصرے سن کر وہ بری طرح گھبرا گئی اور گھبراہٹ میں سیڑھیوں پر توازن برقرار نہ رکھ پائی اور تھیلے سمیت نیچے فرش پر جا پڑی۔ سر گاڑی سے جا ٹکرایا۔ آنکھوں کے آگے ستارے ناچ گئے۔ شرمندگی کے احساس سے نظریں جھک گئیں۔ کسی نے اسے لپک کر اٹھایا تھا۔ اس نے نظریں اٹھا کر دیکھا تو حیران رہ گئی۔

اشتر! ہمیشہ سے میرا مددگار!

"شش۔ شکریہ۔" اسے دیکھ کر وہ بوکھلا گئی۔ پیشانی پر گومڑ سا ابھر آیا تھا۔

"چوٹ تو نہیں آئی؟" گردن میں کیمرا ڈالے ایک شخص اس کے سراپے کو دلچسپی سے دیکھ رہا تھا۔

"مسز ذیشان! ایک تصویر لے سکتا ہوں ان کی؟" اس نے نیلوفر کی طرف اجازت طلب نظروں سے دیکھا، پھر اس کا جائزہ لیا۔

وہ فیروزی رنگ کا ہلکی کڑھائی والا سوٹ پہنے ہوئے تھی۔ جو نیلوفر کی اترن تھا، بالوں میں سرخ کنگھی پھنسی تھی۔

"ضرور لو بھئی!" نیلوفر نے فراخ دلی سے اجازت دی۔ اس سے پوچھا ہی نہیں۔ اس کی دو تین تصویریں لے لیں۔ اشتر نے انتہائی ناگواری سے تصویر کھینچنے والے اور تصویر کھنچوانے والی کو دیکھا۔ کیوں۔۔۔ وہ خود بھی نہ سمجھ سکا۔ وہ تیزی سے اندر چلی گئی۔

"یہ اتنی خوب صورت لڑکی کون ہے؟"

"اماں کی دیکھ بھال کے لیے رکھا ہے۔" "شرم کرو اتنی خوب صورت لڑکی سے ساس کے کام کرواؤ گی۔" مسز حامد حیران تھیں۔

"ضرورت مند ہے۔"

اشتر نے اسٹیئرنگ کو مضبوطی سے تھام رکھا تھا۔

رباح۔۔۔ اس لڑکی کی وجہ سے اسے اپنے سنہری مستقبل سے ہاتھ دھونے پڑے۔ ورنہ اس وقت امریکہ میں ہوتا۔

ادھر وہ یہ سب سوچ رہا تھا اور ادھر وہ اندر اس کے لیے دعاگو تھی اللہ اسے کسی پریشانی میں مبتلا نہ کرے۔

☼ ☼ ☼

"رباح! ذرا ڈرائنگ روم میں آنا۔" نیلوفر کی پکار سنائی دی۔ وہ اماں کی چوٹی باندھ کر فارغ ہوئی تھی۔ شاندار ڈرائنگ روم میں دو صاحب بیٹھے تھے۔ ان میں ایک وہ بھی تھا۔ جس نے اس دن رباح کی تصویر کھینچی تھی۔

وہ ٹھٹک گئی۔

"یہ جنید آفندی ہیں۔ مشہور ایڈورٹائزنگ کمپنی کے مالک۔ تمہیں ایڈ کے لیے منتخب کیا ہے۔" نیلوفر نے تعارف کے ساتھ ہی اطلاع دی۔

"فوٹوجینک فیس ہے تمہارا۔" تعریفی نظریں اس پر ڈالنے کے بعد نیلوفر کی طرف متوجہ ہوئے۔

"مسز ذیشان! آپ نے مجھے بہت حسین چہرے دیے۔ مگر یہ تو کمال ہو گیا۔" جنید آفندی نے ستائش بھرے جملے بولے اور پھر گہری نظروں سے اس کا جائزہ لیا۔

"مجھے یہ کام نہیں کرنا۔" وہ گھبرا گئی۔ آفندی کی نگاہیں یوں محسوس ہو رہی تھیں جیسے جسم کے آرپار دیکھ رہا ہو۔ وہ اس وقت گلابی جدید تراش کا لباس پہنے ہوئے تھی۔ جس کا گلا تھوڑا کھلا تھا۔ نیلوفر نے فراخدلی سے اپنے کئی جوڑے اسے بخش دیے تھے۔ جنید کے اس طرح دیکھنے پر اس نے دوپٹا لپیٹ کر اوڑھ لیا۔

"شہرت خود چل کر تمہارے پاس آئی ہے بے وقوف! کہاں سے کہاں جا پہنچو گی۔"

نیلوفر کا یہ بولنا... اسے کچھ ناگوار گزرا۔

"اچھے گھر کی لڑکیاں میرے توسط سے جاتی ہیں۔ والدین کو مجھ پر بھروسا ہے۔ کوئی غلط کام نہ ہو گا۔ بلکہ تمہاری حفاظت ہو گی۔"

وہ اسے چمکار رہی تھیں۔ "معاشرے میں میری عزت ہے۔"

"تم معاہدے پر دستخط کر دو۔ کچھ باؤنڈ ہونا پڑے گا۔ جب تک میری اجازت نہیں ہو گی، کسی اور کے



لیے کام نہیں کر سکو گی۔" جنید آفندی نے فوراً کاروباری انداز اختیار کیا۔

"اس کی فکر مت کرو جنید!" رباح کے بجائے نیلوفر نے جواب دیا۔ "لانے لے جانے کی ذمہ داری تو میری ہو گی۔"

"پک اینڈ ڈراپ تو میں بھی کر سکتا ہوں۔" جنید نے آفر کی۔ "قریب ہی تو رہتا ہوں۔"

"بہت لکی ہو۔" نیلوفر ہنس دی۔

وہ حیران پریشان تھی۔ اسے جو رقم مل رہی تھی، وہ تو خواب میں بھی نہ سوچی تھی۔

اس کا پہلا کمرشل ٹی وی پر چل پڑا۔

نیون سائن، بل بورڈز، رسالوں میں، اخباروں میں، سب جگہ دھوم مچ گئی۔ اشتر نے اخبار میں بڑا سا اشتہار دیکھا۔ اس کا جی چاہا، سر پھوڑ لے اپنا۔ جھنجھلا کر اخبار پھاڑ ڈالا۔

"مجھے فقیر بنا کر خود مزے اڑائے گی۔" وہ تلملا رہا تھا۔

☼ ☼ ☼

وہ ٹی وی کے قریب پونچھا لگا رہی تھی۔ ٹی وی پر نظر پڑی تو چکرا کر رہ گئی۔

گھنیرے بالوں کے ساتھ وہ حسین چہرہ پل بھر کے لیے اسکرین پر نمودار ہوا شیمپو کا اشتہار تھا۔

"رباح۔۔۔"

بمشکل اپنے سن ہوتے وجود کو اٹھایا۔

وہ دل تھامے بے آواز رو رہی تھی۔

"یا اللہ۔۔۔ پتا نہیں، کن ہاتھوں میں ہے۔ نذر محمد! اللہ تجھے کبھی نہ بخشے گا۔ جانے میری بچی جانے کس حال میں ہو گی۔"

وہ کلیجہ تھامے تڑپ تڑپ کر رو رہی تھی۔ میں نے اسے کھو دیا۔ شکر ہے زندہ ہے۔ خداوند اس کی عزت کو محفوظ رکھنا۔

سلطانہ نے بڑی ہمت کر کے خود کو اٹھایا۔ رنجے کو آمرا مل گیا تھا۔ بیگم صاحبہ کے بڑے بیٹے نے چینل بدل دیا۔ سلطانہ بے چین ہو گئی۔ "بیٹا! وہی اشتہار لگا دو۔" آج پہلی مرتبہ فرمائش کی۔ رباح کو دیکھنے کا جی چاہ رہا تھا۔

ایک لمحے بعد ہی ڈرامے میں وقفہ آگیا۔ نئے ایڈ بار بار دکھائے جانے لگے۔

"رباح ہی ہے۔" وہ آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھ رہی تھی۔

اخبار میں بڑا سا اشتہار چھپا تھا۔

"بیگم صاحبہ! اخبار لے لوں۔"

ان کا اشارہ پاتے ہی بے تابی سے اخبار کو سینے سے لگا لیا۔ "رباح، میری رباح۔۔۔ میں تجھے یاد رہی کہ نہیں۔ اپنے ہاتھوں سے اپنی بچی گنوا دی۔"

وہ آہ و بکا کرتی اور رب تعالیٰ سے اس سے ملنے کی دعا کرتی رہی۔

☼ ☼ ☼

اسے کافی رقم ملی تھی۔ سب سے پہلے موبائل لیا۔ بچوں نے استعمال کرنا بھی سکھا دیا۔ کچھ نئے کپڑے بھی بنائے تھے اور گھر میں بھی سب کے لیے کچھ نہ کچھ خریدا تھا۔

ماں کا خیال آیا تو دل بھر آیا۔ وہ ان کا حال جاننے کے لیے بے قرار تھی۔ نیلوفر سے دبی دبی زبان سے اپنے گھر جانے کی خواہش کا اظہار کیا تھا۔ مگر وہ ٹال گئیں۔

اس نے شاپنگ کے دوران اپنے لیے اسکارف اور عبایا خریدا تھا۔

اس اشتہار کے بعد اسے اور آفر ہوئی تھیں، مگر معاہدے کے مطابق ابھی وہ صرف جنید آفندی کے ساتھ کام کرنے کی پابند تھی۔ جنید کے دیکھنے کا انداز اس کے رگ و پے میں سنسنی پھیلا دیتا۔ اس کے حسن کو چار چاند لگ گئے تھے۔ جنید آفندی کا والہانہ پن بھی بڑھتا جا رہا تھا۔ اس کے انداز اسے بے حد پریشان کر رہے تھے۔ جی چاہتا تھا کہیں چھپ جائے۔ اس کے مطالبے روز بروز بڑھتے جا رہے تھے۔



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

"باجی! بہت سے لوگ آفر کر رہے ہیں۔" ریمپ پر ماڈلنگ کی آفر آئی تھی۔ ایک روز ہمت کرکے نیلوفر سے کہہ دیا۔

"تم زیادہ سے زیادہ دولت کمانا چاہتی ہو؟"

"نہیں۔۔۔ مجھے آفندی سے خوف آتا ہے۔" سچ بات کہہ ہی دی۔

"تمہاری کامیابی کی پہلی سیڑھی ہے۔ ظاہر ہے کچھ تو حق بنتا ہے اس کا بھی۔"

"میں ایسا نہیں کرسکتی۔"

نیلوفر اس کے بچپنے پر مسکرادیں۔

✲ ✲ ✲

اسکارف سے چہرہ اچھی طرح چھپایا۔ رکشا روک کر آنے جانے کا کرایہ طے کیا اور سوار ہوگئی۔ دل بے حد دھڑک رہا تھا۔ ہاتھ پاؤں سنسنا رہے تھے۔ اچھی بری دونوں خبریں مل سکتی تھیں۔ اس کی بے تابی حد سے بڑھ گئی تھی۔ جب تھوڑی سوجھ بوجھ آگئی تو ایک دن اس نے موقع سے فائدہ اٹھالیا۔

گھر جیسے جیسے قریب آرہا تھا۔ دل کی بے تابی بڑھتی جارہی تھی۔ تنگ گلیاں شروع ہوگئیں۔

"یہیں روک دو بھائی۔"

کانپتے ہاتھ' دھڑکتے دل کے ساتھ کنڈی بجائی' دو' تین بار بجانے کے بعد کوئی بڑبڑاتا ہوا کنڈی کھول رہا تھا۔

اجنبی چہرہ۔۔۔

"یہاں نذر محمد اور ان کی بیوی سلطانہ رہتے تھے۔"

شدت جذبات سے اس کی آواز کانپ رہی تھی۔

"یہاں تو میں رہتا ہوں تم کون؟" فوراً" ہی سوال داغا۔

"وہ کہاں گئے؟" اس کا سوال نظرانداز کرگئی۔

"نذر محمد نے سنا ہے خودکشی کرلی۔ بیوی کہیں منہ چھپا کر روپوش ہوگئی۔ دراصل ان کی بیٹی بھاگ گئی تھی اپنے عاشق کے ساتھ۔"

"آہ!" وہ لڑکھڑائی۔

"تو یہ کہانی بن گئی۔" اس کی ہمت جواب دے گئی۔

لڑکھڑاتے قدموں سے وہ دوبارہ رکشے میں بیٹھ گئی۔ رو رو کر برا حال تھا۔

"پتا نہیں کہاں چلی گئی میری ماں۔ کہاں ڈھونڈوں؟" تڑپتے بلکتے رات گزر رہی تھی۔

✲ ✲ ✲

"میری بچی! تیرا پتا ٹھکانہ کس سے پوچھوں؟" سلطانہ بہت بے قرار تھی۔

"اپنے حواس قابو میں رکھنے چاہیے تھے مجھے۔ اسے باہر نہیں بھیجنا چاہیے تھا۔" اسے بے حد پشیمانی تھی۔

نذر محمد کے زہر پیتے ہی یوں محسوس ہو رہا تھا جیسے چھت مجھ پر گر جائے گی۔ تیری گمشدگی پر طرح طرح کے سوال اٹھتے۔۔۔ کس کس کا جواب دیتی۔ منہ چھپا کر تجھے ڈھونڈنے نکلی تھی۔ پر تو جانے کہاں چلی گئی تھی۔ میری بچی! تیری ماں بے قصور ہے۔" وہ اخبار کو سینے سے بھینچے تڑپ رہی تھی۔

"میری معصوم بچی۔۔۔ اللہ اس کی حفاظت فرمانا۔" اس کی تصویر کو بے قراری سے چوم رہی تھی۔

✲ ✲ ✲

وہ بہت کم عرصے میں شہرت کی بلندیوں کو چھونے لگی۔

"جنید آفندی نے پروپوزل بھیجا ہے۔" نیلوفر نے دھماکا کیا۔

"نن نہیں باجی۔۔۔ مجھے اپنی ماں کو تلاش کرنا ہے۔ میں یہ فیلڈ چھوڑ دوں گی۔"

"ترقی کے راستے کھلتے جارہے ہیں۔ کیسے چھوڑ دو گی؟"

"بہت دولت کمالی ہے۔ مجھے زیادہ کی تمنا نہیں ہے۔" وہ فیصلہ کرچکی تھی۔

"دولت تمہارے پاس خود چل کر آرہی ہے۔ ناشکراپن مت کرو۔" انہوں نے جھاڑا۔



"جنید آفندی سے شادی نہیں کرسکتی' کبھی نہیں۔" اسے جھرجھری آگئی۔ اس کے متعلق سب کچھ جان چکی تھی۔

وہ صرف اشتر کو اپنے دل کے آس پاس منڈلاتے دیکھتی تھی۔ صرف اسی کے ساتھ' معمولی ڈرائیور کو جس کی کوئی حیثیت نہیں تھی۔

میری عزت بچانے والا۔ تحفظ دینے والا۔ اسی کی وجہ سے میں یہاں تک پہنچی۔ وہ ہی میرے جذبوں کی ابتدا ہے' وہی انتہا ہے۔۔۔ مگر جانے کہاں ہے۔" گاڑی میں بیٹھے ہر ڈرائیور پر اس کی نگاہ ہوتی۔ شاید وہ ہو۔

اس روز وہ کس کا ڈرائیور تھا۔ چاہتے ہوئے بھی نیلوفر سے پوچھ نہ سکی۔

✲ ✲ ✲

وہ جب بھی شاپنگ پر جاتی' عبایا پہن کر جاتی۔ اس طرح لوگوں کی نظروں سے اوجھل ہوجاتی تھی۔ اس وقت بھی عبایا پہنے ہوئے تھی۔

چند ریڈی میڈ سوٹ خریدے اور سینڈلوں والے کارنر پر آگئی۔

"مما! مجھے دو شوز لینے ہیں۔" ایک موٹی سی بچی ٹھنک رہی تھی۔

"ہاں جان۔۔۔ تم تین لے لو۔" اسی طرح کی اس کی موٹی مما بھی صدقے واری ہوئیں' اسی لمحے ان کا موبائل بج اٹھا۔

"اُف۔۔۔ اسے بڑی بے چینی ہو رہی ہے۔" نمبر دیکھ کر بڑبڑائیں۔ بٹن دبا کر موبائل کان سے لگایا۔

"تم پریشان نہ ہو۔ صاحب سے میری بات ہوگئی ہے۔ کسی دوست کے ساتھ گھر چلے جائیں گے۔ تم ہمارے ساتھ رہو گے۔ اور یہاں آکر شوز والے کارنر سے ہمارے پیکٹ اٹھا کر گاڑی میں رکھو۔" جس کو ہدایت دے رہی تھیں۔ تھوڑی دیر بعد وہ چلا آیا۔

"اشتر۔۔۔" وہ بے آواز چلائی۔

وہ چار' پانچ پیکٹ اٹھا کر ادھر ادھر دیکھے بنا چلتا بنا۔ وہ بے قراری سے اس کے پیچھے لپکی۔

وہ کافی آگے تک چلا گیا تھا۔ لوگوں کا ہجوم تھا۔ وہ تیزی سے اس کے پیچھے بھاگتی کئی لوگوں سے ٹکرائی۔

"اشتر!" اس کے برابر پہنچ کر چلائی۔ "اشتر! پلیز رکو۔ میں رباح۔ رک جاؤ۔" اس نے ان سنی کردی۔

"وبال جان۔" وہ بڑبڑایا۔ قدم اور تیز کردیے۔ وہ سامنے آگئی تو اسے رکنا پڑا۔ "اب کیا پرابلم ہے؟"

"تمہارا ایڈریس چاہیے' اس نے ایک نظر اسے دیکھا۔

سامان کے شاپرز جلدی جلدی ٹھونسے اور خود کو گاڑی میں مقید کرلیا۔

اس کی بے اعتنائی پر وہ سسک کر رو پڑی۔ شیشہ بجانے لگی۔ کیسی لاچار و مجبور لگ رہی تھی۔

"ملک کی مشہور و معروف ماڈل ہے۔ اب اسے مجھ سے کیا غرض؟" وہ حیران تھا۔ مگر اس پر بے تحاشا غصہ بھی آرہا تھا۔

"کیا پرابلم ہے۔" دانت پیستے شیشہ نیچے کیا۔

"میں تمہیں کب سے تلاش کر رہی ہوں۔ میری بات تو سن لو پلیز۔" وہ منت کر رہی تھی۔ بڑی بڑی آنکھیں آنسوؤں سے تر تھیں۔ پوری کی پوری لرز رہی تھی۔ اشتر کے ملنے کی خوشی' مگر اس کی بے مروتی انتہا پر تھی۔

"تمہیں کیا مسئلہ ہے؟ اب یہ جاب بھی چھڑوانی ہے کیا؟"

"مجھے تمہارا ایڈریس چاہیے۔ تم نے اتنے احسان کیے۔"

"اب تم مجھ پر ایک احسان کردو۔ میرا پیچھا چھوڑ دو۔"

"تم۔۔۔ میرے لیے بہت اہم ہو۔"

"محترمہ! میں ایک معمولی ڈرائیور ہوں۔ سرونٹ کوارٹر میں رہتا ہوں۔ آپ ہزاروں میں کھیلنے والی۔" وہ طنزیہ بولا۔

"تب بھی تم' میرے لیے بہت اہم ہو۔"



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

"ہونہہ۔۔۔" اس پر کوئی اثر نہیں ہوا۔
"ایک سے ایک امیر مل جائے گا۔ بلکہ مل بھی گیا ہوگا اور ایک کیا۔"
"اشتر خدا کے واسطے۔" وہ تڑپ اٹھی۔ اس کے دونوں ہاتھ ابھی تک جڑے تھے۔
"تماشا نہ بناؤ پلیز۔ لوگ دیکھ رہے ہیں' بیگم صاحبہ بھی آتی ہوں گی۔ تم جاؤ۔" اس نے اسٹیئرنگ پر ہاتھ رکھے۔
"میری بات سن لو میں مر جاؤں گی۔"
"تو مر جاؤ۔" وہ بے انتہا سفاک ہو رہا تھا۔
وہ سن ہو کر رہ گئی۔ اس نے سوچا بھی نہ تھا کہ یہ اتنا کٹھور ہو سکتا ہے۔ وہ آنسو پونچھتی پلٹ گئی۔
"اسے مجھ سے کیا کام ہو سکتا ہے۔" ویو مرر سے اسے جاتے ہوئے دیکھا۔ وہ سکتی رکشے میں بیٹھ رہی تھی۔
"اس نے گاڑی نہیں خریدی۔ ڈرائیور چاہیے ہوگا اسے۔ یعنی میں ڈرائیور کا ڈرائیور رہوں۔ اتنی تعلیم کے باوجود ڈھنگ کی ملازمت نہیں ملتی۔" وہ دلبرداشتہ تھا۔
"آخر کیوں مجھ سے ملنا چاہتی تھی؟" اس کی سوئی پھر وہیں اٹکی۔
"کیا کروں ملوں کہ نہ ملوں۔" وہ تذبذب کا شکار ہوا۔
بالآخر اس کی سسکیاں' آنسوؤں میں تربتر آنکھیں اس کے دل کے آس پاس نرم گوشہ بناتی رہیں۔ اس نے اس سے ملنے کا فیصلہ کر لیا۔

☆ ☆ ☆

وہ دونوں پارک کے نسبتاً" ایک تنہا گوشے میں آبیٹھے تھے۔
مگر اس کے مزاج میں ایک تناؤ تھا۔
"کیا کام ہے؟"
"مجھے تمہاری مدد چاہیے۔"
"جلدی بتاؤ۔"
"تم میرے سارے کام سنبھالو۔" اس کی خوشی قابل دید تھی۔
"تمہارا ملازم بن جاؤں؟" تیکھے لہجے میں سوال داغا۔
"نن۔۔۔ نہیں۔۔۔ محافظ۔" وہ ہکلائی۔
"مطلب۔۔۔ سیکورٹی گارڈ۔۔۔" وہ تلملایا۔ اس کی عزت بچاتے ہوئے اپنا مستقبل خاک کر چکا تھا۔ اسے پھر یاد آیا۔
"اس سے بھی بڑھ کر۔" اس کا انداز حیا آمیز تھا۔ مگر وہ اس کے انداز پہچان نہیں رہا تھا۔ یا جان کر کے نظر انداز کر رہا تھا۔
"صاف صاف بات کرو۔ میری سمجھ میں نہیں آرہا۔ تم کیا کہہ رہی ہو۔" وہ قطعی متاثر نہ ہوا۔
"مجھے دنیا کے کسی مرد پر بھروسا نہیں' سوائے تمہارے۔"
"ہاں۔۔۔ وہ تو میں ہوں گدھا۔" لہجے میں کوئی فرق نہ آیا تھا۔ "تم کام بتاؤ! میرے پاس وقت کم ہے۔"
تھوڑا سا نقاب سرکائے وہ اس کے حواسوں پر چھا رہی تھی۔ موتی سے دانتوں کی قطار بار بار مسکراہٹ سے نمایاں ہو رہی تھی۔
شفق کی سرخی رخساروں پر لیے ہاتھوں کی نازک انگلیاں باہم ایک دوسرے میں پھنسائے وہ بڑی مشکل سے بول رہی تھی۔
"میں تمہاری وجہ سے اس مقام پر ہوں۔"
"اب بس کرو' یہ ہی کہنے کے لیے بلایا تھا۔" اس نے بات کاٹ دی۔ تیوری کے بل درست ہی نہیں ہو رہے تھے۔
وہ سب کچھ کہنا چاہتی تھی' مگر حیا دامن گیر تھی۔ وہ کیوں نہیں سمجھ رہا؟
"کتنی تنخواہ دو گی؟" اس نے ایک دم پینترا بدلا۔
"ساری کی ساری۔" وہ چونکا۔
"اندازہ ہے کیا کہہ رہی ہو' دماغ درست رکھو۔ میں اس قماش کا نہیں ہوں۔ جانے کون کون لوگ اس فہرست میں ہیں۔" اس کا لہجہ مزید ترش ہوا۔



"میری توہین مت کرو۔ کوئی بھی فہرست میں نہیں۔ کیوں اتنا شک کر رہے ہو۔" اسے بھی غصہ آگیا۔ ساتھ آنسو ٹپ ٹپ گرنے لگے۔
"واپس چلو۔"
"میری بات کا جواب تو دیا نہیں۔"
"کیا مصیبت ہے۔ اس نوکری سے بھی نکلواؤ گی تم؟"
"میں تمہیں کس طرح سمجھاؤں۔" وہ روہانسی ہوئی۔
وہ پریشان ہو گئی۔ اسے کھل کر کیسے کچھ بتائے۔ پرپوزل کی تعداد بڑھتی جا رہی تھی۔ اور دل لگی کرنے والے بھی جمع ہو رہے تھے۔ وہ خود کو بچاتے بچاتے پریشان ہو گئی تھی۔ اور یہ درجہ اشتر کے علاوہ کسی کو دینے کو تیار نہ تھی۔ اسے اس بات کی پروا نہ تھی کہ وہ ایک ڈرائیور ہے۔ اس کی شرافت نے کسی اور سے متاثر ہونے نہ دیا۔
"اشتر! میں تمہارے ساتھ زندگی گزارنا چاہتی ہوں۔" وہ شرم سے مری جا رہی تھی' پھر بھی کہہ ہی دیا۔
وہ حیران رہ گیا۔ "پاگل ہو گئی ہو کیا۔ لوگ کیا کہیں گے؟"
"مجھے کسی کی پروا نہیں۔" بے اختیار آنسو بہہ نکلے۔ "مجھے سب کی نظروں سے دور لے جاؤ۔"
"تم بہت بلندی پر ہو۔ میں ایک ڈرائیور۔۔۔"
وہ کسی طرح قائل نہ ہو رہا تھا۔
"میں نے کہا نا' مجھے کسی بات کی پروا نہیں۔ میں تمہارے ساتھ ہر قسم کے حالات میں رہ سکتی ہوں۔"
"تم مجھے کتنا جانتی ہو؟"
"ہزار سال سے بھی زیادہ۔۔۔ تم میرے مددگار ہو' میرے محافظ ہو۔" وہ حیران رہ گیا۔
"اس وقت میری جگہ کوئی بھی ہوتا ایسے ہی مدد کرتا۔"
"تم خود جانتے ہو کہ تم جھوٹ بول رہے ہو۔" وہ پورے وثوق سے بولی۔
"تم جذبات میں بہہ رہی ہو۔"
"پلیز بلاوجہ کی تاویلیں مت دو۔ کسی مناسب وقت باجی کے گھر آجاؤ۔" وہ بے چین تھی۔
"تم جو سوچ رہی ہو۔ ممکن نہیں' اتنی بڑی ماڈل ایک ڈرائیور کے ساتھ شادی۔۔۔ ناممکن۔" اس نے نفی میں سر ہلایا۔
"ہم کرائے کا فلیٹ یا کوئی چھوٹا سا گھر لے لیں گے۔" اس کے انکار کو نظر انداز کر کے اس نے مستقبل کا منصوبہ بنایا۔
"میں کرائے کا گھر یا فلیٹ افورڈ نہیں کر سکتا۔"
"تو ٹھیک ہے ہم سرونٹ کوارٹر میں۔۔۔"
"تم کس مٹی کی بنی ہو۔" اس نے غصے سے چلا کر کہا۔
"محبت کی مٹی سے۔" وہ اپنے دل کی کیفیت سے آگاہ کر رہی تھی۔
"اتنا پیسہ کمانے کے بعد مجھ میں کیا نظر آگیا۔"
"روپے پیسے شہرت نے مجھے میری اوقات سے ہٹنے نہیں دیا۔
میں جذباتی فیصلہ نہیں کر رہی۔ تمہارے ساتھ زندگی گزارنا چاہتی ہوں۔ کتنی بار کہوں۔"
وہ اسے اپنی محبت کا یقین دلانا چاہ رہی تھی' مگر وہ یقین کرنے کو تیار نہ تھا۔ عجیب مشکل کا شکار تھا۔ یہ لڑکی دل کے نہاں خانوں میں گھستی جا رہی تھی۔ مگر وہ ایک ہوش مند انسان تھا۔
"ہمارے درمیان بہت فاصلے ہیں۔" اس نے سمجھایا۔
"نہیں ہیں فاصلے۔" وہ ماننے کو تیار نہ تھی۔
"میرا شمار عام ملازموں میں ہوتا ہے۔" اس نے پھر سمجھایا' حالانکہ دل اس کے ساتھ کے لیے مچل رہا تھا۔
"کتنی دفعہ کہوں اشتر! مجھے اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔" وہ زچ ہو کر رو پڑی۔
"سوچ لو۔ اب بھی وقت ہے۔ سرونٹ کوارٹر۔۔۔ چائے پاپے کا ناشتا۔" وہ اس کے موبائل میں اپنا نمبر فیڈ کرتے ہوئے مسکرا بولا۔



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

رباح نے بے اختیار سکون کا سانس بھرا۔

☼ ☼ ☼

"تمہارا دماغ خراب ہے۔ ایک ڈرائیور سے شادی کروگی۔ ملک کی مشہور و معروف ماڈل اور۔۔۔"

"اس شخص کے علاوہ میں کسی سے بھی شادی نہیں کروں گی۔" اس نے ان کی بات کاٹی تھی۔

"کون سی فلمی کہانی بنانا چاہتی ہو؟" وہ بری طرح تلملا گئیں۔ "تمہاری سوچ جھونپڑی والی ہی رہی۔ اتنی بلندی پر جانے کے بعد کوڑے میں گرنا چاہتی ہو۔"

"یہ میری ذاتی زندگی ہے۔" اس نے انہیں جتایا۔

"میری ساری محنت پر پانی پھیر دیا۔ کوئی کام نہیں دے گا۔ بھوکوں مروگی۔" انہوں نے ڈرایا۔

"مجھے روکھی سوکھی کھانے کی عادت ہے۔" اس کے پاس ہر بات کا جواب تھا۔

"اس ڈرائیور کی محبت نے تمہیں بہت نڈر بنا دیا ہے۔" نیلوفر حیران تھیں۔ "ایک بار پھر سوچ لو۔ بہت جگ ہنسائی ہوگی۔"

"سوچ لیا۔" وہ دو ٹوک لہجے میں بولی۔

☼ ☼ ☼

اخبار میں شائع خبر رباح نے پڑھی۔ کنپٹیاں سلگ گئیں۔ جی چاہا سب کو شوٹ کردے۔ مگر صرف پیچ و تاب کھا کر رہ گئی۔

"باجی! یہ خبر۔" اخبار نیلوفر کے سامنے پٹخا چہرہ غصے کے مارے لال بھبھوکا ہو رہا تھا۔ نیلوفر نے اس کے تیور دیکھے اور لاپروائی سے شانے اچکائے۔

"ایسی باتیں چھپی نہیں رہتیں۔"

"میں نے تو صرف آپ کو بتایا تھا۔"

"بھئی! کیا کرتی تمہارے کچھ رشتے آئے تھے۔ مجھے ان لوگوں کو انکار کرنے کی معقول وجہ بتانی تھی۔ کہہ دیا کسی اور کو پسند کرتی ہے۔"

"معمولی ڈرائیور کہنا ضروری تھا؟" وہ رو دینے کو تھی۔

"ہاں بہت ضروری تھا۔ عشق اندھا ہوتا ہے۔ اب شرمندہ ہونے کی ضرورت نہیں۔ اب بھی وقت ہے۔ اس ڈرائیور کو بھگا دو۔" ان کا انداز تمسخرانہ تھا۔

"وہ میرا محسن ہے۔ اس نے مجھے تحفظ دیا تھا۔"

"ٹھیک ہے تو انعام میں کچھ رقم دے دو۔ شوہر بنانے کی کیا تک ہے؟" انہوں نے مشورے سے نوازا۔

"انعام ہی تو دے رہی ہوں۔" نیلوفر نے ناسمجھی سے اسے دیکھا۔ وہ خاموشی سے اٹھ کر چل دی۔

☼ ☼ ☼

"مشہور معروف ماڈل رباح کا ایک معمولی ڈرائیور سے معاشقہ۔" چٹپٹی خبر اخبار میں شائع ہوئی۔ ساتھ ہی رباح کی تصویر تھی۔ سلطانہ نے دل پکڑ لیا۔

"یہ کیا ہوگیا رباح تجھے۔" رونے کے علاوہ کچھ نہیں کرسکتی تھی۔ چکرائی چکرائی کام کر رہی تھی۔

"کس سے اس کا پتا پوچھوں۔ خدایا میری مدد کر کہ اسے روک سکوں۔ پتا نہیں کیسا انسان ہو۔ یقیناً لالچی ہوگا۔ اسے کوئی قابل انسان نہیں ملا۔ میں اس تک کیسے پہنچوں۔"

دونوں ماں بیٹی بے خبر تھیں۔ ان کے درمیان صرف ایک دیوار کا فاصلہ تھا۔ نیلوفر کا مکان اور سکندر خان کا مکان آگے پیچھے گلیوں میں تھا۔

☼ ☼ ☼

شوٹنگ سے تھک کر آئی تھی۔ لوگوں کے طرح طرح کے سوالوں کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا۔ یہاں بھی پریشانی تھی۔ یہاں مزید کیسے رہ سکتی ہے۔ ان کے تیور بھی بگڑ گئے تھے۔ اسی لیے وہ کسی کو اشتر سے ملانا نہیں چاہتی تھی۔ شادی بھی خاموشی سے کرنا چاہتی تھی۔

"کاش ماں مل جائے' خداوند کوئی تو ہو۔ ابھی غنودگی ہی میں تھی' موبائل بج اٹھا۔ اشتر تھا۔

"ہیلو!"



"تم نے اخبار میں خبر شائع کرادی۔" وہ ناراض تھا۔

"میں نے نہیں۔" پھر ساری تفصیل اسے بتائی۔ "اشتر! باجی کے گھر رہنا مشکل ہو رہا ہے۔ مجھے بہت جلد گھر تبدیل کرنا ہے۔ کوئی فلیٹ یا گھر کرائے پر۔"

"اوکے! میں کرتا ہوں بندوبست تم پریشان نہ ہو۔"

وہ مطمئن ہو کر سوگئی۔

☼ ☼ ☼

"زندگی کی آسائشوں کی عادت ہوگئی ہے تمہیں۔ اب وہ ڈرائیور کیا دے گا تم کو؟" وہ جنید آفندی کے ساتھ لنچ پر مدعو تھی۔

"اس موضوع کو ختم کیجئے۔" وہ اس پر بات نہیں کرنا چاہتی تھی۔

"کیسے ختم کروں۔ تم میری خواہش ہو' سمجھیں!" اس کے لہجے میں رعب کے ساتھ پیار بھی تھا۔

"ساری خواہشات پوری نہیں ہوا کرتیں۔" اسے مقابلہ کرنا خوب آگیا تھا۔

"زبردستی پوری کرلی جاتی ہیں۔" وہ بھی ضد پر اتر آیا تھا۔

"آفندی صاحب۔ پلیز۔۔۔"

"میں نے اتنی بلندیوں تک پہنچایا تو گرا بھی سکتا ہوں۔"

"آپ دھمکی دے رہے ہیں؟"

"خبردار کر رہا ہوں۔۔۔ اس قابل نہیں چھوڑوں گا کہ وہ عزت دار ڈرائیور تمہیں اپنا لے۔ غریبوں کو عزت بڑی پیاری ہوتی ہے۔"

"کیسی بات کر رہے ہیں' امیروں کو عزت پیاری نہیں ہوتی؟"

"امیر تو ہوتا ہی عزت دار ہے۔ ایک غریب نوکرانی کو عروج پر پہنچا دیا۔" اس نے پھر جتایا۔

"مہربانی ہے آپ کی۔"

"میں تمہیں کام نہیں دوں گا مزید' کہیں اور کرنے کے قابل بھی نہیں چھوڑوں گا۔" وہ خباثت پر اتر آیا تھا۔

وہ لرز کر رہ گئی۔

"یہ آخری ایڈ ہوگا۔" جنید آفندی نے اپنی بات جاری رکھی۔

"مجھے یہ بھی نہیں کرنا۔" وہ فوراً" کھڑی ہوگئی۔

"رقم۔۔۔؟"

"کون سی۔۔۔؟"

"جو تم پر خرچ ہوتی رہی ہے۔"

"لعنت بھیجتی ہوں اس رقم پر' ایک ایک پائی ادا کروں گی۔" وہ شدید غصہ ہوئی۔

"ڈرائیور پر لعنت بھیجو اور چلو میرے گھر۔ بہت شان دار طریقے سے تم سے شادی کروں گا۔" اسے غصے میں دیکھا تو فوراً" چاپلوسی اختیار کی' مگر اس پر اثر نہ ہوا۔ سنی ان سنی کرکے جانے کے ارادے سے قدم بڑھائے۔

"تمہارے عاشق کو تو میں چٹکی سے مسل دوں گا۔ جان عزیز ہے اس کی؟" اسے جاتے دیکھ کر وہ سلگ اٹھا' رقابت کی آگ نے اسے پاگل کردیا یہ دھمکی سن کر اسے رکنا پڑا۔ وہ کرسی سے اٹھ کر اس کے نزدیک آگیا۔ وہ ذرا پیچھے کو ہوگئی۔

"میرے بہت سے جاننے والے ہیں جو میری ناپسندیدہ شخصیت کو دنیا میں زیادہ دیر تک نہیں رہنے دیتے۔" وہ غرایا۔۔۔ وہ بے حد خوف زدہ ہوگئی۔

☼ ☼ ☼

"اشتر! خدا کے واسطے! ابھی مجھ سے نہ ملنا' وہ مار ڈالے گا تمہیں۔" وہ بری طرح سسک اٹھی۔ گھر آتے ہی اس نے اشتر کو فون کیا۔

"کیا کہہ رہی ہو۔" اس کی سمجھ میں کچھ نہ آیا۔

"اشتر! آفندی مجھ سے شادی کرنا چاہتا ہے۔"

"تو تم اس سے شادی کرلوگی۔" وہ ناراض ہوا۔

"زہر کھالوں گی۔" وہ رو رہی تھی۔



www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

"فلمی جملے مت بولو۔" وہ ابھی تک ناراض تھا۔

"میں سچ کہہ رہی ہوں۔ بس تم وہ کرو جو میں نے کہا ہے۔" اپنا فیصلہ سنا کر اس نے موبائل آف کر دیا۔ وہ کافی دیر تک تڑپتی سسکتی رہی۔ کچھ سمجھ میں نہ آرہا تھا' کیا کرے۔

"اشتر کے بغیر تو میں مر جاؤں گی۔ اللہ! میری مدد کر۔"

دوسری طرف موبائل تھامے اشتر حیران پریشان کھڑا رہ گیا۔

☼ ☼ ☼

اس پر حیرت کے پہاڑ ٹوٹ پڑے۔ آفندی نے آوٹ ڈور شوٹنگ کے لیے جو نیا ڈرائیور رکھا۔ وہ اشتر تھا۔ رباح نہیں جانتی تھی کہ اشتر نے جان بوجھ کر آفندی کے پاس نوکری کی یا آفندی نے اسے اوقات یاد دلانے کے لیے اشتر کو ڈرائیور رکھا۔ مگر اتنا ضرور تھا کہ وہ اشتر کے سامنے ہی رباح سے اپنے التفات کا مظاہرہ کرڈالتا۔ اسے میں اشتر کی کن پٹیاں سلگ جاتیں۔ اور رباح زمین میں گڑ جاتی۔

رباح اشتر سے بات نہ کرتی۔ وہ بھی بظاہر اپنے کام سے کام رکھتا۔

"یار! بڑے خوب صورت ہو۔ ایٹی ٹیوڈ بھی ہے ایڈ کرو گے؟"

"نہیں سر۔" اس نے کورا جواب دیا۔

"ارے کیوں بھئی! ہینڈسم ہو۔ بہت جلد ترقی کرو گے۔" وہ آج فیاضی کے موڈ میں تھا۔ رباح اس کے پہلو میں بیٹھی پیچ و تاب کھا رہی تھی۔

"صاحب یہ گانے بھی گاتا ہے۔ بڑا سریلا ہے۔" الیکٹریشن حمید بولا۔

"کر لیجیے۔ اچھا رہے گا آپ کے لیے۔" اس کی مسلسل خاموشی پر رباح نے آہستگی سے کہا۔ اشتر نے تب بھی سر اٹھا کر نہیں دیکھا۔ مگر آفندی زور سے ہنس پڑا۔

"بھئی اب تو ڈن۔ ہماری جان نے کہہ دیا۔ سمجھ لو پتھر پر لکیر ہو گیا۔"

رباح یوں خوش ہو گئی گویا رہائی کی شاید پہلی سیڑھی پر قدم رکھ دیا ہو۔

"جب ٹیلنٹ ہے اور موقع بھی مل رہا ہے تو فائدہ اٹھاؤ۔ ہم بیٹھے ہیں نا آگے تک پہنچا دیں گے۔" آفندی بڑی موج میں آیا ہوا تھا۔ اشتر نے اب بھی کچھ نہ کہا۔ گاڑی اسٹارٹ کر دی۔

☼ ☼ ☼

قسمت اس پر مہربان ہو رہی تھی۔ انسان کے اختیار میں کچھ نہیں ہوتا۔ اس کا پہلا ہی اشتہار مقبول ہو گیا۔ آفرز کی لائن لگ گئی۔

ٹی وی پروڈیوسرز نے ڈرامے کی آفر کر دی۔ وہ اچانک ہی بہت مصروف ہو گیا۔ جب موقع ملتا آفندی کے پاس آجاتا۔

"اب ہم دوست ہیں۔ تم میرے ڈرائیور نہیں رہے۔"

"لیکن آپ مجھے ہمیشہ تابعدار پائیں گے۔" وہ اوپری دل سے کہتا۔

اس دن وہ آفندی سے ملنے آفس آیا تو آفندی نہیں تھا' رباح اسی وقت کوئی کمرشل کر کے آئی تھی۔ اسے دیکھ کر رو پڑی۔

"اشتر! مجھے کہیں لے جاؤ۔ آفندی کے ساتھ محبت کا ڈراما کرتے میں تھک گئی ہوں۔" وہ روہانسی ہو رہی تھی۔

اس نے تسلی دی۔ وہ بھی جلد از جلد اس سے چھٹکارہ چاہتا تھا۔ ورنہ نظروں کے سامنے رباح کسی اور کی ہو جائے گی۔ وہ کچھ نہ کر سکے گا۔ دونوں کی زندگیاں برباد ہو جائیں گی۔

☼ ☼ ☼

رباح کو رہائش کی تلاش تھی اس نے اشتر سے مکان ڈھونڈنے کا کہہ دیا تھا۔ اب اس میں تنہا رہنے کی ہمت آگئی تھی۔ اسے اشتر کے مضبوط سہارے کا آسرا تھا۔



رات کو جب موقع ملتا' اشتر اسے فون کرتا۔ وہ ڈھیروں باتیں کرتے' مستقبل کے منصوبے بناتے۔ کسی کو کانوں کان خبر نہ ہوتی۔

اشتر ہی نے اسے بتایا کوئی بوڑھے میاں بیوی اپنا ایک پورشن کرائے پر ——— دینا چاہتے ہیں۔ اسے ایڈریس سمجھا دیا۔ اب اسے راستوں کی پہچان ہو گئی تھی۔ عبایا پہن کر نقاب کر کے مطلوبہ مکان پر پہنچ گئی۔

"جی فرمائیے۔" بوڑھے ایاز علی نے عینک کے موٹے موٹے شیشوں کے پیچھے سے اس کی شخصیت کا جائزہ لیا۔ ادھیڑ عمر صالحہ بیگم بھی قریب آگئیں۔ ساڑھی زیب تن کیے کھچڑی بالوں کو جوڑے کی شکل میں لپیٹے وہ ایک باوقار نفیس سی خاتون لگ رہی تھیں۔

"مجھے کرائے پر پورشن چاہیے۔" اس نے مدعا بیان کیا۔

"تمہیں کس نے بتایا؟" انہوں نے اسے بہت غور سے دیکھا۔

اس نے مختصراً" اپنے بارے میں بتایا۔ انہیں اس کے کام پر تھوڑا اعتراض ہوا مگر اس نے یقین دلایا کہ انہیں اس کی وجہ سے کوئی پریشانی نہیں اٹھانی پڑے گی۔ وہ دونوں میاں بیوی تھوڑی سی پس و پیش کے بعد مان گئے۔

"چلو یہ مسئلہ تو حل ہوا۔" وہ خوش ہوئی بہت اسے ایک ہفتہ ہو گیا تھا یہاں آئے ہوئے۔ اس دوران ان دونوں میاں بیوی کے وہ خدشات جو رباح کی فیلڈ کے حوالے سے تھے' دور ہو گئے۔ خود رباح بھی اعتبار و بے اعتباری کی فضا میں معلق رہنے کے بعد مطمئن ہو گئی تھی۔ وہ دونوں میاں بیوی بے ضرر سے مخلص لوگ تھے۔ وہ انہیں اپنی ساری کہانی سنا چکی تھی۔ وہ دونوں اس کی آپ بیتی سن کر آبدیدہ ہو گئے تھے۔

"تم اشتر سے نکاح کر لو۔۔۔ خاموشی سے۔" ایاز علی نے مشورہ دیا۔

"آفندی بہت خطرناک انسان ہے انکل! اسے مروا دے گا۔" وہ خوف زدہ ہوئی۔ "اور میں اس کے علاوہ کسی اور کے متعلق سوچ بھی نہیں سکتی۔"

"ملواؤ ہم سے' دیکھتے ہیں تمہارے قابل ہے بھی کہ نہیں۔" وہ ذمہ داری سے بولے تو وہ سر سے لے کر پیر تک سرشار ہو گئی۔ اس کا تو خوف ہی دور ہو گیا۔

"وہ آج کل کچھ ڈراموں کی شوٹنگ میں مصروف ہے۔" اس نے بتایا۔

"مگر میں اس سے کہتی ہوں۔ وہ فوراً" آپ سے ملنے آئے گا۔"

"پھر اس کے بعد تمہاری امی کو ڈھونڈنے کی کوشش کریں گے۔" صالحہ بیگم نے اسے تسلی دی۔

☼ ☼ ☼

کسی کے گھر شوٹ تھا۔۔۔ ابھی کچھ کام باقی تھا۔ رباح کا تھکن سے برا حال تھا۔ وہ آرام کی غرض سے دوسری منزل پر ایک الگ تھلگ کمرے میں آگئی۔ وہ اس وقت کمرے میں تنہا تھی۔ سب ہی کہیں نہ کہیں مصروف تھے۔

زرد رنگ کی میکسی اس کے وجود پر بے حد جچ رہی تھی۔ اس نے پیر سینڈلوں سے آزاد کیے اور بیڈ کراؤن سے ٹیک لگا کر نیم دراز ہو گئی۔ میکسی پنڈلیوں سے کھسک گئی۔ صاف و شفاف پنڈلیاں نمایاں ہو گئیں۔ ہوش ربا حسن نیم خوابیدہ تھا۔

آفندی نے اندر جھانکا۔ اس کے اندر کا شیطان باہر نکل آیا۔ غلط نیت لیے اس تک پہنچا۔ ہلکا سا لڑکھڑایا۔ آہٹ سن کر رباح نے بند پلکیں کھولیں۔ آفندی کو بے حد نزدیک پا کر بجلی کی سی تیزی سے اٹھ کھڑی ہوئی۔

"تم بہت خوب صورت ہو رباح۔ آج ظلم نہ کرنا پلیز۔"

"آفندی۔۔۔" وہ لرز اٹھی۔

"ہماری شادی ہونے والی ہے' پھر تمہیں کیوں



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

اعتراض ہے۔" وہ ایک قدم بڑھا۔

"میں جان دے دوں گی مزید آگے بڑھے تو۔۔۔"

"مجھ سے انتظار نہیں ہوتا اب۔" وہ کڑیل توانا مرد۔ رباح کو اندازہ ہوا' وہ اسے نہیں روک پائے گی۔ اس نے دوسری راہ اختیار کی۔

"ابھی شوٹنگ مکمل نہیں ہوئی۔ اس کے بعد دیکھتے ہیں۔"

"میں نے سب کی چھٹی کردی۔ سب چلے گئے۔ اب یہاں کوئی نہیں ہے۔" وہ مسکرایا۔

وہ دہشت زدہ ہو گئی۔ وہ آہستہ آہستہ کھڑکی کی طرف کھسکنے لگی۔

"دیکھو۔۔۔ میں کہہ رہی ہوں رک جاؤ ورنہ۔۔۔"

اس نے انگلی اٹھا کر اسے تنبیہ کی۔

"مرنا آسان نہیں ہوتا میری جان۔۔۔" خباثت بھری مسکراہٹ اس کے لبوں پر ابھی تک تھی۔

"اپنی عزت بچانے کے لیے میں کچھ بھی کرسکتی ہوں۔ سمجھے!" وہ غرائی۔

"جان دینی ہی ہے تو مجھے دے دو نا میری جان! دیکھو۔۔۔"

وہ اب کھڑکی تک پہنچ چکی تھی۔ کھڑکی کا شیشہ کھسکانا محال تھا۔ مگر شکر تھا اس میں گرل نہیں لگی تھی۔

"بے وقوفی مت کرو رباح!" وہ مسلسل آگے بڑھ رہا تھا۔ وہ خوف کی آخری حد تک ڈھے چکی تھی۔ اس کا وجود لرزے کی زد میں تھا۔

"یا اللہ مدد کر!" اس نے پوری قوت سے اسے دھکا دیا۔ وہ لمبا چوڑا مرد بس یک دم ہی لڑکھڑایا تھا۔ اس نے بجلی کی سی تیزی سے شیشہ کھسکایا۔

"رکیں۔" کوئی پیچھے سے پکارا۔ وہ کیمرہ مین تھا جو اپنا موبائل لینے کمرے میں آیا تھا اور ساری صورت حال بھانپ چکا تھا۔

مگر رباح اس کی آواز نہیں سن سکی اور اسی لمحے ایک زوردار چیخ کے ساتھ اس نے خود کو دوسری منزل کی کھڑکی سے گرا دیا۔ کیمرہ مین چیختا ہوا کھڑکی تک پہنچا۔ اتنی دیر میں وہ چھجے پر گری اور پھر فرش وہاں سے بھی لڑھک کر زمین پر جا گری۔۔۔۔ کیمرہ مین نے نیچے جھانکا۔ وہ خون میں لت پت بے سدھ پڑی نظر آئی۔

"لعنت ہے صاحب آپ پر!" کیمرہ مین صوفے پر گرے آفندی کو کہہ کر تیزی سے سیڑھیاں اترتا وہاں پہنچا۔ اتنی دیر میں کچھ لوگ جمع ہو چکے تھے کسی نے ایمبولینس بھی منگوالی تھی۔

یہ خبر میڈیا تک جا پہنچی اور پھر بجلی کی سی تیزی سے پھیل گئی۔

"مشہور ماڈل رباح نے عزت بچانے کی خاطر دوسری منزل سے چھلانگ لگادی۔ وہ موت و زیست کی کشمکش میں مبتلا اسپتال میں داخل ہیں۔"

✵ ✵ ✵

"ہائے۔۔۔" سلطانہ نے کلیجہ پکڑ لیا۔ "بیگم صاحبہ میری بچی۔" وہ بری طرح رو پڑی۔

وہ حیرت زدہ تھیں۔

"تم نے کبھی بتایا نہیں۔" بیگم صاحبہ نے فوراً اپنے ڈرائیور کو بلایا۔

ڈرائیور سلطانہ کو مقامی اسپتال چھوڑنے چلا گیا۔

اشتر اسپتال کے کوریڈور میں بے قراری سے ٹہل رہا تھا۔ ایاز علی' صالحہ بیگم اور کیمرہ مین بھی موجود تھے۔

آفندی راتوں رات روپوش ہو گیا۔

"ارے میں بچالیتا بی بی کو پر میری سنی ہی نہیں۔" وہ باقاعدہ رو رہا تھا۔

"آفندی کو کہاں ڈھونڈوں۔" اشتر بے چین تھا۔

"رباح! اللہ تمہیں زندگی دے۔" سلطانہ بلکتی ہوئی کاریڈور میں داخل ہوئی۔

"خاتون آپ کون ہیں؟" صالحہ بیگم نے تڑپ تڑپ کر روتی سلطانہ سے پوچھا۔

"میں سلطانہ۔۔۔ رباح کی ماں۔" اس کے الفاظ ہچکیوں میں کہیں گم ہو گئے۔

اشتر چند قدم کے فاصلے پر تھا۔ سنتے ہی لپک کر ان کے پاس آیا اور انہیں تسلی دی۔

اندر آئی سی یو میں ڈاکٹرز اس کی جان بچانے کی کوشش میں مصروف تھے۔

کئی خون کی بوتلیں اسے لگیں۔ ٹانگ کی ہڈی میں فریکچر تھا۔ بازو کی ہڈی بھی مڑ گئی تھی۔

آخر کار اس نے آنکھیں کھول دیں۔۔۔

"میری ماں۔۔۔؟" ہوش میں آتے ہی اس نے پہلا سوال کیا۔

"رباح۔ یہ دیکھو۔ تمہاری امی۔" اشتر نے سلطانہ کا ہاتھ پکڑ کر رباح کے قریب کیا۔

"امی۔۔۔ ی۔" سلطانہ کو دیکھ کر وہ پھر ہوش و حواس کھونے سی لگی۔ یہی کیفیت سلطانہ کی بھی تھی۔ مگر اس مرتبہ یہ خوشی کا عالم تھا۔

✵ ✵ ✵

رباح تیزی سے صحت یاب ہو رہی تھی۔ بس گھٹنے کے پاس سے ٹوٹی ہڈی تکلیف دے رہی تھی۔ ابھی بازو پر بھی بینڈیج تھی۔ نقاہت بھی بے حد تھی۔ مگر ماں کے ملنے پر مسرور تھی۔

اسے کمرے میں شفٹ کردیا گیا تھا۔ سلطانہ کو اشتر بے حد پسند آیا تھا۔ ایاز علی اور صالحہ بیگم کی بھی ممنون تھی کہ اس کی بچی کا اتنا خیال رکھا۔

"اسی عزت کو بچانے کی خاطر تو امی نے رات کے اندھیرے میں گھر کی چار دیواری سے باہر دھکیل دیا تھا۔ اسے کیسے نہ بچاتی۔" رباح کا لہجہ ٹھوس تھا۔

کچھ دن بعد رباح کو گھر شفٹ کردیا۔

ایاز علی صالحہ بیگم نے۔۔۔ ایک دم اشتر کو بھی زبردستی یہیں روک لیا تھا۔ تنہائی کے مارے ایاز علی اور صالحہ بیگم کو یکدم اتنے رشتے مل گئے۔ ان کی خوشی کا ٹھکانہ نہیں تھا۔۔۔ اتنے بے لوث تھے دونوں۔

صالحہ بیگم رباح کے کمرے میں آئیں۔ ان کے ہاتھ میں ایک پاؤچ تھا۔۔۔ بازوؤں پر گلابی جھلملاتا دوپٹا سنبھالا ہوا تھا۔

نیم دراز رباح کے قریب آئیں۔ اس کی پیشانی کو بوسہ دیا۔

اس وقت سب لوگ موجود تھے۔ خاموش مسکراہٹ کے ساتھ اس کارروائی کو دیکھ رہے تھے۔

اس کا ذرا سا سر اونچا کرکے دوپٹا اس کے سر پر ڈالا۔ پاؤچ سے بھاری کنگن نکال کر اس کی کلائیوں میں ڈالے۔

"میں نے رسم کردی ہے۔" سلطانہ سے مخاطب ہوئیں۔ "اشتر سے اس کی بات پکی ہو گئی ہے۔ اب آپ کی باری ہے۔"

سلطانہ نہال ہو گئی۔

اشتر نے مسکرا کر اسے دیکھا تھا۔ وہ شرم سے سرخ ہو گئی۔ گلابی جھلملاتے دوپٹے میں اس کا نقاہت زدہ چہرہ شرمگیں مسکراہٹ لیے بے حد حسین لگ رہا تھا۔

سلطانہ نے بٹوے سے کچھ نوٹ نکال کر اشتر کے ہاتھ پر رکھے اور اس کی پیشانی چوم لی۔ ایاز علی مٹھائی کا ڈبا نکالا' جو انہوں نے کرسی کے پیچھے چھپا رکھا تھا۔ ان کو شوگر تھی۔ صالحہ بیگم کھانے نہیں دیتی تھیں۔ وہ مٹھائی کے دلدادہ۔۔۔ گھور کر میاں کو دیکھا۔

"بھئی آج کوئی روک ٹوک نہیں۔ آج میری بیٹی کی منگنی ہوئی ہے۔ آج تو میں مٹھائی کھاؤں گا بھی۔ کھلاؤں گا بھی۔"

کہتے کے ساتھ انہوں نے رباح کو آدھا گلاب جامن کھلایا اور باقی آدھا اشتر کے منہ میں ڈال دیا۔ وہ تلملاتی کھڑی رہیں تو سنجیدہ ہو گئے۔ ڈبا ان کے سامنے کردیا۔ صالحہ بیگم نے فوراً جھپٹ لیا مگر پھر۔ ایک گلاب جامن اٹھا کر ایاز علی کے منہ میں ٹھونس دیا۔ سب یک دم ہنس پڑے۔

رباح اور اشتر کی تو کیفیت ہی الگ تھی۔۔۔ دونوں کی بے لوث محبت نے فتح پالی تھی۔





WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM




سمیرا حمید

امرحہ کی پیدائش کے وقت اتفاقی طور پر رونما ہونے والے چند ناگوار اور نقصان دہ واقعات کے سبب وہ اپنے خاندان میں "منحوس" مشہور ہو جاتی ہے۔ اس کے بابا' اماں' دادی اور تینوں بہن بھائی دانیہ' حماد اور علی اسے اکثر جنم جلی' منحوس' کالی نظر اور کالی زبان کہتے رہتے ہیں۔ یہاں تک کہ اس کی منگنی بھی ان ہی افواہوں کی وجہ سے ٹوٹ جاتی ہے۔ اپنی نحوست کے صبح شام قصے سن کر امرحہ خود ترسی کا شکار ہو کر روتی رہتی ہے۔

پورے گھر میں صرف دادا ہی اس کی دل جوئی کرتے ہیں اور گھر والوں کی باتوں کو لغو قرار دیتے ہوئے امرحہ کو بھی ان پر کان دھرنے سے منع کرتے ہیں۔ امرحہ کی اپنے دادا سے خوب بنتی ہے۔ وہ سارا دن ان کے ساتھ پنجاب لائبریری میں گزارتی ہے۔ جہاں وہ لائبریرین تھے دادا اسے سمجھاتے ہیں کہ تم پڑھائی پر دھیان دو اور اسکالر شپ لے کر باہر ملک چلی جاؤ۔ امرحہ اپنے باقی بہن بھائیوں کی طرح پڑھائی میں کمزور ہے' مگر دادا کی بات پر وہ ٹاپ کرنے کے لیے جدوجہد شروع کردیتی ہے' مگر پھر بھی بہت اچھے نمبر حاصل نہیں کرپاتی۔ اسی دوران اس کی شادی کا سلسلہ چلتا ہے' مگر پندرہ روز قبل دولہا کی جوان بہن کے بیوہ ہو جانے پر اس کی شادی رہ جاتی ہے اور اس کی نحوست پر مہر لگ جاتا ہے۔ امرحہ دل برداشتہ ہو کر نیند کی گولیاں کھا کر خودکشی کی کوشش کرتی ہے تاہم بچ جاتی ہے۔ اس واقعہ کے بعد امرحہ کی زندگی مزید تلخ ہو جاتی ہے۔ وہ مختلف بیرون ملک کالج و یونیورسٹیوں کے ہزاروں آن لائن اسکالر شپ فارم بھرتی ہے' مگر ہر جگہ سے انکار ہوتا رہتا ہے۔ بالآخر مانچسٹر یونیورسٹی سے اسے اسکالر شپ مل جاتا ہے جو اس یونیورسٹی کی طلبا سوسائٹی اپنے ذاتی فنڈ سے دیتی ہے۔ جس کی رو سے امرحہ کو تیس فیصد ادا کرنا ہوتا ہے باقی ستر فیصد کی ادائی ان کی طرف سے ہو گی۔ اس کے علاوہ وہ دو دن کی میزبانی کے۔

مکمل ناول



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

فراموش کر دیتا، بیٹھتا تو صدیاں گزار دیتا۔۔۔ وہ فیصلے کی کیفیت میں تھا نا نتیجے کی۔۔۔ وہ آر تھا نا پار۔۔۔ بس وہ گم ہو چکا اور خود کو ڈھونڈنے کی رتی برابر کوشش نہ کرتا ہوا عالیان تھا۔ جیسے اس پر سب آشکار ہو چکا تھا اور وہ سب سے انجان بھی تھا۔

"دیکھو، میں کود جاؤں گی ولید۔۔۔ ہاں میں کود ہی جاؤں گی۔۔۔ آ کر مجھے روک لو۔۔۔ لو میں کود رہی ہوں۔۔۔ آؤ ولید آ جاؤ۔۔۔"

آخری سفر سے پہلے آخری جملوں میں سے ایک یہ جملہ بھی تھا۔ وہ سہم کر مارگریٹ سے لپٹ جاتا کہ وہ اٹھ کر بھاگ نہ جائے اور کود نہ جائے۔۔۔

اور وہ زندگی کے اس طرف کود ہی گئی۔

اور زندگی کے اس طرف اس کا بیٹا بیٹھا تھا۔۔۔ لندن برج پہ۔۔۔

مارگریٹ کو لندن برج پسند تھا ان دونوں کی آخری تصویر وہیں لی گئی تھی۔ کود جانے کا خیال اس کے ذہن میں بھاگ دوڑ رہا تھا۔۔۔ وہ ایک بینچ پر بیٹھا تھا۔

"تم یہاں بیٹھو میں تمہارے لیے کچھ کھانے کو لاتی ہوں۔"

ایک افریقی عورت کی مشقت زدہ اور تھکی ہوئی آواز آئی وہ ایک آٹھ سالہ بچے کو اس کے پاس بٹھا کر خود چلی گئی بچہ لاغر اور بیمار سا تھا، ماں کو دور جاتے دیکھتے رہنے کے بعد اس نے اپنے قریب رکھے تھیلے کو کھولا اور اس میں سے کسی قدر عقیدت سے تین گھوڑوں کا گول گول گھومنے والا کھلونا نکالا۔

کھلونا کافی خستہ حال اور ٹوٹا پھوٹا سا تھا۔ بچے نے انگلی کو ایک گھوڑے کی اگلی ٹانگوں میں پھنسا کر اسے گول گھما دیا۔ تینوں گھوڑے آگے پیچھے بھاگنے لگے اور گھوڑوں کے ٹاپوں اور ہنہنانے کی آوازیں کھلونے میں سے نکلنے لگیں۔

بچہ ایسے مسکرانے لگا جیسے کسی ایک گھوڑے پر وہ خود سوار ہو۔۔۔ سب سے آگے والے پر۔۔۔ گھوڑوں کے ساتھ اس کی مسکراہٹ دوڑنے لگی۔ بچے کے ننھے سے قہقہے نے عالیان کو متوجہ کیا پھر اس کی جاندار مسکراہٹ نے۔۔۔ بچہ ساری دنیا سے بے نیاز گھوڑوں کو دوڑا رہا تھا۔

"تم انہیں دوڑانا چاہتے ہو؟" بچے نے اجنبی کی نظریں خود پر محسوس کر کے اسے اپنا خزانہ استعمال کر لینے کی اجازت دینی چاہی۔

"یہ دیکھو، یہ ایسے چلتا ہے۔" اس نے گھوڑے کی اگلی ٹانگوں کو پکڑ کر گھمایا۔

"اور سنو ان کی آوازیں کتنی پیاری ہیں۔۔۔ میں نے کبھی اتنی پیاری آوازیں نہیں سنیں تم نے بھی نہیں سنی ہوں گی۔" کھلونا اس نے عالیان کے کان کے قریب کیا اور یہ سب کرتے وہ ایسے پرجوش سا تھا کہ ایک اجنبی اس کے کھلونے سے متاثر ہو چکا ہے۔

عالیان نے بچے کو ایسے دیکھا کہ وہ ان دنوں ہر چہرے کو دیکھ رہا تھا کہ یہ سب کیوں زندہ ہیں۔۔۔ کیا انہیں نہیں مرنا۔

اسی پل اس کے اندر کسی قوت نے اسے اکسایا کہ وہ بچے سے مکالمہ کرے اور پھر اس مکالمے پر وہ خود کو آر یا پار کرے۔۔۔ یہ قوت اتنی شدت سے اس کے اندر جاگی کہ اتنے دنوں سے ایک لفظ بھی منہ سے نکلنے کی زحمت نہ کرتے عالیان نے خود کو بولتے پایا۔۔۔ اس نے بچے کے ہاتھ سے کھلونا لے لیا۔

"یہ تو ٹوٹا ہوا ہے۔" اس نے قدرے سفاکی سے کہا۔

بچے کا بیمار چہرہ پھیکا سا پڑا اور اسے اپنی پیاری چیز کے لیے ایسے کلمات پر صدمہ پہنچا۔

"نہیں! یہ بالکل ٹھیک ہے۔" اس نے اس انداز میں کہا کہ دنیا کا کوئی انسان اسے جھٹلا نہیں سکتا تھا۔

"دیکھو، اس گھوڑے کی دم نہیں ہے۔۔۔ اس والے کا سر نہیں ہے۔۔۔ اور اس گھڑسوار کا بازو ٹوٹا ہوا ہے۔۔۔"

اس بات سے اسے اور صدمہ ملا لیکن اس نے ایسا انداز اپنا لیا کہ وہ اس بات کے خلاف بھی ڈٹ کر دکھا سکتا ہے۔

"اس سے فرق نہیں پڑتا۔۔۔ یہ گھوڑے پھر بھی دوڑتے ہیں۔" اس نے اس انداز میں ہنس کر کہا جیسے عالیان پاگل ہو۔

عالیان پاگل ہی تھا۔۔۔ وہ بچے کی بات پر سن ہو گیا۔

"اس سے فرق نہیں پڑتا۔۔۔ یہ گھوڑے پھر بھی دوڑتے ہیں۔" یہ گونج اس کے کانوں کے پردوں سے کہیں اندر آ گئی۔۔۔ بہت دور تک۔۔۔

بچے نے جو فلسفہ اپنا رکھا تھا۔ وہ فلسفیوں کے بس کی بات نہ تھی۔

"اگر ان سب گھوڑوں کی ٹانگیں ٹوٹ جائیں۔۔۔ سر بھی۔۔۔ اور سب گھڑسوار مر جائیں تو۔۔۔ تو؟" اس کی آواز کانپ رہی تھی۔

"یہ پھر بھی دوڑیں گے، میں انہیں دوڑا لوں گا اور گھڑسواروں کو میں مرنے نہیں دوں گا۔۔۔" بچے نے انقلاب برپا کر دینے والے انقلابی کے سے انداز میں ہاتھ کی مٹھی کو ہوا میں لہرا کر کہا۔

"یہ دیکھو۔" اس نے ایک گھڑسوار پر انگلی رکھی۔

"یہ ٹوٹ کر گر چکا تھا۔۔۔ تمہاری زبان میں یہ مر چکا تھا۔۔۔ میں نے اسے گھوڑے کی پیٹھ پر رکھ کر باندھ دیا۔۔۔ تم غور کرو گے تو بھی تمہیں وہ باریک مضبوط دھاگہ دکھائی نہیں دے گا جس سے میں نے اس گھڑسوار کو باندھا ہے۔۔۔ کرو غور ڈھونڈو وہ دھاگہ۔۔۔"

عالیان نے غور کیا وہ دھاگے کو ڈھونڈ نہ سکا۔ بچہ اس معاملے میں اپنے فن کی بلندیوں پر رہا تھا۔

"میں نے کہا ناں میں گھڑسواروں کو مرنے نہیں دوں گا۔۔۔ میں انہیں زندہ رکھنا جانتا ہوں۔ یہ گھوڑے کی پیٹھ پر ہمیشہ موجود رہیں گے۔" بچے نے آخری معرکہ بھی سر کرنے لینے والے سپہ سالار کی آواز کی کھنک کی طرح کھنک کر کہا۔

"میں نے کہا نا میں گھڑسواروں کو مرنے نہیں دوں گا، میں انہیں زندہ رکھنا جانتا ہوں۔" یہ فقرہ عالیان کے اندر آسمان پر نکلنے والی دھنک کی طرح پھیل گیا۔

"اور اس کی چابی۔۔۔ یہ بھی ٹوٹی ہوئی ہے۔۔۔" اس کے اندر چھپ کر بیٹھے پرانے عالیان نے دعا کی کہ کاش بچہ اسے لاجواب کر دے۔

بچے نے فاتح کی سی مسحور ہوتی مسکراہٹ کو اپنے ہونٹوں پر سجا لیا۔

"اس کی چابی ہے میرے پاس۔۔۔ جو کبھی نہیں ٹوٹے گی۔۔۔ یہ دیکھو۔" اس نے وہ انگلی جو وہ گھوڑے کی ٹانگوں میں اڑس کر انہیں دوڑاتا رہا تھا اٹھائی۔

"یہ ہے اس کی چابی۔۔۔ میں ہوں اس کھلونے کی چابی۔" کہہ کر اس نے گھوڑوں کو اس عظیم چابی کے ذریعے پھر سے دوڑایا اور مایوسی کے میدان میں امید کے گھڑسوار دوڑنے لگے۔۔۔ اس نے اسے لاجواب کر دیا تھا۔

سیپی نے منہ کھولا اور در فنا کو اگل دیا۔۔۔ کیونکہ انسان پر یہ جائز نہیں کہ اپنے اندر وہ اسے جگہ دے۔ اس آب فنا کا چشمہ اس پر حرام کیا گیا ہے۔۔۔ حرام تر۔۔۔ ایک بچہ بھی جانتا ہے ٹوٹے ہوئے کھلونے کو کیسے چلایا جائے گا۔۔۔

"میں ہوں اس کی چابی۔" گھڑسوار مقابلے کے جوش سے للکار اٹھے، گھوڑوں کی ٹاپوں نے دلدلی جنگلوں کو بھی پچھاڑ ڈالا۔۔۔ ان پر انسان سوار تھے۔۔۔ وہ انسان جو بزدلی اور کم ہمتی کے سمندروں کو بھی پاٹ جاتے ہیں۔

"گھوڑے کو گرنے نہ دو۔۔۔ گھوڑ سوار کو مرنے نہ دو۔" اقوال یاد کر کے زندگی گزارنے کی کوشش کرتی مارگریٹ کو کاش کوئی یہ فلسفہ سکھا دیتا۔۔۔ اور اب وہ زندہ ہوتی اور اس کا بیٹا پل کے دہانے نہ بیٹھا ہوتا۔

"جو انسان روتا ہے وہ آسمانی فرشتوں کو رنجیدہ کر دیتا ہے۔"

"فرشتے کیوں رنجیدہ ہوتے ہیں ماما؟"

"انسان کو رونے کے لیے نہیں بنایا گیا۔۔۔ اس پر اشرف ہونے کا تاج سجایا گیا ہے اس تاج کو سجا کر انسان روئے گا تو رنجیدہ ہی کرے گا نا۔۔۔ انہوں نے انسان کی تخلیق دیکھی ہے اور وہ یہ کیسے فراموش کر سکتے ہیں کہ انسان کو وہ علم و حکمت عطا کی گئی جو انہیں




WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
RSPK.PAKSOCIETY.COM
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

نہیں دی گئی۔ اگر انسان وہ منظر دیکھ لے جب کائنات کا رب اس کی تخلیق کا فیصلہ کرتا ہے اور نطفے میں جان ڈالتا ہے اور اسے پروان چڑھاتا ہے اور لوح پر اس کا نام لکھا جاتا ہے اور فرشتوں کو اس بندے کے لیے ذمہ داریاں سونپی جاتی ہیں تو انسان صرف اور صرف اپنے مقصد حیات کے لیے جدوجہد کرے۔۔۔ وہ دکھ پر صبر کرے، نعمت پر شکر کرے۔۔۔ وہ زندگی کو با مقصد بنانے کو بندگی جانے۔۔۔ رتبوں میں سب سے پہلا رتبہ تخلیق میں لائے جانے کا ہوتا ہے اور ہر تخلیق پا جانے والے کو اس رتبے پر فخر و شکر کرنا چاہیے۔"

ماما مہر نے اسے اپنی گود میں بٹھا کر کہا تھا۔ اسے یہ یاد تھا۔ اسے وہ بھول گیا تھا تو ہی اس حالت میں یہاں بیٹھا تھا۔

"زندگی میں جو جذبہ آپ کو برباد کرنے لگے اس جذبے سے دور ہو جائیں۔۔۔ کیونکہ انسان کو یہ نہیں بھولنا چاہیے کہ اس کی تخلیق کا فیصلہ خدا نے کیا ہے۔۔۔ وہ اپنا خدا خود نہیں بن سکتا وہ خود کو برباد نہیں کر سکتا۔"

بچے کی پیشانی چوم کر عالیان وہاں سے اٹھ آیا۔۔۔ اسے مارگریٹ نہیں بننا تھا۔۔۔ اس کے پیچھے بچہ گھوڑے دوڑا رہا تھا۔۔۔ ساز بجا رہا تھا۔۔۔ کیونکہ اس کھلونے کی چابی وہ خود تھا۔۔۔ اور وہ گھڑ سوار اس وقت تک نہیں گر کر مریں گے جب تک وہ چابی سلامت تھی۔

زندگی کھیل نہیں ہے۔۔۔ زندگی میدان ہے۔۔۔ ابد کا میدان۔۔۔ اور ابد کی زندگی کے لیے۔۔۔ گھوڑے گرنے نہ دیں۔ گھڑ سوار کو مرنے نہ دیں۔۔۔ یہ فرض ہے ورنہ انسان اشرف ہونے کا شرف کھو دے گا۔ یہ حقیقت ہے۔

وہ مانچسٹر واپس آیا تو رات ہو چکی تھی وہ اپنی جاب پر ہارٹ راک آ گیا۔

"مجھ سے کچھ نہ پوچھنا۔" کارل نے اس کی آ کر گردن دبوچ لی تھی۔

"دوبارہ ایسے غائب نہ ہونا۔" اسے ایک گھونسا جڑ کر اس نے چلا کر کہا تھا اور آج رات کو کارل اسے زبردستی سڑک پر گھسیٹ لایا تھا۔ دونوں مٹر گشت کرنے لگے۔ آتے ہوئے کارل ایک ہال میٹ کا پیزا اٹھا لایا تھا جو وہ اپنے کمرے میں "اکیلا" چھوڑ کر خود ذرا سی دیر کے لیے ادھر ادھر ہو گیا تھا۔

"تمہارا کب تک ٹھیک ہونے کا ارادہ ہے۔" پیزا کو سونگھ سونگھ کر کھاتے اس نے بھرے ہوئے منہ سے پوچھا۔

"میں ٹھیک ہوں۔"

"تم اپنے ٹھیک ہونے کے بارے میں مجھ سے زیادہ نہیں جان سکتے، جب تم چھوٹے تھے تب تم ایسے رہا کرتے تھے۔"

"ٹھیک ہے۔۔۔ ابھی میں پورا ٹھیک نہیں ہوں۔"

"چلو پھر یہ بتاؤ پورے ٹھیک کب تک ہو جاؤ گے۔"

"زندگی ایک عجیب مضمون ہے کارل۔۔۔"

"بالکل نہیں! زندگی ایک خالی مضمون ہے، یہ مضمون پڑھا جانے والا نہیں لکھا جانے والا ہے اسے ہم لکھتے ہیں، یہ زندہ دل ہو گا، رنگین یا کامیاب یہ ہم طے کرتے ہیں، یہ مشکل ہو گا، بے کار یا فضول یہ بھی۔۔۔ اس کا عنوان ہم ہیں "میں کارل" "تم عالیان" مجھے دیکھو کیا تم نے مجھے کبھی روتے ہوئے دیکھا ہے۔ میں نے خود کو خود بھی روتے ہوئے نہیں دیکھا سینٹر میں جس دن تم سے شرارت کی تھی تمہاری رونی شکل دیکھ کر کی تھی ورنہ تم جیسے تھے ویسے بچے مجھے پسند نہیں تھے تم میرے مزاج کے نہیں تھے۔"

"جانتا ہوں۔۔۔"

"میری سمجھ میں نہیں آ رہا میں تمہارے ساتھ اتنا اچھا کیوں بن رہا ہوں پر سنو۔۔۔ ایک دن چرچ میں سروس کے بعد فادر نے مجھے روک لیا میں خاموش اور اداس رہا کرتا تھا، کافی چھوٹا تھا میں اس وقت۔ وہ کئی بار مجھے سمجھا چکے تھے کہ زندگی کو ایسے اداس ہو کر نہ گزاروں۔ اس دن انہوں نے میرے سامنے ایک گلاس توڑا، گلاس گر کر ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا۔ انہوں نے مجھ سے پوچھا کہ کیا میں ان ٹکڑوں پر ننگے پاؤں چلنا چاہوں گا۔۔۔ میں نے انکار کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ دکھ ٹوٹا ہوا گلاس ہے، کرچیاں اور ٹکڑے۔۔۔ ان پر چل کر ہم خود کو زخمی ہی کر سکتے ہیں، بس جو ہو چکا ہے اسے بدلا نہیں جا سکتا۔۔۔ گلاس ٹوٹ چکا ہے اب کچھ نہیں ہو سکتا، ٹوٹے ہوئے گلاس کو اٹھاؤ اور باہر پھینک دو، اس کی کرچیوں پر خود کو گھسیٹتے رہنے کی کوئی ضرورت نہیں، یہ کم عقلی اور بے وقوفی ہے جبکہ انسان سے ارفع توقعات وابستہ کی جاتی ہیں۔۔۔ کارل سارا پزا کھا چکا تھا اور خالی ڈبہ ڈسٹ بن ڈھونڈ کر اس میں ڈال چکا تھا۔

"یہ سب باتیں کر کے میں نے یہ بھی ثابت کر دیا ہے کہ میں تم سے زیادہ سمجھ دار اور بہادر ہوں۔"

عالیان خاموش ہی رہا۔

"اگر تم اس کی وجہ سے اپ سیٹ ہو تو میں اسے یونی سے نکلوا سکتا ہوں۔" کارل نے سنجیدگی سے کہا۔ "اور تمہیں اس کی ٹوئیٹ لے لینی چاہیے تھی۔۔۔ لے کر مجھے دے دیتے۔"

"کسے نکلوانے کا کہہ رہے ہو؟"

"امرحہ کو۔۔۔" کارل کو حیرت ہوئی اس کے انداز پر

"کون امرحہ۔۔۔؟"

کارل خاموش اسے دیکھتا رہا پھر کندھے اچکا دیے۔۔۔ "کون امرحہ۔۔۔ دلچسپ۔"

"تم کس بارے میں بات کرنا چاہ رہے ہو کارل۔۔۔"

"ٹھیک ہے بات یہیں ختم۔۔۔ بلکہ سب ختم۔۔۔ پھر تم پہلے جیسے کیوں نہیں ہو رہے، ایسا لگتا ہے تمہاری کھال میں کوئی اور چل پھر رہا ہے۔" کارل نے اس کی ناک کی چٹکی لی۔

"عالیان کی کھال میں عالیان ہی ہے۔" عالیان نے اس کے دونوں کانوں کو ایک ساتھ مروڑا۔

"خود کو دھوکا دے رہے ہو؟"

"ایک دوڑ ہو جائے۔۔۔؟" عالیان نے پیش کش کی۔

کارل نے جاندار قہقہہ لگایا "بات بدل رہے ہو؟"

"چار۔۔۔ تین۔۔۔ دو۔" عالیان نے انگلیاں اٹھائیں۔

"ایک۔" کارل چلایا اور بھاگ کھڑا ہوا۔۔۔ عالیان بھی۔

اب بس یہی حل تھا۔۔۔ بھاگتے پھرنا۔۔۔ آنکھیں میچ لینا۔۔۔ کانوں میں انگلیاں ٹھونس لینا۔۔۔ راستہ بدل لینا۔۔۔ غیر حاضر ہو جانا۔۔۔ غیر ہی بنے رہنا۔۔۔ مشکل تھا مشکل سے ہی ہوتا تھا۔

ابھی ان کی دوڑ ہال سے ذرا دور ختم ہی ہوئی تھی اور کارل جیت گیا تھا کہ ایک پاؤں میں اپنا اور ایک میں کسی دوسرے کا جوتا پہنے شاہ ویز کارل کے سامنے آیا۔۔۔ اتفاق سے اس کے دائیں ہاتھ میں باکسنگ گلوز تھا۔

"میرا پزا تم نے کھایا ہے؟" وہ باکسنگ رنگ میں آیا۔

"نہیں تم سے کس نے کہا۔۔۔؟" کارل پر سارے جہان کی معصومیت سجی تھی۔

"تمہارے چپکیلے ریکارڈ نے۔۔۔ اب شرافت سے میرا پزا واپس کر دو۔"

کارل نے پورا جبڑا کھول دیا "دیکھو کیا اس میں سے تمہارا پزا ہو کر گزرا ہے۔"

شاہ ویز نے منہ پھیر لیا اور ناک پکڑ لی۔۔۔ "یہ باکسنگ گلوز تم دیکھ رہے ہو نا اور تم جانتے ہو عامر خان میرا پسندیدہ باکسر ہے۔۔۔ تم مجھے اکسا رہے ہو کہ میں اسے اسی سڑک پر خراج تحسین پیش کروں۔" اس نے باکسر کی طرح اچھل اچھل کر کہا۔

"بڈی تم عالیان سے پوچھ لو۔۔۔ میں نے تو دو ہفتوں سے پزا کی شکل نہیں دیکھی۔"

"جبکہ ان دو ہفتوں میں پورے دس پزا ہال سے غائب ہوئے ہیں۔۔۔" شاہ ویز نے دائیں ہاتھ کو لہرا کر کہا۔۔۔ کارل نے اس۔۔۔ سے اپنی ناک بچائی۔

"اس نے ہی پزا کھایا ہے۔" عالیان نے کہا۔

کارل کو ذرا حیرت نہیں ہوئی اسے عالیان سے یہی





WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

توقع تھی۔ شاہ ویز نے ہاتھ پھر لہرایا' مکا مارنے کے لیے نہیں بلکہ کمے کی متوقع آمد کی خبر دینے کے لیے۔

"جو Testoni کے جوتے تم نے مارک کو رینٹ پر دیے تھے میں احتیاطاً" انہیں اس کی وارڈ روب سے نکال کر اپنی وارڈ روب میں لاک کر آیا ہوں۔"

عالیان پاگلوں کی طرح ہنسنے لگا کہ اب کارل تم کیا کرو گے۔ کارل خاموش سا شاہ ویز کو دیکھنے لگا' اس کے جوتے بڑا سے مہنگے تھے۔

"اب تم بڑا لے آنا اور جوتے لے جانا جب تک بڑا نہیں آئے گا' فی گھنٹہ جوتوں پر ہرجانہ بڑھتا جائے گا۔ ایک گھنٹے بعد آنے کی صورت میں 'میں وہ دون جوتے استعمال کر کے تمہیں دوں گا۔ اور میں یہ بتا دوں کہ انہیں پہن کر میں فٹ بال کھیلنے کا ارادہ رکھتا ہوں۔" شاہ ویز نے خلائی مکا لہرا کر کہا۔

"Hmm..." کارل نے شاہ ویز کے کندھے پر ہاتھ رکھا۔

"پچھلے ہفتے تم نے جیری کو اپنا ہنڈی کیم استعمال کے لیے دیا تھا۔ جیری اتنا لاپروا ہے کہ اسے اسٹڈی ٹیبل پر ہی رکھتا ہے۔"

کارل نے تیزی سے کہا اور ہال کی طرف دوڑ لگا دی جب تک شاہ ویز کو بات سمجھ میں آئی تھوڑی سی دیر ہو چکی تھی پھر بھی وہ کارل کے پیچھے تیزی سے بھاگا لیکن کارل ہال کا داخلی دروازہ پار کر چکا تھا۔

"اور میں یہ بتا دوں کہ میں ہنڈی کیم کو نہلانے کا ارادہ رکھتا ہوں۔" کارل نے بھاگتے ہوئے چلا کر کہا۔

عالیان نے بھی دونوں کے پیچھے بھاگنا مناسب سمجھا کیونکہ اس کا ارادہ شاہ ویز کی مدد کرنے کا تھا۔

☼ ☼ ☼

اسلامی اسٹوڈنٹ سوسائٹی اسلام کو لے کر ایک ڈاکو منٹری بنوا رہی تھی جس کا ذمہ ڈیرک کو دیا گیا تھا۔ ڈیرک نے ظاہر ہے امرحہ کو بھی ساتھ کام کرنے کی پیش کش کی' جو امرحہ نے قبول کر لی۔ ڈاکو منٹری کا موضوع مختلف مذاہب کے اسٹوڈنٹس کے خیالات جاننا تھا جو وہ اسلام کے لیے رکھتے تھے۔

ڈیرک اور اس نے مل کر سوالات لکھے۔ انہیں کم سے کم چالیس اسٹوڈنٹس سے سوالنامے کے جوابات لینے تھے۔ ڈاکو منٹری کا دورانیہ بیس منٹ تھا۔ ریکارڈنگ کے لیے انہوں نے مختلف اسٹوڈنٹس سے رابطے کر لیے تھے۔

کچھ ریکارڈنگ یونیورسٹی کیمپس میں کی جانی تھی کچھ یونی کے باغ میں' اسٹوڈنٹس ہالز اور کچھ قریبی کیفے اور سڑک پہ۔

ریکارڈنگ شروع ہوئی تو تقریباً" سب نے ہی ان کے ساتھ تعاون کیا اپنے خیالات کے اظہار کے لیے وہ آزاد تھے اور وہ آزادانہ ہی اظہار کرتے تھے۔ کچھ اسٹوڈنٹس کے تاثرات کافی منفی اثرات لیے ہوئے تھے کہ امرحہ سختی سے اپنے لب بھینچ لیتی۔ اسلام کو لے کر اتنی غلط فہمیاں پروان چڑھ چکی ہیں اس کا اسے اندازہ نہیں تھا۔ مغربی لوگ حالات سے باخبر رہتے ہیں یہ ایک سچ ہے لیکن اس سے بھی بڑا سچ وہ میڈیا ہے جو انہیں اپنی مرضی کے جھوٹ سچ دکھاتا ہے۔ ایک اسلامی ملک پاکستان میں میڈیا کی لگامیں کسی کے ہاتھ میں نہیں ہیں تو کسی دوسرے ملک کے بارے میں کیا کہا جا سکتا ہے۔

سب سے بڑی حقیقت تو یہ ہے کہ اسلام کے خلاف جتنی بھی غلط فہمیاں یا پروپیگنڈہ ہو چکا ہے اس کو لے کر مسلم امہ نے کوئی لائحہ عمل نہیں بنایا۔ جو بنایا ہے' وہ بہت کمزور ہے۔ ہونا تو یہ چاہیے کہ مسلم امہ مل بیٹھ کر اس بارے میں سوچے اور کچھ کرے۔ کچھ تو... کہ اسلام پر لگے دہشت گردی کے الزام سے چھٹکارا حاصل کیا جائے۔

لیکن ہو یہ رہا ہے کہ سب بیٹھے تو ہیں لیکن مل کر نہیں' شخصی سطح پر بہت کیا جا رہا ہے لیکن ایک قوم کی حیثیت سے کچھ بھی نہیں' یہی وجہ ہے کہ وہ سیاہ دھبہ دن بدن پھیلتا ہی جا رہا ہے گھروں میں بیٹھے' ہاتھوں میں فون لیے ہم صرف اسلام کے خلاف ہونے والے پروپیگنڈے کے خلاف لمبے لمبے کمنٹس ہی کر سکتے ہیں یا مختلف گروپس اور پیجز پر لڑ سکتے ہیں' یہ ہے ہمارا سارے کا سارا جہاد اور یہ ہے ہماری اسلام کے حق میں جنگ... کافی کے مگ سے کافی پیتے... اسلام' اسلام کرتے... اسلام کے حق میں پوسٹ شیئر کرتے' تصویریں اپ لوڈ کرتے اور زیادہ ہو تو پروفائل پکچر تبدیل کرتے۔

"اسلام کے لیے خدمت تمام ہوئی۔" لاگ آف ہوئے اور سو گئے' یا ٹی وی آن کر لیا۔ جاپانی اور جرمن دوسری جنگ عظیم میں مفتوح رہے تھے یہ ماضی ہے' جاپانی اور جرمن ترقی کے ہر میدان کے فاتح ہیں۔ یہ حال ہے۔"

"ہر قوم خود پر ٹوٹنے والے افتاد سے سبق سیکھتی ہے اس افتاد سے چھٹکارا حاصل کر لیتی ہے... مسلم قوم کیوں نہیں؟"

"جنگ عظیم دوم کے دوران جاپانیوں کو وحشی اور درندے کہا گیا... اور اب... اور آج دنیا میں انہیں "دنیا کی امن پسند قوم" کی صف میں سب سے آگے کھڑا کیا جاتا ہے... دنیا کا کوئی انسان ایک جاپانی سے زیادہ امن پسند نہیں ہو سکتا..."

"تقدیریں بدل جاتی ہیں اگر قومیں بدل جائیں اور قومیں صرف اسی وقت بدلتی ہیں جب ان کی سوچ بدلے... اور سوچ اس وقت روشن ہوتی ہے جب جہالت کا اندھیرا چھٹ جائے... اور جہالت کا اندھیرا چودہ سو سال پہلے قرآن کی تکمیل سے مٹ چکا ہے۔

اس مٹا دیے گئے اندھیرے کے بعد بھی ہم جاہل ہی رہیں تو تف ہے ہم پر... پھر بھی ایک قابل فخر قوم نہ بن سکیں تو "خسارے میں ہیں ہم... قوموں میں قوم نہ کہلائیں جائیں تو "دھبہ" ہیں ہم..."

"اندھے گونگے اور بہروں کے لیے کوئی وعدہ نہیں ہے۔ کامرانی کا نہ شجاعت کا..."

پال کا تعلق یونان سے تھا' وہ تقریباً" لامذہب ہی مشہور تھا' یونیورسٹی میں وہ اپنے تیز مزاج کی وجہ سے جانا جاتا تھا' اسے تخریبی ذہن کا مالک بھی کہا جاتا تھا۔ ڈاکو منٹری کے لیے جب اسٹوڈنٹس سے رابطے کیے گئے تو اس نے ڈیرک سے ریکارڈنگ کی خواہش کا اظہار کیا۔ کیمرہ آن ہوتے ہی اس نے اسلام کو لے کر انتہائی شدت پسندانہ خیالات کا اظہار شروع کر دیا۔ ڈاکو منٹری کے لیے آزادی رائے کی اجازت دی گئی تھی' لیکن اس کا مطلب یہ بھی نہیں تھا کہ ایسا گراہوا انداز اپنایا جاتا۔

ریکارڈنگ Oak ہاؤس کے باغ میں کی جا رہی تھی۔ ڈیرک نے کیمرہ بند کر دیا تو وہ ضد کرنے لگا کہ اسے آزادی رائے کا حق پوری طرح سے استعمال کرنے دیا جائے۔

"تمہارا انداز مناسب نہیں ہے۔" ڈیرک نے تحمل سے کہا۔

"کیوں! میرے انداز کو کیا ہوا ہے؟" وہ چڑ گیا۔

"تم الزامات لگا رہے ہو۔"

"کیا الزام لگایا ہے؟"

"مجھے تم سے بحث نہیں کرنی۔" ڈیرک نے بات ختم کی۔

"تم میری بے عزتی کر رہے ہو؟" وہ بلاوجہ غصے میں آگیا۔

"اور تم جو اتنی گھٹیا زبان کا استعمال کر رہے ہو... شکر کرو۔ میں نے تمہارا منہ نہیں توڑ ڈالا۔" امرحہ بولے بغیر رہ نہ سکی جبکہ ڈیرک نے اسے خاموش رہنے کے لیے کہا تھا۔

پال اور بھڑک اٹھا کہ گالیاں دینے لگا اور امرحہ کو مخاطب کر کے اسلام کی ہتک کرنے لگا۔

ڈیرک نے امرحہ کو چلنے کا اشارہ کیا لیکن امرحہ ہلی نہیں۔

"مجھے سن لینے دو اس کی بکواس۔" امرحہ غصے میں چلائی۔

"اس کی ضرورت نہیں ہے امرحہ! چلو... عقل سے کام لو۔"

لیکن امرحہ نے عقل سے کام نہیں لیا اور وہ پال کی بکواس سنتی رہی۔

"امرحہ! خدا کے لیے چلو۔" ڈیرک منت کرنے لگا



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY RSPK.PAKSOCIETY.COM FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

وہ امرحہ کا سرخ ہوتا چہرہ دیکھ رہا تھا۔

"جاہلوں سے بحث نہیں کرتے امرحہ!" ڈیرک نے اسے سمجھانا چاہا۔

"یہ یونیورسٹی اسٹوڈنٹ ہے جاہل نہیں۔" امرحہ غصے سے بولی۔

"تم یہاں سے چلو بس۔"

پال مسلسل الٹی سیدھی باتیں کر رہا تھا اس سے ایسے سوال پوچھ رہا تھا۔ جن کے جواب میں خاموش رہا جا سکتا تھا یا اس کے منہ پر تھپڑ مارے جا سکتے تھے اور جب اس نے مقدس ہستیوں کو لے کر زہر اگلا تو امرحہ نے یکدم اس کے منہ پر کس کر ایک چانٹا دے مارا۔

"بکواس بند کرو اپنی ذلیل انسان۔۔۔" امرحہ کی برداشت کی حد ختم ہو گئی تھی۔

ڈیرک ایک دم سے پال اور امرحہ کے درمیان آیا۔

"امرحہ! بھاگو یہاں سے۔" ڈیرک چلایا۔۔۔ پال کسی بھینسے کی طرح بے قابو ہو رہا تھا۔۔۔ کچھ دوسرے اسٹوڈنٹس ڈیرک اور پال کی طرف بھاگے جو گتھم گتھا ہو رہے تھے۔۔۔ پال امرحہ کی گردن دبوچ لینا چاہتا تھا۔

امرحہ زرد سی ہو گئی اور تیزی سے وہاں سے چلی گئی۔

ذرا سی دیر میں صورت حال بدل گئی تھی۔۔۔ اور انتہائی خوفناک صورت حال اختیار کر گئی تھی۔ اس نے یونیورسٹی کے ایک اسٹوڈنٹ کو تھپڑ مار دیا تھا صرف اس ایک تھپڑ کو لے کر پال اسے یونی سے نکلوا سکتا تھا۔

امرحہ گھر آ گئی۔۔۔ ویرا سے رابطہ نہیں ہو رہا تھا۔۔۔ دو گھنٹے بعد ڈیرک کا اسے فون آیا وہ اسے اسٹوڈنٹ یونین کے دفتر آنے کے لیے کہہ رہا تھا۔۔۔ وہ یونین کے آفس آ گئی۔۔۔ ڈیرک نے "فوراً" سے پہلے معاملہ یونین کے سپرد کر دیا تھا۔

ساری صورت حال صرف ایک اسٹوڈنٹ کے خلاف جانے والی تھی "امرحہ کے" ڈیرک اسے منع بھی کر رہا تھا کہ پال کو بولنے دے اور وہ وہاں سے چلی جائے لیکن امرحہ سے اپنا غصہ دبایا نہیں جا سکا اس نے پہلی بار براہ راست ایسا کچھ سنا تھا وہ بھی اپنی ہی یونی کے اسٹوڈنٹ کے منہ سے۔۔۔

یونین کے صدر، اسلامی سوسائٹی کے صدر اور پاکستانی سوسائٹی کے صدر نے ان تینوں سے پہلے الگ الگ بات کی۔۔۔ پھر اسٹوڈنٹ یونین کے چند دوسرے فعال لیکن بہت ہی سمجھدار اسٹوڈنٹس کی موجودگی میں میٹنگ کی گئی۔

☼ ☼ ☼

یونین کے صدر جے پیٹرسن نے امرحہ کے عمل کو سخت ناپسند کیا۔

"وہ بکواس کر رہا تھا۔۔۔ میں برداشت نہیں کر سکی۔"

امرحہ کو جے پیٹرسن کے ردعمل پر اور غصہ آیا۔

"بہرحال اس نے اپنی زبان کا استعمال کیا۔۔۔ آپ نے ہاتھ کا۔۔۔ آپ کا ردعمل سنگین ہے۔۔۔ آپ جانتی ہیں اس بنا پر وہ آپ کو یونیورسٹی سے نکلوا سکتا ہے۔"

"مائی فٹ۔۔۔ اگر اس نے دوبارہ بھی ایسی بکواس کی تو میں اس کا منہ توڑ دوں گی۔" میٹنگ میں موجود ایک ایک شخص نے ایک دوسرے کی طرف دیکھا۔

"آپ اپنے مذہب کے کس اصول کے تحت اس کا منہ توڑ دیں گی۔۔۔؟" عالیان اس سے پوچھ رہا تھا۔

"تشدد کی تو اسلام میں گنجائش ہی نہیں ہے۔۔۔ انتہائی حد پر جا کر بھی۔۔۔" "اور ایسی فضولیات کی گنجائش ہے؟" امرحہ کو عالیان کی بات بری لگی اسے یہ بھی برا لگا کہ اتنے سارے لوگوں میں وہ اسے غلط ثابت کرنا چاہ رہا ہے "نہیں ہم نہ پال کے ردعمل کے حامی ہیں نا ہی آپ کے۔" جے پیٹرسن نے کہا۔

"لیکن آپ سب صرف مجھے ہی غلط کہہ رہے ہیں۔۔۔"

"آپ غلط ہیں۔۔۔" عالیان نے سنجیدگی سے کہا۔

امرحہ اس کی شکل دیکھتی رہ گئی۔۔۔ تو وہ اسے اس قدر ناپسند کرنے لگا تھا۔ غصے اور دکھ کے الاؤ نے اس پر ہلا بول دیا۔۔۔ وہ جیسے عقل سے بیگانہ سی ہو گئی۔

"ہونہہ۔۔۔ یونین کی اس میٹنگ کے ارکان عیسائی ہیں یا یہودی۔۔۔ یا لامذہب وہ کیسے میری حمایت کر سکتے ہیں۔۔۔ ایک مسلمان کو وہ کیسے ٹھیک کہہ سکتے ہیں۔۔۔؟" امرحہ کا دماغ واقعی کام کرنے لگا تھا۔

عالیان نے سختی سے اپنے لب بھینچ لیے۔ اس نے اتنی ناپسندیدگی سے امرحہ کو دیکھا کہ اس نے آج تک شاید ہی کسی کو دیکھا ہو گا۔

"یونین کے ارکان سمجھدار پڑھے لکھے انسان ہیں۔۔۔ آپ غلط سمجھ رہی ہیں، یہاں ہم سب مذہب سے بالاتر ہو کر بات کر رہے ہیں۔۔۔ ہم مسئلے کے حل کے لیے آپ کے پاس بیٹھے ہیں۔۔۔ آپ کو سمجھانے کے لیے۔۔۔ آپ کی غلطی ہے آپ مان جائیں۔ پال سے مفاہمت کر لیں۔"

"ہرگز نہیں۔۔۔"

"آپ کو اس سے پہلے معذرت کرنی ہو گی آپ کر لیں۔۔۔ وہ بھی کر لے گا۔۔۔ ورنہ اس معاملے کو ہم یونیورسٹی انتظامیہ تک جانے سے نہیں روک سکیں گے۔"

"جو ہو گا وہ میں دیکھ لوں گی۔۔۔ میں اس سے معذرت ہرگز نہیں کروں گی۔"

"ٹھیک ہے۔۔۔ یہ معاملہ یونیورسٹی انتظامیہ کے پاس ہی جانا چاہیے پھر۔۔۔ مس امرحہ کا یونیورسٹی سے چلے جانا ہی بہتر ہو گا۔" یہ عالیان کی کرخت آواز تھی جسے سن کر امرحہ بلبلا سی اٹھی تھی۔

ہاں وہ اس سے شدید نفرت ہی تو کرنے لگا ہے اب۔

میٹنگ بغیر کسی نتیجے کے برخاست ہو گئی۔۔۔ امرحہ نے اسٹوڈنٹ یونین کے آفس سے باہر نکلتے عالیان کو جا لیا۔

"تو تم مجھ سے اتنی نفرت کرنے لگے ہو کہ مجھے ایسے یونیورسٹی سے نکلوانا چاہتے ہو؟"

"میں تمہیں نکلوا رہا ہوں؟"

"تم نے جے پیٹرسن سے کہا کہ۔۔۔"

"ہاں۔ میں نے کہا۔۔۔ اور ٹھیک کہا۔"

"میرا یونیورسٹی سے نکل جانا بہتر ہے۔۔۔؟" وہ سن چکی تھی پھر بھی تصدیق چاہی تھی۔

"بالکل۔۔۔" اس نے تصدیق کر دی۔

امرحہ جہاں کی تہاں کھڑی رہ گئی۔ "اتنی نفرت اب اس سے۔"

"تم مسلمان ہوتے تو تمہارے دل پر چوٹ لگتی۔۔۔ صرف نام رکھ لینے سے اور چند کتابیں پڑھ لینے سے کوئی مسلمان نہیں بن جاتا۔۔۔ جس طرح کی بکواس اس نے کی تھی وہ قتل کیے جانے کے لائق تھا۔۔۔" عالیان کے رویے سے بھڑک کر امرحہ نے اس پر گہری چوٹ کی۔

عالیان نے بہت صبر سے امرحہ کو دیکھا جیسے کسی جاہل کو علم کی نظر سے جانچا۔

"ایسے کتنے قتل ہوئے تھے اس دور میں جس میں محمدؐ پر پتھر برسائے گئے تھے؟" وہ سوال کر رہا تھا امرحہ اس کی شکل دیکھ رہی تھی۔

"بتاؤ۔۔۔ جواب دو۔۔۔ جب ان کے جوتے خون سے بھر گئے تھے۔۔۔ انہیں برا بھلا کہا جاتا رہا۔۔۔ جب وہ اپنی قوم کے پاس واپس آئے تو انہوں نے اپنی قوم کو کیا حکم دیا تھا۔۔۔ ملیامیٹ کر دو ان لوگوں کو جنہوں نے مجھے برا بھلا کہا۔۔۔ ان کی اینٹ سے اینٹ بجا دو۔۔۔ کیا ایسا کوئی حکم دیا تھا انہوں نے؟"

غصے میں بھڑک جانے والوں میں سے ایک کے پاس اس کا جواب نہیں تھا۔

"کیا اس عورت کے ہاتھ کاٹ دینے کا حکم دیا تھا جو ان پر گند پھینکا کرتی تھی۔۔۔ ایک اللہ کا پیغام پھیلانے والے کے سامنے جب مشرک، جاہل اللہ کو برا بھلا کہتے اور مذاق اڑاتے تو کیا وہ غصے میں بھڑک کر ایک ایک کا منہ توڑ دیا کرتے تھے۔۔۔ جو اللہ کے نبی تھے جو تم سے زیادہ اللہ کے قریب تھے کیا وہ یہ کہا کرتے تھے؟

ساری دنیا میں اسلام کا تماشا تم جیسے بھڑک بھڑک جانے والے مسلمانوں نے بنایا ہے۔ تم مسلمان ہو نا۔۔۔ اسلام کو مانتی ہو۔۔۔ پھر غصے میں بھڑکنے کی وجہ۔۔۔ غصہ تو حرام ہے نا۔۔۔ ہر حال میں حرام۔۔۔ حرام کا مطلب حرام۔۔۔ کبھی حرام کو حلال ہوتے دیکھا ہے۔۔۔ کسی بھی صورت کسی بھی ماحول میں۔





www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

غصے میں برا بھلا کہنا' گریبان پکڑ لینا' تشدد کرنا۔۔۔ یہ کون سا مذہب ہے جس کی تصویر اٹھا کر تم دنیا کو دکھا رہی ہو؟ تم نبی کے نام پر جان دینے کو تیار ہو گی لینے کو بھی تیار ہو گی' لیکن اسی نبی جیسی بننے پر تیار نہیں ہو گی۔

اسلام اینٹ کا جواب پتھر نہیں ہے مس امرحہ۔۔۔ بالکل نہیں۔۔۔ اسلام اینٹ کا جواب برداشت ہے' تحمل ہے' صبر ہے' حکمت ہے اور سب سے بڑھ کر خاموشی ہے۔۔۔

اسلام گالی کا جواب گالی نہیں ہے۔۔۔ اسلام گالی کا جواب درگزر ہے۔

کیا تم نے درگزر کو اپنایا۔۔۔ کس نبی نے کب درگزر سے کام نہیں لیا' کب کب خاموشی اختیار نہیں کی' نبیوں کے لیے سب سے زیادہ صبر خاموشی' حکمت کے پیغامات اترے ہیں نبیوں نے یہی درس اپنی امتوں کو دیے ہیں۔ تم کس نبی کو مانتی ہو۔۔۔ تم کس دین کی پیروکار ہو۔۔۔ تم میں برداشت نہیں۔۔۔ تم میں صبر نہیں ۔۔۔ تم کون ہو؟

کل پوری انسانیت وحشی پن پر اتر آئے تو بھی اسلام اس کی مخالفت کرتا ہے اپنے برائے نام اسلام کو صرف خود تک رکھو۔۔۔ بھڑک کر اسے مار کر تم نے ثواب نہیں کمایا۔۔۔ تم اسے بولنے دیتیں۔۔۔ کیا اس کے کہہ دینے سے وہ سچ ہو جائے گا جو جھوٹ ہے۔۔۔ غلط ہے تم جانتی ہو کہ یہاں کیا ہو سکتا تھا۔ بارود کے ڈھیر پر تم نے چنگاری پھینک دی تھی۔۔۔ پال کا حلقہ بہت بڑا ہے۔ وہ ایک اسپورٹس پرسن ہے۔۔۔ یونی اسے سپورٹ کرتی ہے' اس کے کئی چاہنے والے ہیں' یہاں ان سب سپورٹرز کو ملا کر اس نے تمہارے خلاف ۔۔۔ یعنی مسلمانوں اور اسلام کے خلاف ایک محاذ کھڑا کر لینا تھا عرب اور افریقہ کے مسلمان اسٹوڈنٹس ان معاملات میں بہت حساس ہیں وہ بھی ایک محاذ بنا لیتے۔۔۔ ایک ایسی جگہ جہاں مسلمان بھی ہیں' عیسائی بھی اور دیگر مذاہب کے سٹوڈنٹس بھی وہاں مذہبی آگ بھڑک اٹھتی۔۔۔ مانچسٹر یونیورسٹی دنیا کی امن پسند یونیورسٹیوں میں سے ایک ہے' لیکن پھر یہ امن پسند نہ رہتی۔۔۔ تمہاری ذرا سی غلطی کا نقصان کتنا بڑا ہوتا تم اندازہ بھی نہیں لگا سکتیں۔ ایسی صورت میں تمہارا یہاں سے چلے جانا ہی ٹھیک ہے۔"

"تو کیا اس نے ٹھیک کیا؟" امرحہ کی آواز رندھ گئی۔

"اس نے غلط کیا لیکن بہرحال زبان سے' مسلمان تم ہو' اچھے کی توقع تم سے تھی اس سے نہیں یونیورسٹی انتظامیہ اس معاملے کو دیکھے گی تو شاید وہ تم دونوں کو یونی سے نکال دے کیونکہ تمہیں یونیورسٹی میں رکھنے کی صورت میں مذہبی گروپس بننے کا خطرہ موجود رہے گا۔۔۔ جبکہ یونیورسٹی کو ہر حال میں اپنے ماحول کو تعصب سے پاک رکھنا ہے۔۔۔ یہ ایک درس گاہ ہے یہاں دنیا بھر سے لوگ آتے ہیں پڑھنے کے لیے۔۔۔ ایک ایسی درسگاہ میں آکر بھی اگر تم تحمل اور بردباری کا مظاہرہ نہیں کر سکتی تو بہتر ہے گھر چلی جاؤ۔"

"تو تمہاری یہ خواہش ہے کہ میں گھر چلی جاؤں۔"

"نہیں امرحہ۔۔۔ ہم یہاں ذاتی معاملات پر بات نہیں کر رہے۔۔۔ اگر تمہیں کوئی بات نہیں سمجھنی تو بہتر ہے کہ میرا وقت ضائع نہ کرو۔۔۔ جب جے پیٹرسن نے مجھے فون کیا تھا تو مجھے نہیں معلوم تھا کہ تم بھی اس معاملے میں شامل ہو۔ ورنہ میں خود کو اس معاملے سے دور رکھتا۔ لیکن اگر اب مجھے یہ محسوس ہوا کہ یہ معاملہ بگڑ سکتا ہے تو میں یونیورسٹی سے تمہیں نکالے جانے کی پرزور سفارش کروں گا۔۔۔ میں یونیورسٹی اسٹوڈنٹس کے درمیان مذہبی چپقلش نہیں جاری رکھ سکتا۔"

کہہ کر وہ چلا گیا۔

اس کی ساری باتیں ٹھیک تھیں اور ایک بات سب سے زیادہ ٹھیک تھی کہ اب وہ واقعی "امرحہ" کو نہیں جانتا تھا۔۔۔ اسے اس کے ہونے نہ ہونے سے کوئی فرق نہیں پڑتا تھا۔

امرحہ جاب پر نہ گئی اور سڑکوں پر سرگشت کرتی رہی۔۔۔ رات ہو گئی اور رات سے اور رات۔

جے پیٹرسن کو اس نے فون کر دیا تھا' وہ پال سے مفاہمت کے لیے تیار تھی۔۔۔ مانچسٹر کی ایک ایک چیز جو اسے اچھی لگا کرتی تھی اسے زہر لگ رہی تھی اس کا دل کہیں دور بھاگ جانے کو چاہ رہا تھا۔ کہیں چھپ جانے کو کہیں بھی موجود نہ ہونے کو۔۔۔

وہ یہ سمجھنے سے قاصر تھی کہ اسے خود کے ساتھ کیا کر لینا چاہیے۔

کشتی کے پیندے میں ہوئے سوراخ کی مانند۔۔۔ وہ سمندر کے کھارے پانی سے خود کو بچا لینے پر قادر نہ رہی تھی۔۔۔ اور وہ تو اس پر بھی قادر نہیں رہی تھی کہ کسی طرح سے اس سوراخ کو ہی بند کر ڈالے۔

تو اسے ڈوب ہی جانا تھا۔۔۔ اگر یہی طے تھا تو اسے زیادہ مچلنا نہیں چاہیے پرسکون رہنا چاہیے۔۔۔ لیکن اس سے یہ بھی تو نہیں ہو پا رہا تھا۔۔۔ وہ داخلی طور پر ایک مشکل دور سے گزر رہی تھی اور اس کا الزام وہ صرف اپنے سر پر نہیں لے سکتی تھی کہ سب اس کی وجہ سے ہوا اور اس میں سراسر اسی کا تو قصور ہے۔

۞ ۞ ۞

وہ جے پیٹرسن کے پاس موجود تھی۔

"میں سارے معاملے کو ختم کرنا چاہتی ہوں۔"

"ڈاکو منٹری پر فی الحال کام نہیں ہو گا۔۔۔ یا آپ لوگ اسے ریلیز نہیں کریں گے۔۔۔ اس سارے معاملے سے آپ کسی کو آگاہ نہیں کریں گی اپنے قریبی دوستوں کو بھی نہیں' ورنہ نتائج کی ذمہ دار آپ ہوں گی ۔۔۔ آپ کسی کو کسی بھی صورت یہ نہیں بتائیں گی کہ پال نے کیا کیا کہا۔۔۔ Manchester Tab یا The کسی بھی دوسرے اخبار تک یہ بات کسی بھی صورت نہیں جانی چاہیے۔ آپ بالکل خاموش رہیں گی۔۔۔ کوئی کچھ بھی پوچھے گا تو آپ لاعلمی کا اظہار کریں گی۔ پال چاہتا ہے آپ اس سے معذرت کریں۔"

"پہلے معذرت وہ کرے گا۔۔۔ پہل اس نے کی تھی۔"

"ٹھیک ہے کل اپنی پہلی کلاس لینے کے بعد یہاں آجائیے گا۔"

جے پیٹرسن سے ملنے کے بعد امرحہ عالیان سے ملنے اس کے ڈیپارٹمنٹ آئی لیکن وہ اسے نہیں ڈھونڈ سکی۔۔۔ ناچار وہ سائیکل اسٹینڈ کے قریب کھڑی ہو گئی۔۔۔ اپنی کلاسز لے کر جب وہ اپنی سائیکل کے پاس آیا تو وہ فوراً اس کے پاس آ گئی۔

"میں اپنے تلخ رویے کی معذرت چاہتی ہوں عالیان!"

"جے پیٹرسن نے مجھے بتایا ہے کہ معاملہ ختم ہو چکا ہے۔" عالیان نے اس سے ٹھیک ویسے ہی بات کی جیسے جے پیٹرسن نے امرحہ سے کی تھی۔

"میں اس معاملے کی نہیں۔۔۔ تمہاری اور اپنی بات کر رہی ہوں۔"

"تمہاری اور میری کوئی بات نہیں ہے جسے کیا جائے۔" سائیکل نکال کر وہ آگے بڑھ گیا اور اس پر بیٹھ کر اتنی شدت سے پیڈل گھمایا جیسے کسی پرانے صدمے کو نئے انداز سے دافع کرتا ہو۔

امرحہ نے غصے میں اس پر طنز کیے تھے کہ وہ لامذہب ہے یا صرف نام کا مسلمان ہے' لیکن نام کا مسلمان وہ نکلا تھا یا خود امرحہ' امرحہ کو خدشہ رہا تھا کہ وہ حرام فوڈ کھاتا رہا ہو گا۔۔۔ اور امرحہ حرام کی قسم غصے میں کئی ہزار بار مبتلا ہو چکی تھی۔ وہ ہاتھ سے کھانے والے کھانے کو ہی حرام کہتی تھی اور اس حرام کا کیا جو غصہ غیبت اور چغلی کی صورت وہ کئی سو بار کھا چکی تھی۔ اسے اپنے مسلمان ہونے پر فخر تھا لیکن یہ کیسا فخر تھا جو صرف نام کا تھا۔

لیڈی مہر کا کہنا تھا کہ وہ چاہتا تو اپنی ماں کا مذہب اپنا سکتا تھا لیکن اس نے میرا مذہب اپنایا۔۔۔ اس پر کوئی زبردستی نہیں کی گئی تھی' بالغ ہونے کے بعد اختیار اس کے ہاتھ میں تھا اور اس نے اسلام کا انتخاب کیا۔ وہ ایک عام مسلمان نہیں ہے۔

لیکن امرحہ نے اسے عام بھی نہیں سمجھا تھا۔۔۔ وہ ایک عیسائی عورت کا بیٹا ہے یورپ میں پلا بڑھا ہے' اس کے باپ کا اتا پتا نہیں تھا اس کے ساتھ دوستی کی جا





www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

سکتی ہے۔ رشتہ داری نہیں وہ خوب صورت ہے' لائق فائق ہے' سمجھ دار' بردبار ہے لیکن پھر بھی پاکستانی معاشرے میں صفر ہے' کیونکہ اس کی ماں عیسائی تھی اور اس کا باپ سوالیہ... اس کے آگے پیچھے کوئی نہیں ہے۔ اسے ایک مسلمان عورت نے پالا ہے اور اس کی پرورش ایک بے سہارا بچوں کے سینٹر میں ہوئی ہے... صرف ان چند باتوں سے ہی مانچسٹر یونیورسٹی کا ٹاپر... صفر ہو جاتا ہے۔

"اس نے ٹھیک کہا امرحہ! اسلام گالی کا جواب گالی نہیں ہے... بلکہ کتنی پیاری بات کی ہے اس نے۔" دادا امرحہ کو سمجھا رہے تھے۔

عالیان کو صرف ایک یونیورسٹی فیلو ثابت کرکے اس نے دادا کو ساری بات بتادی تھی۔

"میں بھی غلط نہیں تھی دادا۔ جو میں نے سیکھا' دیکھا وہی میں نے کیا' میں نے اپنے گھر میں کبھی ایسی باتیں نہیں سنیں... کیسا تحمل اور کیسی بردباری... یاد ہے اماں اور بابا کیسے لڑا کرتے تھے۔"

"تم اماں بابا اور ماحول کو چھوڑو... بتاؤ کیا میں نے تمہیں یہ سب نہیں سکھایا' میں نے تم میں بردباری اور تحمل پیدا کرنے کی کوشش نہیں کی... جب تم مانچسٹر جارہی تھیں تو میں نے تم سے نہیں کہا تھا کہ امرحہ دوسروں کے لیے مثال بننا کہ تم اب اکیلی نہیں اپنے ساتھ اپنے ملک و مذہب کا نام لیے جارہی ہو... تمہارا ایک غلط قدم تمہاری قوم پر انگلی اٹھائے گا... تم نے کتنی بار مجھے کہا کہ دادا روسی بہت سخت جان ہوتے ہیں... جبکہ روسیوں کے نام پر تم صرف ایک ویرا کو جانتی ہو... تم نے کہا کہ جرمن بہت صلح جو اور امن پسند ہوتے ہیں جبکہ تمہارا صرف ایک ہم جماعت جرمن ہے... تم نے کہا کہ جدت فرانسیسیوں پر ختم ہے... تم بمشکل ایک یا دو فرانسیسیوں کو جان پائی ہوگی... پال بھی تم ہی سے سارے مسلمانوں کو تشبیہ دے گا۔ تم خاموشی سے چلی آتیں تو وہ کہتا' بے شک خود سے ہی کہ مسلمان خاموشی سے نظر انداز کرنا جانتے ہیں... تم نے الثانیونین کے صدر پر طنز کیے' امرحہ ایک بات یاد رکھنا اور ایسا تا قیامت ہوگا جہاں ایک سچ ہوگا وہاں اس کے سو مخالف ضرور ہوں گے... ہم لڑ کر' بھڑک کر دوسروں پر یہ ثابت نہیں کرسکتے کہ ہم سچے ہیں۔ صرف ہمارا مذہب سچا ہے۔"

"ٹھیک ہے دادا۔"

"تمہاری آواز اتنی بوجھل کیوں ہے؟"

"ٹھیک ہے آپ کو ایسے ہی لگ رہا ہے۔"

"میرے خواب میں تم روتی ہوئی آئی تھیں... اگر تم روتی رہی ہو تو مجھے وجہ بتادو... کیا اس مسئلے کو لے کر پریشان تھیں؟"

"میں کیوں روؤں گی بھلا...؟"

"امرحہ بچے! تم یہ بھول جاتی ہو کہ میرا دل تمہارے دل سے جڑا ہے... میرا دل اداسی سے بھرتا جارہا ہے۔ اور ایسا اس لیے ہے کہ تمہارا دل اداس ہے۔ میں اپنے دل سے تمہارے دل کا حال جان جاتا ہوں۔"

"آپ کا وہم ہے۔"

"میں دعا کروں گا یہ میرا وہم ہی ہو۔"

"ہاں ضرور دعا کیجئے گا... کہ سب وہم ہی ہو۔" اس نے فون بند کیا اور کھڑکی کھول دی۔

اگر ایک دل دوسرے دل سے جڑ جائے تو سب معلوم ہوتا رہتا ہے؟ سب... لیکن اگر وہ جڑ جائے تو ہی نا...

☼ ☼ ☼

شارلٹ اپنے نمونے کو لے آئی تھی اور کیا نمونہ لائی تھی کہ نشست گاہ میں بیٹھی این اون تک نظریں چرا کر جورڈن کو دیکھ رہی تھی جو خود لڑکا سی بنی گھوما کرتی تھی اور جسے "لڑکا نامی مخلوق" سے اتنی ہی دلچسپی تھی کہ "بس یہ بھی ایک مخلوق ہے..."

سادھنا خاص امرحہ کو اس کے کمرے سے نکال کر لائی تھی۔

"میں نے اب تک کی زندگی میں اتنا خوب صورت انسان نہیں دیکھا۔" سادھنا نے جورڈن کی طرف انگلی



سے اشارہ کرتے ہوئے آہ صورت کہا۔

امرحہ نشست گاہ سے ذرا دور کھڑی جامد سی ہوگئی

"میں نے اتنی بڑی یونیورسٹی میں اس کے قریب قریب کا بھی نہیں دیکھا۔"

سادھنا نے امرحہ کے بازو پر چٹکی بھری "ہم اسے نظر لگادیں گے۔"

"نظر بھی اس کا کچھ نہیں بگاڑ سکے گی۔"

جانے کس دل سے خواہش کی تھی ماما مہر نے کہ شارلٹ ہالی وڈ کا ہیرو ہی اٹھا لائی تھی۔ چند ایک فلموں میں چھوٹے بڑے کردار ادا کرچکا تھا۔ بڑے بھی کرہی لے گا اور سپر اسٹار بن ہی جائے گا۔

ماما مہر کو سمجھ نہیں آرہی تھی کہ اس گڈے کو کس شوکیس میں سجا کر اس شوکیس کا دنیا بھر کے سامنے افتتاح کریں... یا ایک بڑی سی نمائش رکھ لیں کہ "دیکھو میرا داماد... ہے کسی کے پاس ایسا...؟"

"تمہیں کہاں ملا شارلٹ؟" ماما مہر نے سرگوشی کی

این اون نے کان خاص ان کے قریب کرلیے... اف یہ سچ ہے اسے بھی معلوم کرنا تھا کہ ایسے چینی مٹی سے ہاتھ لگائے کہیں ٹوٹ ہی نہ جائے جیسے گڈے کہاں پائے جاتے ہیں...

ہارورڈ یونی سے ماما' جورڈن ایک شارٹ کورس کے لیے آیا تھا' کورس کیا اور چلا گیا پھر کچھ مہینے بعد آیا اور مجھے یہ انگوٹھی پہنادی..." اس نے انگوٹھی والا ہاتھ آگے کیا' اگر نشست گاہ کی سب لائٹس بجھادی جاتیں تو انگوٹھی میں جڑا ہیرا بتاتا کہ اس کی قیمت کیا ہے وہ اتنی روشنیوں میں بھی اپنی روشنی بکھیر رہا تھا۔

"مجھے تو یقین نہیں آرہا کہ اس نے تمہیں پسند کرلیا ہے۔"

شارلٹ کا منہ اتر گیا۔ وہ بلاشبہ خوب صورت تھی لیکن جورڈن جتنی بہرحال نہیں... لیکن ماؤں کو تو صرف اپنے ہی بچے پیارے لگتے ہیں نا...

"کتنی خوش قسمت ہوں میں شارلٹ!" ماما مہر نے بچوں کی طرح دونوں ہاتھ ٹھوڑی تلے ٹکائے۔

امرحہ نے ہنسی کی زیادتی کی وجہ سے منہ پھیرلیا البتہ سادھنا کو نشست گاہ سے جانا پڑا... کیا انداز تھا ماما مہر کا...

"فلمی ستارے آئیں گے... بولو مجھے شادی کے انتظامات کرنے ہیں... انجلینا جولی' بریڈپٹ کے آنے کے کتنے فیصد امکانات ہیں؟ صرف خاندان کے لوگ ہوں گے یا قریبی دوست... اور میڈیا... میڈیا آئے گا۔"

شارلٹ کی گلابی رنگت پیلی سی پڑگئی۔ اس نے آنکھیں گھما کر جورڈن کی طرف دیکھا کہ وہ ان کی طرف متوجہ تو نہیں۔ "بالکل نہیں ماما' جورڈن کو یہ سب پسند نہیں۔"

"لیکن مجھے پسند ہے یہ شارلٹ... تم جانتی ہو میری کتنی بڑی خواہش تھی کہ میرا کوئی بچہ ہالی وڈ اسٹار بنے لیکن کتنے برے ہو تم سب... سوائے عالیان کے کوئی آڈیشن دینے نہیں گیا اور میری قسمت دیکھو وہ آڈیشن میں ناکام ہوگیا' ویسے وہ ہر جگہ ٹاپ کرتا ہے... شارلٹ میری مانو تو بلی اب تو مجھے ایک بنا بنایا ہیرو مل گیا ہے... مجھے مت روکو۔"

"ٹھیک ہے ماما! چپکے سے بلوا لیجئے گا۔" شارلٹ نے کان کے قریب ہوکر کہا۔

"تم جورڈن سے یہ بھی کہنا کہ وہ فلمی ستاروں کو شادی میں ضرور بلائے خاص کر بریڈپٹ کو..."

سادھنا واپس آکر بیٹھ چکی تھی اور اس آخری بات پر پھر باہر جانے کو تھی۔

آریان دن بہ دن صحت یاب ہو رہا تھا سادھنا تو چڑیا کی چوں چوں پر بھی پیٹ پر ہاتھ رکھ کر ہنستی تھی... این اون البتہ جورڈن کو دیکھنے میں مصروف تھی...

"کیا آپ چاہتی ہیں میں یہاں سے اٹھ جاؤں۔" جورڈن نے بانسری سی میٹھی لے میں بہت مہذب انداز سے این اون سے پوچھا۔ این اون نے گھبرا کر ہاں میں سرہلایا۔

"برائے مہربانی اپنی نظریں مجھ پر سے اٹھالیں یا خود کو... شکریہ۔"



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

سیکنڈز کے اندر آرک کی چوٹی کو ہاتھ لگا کر دکھا دے اور غبارے کو پتھروں سے بھر کر اس کے سر پر پھوڑے۔۔۔۔

آہ۔۔۔ پر ایسے سپنے ہی دیکھے جا سکتے تھے۔ تصویر ٹانگنے کے لیے اگر وہ اسٹول پر کھڑی ہو جاتی تو دادا سے اسٹول پکڑواتی کہ ہل کر اسٹول اسے گرا ہی نہ دے۔ اب جو تین فٹ کے اسٹول پر ایسے کھڑا ہو گا اس پر ایسے جیکی چن طرز کے سپنے دیکھنا بنتا تو نہیں ایک زور دار سیٹی کو بجی اور خفیہ سوسائٹی کے ارکان میں کھلبلی مچی' جلدی سے وہ ایک سائیکل پر دو دو' تین تین بیٹھے اور یہ جا وہ جا۔

سیٹی رات کو گشت کرنے والی یونیورسٹی پولیس کی آمد کا اعلان دینے کے لیے خفیہ سوسائٹی کے ہی ایک رکن نے بجائی تھی جو اسی کام پر مامور تھا۔ امرحہ تبھی پولیس آ گئی۔

"ہائے میری یونی گئی" امرحہ گھبرا کر چلائی' ویرا نے اسے کھینچ کر سائیکل پر بٹھایا۔

"اب ہمیں یونی سے نکال دیا جائے گا نا۔" امرحہ نے دانت پر دانت جمائے۔

ویرا نے قہقہہ لگایا "میں پورا برطانیہ ہلا ڈالوں گی اگر کسی نے ایسا کرنا چاہا۔"

"تم تو ہلا ڈالو گی میں کیا ہلاؤں گی۔۔۔ میری تو دادی نے اس بار میری پیشانی پر لکھوا دیا ہے "منحوس ماری جہاں جاتی ہے بیڑا غرق کر آتی ہے۔"

ویرا کا قہقہہ بڑا عظیم تھا۔۔۔ امرحہ کے ذہن میں آنے والا خیال اس سے بھی زیادہ عظیم تھا۔۔۔ اور اس خیال کو اس نے عملی جامہ بھی پہنا دیا۔

ہینڈی کیم سے بنی ویڈیو اس نے محترم ڈین اور انتظامیہ کو میل کر دی۔ ڈیرک سے سیکھی ایڈیٹنگ سے اس نے ویرا کو کاٹ کر نکال دیا اور صرف کارل کو رہنے دیا۔۔۔ اس کا دل چاہا کہ The Tab میں بھی بھیج دے' لیکن ویب پر اس ویڈیو کے پوسٹ ہوتے ہی کارل یونیورسٹی میں اور زیادہ مشہور ہو جاتا کیونکہ سارے اسٹوڈنٹس ایسی حرکتوں کو بہرحال بہت پسند کرتے ہیں اور اس طرح کارل کے نام کا ڈنکا یونی میں بجنے لگتا۔

ویڈیو بھیج دی گئی۔۔۔ کتابوں اور جوتوں والا حساب برابر ہو گیا۔ امرحہ رات کو سکون سے سوئی۔۔۔ اتنے سکون سے۔۔۔ اتنے سکون سے کہ ایک گھنٹے کے اندر اندر ہی وہ خوفناک چیخ مار کر اٹھ بیٹھی۔۔۔ کارل اس کے بستر پر سانپوں سے بھرا باکس انڈیل رہا تھا۔

"اف۔۔۔ یہ میں نے کیا کر دیا۔۔۔" امرحہ نے اپنا پسینہ صاف کیا۔

کاش ڈین کا آئی ڈی ہیک ہو جائے یا ڈین ہی۔۔۔ ڈین ہی۔۔۔

امرحہ نے سونے کی کوشش کی اور اگلی بار گلا گھونٹے جانے سے اٹھ کر بیٹھ گئی اور گہرے گہرے سانس لینے لگی۔

اب وہ کیسے مرنا پسند کرے گی۔۔۔ اس کا فیصلہ کسی اور کو کرنا تھا۔۔۔ آپ جانتے ہیں کون۔۔۔ جی وہی۔

☼ ☼ ☼

کارل کو انتظامیہ نے حاضر کر لیا۔۔۔ دو گھنٹے تک میٹنگ ہوتی رہی' اگلی میٹنگ میں ویرا کو بھی شامل کیا گیا۔ کارل ڈوب رہا تھا تو ویرا کو بھی لے کر کیوں نہ ڈوبتا' باقی کے کھلاڑیوں کو البتہ اس نے بچا لیا تھا۔ کارل نے اپنے دوست کی بنائی ویڈیو انتظامیہ کے آگے حاضر کر دی۔

فیصلہ تین دن کے لیے یونیورسٹی سے باہر۔ نو لیکچر' نو کلاس۔۔۔ ساتھ وارننگ' وارننگ مطلب عام وارننگ نہیں' مطلب اگلی بار کسی بھی قسم کی شکایت پر سیدھا یونیورسٹی سے باہر۔

یونیورسٹی انتظامیہ ان معاملات میں کافی سخت ہوتی ہے لیکن ہر بار وہ اس بات کا خیال ضرور رکھتے ہیں کہ ان کے فیصلے سے یونیورسٹی کی ساکھ متاثر نہ ہو۔ اگر ایسے ہی اسٹوڈنٹس باہر نکالے جاتے رہے تو انگلیاں یونیورسٹی پر ہی اٹھیں گی۔

ویرا نے امرحہ سے بات چیت ہی بند کر دی' امرحہ نے اسے منانا چاہا لیکن ناکام رہی' ویرا کے گھر ڈین کا



فون گیا تھا اور آفیشل وارننگ لیٹر بھی تفصیلات اور ویڈیو کے ساتھ۔۔۔ کوئی کم بات تھی۔۔۔ وہ ٹام کروز بنی اپنے ہنر دکھاتی رہی اور انتظامیہ نے اس کی بے عزتی کر دی۔۔۔ اصل بے عزتی اس کے فادر نے اس کی کی' انہوں نے کہا وہ سو بار ایسی عمارتیں پھلانگے لیکن قانون کو ہاتھ میں نہ لے۔

"تم نے روس کی ناک کٹوا دی۔۔۔ تم نے کیا کیا؟" وہ بار بار یہی کہتے جاتے "پورے مانچسٹر میں تمہیں یونیورسٹی کی آرک ہی ملی تھی سر کرنے کے لیے۔۔۔ تمہیں پاس دیکھنا تھا کوئی ایک آدھ پہاڑ مل ہی جاتا۔۔۔"

وہ اتنی زور زور سے چلا رہے تھے کہ آواز ویرا کے بند کمرے سے باہر تک آ رہی تھی' امرحہ اور سادھنا دم سادھے سنتی رہیں' ویرا سوں سوں کرتی رہی۔

"تو ویرا بھی روتی ہے۔" امرحہ کو نجانے کیوں حیرت سی ہوئی۔

"مجھے معاف کر دو ویرا!" بند دروازے کے پاس اس کی سوں سوں سننے کے بعد امرحہ نے ہمت کی اندر جانے کی۔

"تم مجھ سے نفرت کرتی ہو؟" ویرا نے سنجیدگی سے پوچھا۔

"اگر ہم کسی کو اپنی محبت کا یقین نہ دلا سکیں تو اس کا مطلب یہ تو نہیں کہ ہم اس سے نفرت کرتے ہیں۔"

"میں نے اپنی اور تمہاری گفتگو کارل کو سنائی' تم نے اس کا بدلہ لیا؟"

"خدا گواہ ہے کہ نہیں۔۔۔ مجھے صرف کارل کو سبق سکھانا تھا" امرحہ نے بڑا دل لگا کر شدت سے سچ بولا' ویرا کئی لحظے اسے دیکھتی رہی۔

"تم بہت معصوم ہو امرحہ! بہت زیادہ۔۔۔" ویرا نے مسکرا کر کہا۔

امرحہ کے دانت نکل آئے "کیا واقعی؟"

"ہاں اور تم بے وقوفوں کی ملکہ معظمہ بھی ہو' تم کسی کو بھی لے ڈوب سکتی ہو کسی کا بھی سر قلم کروا سکتی ہو۔" ویرا نے چلا کر دونوں لمبے لمبے بازوؤں کو ہوا میں لہرا کر کہا۔

امرحہ بت سی بن گئی۔۔۔ اب نہ پوچھ سکی "کیا واقعی؟"

ویرا نے اس کی بارہ بجے والی شکل دیکھی امرحہ نے اس کی "میں تمہیں کھا جاؤں گی۔۔۔" والی شکل پر غور کیا اور دونوں کے جبڑوں سے یکدم پھر پھر قہقہوں کے کبوتر نکلے۔

"یہ تم دونوں میں کیا کھچڑی پک رہی ہے آج کل؟" صبح ناشتے کی میز پر لیڈی مہر پوچھ رہی تھیں۔

امرحہ نے ناں میں صرف سر ہلایا جبکہ ویرا نے منہ پھلا لیا' لیڈی مہر نے این اون کی طرف دیکھا' این اون آج کل لیڈی مہر کی کارندہ خاص بنی ہوئی تھی' اور اس کارندہ خاص نے چابی کی گڑیا کی طرح سب سنا دیا۔۔۔ سب۔

لیڈی مہر کتنی ہی دیر ویرا کو دیکھتی رہیں۔

"یہ تو مجھے معلوم تھا کہ تم میں بہت کچھ خاص ہے۔ لیکن اتنا زیادہ خاص ہے مجھے اندازہ نہیں تھا اور امرحہ تم۔۔۔ تمہیں یہاں آ کر پر لگے ہیں یا تم پر اپنے سامان میں چھپا کر لائی تھیں جو تم نے یہاں آ کر لگا لیے۔۔۔؟"

دونوں کھی کھی کرنے لگیں۔

"زمین پر گھومو پھرو جو جی میں آئے کرو' کبھی قانون نہ توڑو۔۔۔ دنیا میں ایسا کوئی شوق نہیں جسے اصولوں کو توڑ کر ہی پورا کیا جا سکتا ہو۔۔۔ حدوں سے باہر بہرحال نہیں نکلنا چاہیے خاص کر ایک طالب علم کو۔۔۔"

ویرا نے گھور کر امرحہ اور این اون کو دیکھا' ہر طرف سے اس کی بہادری پر لعن طعن کی جا رہی تھی۔

"مجھ سے بچ جانا اب تم" ویرا نے جاپانی میں این اون کو دھمکی دی۔

"یہ مجھے جان سے مار دینے کی دھمکی دے رہی ہے آنٹی!" این اون نے فوراً ہی ایک کی تین لگا کر بتا دی۔۔۔ امرحہ کا منہ کھل گیا یعنی این اون بھی پر سامان میں رکھ کر ساتھ لائی تھی یا مانچسٹر یونی کے باغ سے توڑے تھے۔۔۔ آخری خیال پر اتفاق کیا جاتا ہے۔

یونی میں کارل آیا اسے دیکھ کر چلا گیا پھر اگلے دن وہ بس سے اتری ہی تھی کہ وہ اس کے پاس آیا اور ہاتھ



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

سینے پر باندھ لیے۔ امرحہ نے بس کی کھڑکی سے دیکھ لیا تھا۔ وہ سنجیدگی سے یونی کی دیوار کے ساتھ کمر ٹکائے آتی جاتی بسوں کی طرف دیکھ رہا تھا یعنی مس امرحہ ینگ لیڈی آف پاکستان کا انتظار کیا جا رہا تھا۔ امرحہ نے ساتھ بیٹھے اسٹوڈنٹ سے پانی کی بوتل لے کر دو گھونٹ پانی پیا... بس ایسے ہی گلا خشک سا ہو رہا تھا اس کا جی تو چاہا کہ اگلے اسٹاپ اتر جائے پر وہ ڈرتی ورتی تھوڑی تھی کارل سے... کیا سمجھتا ہے کارل اسے... ہیں ؟

سینے پر ہاتھ باندھے ہڈکیپ سے سر کو ڈھانپے وہ اسے جم کے انداز سے گھورنے لگا۔ اب وہ نہ بول رہا تھا نہ اس کا راستہ چھوڑ رہا تھا وہ کتنی بھی تیزی سے دائیں بائیں سے ہو کر نکل جانا چاہتی اتنی ہی پھرتی سے وہ اس کے آگے آجاتا...

"میرا راستہ چھوڑو۔" امرحہ نے چلا کر کہنا چاہا لیکن آواز نکلی ہی نہیں... پانی... پانی کہاں ہے...؟

"کیا مسئلہ ہے تمہارا کارل؟"

"تم..."

"اب تک تم مجھے پنچ (Punch) مارتے رہے ایک میں نے مار دیا۔"

"مجھے تمہارا پنچ اچھا لگا... ہمیں اب دوستی کر لینی چاہیے۔"

"میں لنگوروں سے دوستی نہیں کرتی۔"

"پر مجھے مینڈکیاں پسند ہیں... امرحہ...

"The Disaster Queen"

"کارل دی فتور..." آکسفورڈ روڈ پر دونوں آمنے سامنے کھڑے لڑ رہے تھے۔

"فتور؟" ہڈکیپ کو اس نے سر کو دائیں بائیں جھٹک کر اتارا... اسے غصہ آ رہا تھا۔

"ہاں فتور... کرتے رہو اب اسے گوگل۔"

"ضرورت نہیں... مجھے یہ نام پسند آیا ہے..."

"تم پر جچ بھی بہت رہا ہے بلکہ اسے اپنے نام رجسٹرڈ کروالو۔"

"Hmm... پھر ملتے ہیں امرحہ۔"

اس کے کراس بیگ کی اوپری جیب سے جھانکتی ایک عدد چاکلیٹ کو نکال کر وہ چلا گیا، ساتھ ہنستا رہ گیا۔ بھاڑ میں جائیں اس کے ہنٹ۔ امرحہ یونی آگئی اور سارا دن اس حد تک محتاط رہی کہ کلاس میں ہادی الرحمٰن نے پین مانگا تو وہ شک سے اسے دیکھنے لگی۔

"کیوں چاہیے تمہیں مجھ سے پین؟"

"میرا پین کام نہیں کر رہا۔" وہ بے چارہ مصری گھبرا گیا۔

"تم کسی اور سے لے لو... مجھ سے ہی کیوں مانگ رہے ہو؟"

"تم میری ساتھ کی سیٹ پر بیٹھی ہو تا اور اتفاق سے مجھے یہ غلط فہمی رہی تھی کہ تم کافی خوش اخلاق ہو کر پین نامی چیز عاریتاً "مانگ لینے پر ایسے خونخوار نہیں ہو جاتی ہو گی۔"

"میرے پاس کوئی پین نہیں ہے۔" تین پین اس کے بیگ میں رکھے تھے۔

پامیلا نے اس سے کہا۔ "تھوڑی دیر کے لیے میری بکس اور لیپ ٹاپ کو سنبھال سکتی ہو مجھے کمپیوٹر ڈیپارٹمنٹ تک جانا ہے، صرف پندرہ منٹ کے لیے۔"

"میں خود بھی وہیں جا رہی ہوں۔" کہہ کر وہ تیزی سے آگے بڑھ گئی، نہیں وہ سائی کے پاس جا رہی تھی... پورا دن وہ نفسیاتی مریضہ بنی رہی۔

چند دن گزرے تو وہ اس واقعے کو بھولنے لگی اسے اور بھی بہت کام تھے جیسے کہ پاکستانی اسٹوڈنٹ سوسائٹی کے ساتھ مل کر امرحہ سوشل ورک کر رہی تھی۔ مقامی ہسپتال کے لیے انہیں فنڈز اکٹھے کرنے تھے، بچوں کے بہرے اور اندھے پن کے علاج کے لیے۔

امرحہ شزا سے اچھے خاصے پونڈز نکلوانے میں کامیاب ہو چکی تھی، ساتھ ہی شزا نے اسے اپنے "پرانے" اور "بے کار" بیگ، جوتے اور کوٹ دیے تھے جو امرحہ نے اپنے اور آرٹ ڈیپارٹمنٹ کی لڑکیوں کو اچھے داموں میں بیچ دیے۔ وہ عالیان کے پاس بھی گئی تھی۔ حقیقت یہ تھی کہ وہ پھر سے چھپ کر اسے دیکھ رہی تھی اور وہ ایک دم سے اس کے سامنے آگیا تھا۔

"میں فنڈز جمع کر رہی ہوں۔" وہ گھبرا گئی باکس آگے کیا۔ ثبوت!

اس نے چند پونڈ فنڈ باکس میں ڈال دیے اور جانے لگا۔

"بچوں کے اندھے اور بہرے پن کا علاج ہونا ہے علاج مہنگا ہوتا ہے ہمیں زیادہ پونڈز چاہئیں۔" اس کی پشت سے گھوم کر وہ جلدی سے آگے آئی اس کا راستہ روک لیا۔ اسے زیادہ پونڈز نہیں اس کا زیادہ وقت چاہیے تھا۔

اس نے اپنے کراس بیگ میں سے ساری کتابیں نکال کر ہاتھ میں پکڑلیں اور بیگ کے پیندے میں پڑے ہوئے سکوں کو اکٹھا کیا اور فنڈز باکس میں ڈال دیے... اور پھر سے جانے لگا۔

"کتنے شرم کی بات ہے عالیان... !تم نے کتنا کم فنڈ دیا ہے۔"

"میرے پاس جتنے تھے میں نے سب اس باکس میں ڈال دیے ہیں۔" وہ بے زاری سے بولا۔

"یہ تو بہت بری بات ہے، بلکہ قریب قریب بے عزتی کی۔" اس نے کہتے اپنے بیگ میں سے جلدی سے دس پونڈ نکالے اور باکس میں ڈال دیے۔

"یہ دس پونڈ کی ٹوئیٹ میں نے تمہاری طرف سے باکس میں ڈال دی ہے، اب تم مجھے دس پونڈ واپس کر دینا... ٹھیک ہے کر دینا یاد سے۔" امرحہ کو اپنی بہادری پر حیرت ہوئی۔

عالیان خاموش اسے دیکھ رہا تھا۔

"جب چاہے کر دینا، میں جلدی نہیں مچاؤں گی۔" امرحہ کہہ کر پلٹ آئی، جیسے وہ اسے دیکھ رہا تھا، اس پر تو امرحہ نے یونی کے بیچ بیٹھ کر دھاڑیں مار کر رونا شروع کر دینا تھا۔ لیکن اس بار کوئی اس کے سامنے گھٹنوں کے بل آکر نہیں بیٹھے گا، وہ یہ بھی جانتی تھی۔ اس بار مغرب و مشرق کا تال میل نہ ہوگا اس بار اسے چپ نہ کروایا جائے گا... نہ جان... نہ پہچان یونیورسٹی میں کوئی امرحہ نہیں... اسی یونیورسٹی میں کوئی عالیان بھی نہیں۔

کارل فوراً" اس کے پاس آیا اور صرف دو پونڈ باکس میں ڈالے "یہ لو، آج سے ہم دوست ہیں۔" چمک دار دانتوں کی نمائش کی... خوامخواہ۔

امرحہ نے فنڈ باکس کو کھول کر دو پونڈ نکالے، اس میں اپنے بیگ سے دو پونڈ نکال کر شامل کیے اور اسے واپس کیے۔

"یہ لو، دوبارہ ایسی بات نہ کرنا۔" اس کی آخری دھمکی کی وجہ سے وہ نفسیاتی مریضہ بن گئی تھی۔ اب یہ دوستی کی فرمائش بھی اسی کی کڑی ہوگی۔

کارل نے اپنی آنکھیں چندھیالیں، اس کے پاس اس شہہ کی مات فی الحال نہیں تھی، وہ زیرِ لب مسکرایا۔ جب وہ ایسے مسکراتا تھا تو مطلب اس کا یہ ہوتا کہ مجھے اچھا لگا... بہت اچھا لگا... میں نے انجوائے کیا، ویسے وہ یونی کا ایک ایک لمحہ ہی انجوائے کر رہا تھا۔

وہ ہر کھیل کا بادشاہ تھا۔ اس کے سر پر فتح کا تاج سجتا تھا۔ یونیورسٹی میں وہ اسٹوڈنٹ یونین کے صدر سے زیادہ مقبول تھا اور ظاہر ہے اپنی حرکتوں کی وجہ سے تھا۔ اب یونی میں موجود کمپیوٹر کو ایک اسٹوڈنٹ استعمال کر کے اٹھتا ہے تو فوراً" اس پر کارل بیٹھ جاتا ہے اپنے موبائل کو اس کمپیوٹر سے جوڑ کر ننھا منا سا لیکن خطرناک ہیکنگ سوفٹ ویئر عارضی طور پر انسٹال کرتا ہے اس کمپیوٹر پر استعمال ہوئے تازہ تازہ آئی ڈی کے پاس ورڈز کو توڑتا ہے اور بس...

نہیں وہ بلیک میل نہیں کرتا... ہرگز نہیں وہ آئی ڈی اور پاس ورڈ کا غلط استعمال بھی نہیں کرتا، بس وہ تھوڑا بہت ڈیٹا، کچھ تصویریں، کچھ پیغامات، کچھ چیٹ موبائل میں محفوظ کر لیتا ہے اور پھر اسے دی پرنٹ ورک کے کسی مہنگے ریسٹورنٹ میں لنچ ڈنر کروا دیا جاتا ہے، سینما کی ٹکٹ لے دی جاتی ہے، کھانے پینے کی دوسری اشیا اس کی وارڈ روب میں بھر دی جاتی ہیں اور اسی وارڈ روب میں چند اور نئی شرٹس آجاتی ہیں، نئے شوز بھی اور اسے اپنی نئی کار استعمال کے لیے دی





WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

جاتیں جنہیں وہ دنوں واپس نہ کرتا جب تک مانچسٹر کی ایک ایک سڑک کی سیر نہ کر لیتا۔۔۔ بس یہی سب چھوٹا بڑا۔۔۔ وہ بھی سب اپنی خوشی سے کرتے ہیں وہ مجبور نہیں کرتا۔

اسٹوڈنٹس کے گھروں میں Prank کالز کرنا بھی اس کا مشغلہ ہے، لیکن اس مشغلے کا استعمال وہ اس وقت کرتا جب وہ انسانوں سے بور ہو چکا ہوتا۔ وہ اسٹوڈنٹس کے بارے میں انتہائی سنجیدگی سے مختلف کہانیاں گھڑ کر ان کے گھر والوں کو سناتا اور اگلے دن وہ بے چارے ہال میں بھاگے آتے کہ آخر سلویا کیوں خود کشی کرنے جا رہی تھی۔۔۔ صرف سامنے کے دو دانت ٹوٹ جانے پر خود کشی۔۔۔؟

اور شیلے راتوں کو اٹھ اٹھ کر الو کی آوازیں کیوں نکالتا ہے وہ بھی کھڑکی سے آدھا دھڑ باہر نکال کر۔۔۔ کیا وہ الو کی طرح اڑنے کی کوشش بھی کرتا ہے؟ اوہ گوش۔۔۔ اور یہ کرسٹی کو بلیوں سے اتنی الرجک کیوں ہونے لگی ہے کہ اس نے تین بلیوں کا قتل کر دیا اور انہیں اپنے بیڈ کے نیچے دفنا دیا اور جس دن اسے قتل کرنے کے لیے کوئی بلی نہیں ملتی وہ بلی کی صورت والی اپنی ہال میٹ لڑکیوں پر حملہ کر دیتی ہے۔۔۔ Dhuzz ۔۔۔ Dhuzz کرسٹی قاتلہ بنتے جا رہی ہے۔

اور رونی وہ کیا کرنا چاہتا ہے آخر، وہ اپنے کیمسٹری کے پروفیسر کو دیکھتے ہی پاگلوں کی طرح کیوں چلانے لگتا ہے اور ہال کی آخری منزل کی چھت پر آدھی رات کو چڑھ کر وہ کسے آوازیں دیتا ہے۔۔۔ کیا، کیا اس کا کہنا ہے کہ مارلن منرو اس سے ملنے آتی ہے۔۔۔ آہ میرا رونی۔۔۔ وہ تو بہت لائق تھا۔ ہال میں والدین اپنے پاگل، دیوانے بیمار ذہن بچوں سے مل جاتے اور بچے سوچ سوچ کر پاگل ہو جاتے کہ آخر یہ کون ہے جو ان کے گھر راتوں کو فون کرتا ہے اور والدین یہ سوچتے کہ بچے ان سے کچھ نہ کچھ تو چھپا رہے ہیں۔۔۔ لیکن کیوں، اس کی کیا وجہ ہے۔۔۔؟

وجہ کارل تھی اور کافی بڑی وجہ تھی۔

امرحہ کافی آگے جا چکی تھی کارل سے مکالمہ میں اسے کوئی دلچسپی نہیں تھی۔ کارل بھاگ کر اس کے سامنے آیا۔

"ٹھیک ہے نہیں کرتا دوستی کی بات۔۔۔ ویسے میں بہت اچھا انسان ہوں۔"

"مجھے تم جیسے انسانوں سے دور رہنا چاہیے۔"

"میں پاکستان کو بہت پسند کرتا ہوں، کاش وہ میرا ملک ہوتا، خاص کر لاہور پر تو میں فدا ہوں۔" اس نے دل پر ہاتھ رکھ کر کہا۔

"مجھے تشویش ہو رہی ہے، پاکستان کی قسمت کو لے کر خاص کر لاہور کو لے کر۔"

"میں بزنس ٹائیکون بن جاؤں گا تو پاکستان کو کافی بزنس دوں گا۔"

"اف، اتنے برے حالات کبھی نہیں آئیں گے میرے ملک پر۔۔۔"

"کیونکہ جتنے برے آنے تھے وہ تو تمہاری پیدائش سے آ چکے ہوں گے نا۔۔۔" پوری جان سے قہقہہ لگا تا وہ چلا گیا۔

امرحہ تو سناٹے میں ہی آ گئی، اسے بہت بری لگی اس کی آخری بات، حقیقت میں اب تک کی جانے والی ساری باتوں اور حرکتوں میں سب سے زیادہ بری بات، وہ کون تھا اس کے ماضی کے بارے میں ایسی خطرناک بات کرنے والا۔

جس طرح کا کارل تھا اور جو بات وہ کر گیا تھا امرحہ کو یقین سا ہو گیا کہ وہ اس کی پیدائشی تاریخ جان چکا ہے۔ ہاں ایسا ہو گیا ہے، وہ کسی نہ کسی طرح سے اس کا ماضی بھی جان چکا ہے، اب وہ یونی میں ان باتوں کا اشتہار لگاتا پھرے گا نا۔

☼ ☼ ☼

وہ جان گیا کہ ڈین کو ویڈیو بھیجنے کا معرکہ مارنے والی پاکستان میں کس حیثیت کی مالک رہی ہے۔ امرحہ نے اپنا فون، اپنا بیگ چیک کیا کہ ضرور اس نے ان میں کوئی چپ (chip) لگا دی ہو گی یا ویرا سے لگوا دی ہو گی بعد میں ویرا جینفر لارنس طرز کی صورت پر بمشکل معصومیت طاری کر کے کہہ دے گی۔

"مجھے کیا پتا تھا وہ تمہاری نحوست کے بارے میں جان جائے گا۔"

وہ اور دادا اکثر ماضی کے بارے میں بات کرتے رہتے تھے۔ وہ اپنے فون کو ایم ایس سی کرنے والے مارک کے پاس لے گئی اس سے اس کی اچھی ہائے ہیلو تھی۔

"مارک! اسے چیک کرو اس میں کوئی ایسا سسٹم تو نہیں جس سے کوئی اور میری باتیں سن سکے۔"

"تم مذاق کر رہی ہو؟" فون اس نے ہاتھ میں لے لیا اور سیدھا ان باکس میں پہنچا، کیونکہ یہ ایک یونیورسل عادت بن چکی ہے۔ فون کسی کا بھی ہو، جانا سیدھا ان باکس میں ہوتا ہے۔

"میرے پیغامات پڑھنے بند کرو۔۔۔ میں سنجیدہ ہوں۔ اس میں کوئی ایسی چپ لگی ہے تاکہ کوئی میری ساری گفتگو سنتا رہے۔"

مارک سنجیدگی سے فون چیک کرنے لگا پھر سر اٹھا کر اسے دیکھا۔

"ہاں! تمہارا شک ٹھیک ہے، اس میں ایک سسٹم فکس ہے۔"

"اوہ!" امرحہ کا گلابی سفید رنگ سیاہ پڑ گیا۔

"تم اس بٹن کو دباؤ گی تو ساری یونیورسٹی دھماکے سے اڑ جائے گی اور اس بٹن کو دباؤ گی تو پورا مانچسٹر غائب ہو جائے گا۔۔۔ اور اس تیسرے بٹن کو دبانے سے تم خود غائب ہو جاؤ گی، تم لوگوں کو نظر آنا بند ہو جاؤ گی۔۔۔ میرا خیال ہے تم اس تیسرے بٹن کا استعمال کرو۔۔۔"

فون اس کے آگے کر کے وہ اسے ایک ایک بٹن کے بارے میں سنجیدگی سے بتانے لگا۔۔۔ بے حد سنجیدگی سے۔۔۔ پھر فلک شگاف قہقہہ لگایا۔

"کیا تمہارے پیچھے اسکاٹ لینڈ یارڈ کی پولیس لگی ہے امرحہ؟" ہنسنے سے فارغ ہو کر اس نے پوچھا۔

سب ایک سے بڑھ کر ایک تھے اسکاٹ لینڈ یارڈ کی پولیس بہتر تھی کارل سے۔۔۔ اسے کارل ناپسند تھا جبکہ وہ تو اتنا پیارا تھا۔۔۔ ہر فن مولا سا۔۔۔ سوچتا، کرتا اور ہو جاتا۔۔۔ آخر کتنے ہیں دنیا میں ایسے لوگ۔۔۔؟

جب کبھی وہ دیوار کے ساتھ کمر ٹکائے، ایک ٹانگ کو کھڑا دوسری کو ترچھا دیوار پر جمائے دونوں ہاتھوں کو جیب میں رکھے کھڑا ہوتا تو اس کی آرتی اتارنے کو دل چاہتا ایک تو اس لیے کہ وہ آس پاس والوں کو "مجھے رک کر، پلٹ کر دیکھو۔" پر مجبور کر دیتا دوسرا اس لیے کہ "یہ بھونچال یہاں کھڑا ہے" کاش تاقیامت یہاں ہی کھڑا رہے، یہیں کھڑے کھڑے اس کا مجسمہ بن جائے، پر اب یہ حرکت نہ کرے۔"

مائیکل انجیلو اس کا مجسمہ بناتا تو اسے ایک اور زندگی خدا سے مستعار لینی پڑتی صرف اتنی سی بات سوچنے کے لیے کہ وہ ایک خوب صورت انسان کا مجسمہ بنائے یا خوب صورت شیطان کا۔۔۔ یا۔۔۔ یا۔۔۔ یا۔ بس زندگی تمام ہو جاتی اس کی۔

وہ بے حد گورا تھا، گلابی گورا، نیلی آنکھیں، پتلی ناک، گھنی بھنویں، لمبی گردن اور ذرا سا لمبوترا چہرہ۔۔۔ قد ویرا سے ذرا کم عالیان سے ذرا زیادہ۔۔۔ کبھی کبھی مونچھیں رکھ لیتا تو ایسے لگتا کسی قدیم سلطنت کا جنگجو سلطان ہے جو شیروں کو دائیں بائیں بٹھا کر طعام کیا کرتا تھا۔۔۔ اور ان ہی کی طرح دھاڑا کرتا تھا۔

ہاں وہ اتنا خوب صورت ضرور تھا کہ اگر گاؤں کی مٹیاریں پانی کے گھڑے اپنی لچکیلی کمر پر ٹکائے پگڈنڈی پر چلتے کارل کے پاس سے گزرتیں تو ضرور کہتیں۔

"وے تو کینا سوہنا اے۔۔۔ کج خدا دا خوف کر۔۔۔ وے تو اینا سوہنا کیوں اے۔۔۔؟"

کارل مسکرا دیتا ہے اور شانے اچکا دیتا ہے۔۔۔ اور مٹیاروں کے سبھی گھڑے۔۔۔ ہاہا۔۔۔ Dhuzz ۔۔۔ Dhuzz ۔۔۔ Dhuzz۔

رات کو امرحہ سادھنا کے کمرے میں آئی وہ آریان کے لیے چند تحائف پیک کر رہی تھی۔

"عالیان گھر کیوں نہیں آتا؟" امرحہ نے پوچھ ہی لیا۔

"وہ پہلے ویک اینڈ پر آ جاتا تھا پھر اس کی ماما نے منع کر دیا۔"




WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY
www.paksociety.com
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

"منع کیوں کردیا؟" امرحہ سادھنا کی مدد کرنے لگی۔

"میں نہیں جانتی ' کبھی کبھار رات گئے آجاتا ہے۔"

"کب۔۔۔ میں نے اسے کبھی آتے نہیں دیکھا۔۔؟"

"ایک دوبار سے زیادہ نہیں آیا ' رات گئے آتا ہے۔ کچھ دیر ٹھہر کر چلا جاتا ہے۔ زیادہ وہ کھڑکی کے راستے آنا پسند کرتا ہے اسی لیے لیڈی مہر کے کمرے کی کھڑکی اندر سے بند نہیں ہوتی "اسی مہینے اس کی سالگرہ آنے والی ہے تو وہ آئے گا کیک لے کر۔"

"اسی مہینے۔۔ اچھا تمہیں پکا معلوم ہے اسی مہینے نا۔۔؟"

"ہاں! سادھنا مسکرانے لگی۔

"اچھا۔۔۔ یعنی وہ پھر چنا منا سا کیک لے کر کھڑکی کے راستے آئے گا۔" امرحہ یکدم خوش سی ہوگئی۔

لیکن اس بار اسے بچا ہوا کیک نہیں ملے گا' چلو کوئی بات نہیں۔۔ حالات برے ہو چکے تھے تو اچھے بھی ہو ہی جائیں گے۔۔ آخر کو ایک دن سب ٹھیک ہو ہی جائے گا۔۔ امید کے پودے کو پانی دیتے رہنا چاہیے اور اسے اتنا تناور کردینا چاہیے کہ مایوسی کا جنگل دور دور تک اگنے ہی نہ پائے۔۔۔ ویسے بھی سائی کہتا ہے۔

"اختتام پر سب نہ سہی لیکن بہت کچھ ٹھیک ہو جاتا ہے۔"

امرحہ کہتی ہے "اختتام پر سب برا ہوگا تو کچھ اچھا بھی تو ہوگا نا۔۔۔ بلکہ ضرور اچھا ہی ہوگا سب۔"

اور میرا یہ کہنا ہے کہ اختتام کو بھول جائیے۔۔۔ زندگی ہر پل صرف شروعات کا نام ہے۔۔ اسے تن دہی سے جاری و ساری رکھیں۔

اگلے دن یونی میں وہ کلاس لے کر نکلی ہی تھی کہ دادی نے بہت خاص وقت نکال کر اسے شرف بات چیت سمجھا۔۔۔ وہ بھی ان کی پسند کے جوابات دیتی رہی۔

"نہیں ناچنے گانے والی جگہ پر نہیں جاتی۔۔۔ ہاں کلب نہیں جاتی دادی ' حلال گوشت ہی کھاتی ہوں ' سہولت سے مل جاتا ہے۔۔۔ جی وہ لوگ جاتے ہیں ' مجھے یونیورسٹی چھوڑنے ' پھر جاب پر۔۔۔ گھر لے کر بھی آتے ہیں " اکیلی نہیں جاتی میں ' دادی بالکل اکیلی نہیں نکلی گھر سے۔۔۔"

"تم پاکستان آرہی ہو۔۔۔؟"

"پاکستان!" اس کا سانس اٹکنے لگا تو اصل بات یہ کرنی تھی۔

"کب ختم ہو رہی ہے تمہاری پڑھائی۔۔۔؟"

"کیوں کیا کرنا ہے آپ کو؟"

"تمہاری شادی اور کیا۔۔۔؟"

"کیا کہہ رہی ہیں دادی؟" اس نے چلا کر پوچھا۔

"شادی۔۔۔ شادی!" دادی اس سے زیادہ چلائیں۔

"آپ بول کیوں نہیں رہیں دادی! مجھے آپ کی آواز نہیں آرہی۔"

"بول تو رہی ہوں۔۔۔ حماد دیکھو اسے کیا ہوا اس کی تصویر تو نظر آرہی ہے اسے میری آواز کیوں نہیں جا رہی۔"

"ہماری آواز آرہی ہے تمہیں۔۔۔ میں تمہیں نظر آرہا ہوں کیا؟"

"دادی بولیں نا۔۔۔ کہاں چلی گئیں۔۔۔ اچھا میرا لیکچر ہے میں جا رہی ہوں۔"

وہ اسکائپ سے لاگ آف ہوگئی اور لفظ شادی شادی "اس کے کانوں میں سائیں سائیں کرنے لگا۔

"تمہارا رنگ پیلا پڑ رہا ہے امرحہ۔" قریب سے گزرتی جمیکا نے رائے زنی کی۔

☼ ☼ ☼

"-In the memory of katy the cat

یہ وہ بورڈ تھا جو امرحہ کی کلاس فیلو لورین کی پشت پر زنجیر میں پرویا جھول رہا تھا۔ رات اس کی بلی کا انتقال ہو چکا تھا اور آج وہ سوگ منا رہی تھی۔ اس نے کالی شرٹ اور اسکرٹ پہن رکھی تھی اور بال برش نہیں کیے تھے منہ بھی نہیں دھویا تھا۔ رو رو کر اس کی آنکھیں سرخ ہو چکی تھیں اور اس نے رات سے کچھ نہیں کھایا تھا یہ بھی نظر آرہا تھا۔ امرحہ اس کے پاس گئی اس کی بلی کا افسوس کرنے۔ زندگی میں پہلی بار وہ کسی جانور کے مرنے کا افسوس کر رہی تھی اور کافی مشکل سے ہنسی روک کر رہی تھی۔

"کیسے مری بے چاری بلی۔۔۔؟"

"ایسے نہ کہو امرحہ! وہ بے چاری ہرگز نہیں تھی بہت بہادر تھی ' پرنسز تھی۔۔۔"

"اور پرنسز کیٹی کیسے مرگئیں لورین۔۔۔؟"

غم کی شدت سے لورین پھر بے قابو سی ہوگئی آنکھیں ٹشو میں چھپالیں اور ایک ہاتھ سے اشارہ کر کے بتایا کہ اس کی موت کے بارے میں نہ پوچھا جائے اسے بہت تکلیف ہوتی ہے۔۔ امرحہ آنکھیں پٹ پٹا کر اسے دیکھتی رہی ' بلی کی یاد میں دونوں ہاتھ گود میں رکھ لیے۔ اب سچ یہ تھا کہ امرحہ کو دور کے عزیزوں کی وفات پر رونا نہیں آیا کرتا تھا اب لورین کا ساتھ دینے کے لیے کیسے رو لیتی اور لورین کی جان پر آخر کیا مصیبت ٹوٹ پڑی تھی کہ ایک بلی کے لیے ایسے جان ہلکان کر رہی تھی ' باقی سب سنجیدگی سے اس سے کیٹی پرنسز کا افسوس کر کر کے جاتے رہے ایک امرحہ ہی اس بے چاری لورین کا غم نہیں سمجھ پا رہی تھی۔

کچھ لوگ لورین جیسے حساس تھے کہ جانور کے لیے آنسو بہا رہے تھے اور کچھ کارل جیسے کہ انسانوں کو ہی آٹھ آٹھ آنسو رلا رہے تھے۔

امرحہ جاب سے واپس آرہی تھی۔ رات کا وقت تھا وہ بس میں بیٹھی تھی جو تقریباً" خالی ہی تھی۔

"ہائے ڈی کوئین!" کارل کی آواز اس کی نشست کی دوسری طرف کی رو کی نشست سے آئی اس نے ہڈ پہن رکھا تھا اور ہڈ کیپ سے سر کو پیشانی تک چھپا رکھا تھا۔

امرحہ اپنے چہرے پر وہ بےزاری لے آئی جو دادی اسے دیکھ کر لے آیا کرتی تھیں ' اب وہ سمجھی دادی کا قصور نہیں تھا ' جس لوگوں کو دیکھ کر ایسے ہی منہ بن جایا کرتے ہیں۔ آج کی رات خوفناک خواب دیکھتے گزرنے والی تھی ' رات کے اس وقت اسے جو دیکھ لیا تھا وہ اور عالیان سائیکل کا استعمال بہت کرتے تھے خدا جانے آج وہ بس میں کیوں سوار تھا۔

"تم مجھے بری طرح سے نظرانداز کر رہی ہو ' آخر کو ہم یونی فیلو ہیں۔۔۔ پھر میرے تم پر کتنے احسانات بھی تو ہیں خاص کر وہ ' اگر میں ہارٹ راک میں وہ ڈسک نہ چلواتا تو سوچو عالیان جیسا بور انسان تمہارا سر کھا رہا ہوتا اور تم مجھ جیسے سپر فاسٹ ' سپر ہیرو سے محروم ہو جاتیں۔"

"کتنی بدقسمت لڑکی ہوگی وہ جس کا وہ ہیرو ہوگا یعنی بیوی ' بے چاری نے ایسے ہی مذاق میں کوئی بات کہہ دی اور کارل نے اس مذاق کا جواب دینے کے لیے اسے چھت سے الٹا لٹکا دیا یا فریج میں بند کر دیا ورنہ لانڈری مشین میں ٹھونس کر گھما دیا اور نہیں تو غریب کا ایک آدھ کان ہی کاٹ لیا۔۔۔" امرحہ سوچتی رہی اور کھڑکی سے باہر دیکھتی رہی۔

"آج صرف تمہارے لیے میں بس میں سوار ہوا ہوں۔"

امرحہ نے ذرا سی گردن موڑ کر اس کی طرف دیکھا ' مسکراہٹ اس کی آنکھوں میں چمک رہی تھی۔ امرحہ کو خوف سا آیا "یہ یہاں کیا کر رہا ہے۔"

"بس کے کرائے میں ' میں اپنے پونڈ ضائع نہیں کرتا۔" وہ اٹھ کر کھڑا ہوگیا اور اس کی نشست کے پاس آگیا۔

"جو دو پونڈ تم نے مجھے دیے تھے ان میں چند پونڈ اور ملا کر میں یہ لے آیا ہوں۔" اس نے وہ ہاتھ جو ہڈ پاکٹ میں تھا نکالا اور چھن سے ایک ہتھکڑی نکل کر سامنے آئی۔ پلک جھپکنے کی دیر تھی کارل نے اس کے ہاتھ جو اگلی نشست کی پشت کے گول راڈ پر رکھا تھا میں ہتھکڑی ڈال کر راڈ کے ساتھ لاک کر دیا۔

"یہ۔۔۔" امرحہ دنگ رہ گئی اس نے ہتھکڑی کو جھٹکا دیا۔

"کارل کیا بدتمیزی ہے یہ؟"





WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

"بد تمیزی نہیں جواب ' میں ادھار نہیں رکھتا ' لڑکیوں کا تو بالکل نہیں۔" وہ بڑی شان سے مسکرایا "کیونکہ میں Count Destroyer ہوں نا....."

"کارل مذاق بند کرو۔"

"مذاق کل یونی میں کریں گے...." کہتا وہ اسٹاپ پر رکتی بس سے اتر گیا۔

"کارل!" وہ اٹھ کھڑی ہوئی ' ہتھکڑی جھٹکنے لگی۔

"کارل رک جاؤ... اسے کھول کر جاؤ...." وہ چلائی لیکن کانوں میں ائیرفون لگائے تیز انگلش میوزک پر آڑا ترچھا ہوتے وہ دور ہوتا چلا گیا۔

بس میں سوار چھ افراد اسے دیکھنے لگے۔

"میری مدد کریں۔" وہ تیز آواز میں چلائی سب کے سب بیٹھے دیکھ رہے تھے آگے نہیں آرہے تھے اس کی آواز پر جیسے چونک گئے اور اس کی طرف آئے۔

"اوہ.... یونیورسٹی کے چوزے جو نہ کریں وہی کم ہے.... آخری اسٹاپ تک انتظار کریں وہیں کچھ ہو گا ' میں آفس فون کر دیتا ہوں ' وہ اسے کھولنے کا انتظام رکھے۔" ٹکٹ چیکر نے کہا۔

آخری اسٹاپ ' اتنی دور ' اور پھر رات۔" امرحہ نے گہرے گہرے سانس لے کر خود کو نارمل رکھنا چاہا ورنہ غصے سے وہ راڈ کے ساتھ سر پھوڑ لینے کو تھی ' یہ اس نے کیا کیا اس نے کارل جیسے فتور سے ٹکر کیوں لی ' کیا ضرورت تھی ' کتنی پاگل تھی امرحہ... ایک ایسی لڑکی جو سردیوں کی راتوں میں کچن تک اکیلے پانی پینے نہیں جایا کرتی تھی ' نے ڈین کو کارل کی ویڈیو بھیج دی۔ ایک ایسی لڑکی بھی جو چوہے کو پھدکتے دیکھ کر آسمان ہلا دینے والی چیخیں مارنے والی نسل سے تعلق رکھتی تھی ' اس نے "دی کرائے کڈ" کی نسل سے تعلق رکھنے والوں سے ٹکر کیوں لی... اس نے یہ فاش غلطی کیوں کی۔

ایک ایسا ماحول جہاں لڑکیاں ہلکی رفتار سے چلتی بس کے پائیدان کے راڈ کو پکڑ کر اس میں بیٹھ جانے کو بڑا معرکہ سمجھتی ہیں وہ یونیورسٹی آرک سر کر لینے والوں کو کیسے اور کیوں للکار بیٹھی۔

وہ ایک ایسے ماحول سے تھی جہاں لڑکی کار تو چلاتی ہے اسے دھکا نہیں لگاتی وہ سر اٹھا اٹھا کر اونچی دیواروں ' عمارتوں ' پہاڑوں کو ضرور دیکھتی ہے انہیں پھلانگنے کا نہیں سوچتی۔ حفاظت کے پیش نظر اگر کوئی گن ' پستول گھر میں رکھی ہے تو وہ تا عمر اسے ہاتھ میں پکڑ کر نہیں دیکھتی کہ اسے کھول کر اس میں میگزین کیسے بھرتے ہیں اور اسے چلانے کے لیے سیکھنے کی جرات بھی نہیں کرتی کہ یہ اس کا کام نہیں ہے۔ بھلے سے چور ' ڈاکو ' قاتل اس کے پیٹ میں دو گولیاں اتار دے وہ ایک گولی بھی چلانے کی جرات نہیں کرے گی کہ یہ تو اس کا کام ہی نہیں ہے۔ یہ کام تو اس کا باپ کرے گا ' بھائی ' شوہر یا بیٹا ' وہ نہیں۔

بجلی کے فیوز ٹھیک کرتے یہ اپنے باپ بھائی کے پاس اوزار لے کر کھڑی ہو جاتی ہے اس فیوز کو خود سے ٹھیک کرنے کی غلطی نہیں کرتی... سیکھنے کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا... بھلا وہ کیوں سیکھے اور کرے یہ کام تو مردوں کے ہیں نا... نا جانے کسی کائناتی کتاب میں لکھا ہے کہ یہ سارے کام صرف مرد ہی کریں گے۔

بس کی نشست سے بندھی بیٹھی وہ رو دینے کو ہو گئی لیکن روئی نہیں ' بائیں ہاتھ سے فون نکالا ویرا کو کیا وہ تو بھڑک اٹھی۔

"تم پہلے ہی میری ناک کٹوا چکی ہو۔"

یعنی ویرا کی ناک کا دارومدار بھی اسی پر تھا... چچ چچ... لو کٹ گئی ناک.... آتی ہوں میں ' اس وقت تک تم جی بھر کر رو لو... مینڈکی۔" وہ دھاڑی۔

آخری اسٹاپ پر بس رکی تو ٹرانسپورٹ کے عملے کا ایک رکن اس کی ہتھکڑی کھولنے کی کوشش کرنے لگا۔ رات کے اس وقت وہ کٹر حاصل کرنے میں ناکام ہو چکے تھے۔ ہانپتی کانپتی ویرا بس میں آئی اس کا سانس بری طرح سے پھول رہا تھا۔

"ہٹیں میں کرتی ہوں۔" آتے ہی اس نے سب کو ایک طرف کیا اور ہاتھ میں پکڑی باریک سلاخ سے چند منٹ کی کوشش سے اس کی ہتھکڑی کھول دی۔

جب وہ ہتھکڑی کو کھولنے کی کوشش کر رہی تھی تو عملے کے چھ ارکان اسے مشکوک انداز سے دیکھ رہے



تھے۔

"تم پولیس میں ہو یا؟" ایک نے پوچھ ہی لیا۔

"میں پولیس میں کیوں ہوں گی تمیں سابقہ سی آئی اے ایجنٹ ہوں۔" ویرا نے بھنویں تان کر سنجیدگی سے کہا۔

"سابقہ کیوں؟" شک اور بڑھ گیا۔

"میں نے بارک اوباما کو قتل کرنے کی کوشش کی تھی ' گن میں اس کی کنپٹی پر رکھ چکی تھی۔" ویرا نے پہلے سے زیادہ سنجیدگی سے کہا اور اسے لے کر بس سے اتر آئی۔ ان چھ کی شکلیں دیکھنے لائق تھیں۔

"تم واقعی میں سی آئی اے کی ایجنٹ رہ چکی ہو.... تم نے اوباما کو مارا کیوں نہیں؟" ویرا کو سب آتا تھا پتا نہیں وہ مانچسٹر یونی سے ماسٹرز ان بزنس ایڈمنسٹریشن کیوں کر رہی تھی۔

ویرا نے جواب میں اس کی گردن دبوچ لی۔

"تم میرے پاپا کے پاس جاؤ گی یا انہیں یہاں بلوا لوں۔"

انہیں بلوا لو... لیکن کارل کے لیے.... التجا کرتی ہوں میں ویرا!" امرحہ نے دونوں ہاتھ جوڑ کر کہا۔

"وہ چھوٹے موٹے کیس ہینڈل نہیں کرتے۔" ویرا نے غصے سے اپنی رولر کوسٹر کو اسٹارٹ کیا۔

"تمہارے لیے آسکتے ہیں ہتم ہو مشن امپاسبل۔"

سارے راستے ویرا غصے سے بڑبڑاتی رہی اسے سناتی رہی وہ چپ کر کے بی بی سی۔ ویرا سروس سنتی رہی۔

ویرا نے سائیکل روکی پر وہ شٹل کاک تو نہیں تھا... و، تو وہ جگہ تھی جہاں عالیان رہتا تھا اور ساتھ ہی کارل... ہمارا کارل۔

"ویرا! تم یہاں کیوں آئی ہو؟"

"چلو ' تم اندر ایک مکا مارو کارل کے منہ پر....." ویرا نے اس کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں مضبوطی سے لیا۔

"نہیں ' میں نہیں جاؤں گی اندر ' مجھے کچھ نہیں کہنا کارل سے... بس ختم۔"

"پھر مجھ سے دوستی ختم کر دو....." Anselm ہال کے باہر وہ دونوں آمنے سامنے کھڑی تھیں ' ایک ہاتھ چھڑا کر بھاگ جانے کو تھی "امرحہ" ایک ہاتھ سے گھسیٹ کر اندر لے جانے پر مصر تھی "ویرا"

"مجھے تمہاری جیسی بزدل دوست نہیں چاہیے۔" ویرا دھاڑی۔

"میں اندر چلی جاتی ہوں لیکن میں کارل کو کچھ نہیں کہہ سکتی.... میری بات سمجھنے کی کوشش کرو.... میں یہ نہیں کر سکتی۔"

جواب میں ویرا اسے اپنے ساتھ اندر لے آئی اور اندر داخل ہوتے ہی گرج دار آواز میں نظر آنے والے پہلے لڑکے سے کارل کے بارے میں پوچھا۔ کوریڈور میں اور بھی لڑکے تھے ویرا کی آمد اور ایسی آواز سے متوجہ ہو گئے۔

"وہ وہاں میوزک بار میں۔" شاہ ویز نے پورے دانت نکال کر ہاتھ کا اشارہ کر کے بتایا بھی اور ساتھ آگے کو بھی ہو گیا کہ آئیے محترمہ کارل پر جو عذاب نازل کرنا ہے اس کے لیے میں آپ کو چلتا ہوں اس کار خیر میں میرا حصہ بھی ڈلنے دیجیے۔

آس پاس کے جو دوسرے تھے وہ بھی میوزک بار کی طرف بڑھنے لگے ایسے بنا ٹکٹ کا فرسٹ شو کون مس کرنا چاہے گا بھلا۔

کچھ لڑکے اوپر کی طرف لپکے کہ باقی ہال میٹس کو بھی بلا لائیں کہ ویرا کارل کا پوچھتی اس وقت آئی ہے اور اس انداز میں آئی جیسے ہال سے باہر روس کی فوج کو پوزیشن لیے کھڑا کر آئی ہو ' ایک ' دو ' تین.... فائر.... اندر نظر دوڑائی ویرا نے امرحہ کا ہاتھ مضبوطی سے تھام رکھا تھا۔ میوزک بار کے دروازے میں کھڑے ہو کر اس نے میوزک بار میں سامنے کاؤنٹر تھا جس کے پار تین بار ٹینڈر کھڑے تھے۔ کاؤنٹر کے عین سامنے والے حصے میں کرسیوں اور میزوں کو پار کر کے اسنوکر ٹیبل رکھا تھا جس پر کارل اسنوکر کھیل رہا تھا۔ باقی اسٹوڈنٹس ادھر ادھر کھڑے ' اٹھے بیٹھے تھے۔

کارل اسنوکر اسٹک (Stick) کو پکڑے ٹیبل پر جھکے ایک آنکھ کو بند کیے گیند کو ہٹ کرنے ہی لگا تھا کہ



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

ویرا دانت پیس کر کہا۔

"کارل!" کارل نے آنکھ کھولی، مسکرایا اور اس طرف سر گھما کر دیکھا جس طرف ویرا کھڑی ہی نہیں تھی۔۔۔ ڈرامے باز۔۔۔ پھر اس نے سر اٹھایا ویرا کی طرف گھمایا۔۔۔ ویرا اس کے ساتھ امرحہ۔۔۔ اور امرحہ کے آگے پیچھے Anselm ہال کا مجمع۔ "اٹس شو ٹائم یونی چک"

Its show time uni chick

"امرحہ! تم آگئیں، کافی دیر لگ گئی تمہیں تو آنے میں۔" اس نے دیوار گیر گھڑی کی طرف دیکھ کر کہا۔

"بہت سست ہوتی ہے ٹرانسپورٹ کی انتظامیہ۔۔۔ اگر میں مانچسٹر کا میئر بن گیا جو کہ مجھے بننا ہی ہے تو میں ضرور اس طرف توجہ دوں گا لیکن میرے میئر بننے کے وقت کے آنے سے پہلے تک کے لیے سوری۔"

اسنو کرانسٹک اس نے ایسے ہاتھ میں پکڑ رکھی تھی جیسے اے ایس فائیو زیرو کی Sniper Rifle یہ ویرا کو نشانے پر رکھا تھا۔۔۔ ٹھاہ۔۔۔ Dhuzz

ویرا ڈیڈ مین کی سنجیدگی لیے اس کے قریب جا کر کھڑی ہو گئی۔ "ویرا یہ کر سکتی تھی۔"

"ویرا! تم مجھے اتنے پیار سے کیوں دیکھ رہی ہو۔۔۔ مجھے تشویش ہو رہی ہے، میں دل کے عارضے سے ہلاک ہونا نہیں چاہتا۔"

ویرا نے اپنا وہ ہاتھ جو اس کے کراس بیگ کی جیب کے اندر تھا نکالا اور ہاتھ میں پکڑی بوتل کا اسپرے اس کی آنکھوں پر کر دیا۔۔۔ ایک دم سے۔

"آہ! کارل چلا اٹھا اور آنکھوں پر ہاتھ رکھ لیے اور تیزی سے پانی کی تلاش میں باہر کی طرف لپکنا چاہا کہ ویرا نے دوسری بوتل نکالی اور آنکھوں کو رگڑتے "آہ آہ" کرتے ادھر ادھر میز کرسی سے ٹھوکر کھاتے کارل پر تیزی سے اسپرے کرنے لگی۔

"اوہ گوش۔۔۔ اتنی گندی بدبو۔۔۔" ایک ایک نے اپنی ناک پکڑ لی امرحہ کو بھی اپنی ناک پکڑنی پڑی۔

جتنے لڑکے کارل کے پاس کھڑے تھے وہ تیزی سے کارل سے دور ہوئے۔ بدبو کی انتہا تھی بس۔۔۔ ویرا نے پوری بوتل خالی کر دی۔۔۔ پھر ہاتھ باندھ کر ہٹلر مار اسٹائل میں کھڑی ہو گئی۔

"اب کچھ بھی کر لو کارل! ایک ہفتے سے پہلے اس شینل فائیو سے چھٹکارا حاصل نہیں کر سکتے، میں سائنس دان بن گئی تو ضرور اس خوشبو سے جلد چھٹکارا پانے کے لیے کچھ کروں گی، لیکن میرے سائنس دان بننے کے وقت کے آنے سے پہلے تک کے لیے سوری کارل۔"

امرحہ کا جی چاہا کہ وہ تالیاں بجائے لیکن اس نے ایسا نہیں کیا وہ پلٹی تو میوزک بار کے دروازے کے ساتھ شانہ ٹکائے کھڑے عالیان پر اس کی نظر پڑی وہ بہت سنجیدہ نظر آ رہا تھا اور پیارا بھی۔۔۔ امرحہ نے سوچا کہ وہ ایسے ہی کھڑا رہے اور باقی سب غائب ہو جائیں تو کتنا اچھا رہے۔

امرحہ کا ہاتھ پکڑ کر ویرا باہر نکلی اور اپنے پیچھے انہوں نے قہقہوں کا طوفان ابلتے سنا، ہال کے اسٹوڈنٹس کارل کو چھوڑ کر دیوانوں کی طرح ہنس رہے تھے ان میں عالیان بھی شامل تھا۔ ان سب نے مل کر میوزک بار کے دروازے کو بند کر لیا تاکہ وہ باہر نہ جا سکے۔ کاؤنٹر پر رکھی کسی کی سوفٹ ڈرنک سے کارل نے اپنی آنکھیں دھونی چاہیے لیکن شاہ ویز نے لپک کر وہ ڈرنک اس کے ہاتھ سے چھین لی۔ سب نے ساری ڈرنکس اٹھا کر کارل سے دور کر دیں "امرحہ دی لاسٹ ڈک۔۔۔ کارل دی آخ۔۔۔ خ۔۔۔ خ۔" عالیان نے اس کے قریب جا کر اپنی ناک پکڑ کر کہا۔ کارل نے اسے دھکا دے کر پیچھے کیا اور میوزک بار سے باہر جانا چاہا اس کی آنکھیں جل رہی تھیں اسے ایک پل قرار نہیں آ رہا تھا۔۔۔ لیکن سب لڑکی بار کے دروازے پر براجمان تھے وہ اسے باہر جانے نہیں دے رہے تھے دھکا مار کر پیچھے کر دیتے۔

"ایک ایک کو دیکھ لوں گا میں۔" کارل چلایا۔

"دیکھ لینا۔۔۔ ابھی تو ہمیں سونگھ لینے دو۔۔۔ اف آخ خ۔"

کارل نے عالیان کو دبوچ لیا۔ "لو سونگھو مجھے۔۔۔ آؤ میرے پاس۔"

عالیان کا بدبو سے دم گھٹنے لگا۔ کارل ایک ایک کے قریب جا کر انہیں دبوچ رہا تھا "آؤ گلے ملو مجھ سے۔۔۔ آؤ۔" ساتھ وہ ہنستا جا رہا تھا عالیان تو ہنس ہنس کر دیوانہ ہو رہا تھا۔

کارل نے رک کر چندھی آنکھوں سے عالیان کو دیکھا اسے یہ منظر اچھا لگا۔

"اسے تنگ کرنے میں بہت مزا آتا ہے اس کی شکل دیکھنے والی ہوتی ہے۔" کارل عالیان کی گردن دبوچتے ہوئے کہا۔

شینل فائیو کی خوشبو بھی سونگھنے والی ہے۔۔۔ اف اتنی بدبو۔۔۔ آخ۔"

"میں تمہاری ناک پھوڑ دوں گا۔"

"جتنی بدبو ہے یہ کام ہمیں خود ہی کرنا پڑے گا۔۔۔ ہاں ایک ہفتے کے لیے خالی کر دو سب۔۔۔"

"کارل کو ہی نکال باہر کرتے ہیں نا سب۔" شاہ ویز چلایا۔

اور پھر سب نے مل کر اسے اٹھایا اور ہال سے باہر پھینک آئے۔

ساری رات S.T.Anselm ہال میں یہی سب چلتا رہا۔ ہنس ہنس کر ان کے سر درد کرنے لگے تھے وہ اسے بار بار اٹھا کر باہر پھینک رہے تھے۔

کارل کو عطر معطر کرنے کے بعد مانچسٹر کی سڑکوں پر سے گزرتے ویرا ہنس ہنس کر پاگل ہوئی جا رہی تھی۔

"تمہیں یہ سب کس نے سکھایا ہے۔۔۔ تم نے میری ہتھکڑی بھی کھول دی۔"

"پاپا نے۔ فوجی رہے ہیں وہ۔۔۔ تم ڈگری لے لو تو روس آنا۔۔۔"

"اچھا! کیا بالکل تمہارے جیسی ہو جاؤں گی؟"

"یا میرے جیسی ہو جاؤ گی یا پہلے سے بھی جاؤ گی۔"

ویرا سائیکل سے اتر گئی۔

"چلو تم سائیکل چلاؤ۔"

"مجھے نہیں آتی۔۔۔"

"چلاؤ گی تو آجائے گی۔"

"مجھے سیکھ کر کیا کرنا ہے۔۔۔؟"

"سیکھنے سے پہلے کیا کیوں نہیں کرتے۔" ویرا نے اسے زبردستی سائیکل پر بٹھا دیا اور ہینڈل کو پکڑے رکھا لیکن اس نے بیٹھتے ہی سائیکل گرا دی۔۔۔ ویرا نے اسے اٹھایا، بٹھایا، اس نے چند پیڈل مارنے کے بعد پھر خود کو اور سائیکل کو گرا دیا۔ ویرا نے اسے پھر چلانے کے لیے کہا۔

اگر سکھانے والا نہیں تھک رہا تھا تو سیکھنے والے کو بھی کچھ شرم کرنی چاہیے تھی۔ سائیکل گر گر کر چلتی رہی۔۔۔ امرحہ "قریباً" "قریباً" سنسان ہوئی سڑکوں پر سائیکل گرا اور چلا رہی تھی۔۔۔ اسے اچھا لگ رہا تھا۔۔۔ گر گر کر اٹھنا اٹھ کر گر جانا۔۔۔ ابتدا ایسے ہی ہوتی ہے، گرنے سے ڈرنا نہیں چاہیے۔۔۔ جلد ہو جانے سے حرکت نہ کرنے سے خوف کھانا چاہیے۔۔۔ جب ساری کائنات کتاب بنی کھلی پڑی ہو تو انسان کو شاگرد ضرور بن جانا چاہیے۔۔۔ دیر نہیں کرنی چاہیے۔۔۔ دیر ہو جائے تو مزید دیر نہیں کرنی چاہیے۔

آسمانوں کے سب ہی دروازے کھلے پڑے ہیں۔۔۔ آئیں ان دروازوں کے اس پار کود جائیں۔۔۔ اس سے اگلے پار۔۔۔ کیونکہ یہ سب انسان کو ہی کرنا ہے۔۔۔ اور یہ سب انسان ہی کر سکتا ہے۔

زمین بچھی ہوئی ہے اور فلک تنا ہوا ہے اور کائنات لامحدود پھیلتی جا رہی ہے اور ہر لمحے یہ پکار کرتی ہے "آؤ اور مجھے پالو۔۔۔ میرے فاتح بن جاؤ۔"

☼ ☼ ☼

"وقت تمہیں زندہ رکھے عالیان۔۔۔

بہاریں تم پر فدا ہو جائیں۔۔۔ وہ تم سے جدا ہونے پر نالاں رہیں۔

قسمت کا قلم اگر تمہارے لیے کوئی دکھ لکھنے کا ارادہ رکھتا ہے تو میں سر کو سجدے میں جھکاتی ہوں اور دعا کرتی ہوں کہ ایسا کرنے سے پہلے قسمت کی یادداشت کھو جائے اور وہ تمہارے نام دکھ لکھنا بھول جائے۔

جو دروازہ کھلتا ہے وہ بند بھی ہوتا ہے تم پر بھی بند





WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

دروازوں پر دستک دینے کی نوبت نہ آئے۔۔۔ رحمتوں کے دروازے تم پر کھلیں اور انہیں کبھی بند ہونے کا حکم نہ ملے۔۔۔ اور تمہاری جان میں آب حیات حلول کر جائے۔"

پورے چاند کے آسمان اور چن من ستاروں سے سجی رات میں وہ کھڑکی کے پاس کھڑی اپنے ہاتھ سے بنائے کارڈ پر لکھ دی گئی ان دعاؤں کو زیر لب دہرا رہی تھی' بار بار۔۔۔ وہ ان میں مزید دعاؤں کا اضافہ کر رہی تھی۔

"بے سکونی کے سائے اندھے اور بہرے ہو جائیں تم تک آنے کے لیے انہیں کوئی راہ دکھائی اور سجھائی نہ دے۔"

وہ کھڑکی میں کافی دیر سے کھڑی تھی ہر آہٹ پر اسے لگتا تھا بس وہ آگیا ہے جبکہ بارہ بجنے میں کافی وقت تھا۔

اور وہ وقت سے دس منٹ پہلے آگیا تھا۔۔۔ بیگ کو پشت پر لٹکائے اس میں چھوٹا سا کیک چھپائے۔ بادام کا منا سا کیک کاٹ لیا گیا تو وہ واپس جانے لگا۔ امرحہ اپنی کھڑکی میں ہی کھڑی تھی نجانے کیوں اسے امید تھی کہ وہ ایک بار تو ضرور اس کے کمرے کی کھڑکی کی طرف دیکھے گا۔۔۔ لیکن جیسے خاموشی سے وہ آیا تھا ویسے ہی خاموشی سے جا رہا تھا۔ وہ جا رہا تھا۔

اس کی چال میں شکست خوردگی اتنی نمایاں ہو گئی کہ امرحہ کا دل پھوٹ پھوٹ کر رونے کو چاہا' جو جگنو اس کے گرد گول گول گھومتے نظر آئے تھے' وہ اس کے قدموں تلے مردہ ہونے لگے۔ وہ ٹمٹما کر بجھ رہے تھے۔

امرحہ کا جی چاہا کہ بھاگ کر جائے اور ان مردہ جگنوؤں کو پھونکیں مار مار کر اس کے گرد گول گول گھومنے پر مجبور کر دے ورنہ التجا ہی کر لے۔۔۔ ورنہ آواز دے کر اسے روک لے اور کہے کہ بادام کیک مجھے چاہیے۔۔۔ ضرور ہی چاہیے۔۔۔ مجھے دے دو عالیان۔۔۔ پلیز۔۔۔ لیکن اس نے آواز نہیں دی اور اسے کیک بھی نہیں ملا۔

ابھی وہ نظروں سے اوجھل نہیں ہوا تھا کہ اس نے مڑ کر اس کھڑکی کی طرف دیکھا جس سے وہ ایک بار کودا تھا۔

امرحہ نے دیکھا کہ اس نے گردن کو موڑ کر دیکھا۔ ہاں اس نے دیکھا۔۔۔ اور پھر فوراً" ہی گردن گھما لی جیسے کسی نے اس کے پیروں تلے کی زمین کھینچ لی ہو۔۔۔

اپنے پیچھے اندھیرے کو چھوڑتے وہ چلا گیا۔ امرحہ کھڑکی میں ہی کھڑی رہ گئی۔

"یہ مجھے کبھی معاف نہیں کرے گا۔" امرحہ نے خود سے چھپ کر سرگوشی کی۔

"میں اس سے کبھی معافی حاصل نہیں کر سکوں گی۔" اپنے گالوں کو اس نے کھڑکی کی چوکھٹ کے ساتھ ٹکا دیا۔

"اب مجھے اس سے خوف آتا ہے اور یہ ایک خوفناک جذبہ ہے۔"

قسمت کے اندھیرے جنگل میں سرسراہٹ ہوئی' دعائیں ان میں سے ہو ہو کر گزریں۔۔۔ امرحہ نے اللہ کو اسی شدت سے یاد کیا جس شدت سے اس کے گم ہو جانے کے بعد کیا تھا۔۔۔ اس نے دعا کی تھی کہ وہ گم ہو چکے عالیان کو واپس لے آئے۔۔۔ اور اب بھی اس نے یہی دعا کی۔۔۔ "گم ہو چکا عالیان واپس آجائے۔۔۔ اے خدا۔"

☼ ☼ ☼

یہ اگلی رات کا قصہ ہے۔

وہ اپنی جاب سے واپس آرہی تھی بس اسٹاپ کی طرف پیدل۔۔۔ آج پھر سے اس نے ایک گاہک کا دس ہزار پونڈ سے زیادہ کا بل بنا دیا تھا جبکہ اس کے جوتے کی قیمت صرف سوا پاؤنڈ تھی۔

صبح اس نے اٹھ کر سفید کارڈ پر نیلے' پیلے' سرخ سرخ ستارے چپکا دیے تھے' پھر شٹل کاک کے لان میں سے ایک پیلا پھول توڑ کر احتیاط سے بیگ میں رکھ لیا تھا۔ زیادہ پھول وہ لے کر نہیں جا سکتی تھی۔

جلدی جلدی کرتے بھی جب وہ صبح اس کے ڈیپارٹمنٹ تک گئی تو وہ کلاس میں جا چکا تھا۔ حالات



پہلے جیسے نہیں تھے کہ وہ اس کی کلاس میں جا کر کہتی کہ میری بات سن لو' اسے اپنی کلاسز بھی لینی تھیں۔ عالیان کوئی لیکچر مس نہیں کرتا تھا اس کی آخری کلاس کے وقت سے ذرا پہلے وہ اس کے ڈیپارٹمنٹ آگئی۔

وہ' ویرا اور چند دوسرے دوست ایک ساتھ باہر نکلے' عالیان کے ہاتھ میں چند کارڈز تھے اور اس کے کراس بیگ میں سے پھول جھانک رہے تھے۔ امرحہ نے عالیان کے اکیلا ہونے کا انتظار کیا۔ اسے کارل کا بھی ڈر تھا کہ وہ کہیں قرب و جوار میں ہی نہ ہو۔ عالیان کو اپنی سائیکل کی طرف جانا تھا' اس کی سالگرہ کا دن تھا لیکن وہ مسکرا نہیں رہا تھا اس سے زیادہ تو وہ امرحہ کی سالگرہ کے دن مسکرا رہا تھا۔

ویرا عالیان کے ساتھ ہی تھی' ویرا کو بھی اپنی سائیکل لینی تھی' لیکن ویرا نے اپنی سائیکل نہیں لی۔۔۔ وہ عالیان کی سائیکل کے پیچھے بیٹھی۔

امرحہ ذرا دور خود کو چھپا کر کھڑی تھی۔۔۔ کھڑی کی کھڑی ہی رہ گئی تھی۔

ویرا نے آج اتنی خوب صورت گلابی پھول والی فراک کیوں پہن رکھی تھی۔ گلابی جوتے اور لمبے بالوں کو اس نے آج کس محنت سے سنوارا تھا۔ امرحہ آج اس کے ساتھ سائیکل پر نہیں آئی تھی جیسا کہ اب اکثر وہ یونی بس میں آجایا کرتی تھی۔ وہ صبح ویرا کو دیکھ ہی نہیں سکی تھی۔ ویرا جو یونی میں اپنی خوب صورتی کے لیے بھی مشہور تھی آج اس خوب صورتی کو چیلنج کرتی کیوں نظر آرہی تھی؟

عالیان نے سائیکل چلائی اور ویرا نے بیٹھے بیٹھے شرارت سے اس کی سائیکل کو گرانے کے لیے ہلایا اور سائیکل ڈگمگا گئی۔

کتنا برا منظر تھا یہ۔۔۔ مانچسٹر میں دیکھا جانے والا سب سے برا منظر۔۔۔ مانچسٹر میں وقوع پذیر ہونے والا بدترین منظر۔

یونیورسٹی کے در و دیوار سے آکاس بیلیں لپٹ گئیں۔ آکسفورڈ روڈ پر دلدلی جھاڑیاں جا بجا پھوٹنے لگیں اور آکسفورڈ روڈ دلدل میں بدل گیا۔

چرچ کے گھنٹے کی ٹن ٹن ٹن نے مانچسٹر کے آسمان کو سر پر اٹھا لیا۔ پیلا پھول بیگ میں رکھے رکھے اپنی موت آپ مر گیا۔ سفید کارڈ پر چپکے ستارے جھڑنے لگے۔ "ثابت ہوا وقت انسان کا فرماں بردار نہیں ہے۔"

اس کے بازو پر سخت گرفت پڑی۔ امرحہ چونکی وہ بس اسٹاپ سے آگے نکل آئی تھی۔ وہ اتنی سست روی اور معلق سی حالت میں چلتی رہی تھی کہ رات کافی ہو چکی تھی۔

اس کے بازو پر پڑنے والی گرفت نے اسے پتلی سڑک کے اندر گھسیٹا وہ چیخ مارتی اس سے پہلے ہی ماسک سے منہ کو چھپائے اس انسان نے غرا کر کہا۔

"تمہاری آواز نکلی تو میں تمہاری کھال ادھیڑ دوں گا۔" کلچ کی آواز کے ساتھ ایک تیز دھار چاقو نکلا اور اس کی پسلی کے ساتھ مس ہوا۔

سارے جہان کا خوف امرحہ کی آنکھوں میں سمٹ آیا' بند سڑک کے نیم اندھیرے ماحول میں اس نے کالے ماسک میں پوشیدہ آنکھوں کو دیکھا جن کی پتلیاں بمشکل دکھائی دے رہی تھیں۔

"کیا چاہتے ہو۔۔۔ میرے پاس بیس پونڈ سے زیادہ نہیں ہیں۔" امرحہ کی آواز کانپ رہی تھی ایک خدشہ اسے یہ بھی تھا کہ یہ کارل ہو گا' اسے ڈرا رہا ہو گا۔

ماسک مین نے پوری قوت سے اپنا دایاں پیر اٹھا کر امرحہ کے پیر پر دے مارا' تکلیف سے امرحہ بلبلا اٹھی اگر اس نے جوگرز نہ پہن رکھے ہوتے تو اس کے پیر کی کھال ادھڑ جاتی۔ پیٹ کے بل امرحہ سڑک پر بیٹھتی چلی گئی اور جیسے ہی وہ جھکی اس نے پورا زور لگا کر امرحہ کو ٹانگ ماری۔۔۔ اس بار امرحہ سڑک پر گر گئی۔

"کون ہو تم کیا چاہتے ہو۔" خوف سے امرحہ چلائی۔

وہ نیچے اس کے قریب جھکا اور ہاتھ میں پکڑے چاقو کو اس کے بازو پر رکھا اس کی نوک کو اندر کرنے لگا۔

چاقو امرحہ کی کھال سے چھوا۔۔۔ اندر گھسا۔۔۔ خوف سے امرحہ کی آنکھیں سرخ ہو گئیں وہ اس کی آنکھوں میں دیکھ رہا تھا جیسے اسے بہت مزا آرہا تھا یہ کرتے



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

"بتایا تو ہے تمہاری کھال۔۔" چاقو کو اس نے گھمایا۔ امرحہ نے سارا خوف بالائے طاق رکھ کر چیخ مار دی اور پیچھے کی طرف بھاگی۔

"ہیلپ!"

وہ بڑے آرام سے اٹھا اور اس کی طرف آیا۔ امرحہ کی قسمت خراب کہ وہ تنگ گلی نما سڑک بند تھی اور امرحہ اس کے آگے سے ہو کر نہیں جا سکتی تھی۔

"ہیلپ۔۔۔ ہیلپ!" ساتھ اس نے بیگ میں سے فون نکالنا چاہا لیکن اس کے ہاتھوں میں اس بری طرح کپکپاہٹ تھی کہ وہ بیگ کی زپ بھی نہیں کھول سکی' وہ بند گلی کے آخری کنارے کی دیوار کے ساتھ چپک کر کھڑی تھی اور وہ بڑے مزے سے اس کی طرف قدم بڑھا رہا تھا۔

"اگر اب تمہاری آواز نکلی تو میں تمہارا گلا کاٹ دوں گا۔"

"خدایا۔۔ اے اللہ۔۔" امرحہ نے بلند آواز سے کہا وہ بس بے ہوش جانے کو تھی۔

"اللہ۔" وہ استہزائیہ ہنسا۔

دیوار کا سہارا لینا امرحہ کے لیے محال ہو رہا تھا وہ بس گر جانے کو تھی۔

"کیا ہو رہا ہے یہاں؟" ایک تیز ٹارچ کی روشنی گلی میں چمکی۔ ماسک مین تیزی سے بھاگ گیا ٹارچ والا گلی کے اس حصے کی طرف آیا جس طرف امرحہ تھی۔

خوف اور تکلیف سے امرحہ کو ٹھیک سے دیکھنے اور سمجھنے میں وقت لگا۔

"اوہ خدایا۔۔ کیا ہوتا رہا ہے یہاں؟" وہ امرحہ کو دیکھ کر بری طرح چونکا امرحہ نیچے بیٹھ گئی اس کے لیے کھڑا رہنا مشکل ہو رہا تھا۔

"تم ٹھیک ہو؟" وہ گھٹنوں کے بل اس کے قریب بیٹھ گیا۔ امرحہ نے خوف سے ہی اسے بھی دیکھا اور اٹھنے کی کوشش کی۔

"ٹھہرو۔ میں تمہارے لیے پانی لاتا ہوں۔"

آدمی جلدی سے گیا اور پانی کی بوتل لے آیا۔

"لو یہ پیو اور اپنی سانسیں درست کرو۔ پرسکون ہو جاؤ' میں ابھی پولیس کو بلاتا ہوں۔"

امرحہ ہاتھ سے پسینہ صاف کرنے لگی۔ اس کی سانسیں قابو میں ہی نہیں آ رہی تھیں۔

"اس طرف ساتھ ہی میرا اسٹور ہے' میں کوڑا دان میں کوڑا ڈالنے آیا تو مجھے ہیلپ کی آواز آئی۔ تم میرے اسٹور میں چل کر بیٹھ سکتی ہو' آؤ میرے ساتھ میں پولیس کو فون بھی کرتا ہوں۔"

"نہیں پولیس رہنے دیں۔ کیا آپ مجھے ٹیکسی میں بٹھا سکتے ہیں؟"

"رکو لڑکی! تم ایسے نہیں جا سکتیں تم غیر ملکی ہو تمہارے ساتھ مانچسٹر میں یہ سلوک برداشت نہیں کیا جائے گا' جو ہم خود اپنے ساتھ برداشت نہیں کر سکتے۔ آؤ میرے ساتھ۔" وہ ادھیڑ عمر بوڑھا آدمی آگے چلنے لگا۔

امرحہ کو ناچار اس کے ساتھ جانا پڑا۔ تھوڑے ہی فاصلے پر اس کا اسٹور تھا۔ کہنی سے اوپر اس کے دائیں بازو میں کافی تکلیف تھی وہ جگہ خون سے گیلی ہو رہی تھی "تمہیں کوئی چوٹ تو نہیں آئی؟"

"نہیں۔ میں ٹھیک ہوں اسے میرا بیگ چاہیے تھا بس۔"

تھوڑی دیر میں پولیس آ گئی امرحہ نے سارا واقعہ بتا دیا۔

"آپ پہچانتی ہیں اسے؟" پولیس مین پوچھ رہا تھا۔

"وہ ماسک میں تھا۔"

"آواز؟"

"نہیں جانتی اسے۔۔ آواز بھی نہیں۔"

"آپ یونیورسٹی اسٹوڈنٹ ہیں اکثر اسٹوڈنٹ ایسے مذاق کرتے ہیں۔" "نہیں۔ وہ یونیورسٹی اسٹوڈنٹ تو نہیں لگتا تھا اسے میرا بیگ چاہیے تھا۔"

"کیا اس نے مانگا تھا یا چھینا تھا؟"

"مانگا تھا۔ میں نے نہیں دیا تو مجھے گرا دیا اس نے۔"

"اس کے ہاتھ میں چاقو دیکھ کر بھی آپ نے اسے دینے سے انکار کر دیا جس میں صرف بیس پونڈز تھے' آپ کو ڈر نہیں لگا؟"



"بوکھلاہٹ میں' میں نے انکار کر دیا۔۔ سب ایک دم سے ہوا۔"

پولیس کی گاڑی ہی اسے گھر چھوڑ گئی۔ گھر آ کر اس نے بازو کا حال دیکھا۔ گہرے رنگوں کی وجہ سے خون نظر نہیں آیا تھا۔ فرسٹ ایڈ باکس کچن سے لا کر اس نے بہت مشکل سے بائیں ہاتھ سے دائیں ہاتھ کی پٹی کی۔ فرسٹ ایڈ باکس میں کوئی اینٹی بایوٹک نہیں تھی اور اسے بازو پر کافی تکلیف ہو رہی تھی گرم دودھ میں ہلدی ڈال کر اس نے پی لی اور کمرے میں گم صم بیٹھ گئی۔

خاموش۔۔ بالکل چپ۔۔

"میں ایک بہادر لڑکی ہوں۔" بہت دیر خاموش رہنے کے بعد اس نے خود سے کہا۔

"میرے بازو میں تکلیف ہے' لیکن میں اسے برداشت کر سکتی ہوں۔ مجھے رونا آ رہا ہے' لیکن میں روؤں گی نہیں۔۔ میں خوف زدہ ہوں' لیکن میں اپنے خوف پر قابو پا لوں گی۔ یہ عمل کا رد عمل ہے۔ میں اسے اپنی حکمت عملی سے بدل دوں گی۔۔ میں اسے ٹھیک کر لوں گی۔۔ مجھے ڈرنا نہیں چاہیے۔۔ مجھے ڈرنا نہیں چاہیے۔۔ میں اکیلی ہوں' لیکن اکیلا ہونے کا مطلب یہ نہیں کہ بزدل یا کمزور بن جایا جائے۔"

☼ ☼ ☼

ویرا صبح کے قریب گھر واپس آئی تھی۔ عالیان کے کلاس فیلوز اور ہال میٹس نے اس کے لیے برتھ ڈے پارٹی کا انتظام کیا تھا ویرا وہیں تھی رات بھر۔۔

روسی دھن کی سیٹی بجاتی جب ویرا اپنے کمرے میں چلی گئی تو امرحہ نے اٹھ کر اپنے بیگ میں سے کارڈ نکال کر الماری میں رکھے باکس میں رکھا' پھول تو اس نے مسل کر آکسفورڈ روڈ پر ہی پھینک دیا تھا اگر وہ پھول عالیان کو دے بھی دیتی تو کیا وہ لے لیتا' لے لیتا تو چلتے چلتے کہیں بھی پھینک دیتا' وہ تو رات بھر مزے سے پارٹی کرتا رہا تھا۔ امرحہ بھی مانچسٹر میں موجود ہے۔ وہ یہ بھول چکا تھا۔

کبھی تو وہ اس کی دوست رہی تھی اس کبھی کے لیے ہی وہ اسے پارٹی میں بلا لیتا۔ امرحہ شو اسٹور پر سارا وقت اس پارٹی کے بارے میں سوچتی رہی تھی۔

گھسی ہوئی تین جینز کی پینٹوں میں سے کوئی ایک اس نے پہنی ہو گی شاید ہلکے مٹے مٹے نیلے رنگ کی اور یونیفارم کی طرح جانی جانے والی' کئی کئی بار استعمال کی جانے والی چند گنی چنی مخصوص ٹی شرٹس میں سے کوئی ایک شاید کالی جس کی پشت پر موٹے تناور درخت کی صرف جڑیں سرمئی رنگ میں پھیلی پڑی تھیں اور جو عالیان کو بہت پسند تھی یا شاید نیلی پر سفید وہی سفید جس کی فرنٹ پر سرچ می (ڈھونڈ لو مجھے) لکھا تھا۔

"آخر تمہارا کیا مطلب ہے کہ کیا ڈھونڈ لیا جائے تم میں سے؟"

"جنہیں کچھ ڈھونڈنا ہو گا وہ کیا کیوں تو نہیں پوچھیں گے نا۔۔ وہ تو بس کر گزریں گے۔"

"کیا کر گزریں گے؟"

وہ خاموشی سے اسے دیکھتا رہا۔ "تم نہیں سمجھو گی۔"

اور وہ نہیں سمجھی تھی۔ ٹھیک کہا تھا اس نے۔۔

اس کے پاس گھسے ہوئے اور پرانے کپڑے ہی تھے "یہ میں نے چار سال پہلے لی تھی۔ یہ تین سال پہلے۔ یہ جوتے جرمنی' فرانس' یونان تک جا چکے ہیں' ابھی بھی دیکھ لو کتنے اجلے اجلے ہیں اور مضبوط بھی' ان کے ساتھ مزید تین چار ٹورز کیے جا سکتے ہیں۔"

"تم کافی کنجوس ہو۔۔ پرانی شرٹس کو تم خود تراش خراش لیتے ہو یا جو جو کو دے دیتے ہو اور وہ فرانس کے قدیم و جدید تجریدی آرٹ تمہاری شرٹس پر بنا دیتی ہے مجھے تو اس کی بنائی علامتوں سے بغاوت کی بو آئی ہے۔"

"ہاہاہا۔ باغی ہی ہے۔ اس کے تجریدی آرٹ سے بنی شرٹس کو جب میں پہنتا ہوں تو اسے بہت آرڈرز ملتے ہیں اسی لیے تو وہ اتنی امیر ہے۔ میں تو اس کا چلتا پھرتا ماڈل ہوں اور میں کنجوس بالکل نہیں ہوں امرحہ! صرف فضول خرچ نہیں ہوں۔ میرے اس



www.paksociety.com
www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

کراس بیگ کو دیکھو' بتاؤ یہ کتنا پرانا ہے؟"
کم سے کم دس سال پرانا۔" امرحہ نے چڑ کر کہا۔
"ہاہا۔۔ نہیں یہ یونی کے پہلے دن سے میرے ساتھ ہے چند ایک بار پھٹ چکا ہے' لیکن میں اسے سلائی کروا دیتا ہوں دھولیتا ہوں۔ میں ایک یونیورسٹی اسٹوڈنٹ ہوں فیشن ماڈل نہیں جو نت نئے کپڑوں کو پہن کر ہی یونیورسٹی آسکتا ہے بس۔۔۔ یہ بیگ' یہ جوتے اور کپڑے صرف استعمال کی چیزیں ہیں انہیں چیزیں ہی رہنے دینا چاہیے۔ جنون نہیں بنا لینا چاہیے۔ انسانی ترقی کا راز ان میں ہے تا ہی یہ اس ترقی کے رضا کار ہیں ان کے لیے پاگل ہونا پاگل پن ہے۔"
"ایک سال میں تم کتنی خریداری کرتے ہو؟"
"بہت کم ضرورت پڑتی ہے' ماما' مور گن' شارلٹ کرسمس پر گفٹ دے دیتی ہیں۔ کچھ دوست' جو موٹے ہو جاتے ہیں یا جن کی وارڈروب میں مزید گنجائش نہیں رہتی کپڑے جوتے رکھنے کی وہ کم قیمت پر نیلامی کر دیتے ہیں میں اور کارل وہ لے لیتے ہیں وہ بھی اگر بہت زیادہ ضرورت ہو تو۔"
"تو تم اپنے پیسوں کا کرتے کیا ہو؟" امرحہ کو حیرت تھی ماما مہر کے بیٹے کی یہ حالت تھی اور وہ جاب بھی تو کرتا تھا۔
"ویل یہ ایک راز ہے۔ ویسے تمہارے پاپا کیا بہت امیر ہیں' تم کتنے نت نئے انداز کے کپڑے بدلتی ہو' یونی کے پہلے دن جو تم نے لباس پہنا تھا' وہ میں نے دوبارہ نہیں دیکھا۔"
"وہ گرمیوں کے لیے تھا۔ گرمی آئے گی تو استعمال کروں گی۔"
امرحہ جھوٹ بول رہی تھی' اپنا وہ سوٹ وہ این اون کو دے چکی تھی۔ کیوں کہ امرحہ کو اچانک سے وہ برا لگنے لگا تھا۔ اپنی طرف سے اتنی کفایت کرنے کے بعد بھی وہ ہر مہینے اپنے اسٹور سے کم قیمت کے دو جوڑے جوتے ضرور لے لیتی تھی۔ کافی ساری جینز لے چکی تھی' ٹاپ بھی' گرم کوٹ' جیکٹس' بیگز اور دستانے تو اس کے پاس اتفاق سے اتنے ہو چکے تھے کہ انہیں کاٹ کر سی کر ایک سوئیٹر بن سکتا تھا دراصل اسے دستانوں کی لباس کے ساتھ میچنگ کا خبط ہو گیا تھا اور پاکستان سے جو وہ گرم کپڑے لائی تھی ان کے ساتھ دستانوں کی میچنگ کرتے کرتے وہ اتنے ہو گئے کہ بس بہت ہی ہو گئے۔
امرحہ عالیان کی شرٹس کو انگلیوں پر گن سکتی تھی اور وہ گن رہی تھی۔
تو اس نے وہ پہلے براؤن رنگ کی جو جو کے تجریدی آرٹ سے سجی شرٹ پہنی ہوگی۔ بلیک جینز پر پھر اس نے پھونک ماری ہوگی اور کیک کاٹا ہوگا اور کارل کے منہ میں ڈالا ہوگا شاید کیک کارل نے ہی کاٹ لیا ہو اور موم بتیوں کی جگہ کوئی راکٹ فٹ کر دیا ہو کیک پر اور کیک کو عالیان کے منہ میں ڈالنے کے بجائے منہ پر تھوپ دیا ہو۔ ساتھ ساتھ ان غباروں کو پھوڑا گیا ہوگا جن میں کارل نے پٹاخے بھرے ہوں گے جو زمین پر گرتے ہی خود بخود پھوٹنے لگتے ہیں' کان پھاڑ دینے والی آوازوں کے ساتھ' پٹاخوں کے گرتے ہی سب چیخیں مارتے خاص کر لڑکیاں ادھر ادھر اچھلی بھاگی پھرتی ہوں گی۔
اور پھر تیز میوزک لگایا گیا ہوگا اور سب ساتھ ایک آواز میں گاتے ہوں گے۔

its my friend's birthday
So dance buddy Dance
— Dance — Dance....

عالیان کے گرد انہوں نے گول دائرہ بنا لیا ہوگا' ایک دوسرے کی کمر میں ہاتھ ڈالے وہ شانے دائیں بائیں ڈگمگاتے گھومتے جاتے ہوں گے۔

it's my friend's Birthday
So I am dancing....

امرحہ گم صم حالت سے چونکی۔

" it's my Friend's Birthday
So i am praying "

امرحہ نے آنکھیں بند کر کے اس کے لیے دعا کی۔
اگلی صبح وہ یونی نہیں جا سکی۔ دیر سے سو کر اٹھی۔



اسے بخار ہو رہا تھا۔ پہلے ڈاکٹر کے پاس گئی۔ ڈاکٹر کو بتایا کہ حادثاتی طور پر وہ اپنا بازو ایک لوہے کی سلاخ سے زخمی کر بیٹھی اس کے زخم میں سوجن تھی بہت اور اس کے لیے بازو کو حرکت دینا مشکل تھا۔ اسے ہر حال میں یونی جانا تھا' لیکن اس کا بخار بڑھ رہا تھا اس سے چلا بھی نہیں جا رہا تھا۔ وہ آدھے راستے سے ہی گھر واپس آگئی' تیز دھار چاقو اس کی کھال میں گھسا تھا زخم تازہ تھا تو اتنی تکلیف نہیں تھی' لیکن اب تو اس سے برداشت ہی نہیں ہو رہا تھا۔ وہ گھر آکر سو گئی۔
اسے اتنا تیز بخار ہو گیا کہ وہ مدہوشی میں بڑبڑانے لگی۔ سادھنا رات اس کے کمرے میں ہی سوئی اور جب اگلی صبح وہ اسے سوپ پلا رہی تھی تو وہ تذبذب سے امرحہ کو دیکھنے لگی۔
"اگر یہ سوپ تم نے پینا ہے تو پی لو پلیز مجھے ایسے نہ دیکھو۔" امرحہ نے مذاق کیا۔
"تمہارے اور عالیان کے درمیان کچھ ہوا ہے؟"
"کچھ کیا۔۔۔ کچھ بھی نہیں۔۔۔" دائیں بازو کی تکلیف پورے جسم میں دوڑ گئی۔
"ویرا عالیان کی برتھ ڈے پارٹی میں گئی تم کیوں نہیں گئیں؟"
"تمہیں تو معلوم ہے کہ یہ لوگ کیسی کیسی شرارتیں کرتے ہیں پارٹی میں' دادا نے منع کر دیا تھا۔"
"تمہارے اور اس کے درمیان کوئی ناراضی ہے' پہلے تم اس کی کافی باتیں کر لیا کرتی تھیں میرے ساتھ۔۔۔"
"نہیں۔۔۔ وہ مصروف ہوتا ہے بہت۔ اس کے اور دوست بھی تو ہیں' میں اس کے لیے اتنی اہم نہیں ہوں۔"
"کیا تمہیں یہی دکھ ہے کہ تم اس کے لیے اتنی اہم نہیں؟"
"دکھ۔۔۔ نہیں' دکھ کیوں ہوگا مجھے؟"
"تو پھر امرحہ تم رات بھر اس کا نام لے کر روتی کیوں رہی ہو؟"
امرحہ خاموش سادھنا کو دیکھتی رہی۔ لفظوں کو اس کے حلق سے نگلنے میں دقت درپیش تھی۔
"میں روتی رہی ہوں؟"
"اتنی اونچی آواز میں کہ مجھے کمرے سے باہر جا کر دیکھنا پڑا کہ آواز گھر میں کہاں تک جا رہی ہے۔"
"بخار میرے سر کو چڑھ گیا ہوگا۔"
"بخار۔۔۔ تم اس طرح رو رہی تھیں کہ میں بھی رونے لگی۔ میرا دل پھٹنے لگا اور میں نے پراتھنا کی کہ بھگوان تمہیں سکون دے۔"
"نہیں۔۔۔ میں دادا کو یاد کر رہی ہوں گی۔ پتا نہیں ڈاکٹر نے کل کیسی دوا دی تھی۔"
سادھنا نے کھڑکی کے پردے اٹھا دیے' باہر روشن دن نکلا تھا' دھوپ چمک رہی تھی مانچسٹر کی دھوپ لاہور کی دھوپ کی چھوٹی بہن سی۔۔۔ اوپری من سے روٹھ جانے والی سہیلی سی۔۔۔ دوپٹے کا کونا دانتوں میں دبا کر دلہن بنی ننھی سی بچی کی ایویں ایویں شرماہٹ سی اور کسی جان سے پیارے کی "پکی کٹی" سی بھی۔۔۔

☼ ☼ ☼

"اور کتنے دن بیمار رہنا ہے؟"
ویرا اچھل کر اس کے بیڈ پر کودی' امرحہ کا زخمی بازو بال بال بچا جسے وہ کشن پر رکھے نیم دراز سی تھی اس نے ویرا کو کچھ بھی نہیں بتایا تھا' بازو کے زخم کا تو بالکل بھی نہیں۔
"میرا تو دل چاہتا ہے اب بیمار ہی رہوں۔" اس کے اتنے مایوسانہ انداز پر ویرا چونک سی گئی۔
"امرحہ! پارٹی سب دوستوں نے مل کر عالیان کو دی تھی' سرپرائز پارٹی تھی' اگر عالیان کی طرف سے ہوتی تو تم بھی وہاں ہوتیں' وہ تمہیں بھی بلاتا۔"
امرحہ کو تھوڑا سا سکون ملا' ہاں اگر وہ پارٹی کا انتظام کرتا تو اسے بلاتا' لیکن وہ پارٹی شارٹی کرنے والوں میں سے نہیں تھا جو کپڑوں پر پیسے ضائع نہیں کرتا تھا وہ پارٹی پر کیوں کرے گا۔
"تم اپنے گھر پارٹی کرتی تھیں؟" وہ اس کی سالگرہ سے اگلے دن پوچھ رہا تھا۔



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

"پارٹی؟" امرحہ بڑبڑا کر رہ گئی جس طرح سے اس کا یوم پیدائش مشہور ہو چکا تھا وہ تو صرف "یوم سیاہ" یا "یوم دفعان بلا" کے طور پر ہی منایا جا سکتا تھا۔

"نہیں۔ کوئی پارٹی نہیں۔۔۔"

"گھر میں کیک کاٹ لیتی ہوگی' دوستوں کے ساتھ۔۔۔ ہے نا۔۔۔"

"نہیں (آہ بھر کر' اس کی بھی نوبت نہیں آئی تھی)۔ دادا کے ساتھ پہلے بادشاہی مسجد جاتی تھی نفل پڑھنے شکرانے کے۔ دادا کہتے ہیں کہ اپنی پیدائش کے دن زیادہ عبادت کرنی چاہیے خدا کو بتانا چاہیے کہ ہم اس کے شکر گزار ہیں کہ اس نے ہمیں بنایا اور کس محبت سے بنایا۔ ہمارے لیے نبی بھیجے' ہمارے لیے اپنے پیغامات آسمان سے اتارے۔۔۔ ہمیں خدا کو بتانا چاہیے کہ ہم خوش ہیں کہ ہمارے لاوجود کو وجود میں لانے پر وہ راضی ہوا۔"

"گڈ۔۔۔ پھر۔۔۔؟" عالیان متاثر نظر آنے لگا۔

"پھر وہ مجھے میری پسند کا گفٹ لے دیتے اور میری پسند کے پارک لے جاتے اور رات میں میری ہی پسند کے ہوٹل میں کھانا کھلا دیتے۔" امرحہ کو یہ سب بتاتے ڈر بھی تھا کہ وہ یہ نہ پوچھ لے کہ ہر جگہ صرف دادا ہی کیوں؟

"میں متاثر ہوا ہوں امرحہ۔۔۔!"

"اور تم۔۔۔ تم کیا کرتے ہو؟"

"کرتا تو نہیں ہوں' لیکن کرنا چاہتا ہوں۔" اس نے دونوں آنکھیں میچ کر پھر انہیں کھول کر کہا اور مسٹری سے مسکرانے لگا۔

"میں چاہتا ہوں کہ جب میری سالگرہ ہو تو میں سپر مین بن جایا کروں' بے شک صرف ایک گھنٹے کے لیے اور ماما کو اڑا کر اپنے ساتھ لے جایا کروں دور بہت دور بادل کے ایک ٹکڑے پر تیز ہوا موم بتی کو بجھا دے اور میں اور ماما مل کر کیک کاٹیں یا پھر میں انہیں وکٹوریہ فال لے اڑوں۔ گرتے ہوئے پانیوں کی بوچھاڑ کے درمیان کسی اونچی نوکیلی چٹان کے کنارے۔ پانی کے پردے کے بس اتنے قریب کہ ہاتھ بڑھا کر ہاتھ گیلے کر لو۔ ننھی منی پانی کی چھینٹیں میرا کیک گیلا کر رہی ہوں اور کبھی میں پیٹر کے مجسمے کو احترام سے اٹھا کر اس کی کشتی سے نیچے رکھوں اور اس کی کشتی کو سمندر میں لے آؤں اور۔۔۔"

"میں خوف زدہ ہو رہی ہوں عالیان۔"

اگر وہ سپر مین نہیں بھی بنا تو امرحہ کو ڈر تھا کہ وہ کسی نہ کسی طرح سے یہ سب کر ہی لے گا۔ اور اس کے خواب کیسے بڑے بڑے تھے۔۔۔ یو نو بڑے بڑے؟ بادل کے ٹکڑے پر جا کر کیک کاٹنا۔ شکر ہے اس نے آتش فشاں کے اندر جانے کی خواہش کا اظہار نہیں کیا۔

ویرا اپنے کمرے سے گٹار لے آئی تھی اور اسے کوئی روسی نظم سنانے لگی تھی۔ گاتے ہوئے وہ اتنی پیاری لگ رہی تھی کہ کوئی بھی اس پر نثار ہو سکتا تھا' لیکن امرحہ کا کوئی ارادہ نہیں تھا اس پر نثار ہونے کا بھلا اسے کیا ضرورت تھی اتنی پیاری گلابی فراک پہن کر عالیان کی سائیکل پر بیٹھنے کی۔

"مجھے یہ شک سا کیوں ہے کہ تم مجھے کھا جانے والی نظروں سے گھور رہی ہو؟" ویرا نے درمیان میں ہی رک کر پوچھا۔

"تم اتنی پیاری لگ رہی ہو کہ دل چاہ رہا ہے تمہیں کھا جاؤں۔" اب امرحہ اسے یہ تو نہیں کہہ سکتی تھی کہ وہ اسے کھا ہی جانا چاہتی ہے۔

"یہ پیار سے کھا جانے والا انداز تو نہیں ہے۔" ویرا دوسرا روسی گانا گانے لگی۔

این اون' سادھنا بھی اس کے کمرے میں آ گئیں بعد ازاں لیڈی مہر بھی۔

اس کی اتنی سی بیماری پر وہ کیسے کیسے اس کا دل بہلا رہے تھے۔۔۔ وہ کوئی دنیا جہان کی دولت نہیں لٹا رہے تھے اس پر۔۔۔ صرف ذرا سی توجہ دے رہے تھے اور یقین جانیے ہر بیمار کو ہر تکلیف میں مبتلا کو بس ذرا سی توجہ کی ہی ضرورت ہوتی ہے۔

شام کو سائی اس کی خیریت معلوم کرنے آیا' امرحہ نے اسے فون کر کے سب بتا دیا تھا۔ وہ اس کے لیے پھول لایا تھا۔



"تم اس واقعے کے بارے میں کسی سے بات نہ کرنا سائی!"

"ظاہر ہے ایسا ہی کروں گا۔۔۔ لیکن تم اس کے پاس ضرور جانا۔"

"کیا مجھے جانا چاہیے؟"

"ہاں بالکل۔۔۔ تمہیں خوف زدہ ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔"

"میں خوف زدہ نہیں ہوں مجھے جانا تو تھا اس کے پاس' اس لیے میں نے پولیس سے جھوٹ بولا۔"

"بس ٹھیک ہے تم نے ٹھیک کیا۔ مجھے خوشی ہے کہ تم بہتر انداز سے سوچ رہی ہو۔"

"مجھے یہی سب کرنا تھا سائی! ورنہ بات بہت بگڑ جائے گی۔"

صحت یابی کی دعائیں دیتا سائی چلا گیا' لیکن صرف کمرے سے۔۔۔ نشست گاہ میں لیڈی مہر کی اس سے مڈبھیڑ ہو گئی تھی اور وہ انہیں نجانے کون کون سی کہانیاں سنا رہا تھا کہ وہ ہنس ہنس کر بے حال ہو رہی تھیں۔

"تمہاری یونیورسٹی میں کتنے مزے مزے کے لوگ پڑھتے ہیں نا۔" سادھنا اس کے لیے رات کا کھانا لائی تو ہنسی کو قابو میں کر کے کہنے لگی۔

"تمہیں سائی اچھا لگا؟"

"ہاں۔۔۔ بہت۔۔۔ وہ یونیورسٹی کے ابتدائی دنوں کی باتیں کر رہا ہے۔"

"سادھنا کیا تم آسمان کے ساتھ الٹا لٹکنا چاہتی ہو؟ اگر ہاں تو تم عالیان کو فون کرو کہ وہ تمہاری ملاقات کارل سے کروا دے۔ میں شرط لگاتی ہوں پھر تم ایسے کھل کر ہنس نہیں پاؤ گی۔"

"نہیں۔ مجھے کارل نہیں چاہیے وہ تمہیں ہی مبارک ہو۔۔۔ شکر کرو' تمہاری باتیں سن سن کر اس سے خوف زدہ ہو کر میں نے اب تک مانچسٹر نہیں چھوڑ رہا۔"

"دادا بھی شکر کریں کہ اس کی حرکتوں سے سہم کر میں نے دنیا ہی نہیں چھوڑ دی کاش آج کل میں ہی وہ مرنے شرنے والا ہو۔۔۔ آمین۔"

☆ ☆ ☆

اپنی کلاس لینے کے بعد وہ پال کے ڈیپارٹمنٹ آ گئی اور اس کا انتظار کرنے لگی۔

"مجھے تم سے بات کرنی ہے پال۔" وہ اپنی کلاس سے باہر نکلا تو امرحہ تیزی سے اس کی طرف گئی اس کے دوست بھی اس کے ساتھ تھے۔

"میرے پاس ضائع کرنے کے لیے وقت نہیں ہے۔" اسے جیسے کوئی فرق ہی نہیں پڑا تھا۔

"میں سب کے سامنے بات کرنا نہیں چاہتی۔" امرحہ نے بے حد مضبوط انداز میں کہا۔

"مجھے اس سے دلچسپی نہیں ہے کہ تم کیا چاہتی ہو؟"

"تمہیں اس رات والے واقعے میں بھی دلچسپی نہیں ہے؟"

"تمہیں اپنی بکواس سنانے کے لیے میں ہی ملا ہوں؟" وہ بھڑکنے کی ناکام اداکاری کرنے لگا۔

"میرے بازو پر زخم ابھی تازہ ہی ہے۔۔۔ اگر تم اپنے دوستوں کے سامنے بات کرنا چاہتے ہو تو ٹھیک ہے۔۔۔ میرا خیال تھا یہ تمہارے حق میں بہتر نہیں ہوگا۔"

پال اپنے دوستوں سے الگ ہو کر آگے چلنے لگا' امرحہ اس کے پیچھے ہی تھی' دونوں ڈیپارٹمنٹ سے باہر نکل آئے تو امرحہ اس کے سامنے آ کر کھڑی ہو گئی۔

"تم مجھے تھپڑ مار سکتے ہو۔"

"تمہیں پھر سے یاد دلا دوں کہ تم میرا وقت۔۔۔"

"تم اسی وقت مجھے سب کے سامنے تھپڑ مار سکتے ہو' ایک نہیں جتنے جی چاہے مار سکتے ہو میں تمہیں اجازت دیتی ہوں۔" امرحہ نے اتنی سنجیدگی اور متانت سے کہا کہ وہ کچھ بول ہی نہیں سکا۔

"اور اگر تم نے اکیلے میں مارنے ہیں تو بھی' تم مجھے برا بھلا کہہ سکتے ہو' گالیاں دے سکتے ہو' سب کر سکتے ہو' لیکن اس کے لیے تمہیں قانون کو ہاتھ میں لینے کی ضرورت نہیں ہے۔ تمہیں اپنی تعلیم' اپنا کیریر داؤ پر



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY
www.paksociety.com
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

لگانے کی ضرورت نہیں ہے، تم اسپورٹس پرسن ہو یونی کے لیے میڈل جیت کر لائے ہو، ہیرو ہو یونی کے، لیکن اخبارات، میڈیا تمہیں لمحوں میں ہیرو سے زیرو بنا دے گا۔"

"تم جانتی ہو تم کیا کہہ رہی ہو...." وہ ہنسا۔

"ہاں، سنو... میری بات مکمل ہونے دو، اس رات اس آدمی نے میرے منع کرنے کے باوجود پولیس کو بلا لیا تھا۔ میں نے ان سے جھوٹ بول دیا تھا۔ صبح پولیس کا فون آیا ہے انہوں نے مین روڈ پر لگے کیمروں سے تمہاری فوٹیج حاصل کرلی ہے جس میں تم میرا بازو گھسیٹ کر گلی کے اندر لے جا رہے تھے۔ انہوں نے تمہارا قد کاٹھ سب نوٹ کرلیا ہے، میں انہیں بتا سکتی تھی پال کہ یہ تم ہو۔ تم نے ہاتھوں میں جو دستانے پہن رکھے تھے، وہ بھی تمہارے بائیں ہاتھ کی چھ انگلیوں کو چھپانے میں ناکام تھے۔ اگر میں پولیس سے کہوں گی تو وہ ضرور باریک بینی سے اس معاملے کو دیکھیں گے۔ مزید اگر تمہارے چاقو سے بنا زخم میں نے پولیس کو دکھا دیا تو تم جانتے ہو کہ یہ صرف ہراساں کرنے کا کیس ہی نہیں رہے گا۔ تمہیں یونی سے نکال دیا جائے گا، کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی تم نے مجھ پر قاتلانہ حملہ کیا ہے... تمہارا کیریئر ختم۔"

وہ اسے گھور رہا تھا۔ "مجھے نفرت ہے تمہاری شکل سے۔"

"کیا تمہارے پاس اس نفرت کی وجہ ہے.... ایک تھپڑ نا... اور میرا مسلمان ہونا... تم سو تھپڑ مجھے مار لو... لیکن ایسے خود کو کرمنل مت بناؤ... تم ہر طرح سے اپنا غصہ مجھ پر نکال سکتے ہو۔"

"تم غلط جگہ اپنا لیکچر دینے کا شوق پورا کر رہی ہو۔"

"اگلی بار مجھے نقصان پہنچانا چاہو تو اتنا خیال رکھنا کہ تمہیں نقصان نہ پہنچے۔"

"تمہیں میرے نقصان کی اتنی فکر کیوں ہے؟" وہ استہزائیہ ہنسا۔

"کیونکہ اب تم مجھے انسان ہونے کی حیثیت سے نہیں ایک مسلمان ہونے کی حیثیت سے دیکھتے ہو، تو ٹھیک ہے ایک مسلمان تمہارے اس قاتلانہ حملے کو درگزر کرتا ہے.... میں چاہوں تو اسی وقت تمہیں پولیس کو پکڑوا سکتی ہوں، تم پر جرم ثابت ہو جائے گا۔ تم یونی سے باہر ہو گے تو ایک مسلمان، ایک اسلام کو ماننے والا تمہارا کیریئر، تمہاری نیک نامی بچا رہا ہے... تمہارے حملے کو درگزر کر رہا ہے.... تم نے اسلام کو لے کر وہ سب کیوں کہا۔ میں نہیں جانتی لیکن اب تم یہ جان لو کہ تمہارے ساتھ ایسا کرنے کے لیے میرا مذہب کہہ رہا ہے... تم اسلام سے نفرت کرتے ہو شاید، لیکن اسلام کا پیروکار نہ تم سے نفرت کرتا ہے نہ تمہارے مذہب سے، نہ ہی کرے گا... مجھے نفرت کا درس نہیں دیتا میرا مذہب... تم کسی بھی وقت میرے منہ پر آکر تھپڑ مار سکتے ہو۔ اس کے لیے تمہیں خود کو خطرے میں ڈالنے کی ضرورت نہیں، مجھے خوف زدہ دیکھنے کے لیے تمہیں قانون کو اپنے ہاتھ میں لینے کی ضرورت نہیں ہے... میں بھی یہاں پڑھنے آئی ہوں اور تم بھی.... اگر ہم ایک دوسرے کو پسند نہیں کر سکتے تو ہمیں ایک دوسرے کا احترام ضرور کرنا چاہیے... اور اگر یہ بھی نہیں کر سکتے تو غیر جانب دار ہو جانا چاہیے.... خاموش ہو کر الگ ہو جانا بہت سے مسائل حل کر دیتا ہے...."

"میں تمہاری شکل بھی دیکھنا نہیں چاہتا" وہ سختی سے بولا۔

"ٹھیک ہے... تمہیں میری شکل نظر نہیں آئے گی۔" امرحہ کہہ کر آگئی۔

"اسلام گالی کا جواب گالی نہیں ہے... اسلام اینٹ کا جواب برداشت ہے۔"

اینٹ کا جواب، برداشت اور حکمت وہ پال کو دے آئی تھی اور اسے امید تھی کہ سب اچھا ہی ہوگا... کیونکہ حکمت کبھی مضر نہیں ہوتی۔ رات کو لیڈی مہر نے ان سب کو نشست گاہ میں ایک ساتھ بلایا۔

"میں تم سب سے ایک وعدہ لینا چاہتی ہوں انسانیت کے ناتے اور اس سے بھی کہیں بڑھ کر ایک ماں کی محبت کے ناتے سے.... تم سب مجھ سے وعدہ



کرو کہ اگر کوئی میرے بارے میں، اس گھر اور میرے بچوں کے بارے میں تم سے کچھ پوچھے گا تو تم ایک لفظ بھی نہیں بتاؤ گی...."

"کچھ ہوا ہے؟" ویرا نے پوچھا۔

"میں تفصیلات نہیں بتا سکتی، تم چاروں پوری ایمانداری سے مجھ سے وعدہ کرو کہ کوئی کسی بھی طرح کی معلومات تم سے لینا چاہے گا تو مجھے بتاؤ گی تمہارے سامنے کسی کا نام لیا جائے یا کسی کی شکل وصورت کے بارے میں پوچھا جائے تم نے ایک لفظ منہ سے نہیں نکالنا۔ یہ سب میں اپنے بچوں کے فائدے کے لیے کر رہی ہوں۔ میں بہت مشکل سے انہیں زندگی کی طرف لائی ہوں میں ان کے دلوں کے حال جانتی ہوں، ان پر کیا گزر رہی ہے۔ مجھ سے زیادہ کون جانے گا اس لیے ایک ماں تم سب سے درخواست کرتی ہے کہ حد سے زیادہ احتیاط کی جائے اور اگر کوئی کچھ پوچھے تو فوراً "پولیس کو فون کیا جائے۔ سادھنا کے ساتھ چند دن پہلے یہی سب ہوا ہے لیکن سادھنا نے عقل مندی کا مظاہرہ کیا اور آکر مجھے بتا دیا...."

ان سب نے بڑی محبت کے ساتھ لیڈی مہر کو وعدہ دے دیا....

امرحہ کئی دنوں سے دیکھ رہی تھی کہ وہ کچھ پریشان سی رہتی ہیں، اس نے پوچھا تو انہوں نے اتنا ہی کہا کہ یہ بہت ذاتی سا مسئلہ ہے وہ بتا نہیں سکتیں۔

☆ ☆ ☆

عالیان اپنی کلاس لے کر نکلا ہی تھا کہ یونین کا صدر جے پیٹرسن مسٹری ہنسی ہنستا اس کے پاس آیا۔

"کسی کا خون کرنے جا رہے ہو یا کر کے آئے ہو؟" عالیان نے گھنٹوں کی محنت سے بنائے گئے اس کے ہیر اسٹائل کو دونوں ہاتھوں سے خراب کر دیا۔ پیٹرسن اپنے نت نئے ہیئر اسٹائل کے لیے یونی میں بدنام ترین تھا۔ اس وقت ایک کینگرو اس کے سر پر پوز بنائے بیٹھا لگتا تھا۔

"تم اپنے علاوہ کسی کو خوب صورت نہیں دیکھ سکتے نا؟" وہ بھنا گیا۔

"اب ٹھیک ہے ورنہ اس طرح ہنستے تو تم کارل، کارل سے لگ رہے تھے۔"

"خدا مجھے بچائے بلکہ مجھے مار ہی ڈالے اگر میں کارل، کارل لگوں...."

"بس پھر تم ایک دو دن میں مرنے ہی والے ہو...."

"امرحہ کیسی ہے؟" جے پیٹرسن نے ایک دم سے پوچھا بلکہ کچھ ڈرتے ڈرتے پوچھا۔

"کون؟" عالیان نے بھرپور سنجیدگی سے پوچھا۔

"تمہاری دوست...."

"میری کوئی دوست امرحہ نہیں...."

"کم آن Frish (فرینڈ کی جدید شکل) وہی جس کے پیچھے تم ہر وقت رہا کرتے تھے۔"

"تم مجھ سے ایسی غیر ضروری باتیں کرتے آئے ہو؟"

"تم اس سے کسی وجہ سے ناراض ہو گیا؟"

"پھر وہی فضول باتیں...."

"اچھا اچھا سنو! اسٹوڈنٹ یونین کی بلڈنگ میں موجود سیف روم جسے سیکرٹ روم بھی ہم کہہ لیتے ہیں کو جانتے ہو نا۔ جہاں اسٹوڈنٹس اپنا نام ظاہر کیے بغیر کچھ بھی لکھ کر جا سکتے ہیں۔ کوئی شکایت یا کوئی بھی مسئلہ... تو فریش سب سے زیادہ تمہارے خلاف شکایتیں موصول ہوئی ہیں اور درخواستیں بھی۔ اس روم کی دیواروں پر ایک انچ جگہ نہیں بچی، ہر خط میں لکھا ہے عالیان کی ناراضی ختم کروائی جائے، جابجا دیواروں پر یہ پیغامات چپکے ہیں...."

"کس نے کیا ہے یہ؟" اب عالیان بھنا گیا۔

"ویل فریش نام نہیں لکھا، لکھا بھی نہیں جاتا، اتنا سب بھی اس لیے بتایا کہ تم یونین کے فعال رکن ہو، مطلب صدر ہو...." پیٹرسن نے ایک آنکھ بند کی

"اور سنو، وہ راما کہہ رہا تھا کہ اگر اسٹوڈنٹ پارٹی جیسا ایک اور مذاق ہم اس لڑکی کے ساتھ کرلیں تو اس بار اس کی آنکھوں سے وہ ساگر نکلے گا کہ سارا مانچسٹر اس



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

میں ڈوب کر بہہ جائے گا اور پھر جب آئندہ آنے والی نسلیں تحقیق کریں گی کہ آخر مانچسٹر کے ساتھ کیا بنی اور اسے بہا کرلے جانے والا سیلاب آخر آیا کہاں سے تھا وہ بھی ایسا غضب ناک تو بیش بہا کھدائی اور تحقیق کرنے کے بعد انہیں خاتون پاکستان امرحہ کی دو آنکھیں ملیں گی۔۔۔"

"تم کہنا کیا چاہتے ہو۔۔۔؟"

"صرف اتنا کہ مانچسٹر کو اس ساگر میں ڈوب کر بہہ جانے سے بچالو۔۔۔ جو پیغامات دیواروں پر چپکے ہیں ان سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ بس بہت جلد ہم پر یہ آفت آنے ہی والی ہے، تم اسے مذاق سمجھو لیکن میری درخواست بھی۔۔۔ میں مانچسٹر کو ڈوبتے نہیں دیکھ سکتا۔۔۔ ویسے مجھے ناراض لوگوں کو منانے کا یہ انداز اچھا لگا، تم مان جاؤ گے اور پھر سے اس کے دوست بن جاؤ گے تو میں اس طریقے کو یونین اور یونیورسٹی میں رائج کروا دوں گا۔۔۔ اپنا یہ سائی بھی تو ایسے ہی مشہور ہوا ہے میں بھی ہو جاؤں گا۔۔۔" وہ کھی کھی ہنسنے لگا۔

عالیان پر اپنی کوفت پر قابو پانا مشکل سا ہو گیا اور وہ تیزی سے انگلش ڈیپارٹمنٹ کی طرف لپکا۔

"اسٹوڈنٹ یونین کے سیکرٹ روم میں لیٹرز تم لکھ لکھ کر آتی رہی ہو؟" وہ ایک دم سے اس کے سامنے آکر کہنے لگا۔

امرحہ خوف زدہ سی اس کی شکل دیکھنے لگی اور صرف ناں میں گردن ہلا سکی۔

"وہ تمہاری ہی لکھائی میں ہیں سب۔۔۔"

"میں نے نہیں لکھے۔۔۔" وہ اور زیادہ ڈر گئی۔

"تم نے بائیں ہاتھ سے لکھے ہیں۔۔۔"

"بائیں ہاتھ سے تو مجھ سے پین بھی نہیں پکڑا جاتا۔۔۔ یہ سب یونی فیلوز کا کام ہوگا۔"

"یونیورسٹی کے اسٹوڈنٹس اتنے فارغ نہیں ہیں۔۔۔"

"اس میں فارغ ہونے کی کیا بات ہے یہ تو نیکی کا کام ہے۔" اس کی زبان سے پھسلا۔

"تو یہ نیکی کا کام تم نے سب سے کہا کرنے کے لیے؟" وہ استہزائیہ ہنسا۔

"نہیں۔۔۔" امرحہ کو اس کا انداز برا لگا۔

"تو پونڈز دیے ہوں گے سب کو تم نے۔۔۔" طنزیہ کہہ کر وہ جانے لگا۔

یہ بات اس کے انداز سے زیادہ بری لگی۔۔۔ "وہ سب میں نے لکھے ہیں۔۔۔ داد دو مجھے عالیان میں نے سیکرٹ روم کو ہزاروں خطوط سے بھر دیا ہے۔۔۔"

"ایسے بے کار کام کے لیے داد دیتا ہوں تمہیں۔۔۔" اس نے پلٹ کر کہا۔

"تم مجھ سے ناراض ہونا پسند کرتے ہو مجھ سے۔۔۔" وہ گھوم کر اس کے سامنے آکر کھڑی ہوئی۔

"نا تم سے ناراض ہوں، نا ہی ناپسند کرتا ہوں کیونکہ یہ کرنے کے لیے کسی تعلق کا ہونا ضروری ہے اور ہمارے درمیان۔۔۔"

"تم تو کہا کرتے تھے۔۔۔ تم میرے دوست ہو۔۔۔"

"اب میں کہہ رہا ہوں۔ میں تمہارا دوست نہیں ہوں۔"

"تم مجھے معاف کیوں نہیں کر دیتے۔۔۔"

"میں معاف کر چکا ہوں۔۔۔"

"تو تم مجھ سے بات کیوں نہیں کرتے۔۔۔"

"کیونکہ میں سب باتیں ختم کر چکا ہوں۔۔۔" کہہ کر وہ رکا نہیں چلا گیا۔

اب یہ وہی مقام تھا کہ وہ گلستان بھر کے گل اس کے قدموں میں بچھا دے گی تو بھی وہ انہیں پھلانگ کر گزر جائے گا۔۔۔ کیونکہ ایک بار وہ کانٹے بچھا چکی تھی۔۔۔ اب آسمان کے ستاروں کے جھرمٹ بھی اس کی راہوں میں ڈھیر کر دینے پر اس کی اندھیری راہوں میں روشنی نہ کر سکے گی۔۔۔

ماحول انگشت بدنداں تھا اور ہوا نے اپنے پر اپنی آنکھوں پر لپیٹ کر آنکھیں میچ لی تھیں۔۔۔ قسمت سے پوچھ پڑتال نہیں کی جا سکتی کیونکہ کبھی یہ چنگیز خان کی خون آلود تلوار ہوتی ہے اور کبھی حاتم طائی کا کمال سخاوت۔۔۔ "قسمت"۔

☼ ☼ ☼



"اگر ساری دنیا تباہ ہو رہی ہو اور کسی ایک چیز کو آئندہ انسانی زندگی کی ترقی کے لیے قائم رہنے کی اجازت ہو تو میں یہ اجازت سائیکل کے لیے لینا پسند کروں گی۔۔۔ سائیکل۔۔۔ تکبر سے پاک، چلانے والے کی شاہی سواری"

شٹل کاک کے سامنے کی سڑک پر اس نے این اون کے ساتھ مل کر کافی مشق کر لی تھی سائیکل چلانے کی۔ سیدھی خالی سڑک پر وہ بنا ڈرے چلا لیتی، سادھنا اور این اون کو پیچھے بٹھا کر بھی مشق کی۔ کسی کو پیچھے بٹھا کر سائیکل چلانا اپنے لیے سائیکل چلانے والے کے لیے مشکل ہوتا ہے لیکن اس نے تھوڑا بہت اس سلسلے میں ڈر خوف نکال ہی لیا۔ دوبارہ وہ یونی کے راستے تک بھی گئی این اون پیچھے بیٹھی ہوئی۔

"سب ہمیں ہی دیکھ رہے ہیں نا؟" اس کا سانس گم ہو ہو جاتا۔

"کیا واقعی؟" این اون اپنا ہیر بینڈ ٹھیک کرنے لگی۔

"پاگل مجھے دیکھ رہے ہیں۔۔۔" سائیکل ڈگمگائی۔

"کیوں۔۔۔ تم ہو کیا جو تمہیں دیکھا جائے۔۔۔" حسـ۔۔۔

"پاکستانی۔۔۔ پاکستانی لڑکی سائیکل چلا رہی ہے نا۔۔۔" فخر۔۔۔

"پاکستانی لڑکی سائیکل چلائے تو اسے سب دیکھتے ہیں۔۔۔ کیوں ایسا تضاد کیوں۔" شکوہ۔۔۔ "چپ کر جاؤ این اون میں نے تمہیں گرا دینا ہے۔" دھمکی۔۔۔

"تم مجھے گرا دو۔۔۔ لیکن سائیکل تو تھوڑی تیز چلاؤ۔ کم سے کم میں آخری لیکچر تو لے لوں۔"

"ٹھہرو، اس بس کو گزر جانے دو، اس کے ڈرائیور کو بہت جلدی ہے۔" اس نے سائیکل روک دی، کوئی پچاسویں بار روکی کہ یہ کار گزر جائے، یہ شرارتی بدتمیز لڑکا گزر جائے، ذرا ٹریفک کم ہو لے، سڑک خالی ہو لے۔۔۔ وغیرہ وغیرہ، مزید وغیرہ وغیرہ بھی۔

"جو بس ہمارے پیچھے ہے، اسے بھی گزر جانے دو۔۔۔ اور جو اس کے پیچھے ہے اسے بھی آگے آلینے دو، آگے آکر اسے بھی گزر جانے دو۔۔۔ ٹھہرو، مجھے بس میں ہی بیٹھ جانے دو۔۔۔"

"خبردار جو تم اتریں این۔۔۔"

"اس رفتار سے تمہارے سائیکل چلانے کے دوران میں دس بار اتر کر بیٹھ چکی ہوں، بیٹھ بیٹھ کر تھک جاتی ہوں تو کھڑی ہو کر ساتھ چلنے لگتی ہوں، اور اس ایشین فلیگ کو تھوڑے اور بل دو گردن میں، میں تابوت میں بند ہو کر جاپان واپس جانا نہیں چاہتی۔"

سائیکل روک کر اس نے ایشین فلیگ کو دو اور بل دیے گردن میں، اس نے جینز پر ٹاپ پہن رکھا تھا کہ زیادہ یورپین لگے۔ سر پر اس نے کیپ پہن رکھی تھی جس کی جھری سے اس کے لمبے بالوں کی ٹیل باہر نکلی ہوئی تھی۔

یونی کی طرف جاتے دائم اور راما نے اسے دیکھا اور دونوں نے سارے دانت نکال دیے اور چلتے چلتے کھڑے ہو کر اسے دیکھنے لگے۔ دائم نے ہاتھ سے پرفیکٹ کا اشارہ بھی کیا اور اتنی سی بات پر وہ سائیکل گرا بیٹھی۔۔۔ این اون بھاگ کر یونی چلی گئی وہ اکیلی پیدل سائیکل کو لیے یونی تک آئی۔

"یہ پاکستانی، ہندوستانی برداشت ہی نہیں کر سکتے کہ ان کے خطے کی لڑکیاں ایسے سائیکل چلائیں الٹا حواس باختہ کر دیتے ہیں۔۔۔" غصے سے وہ ان پر بڑبڑانے لگی۔

آنے والے دنوں میں آدھا راستہ وہ چلاتی اور آدھا راستہ این اون، تب ہی کہیں جا کر وقت پر یونی پہنچ پاتے کبھی ویرا ان کے آگے آگے ہوتی گارڈ کی صورت۔ وہ تیز سیٹی بجاتی اور دوسرے سائیکل سواروں کو پیچھے کرتی جاتی کہ ینگ لیڈی آف پاکستان اپنی سواری چلا رہی ہیں، تھوڑا ڈرتی ہیں ذرا پیچھے پیچھے ہو جائیں۔۔۔

ایک دن ایسے ہی راستے میں وغیرہ وغیرہ سے ڈر کر سائیکل کو روکے وہ بمشکل یونی روڈ تک آئی کہ پیچھے سے ایک دم سے عالیان کی سائیکل عین اس کے پہلو میں دائیں طرف برابر میں آئی۔ وہ بھی اپنے دھیان میں تھا امرحہ بھی اور جب امرحہ کی اس پر نظر پڑی تو وہ اتنی بری طرح سے گھبرا گئی کہ دائیں رخ ٹھیک اس کی



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

سائیکل کے اوپر سائیکل گرا بیٹھی۔

این اون جاپانی میں چلائی جس کا اردو میں ترجمہ ہے

"ہائے اماں جی مجھے مار ڈالا۔"

امرحہ کی سائیکل پوری کی پوری عالیان کی سائیکل کے اوپر تھی' خود وہ بھی پورے اور یہ سب ایسے ہوا کہ۔

"وہ آیا۔۔۔ اسے دیکھا۔۔۔ اور اسے گرا دیا۔۔۔"

دو سائیکلوں کے اس ٹکراؤ سے مانچسٹر کا روڈ ہل سا گیا۔۔۔ اور اس کے نتیجے میں جو کام سب سے برا ہوا وہ یہ تھا کہ اس کی سائیکل کے آگے لگے اسٹینڈ باکس میں کچھ سینڈوچز ٹشو میں لپٹے رکھے تھے شاید وہ ناشتا کر کے نہیں نکلا تھا اور وہ ناشتا آکسفورڈ روڈ پر نکل کر گر گیا تھا اور دو عدد سینڈوچز روڈ پر بے چکے بکھرے پڑے تھے اب وہ کچھ بھی ہوں گے لیکن سینڈوچز نہیں ہوں گے۔۔۔

عالیان نے ایک غصیلی نظر امرحہ پر ڈالی اور پھر سینڈوچز کو دیکھا اور جیسے رو دینے کو ہو گیا۔۔۔ اس بے چارے کا کتنا بڑا نقصان ہو گیا تھا۔

"میری غلطی نہیں ہے۔" امرحہ بھی رو دینے کو ہو گئی۔

اس نے اپنی سائیکل اٹھائی۔ بے چارے ہو چکے سینڈوچز سمیٹے اور جانے لگا۔

"عالیان!" این اون نے آواز دے کر روکا اور اس کے پیچھے سائیکل پر بیٹھ گئی۔

اب سارا مانچسٹر اس کی سائیکل کے پیچھے بیٹھے گا سوائے اس کے۔

یونی کے اندر جا کر این اون کو ڈھونڈا اسے برگر لے کر دیا۔

"کھانا تمہاری طرف سے ہے۔۔۔"

"تمہاری طرف سے مجھے اور میری طرف سے عالیان کو؟"

"پاگل کھانا ٹویٹ ہے' لے لو۔۔۔"

"پر میں تم سے ٹویٹ لینا نہیں چاہتی نہ اسے دینا چاہتی ہوں۔"

امرحہ نے اس کی پونی کھینچی اور آدھا گھنٹہ لگا کر اسے ساری بات سمجھائی۔۔۔

این اون برگر ہاتھ میں لے کر بزنس اسکول کی طرف جانے لگی' کچھ فاصلہ رکھ کر امرحہ بھی اس کے پیچھے پیچھے تھی اسے ڈر تھا کہ وہ ضرور کوئی گڑبڑ کرے گی اور گڑبڑ ٹھیک اس کے سامنے آ گئی۔

کارل نے برگر ہاتھ میں لیے ایک ننھی بچی کو خاموشی سے جاتے دیکھا تو رک گیا اور اس کا حال احوال پوچھنے لگا اور پھر برگر اس کے ہاتھ سے لے لیا۔

این پلٹی ہی تھی کہ اس نے فوراً" برگر کی ایک بڑی بائیٹ لی۔۔۔

"تم نے کارل کو برگر کیوں دیا؟" امرحہ رو دینے کو ہو گئی۔

"اس نے کہا وہ عالیان کے پاس ہی جا رہا ہے اور اسے وہ برگر دے دے گا۔۔۔ میں نے اس کا شکریہ ادا کیا اور آ گئی۔"

"ایک بار پھر جاؤ اس کا سر پھوڑو اور آ جاؤ۔۔۔"

"یہ کام اب تم کر لو۔۔۔ میں تھک گئی ہوں۔۔۔" کہہ کر وہ ننھی بچی چلی گئی۔

بڑی بچی دل مسوس کر کھڑی رہی۔ "کاش کوئی عالیان کو ٹویٹ دے دے۔"

ابھی وہ سوچ ہی رہی تھی کچھ کرنے کا کہ ویرا ہاتھ میں برگر اور کافی لیے ڈیپارٹمنٹ کی طرف جاتی ہوئی نظر آئی۔

امرحہ کا دھاڑیں مار مار کر رونے کو جی چاہا۔ کیا اتنے بڑے روس میں کوئی یونیورسٹی نہیں تھی کہ ویرا وہاں پڑھ سکتی اسے مانچسٹر آنے کی کیا ضرورت تھی بھلا؟

اندھیرے غار میں بند پڑے رہنے کی کیفیت تھی۔ کسی ایک طرف سے روشنی لکیر بناتی آ رہی تھی۔۔۔ روشنی کی لکیر بڑھتی ہی جا رہی تھی۔۔۔ غار کا دہن کھل رہا تھا۔۔۔ پرسکون اور آزاد ہو جانے کی کیفیت تھی۔۔۔

کہ دور سے آتی چاپ قریب آتی محسوس ہوئی' سہما دینے والی چاپ کہ گھٹنوں میں سر دے لیا جائے۔۔۔ کان لپیٹ لیے جائیں۔۔۔ ایک ہیولا بنتا قریب سا آیا۔۔۔ لمبے سائے کے اس پار روشنی کے دہن کے عین سامنے کھڑا ہوا اور ساری روشنی کو پیچھے دھکیل دیا۔۔۔ اور اندھیرا۔

عالیان ہڑبڑا کر اٹھا۔۔۔ نیم اندھیرے کمرے میں وحشت زدہ خود کو بستر پر پایا۔ اس کی سانسیں تیز تیز چل رہی تھیں جیسے رات بھر بھاگتا رہا ہے کوئی اس کے پیچھے تھا۔۔۔ اس کے کانوں میں وہ التجائی چاپ ابھی بھی زندہ تھی۔۔۔ وہ اسے محسوس کر رہا تھا۔۔۔ وہ خواب میں سے ہو کر آیا تھا۔۔۔ جیسے خود کو کھینچ کر خواب سے باہر نکالا تھا وہ خوف زدہ بھی تھا۔۔۔ یا کچھ اور تھا۔۔۔ جو بھی تھا اس کی دائیں آنکھ میں آنسو تھا۔۔۔

امرحہ رات کو جاب سے واپس آ رہی تھی کہ سڑک کے کنارے چلتے اسے ایک آدمی نے بہت مہذب انداز سے روکا۔

"خاتون آپ کا تھوڑا سا وقت چاہیے۔"

امرحہ رک گئی۔ "فرمایئے۔"

"آپ خاتون مہر کی بیٹی ہیں؟"

"نہیں۔" امرحہ سمجھی آدمی لیڈی مہر کے مرحوم شوہر کے رشتے داروں میں سے کوئی ہے۔

"ان کی لے پالک بیٹی نہیں ہو؟"

"نہیں میں تو پاکستان سے آئی ہوں یونیورسٹی میں پڑھنے ان کے گھر میں رہتی ہوں پے ان گیسٹ ہوں۔"

"اچھا۔۔۔ اس کا مطلب تم ان کے سب بچوں کو جانتی ہو گی۔۔۔ جتنے اس خاتون نے لے کر پالے ہیں۔"

امرحہ کو ایک دم سے لیڈی مہر کی بات یاد آ گئی اور وہ آگے چلنے لگی۔

"میں اس بارے میں کوئی بات نہیں کر سکتی۔ آپ جائیں یہاں سے۔"

"انہوں نے دس بچے پالے ہیں کیا تم سب کے نام جانتی ہو۔۔۔ ان کی شکلیں۔۔۔" امرحہ اور تیزی سے چلنے لگی وہ بھی ساتھ ساتھ چلنے لگا۔

"مجھے صرف لڑکوں کے بارے میں معلومات چاہئیں۔۔۔ کہ وہ کہاں ہیں' کس ملک میں ہیں کون کون ہیں' ان کی تصویریں مل سکیں تو بہتر ہو گا۔ تم یہ چھوٹی سی جاب کرتی ہو کتنا کما لیتی ہو۔۔۔ میں تمہیں پورے ایک لاکھ پونڈ دوں گا۔"

امرحہ حیرت سے رک کر اسے دیکھنے لگی یہ کون تھا جو اتنی بڑی رقم دینے کو تیار تھا۔

"اگر چاہو تو زیادہ بھی دے سکتا ہوں۔۔۔"

"میں پولیس کو بلا لوں گی جناب!"

"دو لاکھ پونڈ۔۔۔ تین لاکھ پونڈ۔۔۔ جواب دو۔۔۔ جانتی ہو کتنے پیسے ہوئے ہیں یہ۔۔۔ تحمل سے میری بات سنو' تم جذباتی ہو کر بھاگ رہی ہو' تمہیں کچھ زیادہ کام نہیں کرنا صرف اتنا کہ وہ سب لڑکے اس وقت کہاں ہیں۔۔۔ کس کس ملک میں ہیں ان کے نام کیا ہیں۔۔۔ بس اتنا ہی اور اتنے سے کام کے اتنے پیسے۔۔۔ اتنے کہ تم ساری زندگی میں شاید ہی کما سکو گی۔۔۔"

"پہلے بچوں کو چھوڑ جاتے ہو پھر انہیں ڈھونڈتے اور خریدتے پھرتے ہو؟" امرحہ نے طنز سے کہا۔

اس نے بہت سکون سے امرحہ کے طنز کو سہا۔۔۔ "ہاں کچھ ایسا ہی ہے۔۔۔ لیکن اگر تم تھوڑا سا تعاون کر دو تو بہتر ہو گا۔۔۔"

"میں کسی بھی قسم کا تعاون نہیں کروں گی۔۔۔ جاؤ۔۔۔"

"چار لاکھ پونڈ۔۔۔"

"میں پولیس کو فون کرنے لگی ہوں۔۔۔" امرحہ نے فون نکال کر ہاتھ میں لیا۔

"پانچ لاکھ پونڈ۔۔۔"

امرحہ نے عاجز آ کر اس کی شکل کی طرف دیکھا اور نمبر ڈائل کرنے لگی۔ "تمہارا کام بہت آسان ہے تمہیں صرف یہ معلوم کرنا ہے کس لڑکے کی ماں کا نام مارگریٹ جوزف تھا۔"

امرحہ فون کان سے لگانا بھول گئی وہ اس انسان کی شکل دیکھ رہی تھی۔۔۔

(باقی آئندہ ماہ ان شاء اللہ)





WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY
www.paksociety.com
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM



شاہین ملک

# دل کی چوری

کچھ رشتے نبھانے کے لیے نہیں بنتے اور کچھ کو جوڑا ہی اس نیت سے جاتا ہے کہ اذیت میں مبتلا رکھا جائے۔ اگر ایسا نہیں ہوتا تو پھر عبیر اور پروفیسر خالد کا رشتہ کیا معنی رکھتا تھا۔

میں ان دونوں کو بہت سالوں سے جانتی ہوں۔ عبیر میرے ساتھ جامعہ کراچی میں داخل ہوئی۔ وہ سائنس کی طالبہ تھی۔ میں سماجی بہبود کے شعبے کی طرف نکل گئی مگر ہمارا تعلق ان علیحدہ شعبوں کے باوجود کمزور نہیں پڑا۔ وہ پڑوسن بھی تھی۔ روزمرہ کے چھوٹے موٹے کام ہم مل جل کر کیا کرتی تھیں۔ بازار آنا جانا ہو' موسمی پکوان بنانے ہوں یا عید تہواروں پر شاپنگ میں ہاتھ بٹانا ہو' وہ ساتھ دیتی تھی۔ جن دنوں پروفیسر خالد عبیر میں دلچسپی لینے لگے تھے' تب بھی وہ اتنی ہی ملنسار اور ہمدرد تھی۔ کئی مرتبہ بازار جاکے بجٹ آؤٹ ہوتا تو ہم ایک دوسرے کے لیے قرض حسنہ جاری کردیتے۔ کبھی ماتھے پر بل نہیں پڑتا تھا۔ آئس کریم یا چاٹ کے پیسے بچیں نہ بچیں' فکر نہیں ہوتی تھی بس شاپنگ مکمل کرنا ہمارا ہدف ہوتا تھا۔ اسی طرح گھر کے دکھ سکھ میں بھی.... کسی کی بات بری لگ جائے یا کسی کو اپنے دل کی بات کہنی ہو' ہم ایک دوسرے کے ساتھ گھڑی ملتی تھیں۔

جس روز وہ مجھے پروفیسر خالد سے متعارف کرانے ڈپارٹمنٹ لے کر گئی تھی میں بہت خوش تھی اور وہ بہت پرجوش' ہم نے علیک سلیک کے بعد ان کے دفتر میں چائے پی۔ کسی پروفیسر کے کمرے میں چائے پینا چاند پر قدم رکھنے جیسی خوشی اور ولولہ انگیز تجربے سے کم نہیں تھا۔ میرے اپنے ڈپارٹمنٹ کے ٹیچر تو اتنے سخت گیر قسم کے تھے کہ ان کے کمرے میں قدم رکھنا اور اسائنمنٹ دے کر واپس آنا ہی کے ٹو سر کرنے کے برابر محسوس ہوتا اور یہاں ایک پروفیسر ہم سے ہماری دلچسپی کی چھوٹی چھوٹی باتیں کررہا تھا۔

واپسی پر اس نے پوچھا۔ "سارہ! کیسے لگے نہیں۔"

"بہت اچھے۔ مگر عمر۔" میں رک گئی' وہ سمجھ گئی کہ مجھے ان کی عمر زیادہ لگی ہے۔

"اسٹیبلش تو ہیں نا۔ دیکھو سارہ! امجد' محمود اور کمال احمد۔ یہ تینوں کزنز رشتہ لیے حاضر ہیں اور ان میں سب یا تو جدہ پلٹ ہیں یا مسقط جانے کے خواہش مند۔ دبئی ان کی پہنچ سے دور ہے۔ کوئی بھی پروفیشنل نہیں۔ ٹیکنیشن' پلمبر اور کارپینٹر کیا یہی رہ گئے اپنے نصیبوں میں۔" وہ آگے بھی کچھ کہنا چاہتی تھی مگر پہلی بار میں نے اسے ٹوک دیا' بلکہ جھڑک دیا کہ

"خاندان کی چند ایک لڑکیاں ایم اے۔ ایم ایس سی کرلیں تو انہیں یہ حق تفویض نہیں ہوجاتا کہ وہ محنت کشوں کی تضحیک کریں۔ آپ دل کا سودا نہیں چاہتیں تو پیچھے ہٹ جائیں' مگر غربت دھونے کے لیے محنت کرنے والوں کا تمسخر نہ اڑائیں۔" وہ چپ ہوگئی مگر بعد میں صفائی پیش کرتے ہوئے بولی۔

"دراصل اب دماغ سمجھو خراب ہوگیا ہے۔ نظر میں وہ لوگ نہیں سمارہے جو ساتھ ایک آنگن میں



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

کھیلے۔ ساتھ پلے بڑھے۔ تم ٹھیک کہتی ہو' وہ اعلا تعلیم نہ حاصل کر سکے۔ مجھے حسرت سے دیکھتے رہے' مگر خلیج کی کمائیاں لا کر ماؤں کی ہتھیلیوں پر رکھنے والے اسی آس میں رہے کہ میں ان کے وجودوں پر طاری پردیس کی تھکن اتاروں۔ کوئی میٹھی بات کروں' کوئی پیغام قبول کروں اور... یہ سب میں نے نہیں کیا۔ مجھ سے مایوس ہو کر امجد نے میٹرک پاس دوشیزہ سے منگنی کر لی ہے۔ باقیوں کی مائیں گھر کے چکر لگا رہی ہیں' مگر فضول ہی ہے۔ اب تم جاؤ اور امی سے خالد صاحب کی بات کرو... بتا دینا کہ تم مل چکی ہو' اچھے آدمی ہیں۔"

وہ ایک سانس میں کہتی جا رہی تھی۔ مجھے پیار آ رہا تھا اس پر' مگر حیرت بھی ہو رہی تھی اس کی سوچ پر کہ وہ خالد صاحب کی پہلی شادی' ایک بیٹی اور بیوی کی علیحدگی کے مسائل' سب کچھ ہی تو جانتی تھی... خالد صاحب نے کچھ بھی چھپایا نہیں تھا اس سے' یونیورسٹی میں ہر کسی کو پتا تھا۔ ان کی بیٹی کلاس ففتھ میں پڑھتی ہے' جو اپنی نانی کے گھر رہتی ہے' چھٹی کے روز گھر آتی ہے۔

"سوچ لو... پیار محبت' توجہ اور وقت ہی نہیں سرمایہ بھی شیئر کرنا پڑے گا' کر سکو گی؟" میں نے اپنی دانست میں اسے سمجھانا چاہا۔

"غیر شادی شدہ مرد کے ساتھ تعلق جوڑتے ہوئے کیا کچھ بھی شیئر نہیں کرنا پڑتا۔ کم از کم ہم جیسے مڈل کلاس اور مشترکہ خاندانی نظام میں۔ امجد کی چار بہنیں بن بیاہی بیٹھی ہیں۔ بوڑھی ماں اور باپ بیماریوں کے علاج کے خرچے ہی خرچے اور محمود یا کمال کی طرف دیکھو تو دو سو گز کے مکان پر چھ بھائیوں کی رہائش۔ ساتھ ساتھ بوڑھے والدین الگ۔ چھ بھائیوں کی اولادیں الگ۔ سانس لینے کو گھر میں جگہ نہیں۔ ان سے تو پروفیسر خالد ہی بھلے جو مجھے چاہتے بھی ہیں اور ذمہ داریوں کی تقسیم بھی جانتے ہیں۔ مجھے تو فخر ہوتا ہے۔ انہوں نے مجھے پہلے دن سے سمجھ لیا۔ میری قدم قدم پر رہنمائی کی' ورنہ میں اور یہ سمسٹر A گریڈ میں پاس کر سکتی تھی۔"

میں جان چکی تھی کہ وہ فیصلہ کر چکی ہے تو اب والدین کو شریک کرنا ضروری ہے۔

ایک سال ہی میں یہ شادی ہو گئی۔ وہ دونوں بہت خوش تھے۔

☆ ☆ ☆

میں بھی دوسرے محلے بیاہ کر آ گئی۔ میری ممانی کے میکے والوں سے اس خاندان کے پرانے تعلقات تھے۔ حسن اچھے انسان لگے۔ سافٹ ویئر انجینئر تھے۔ ان دنوں یہ تکنیک نئی نئی متعارف ہوئی تھی۔ اپنے شعبے کے ماہرین کے ساتھ جڑے ایک کنبے کی مانند محنت سے کام کرتے۔ اتفاق سے مجھے بھرا پُرا سسرال ملا' لیکن تعلیم یافتہ لوگ تھے اور سمجھ داری سے رشتے نبھاتے تھے۔ اب عبیر سے ملنا جلنا تو کم ہوتا' مگر ٹیکسٹ میسجز پر رابطہ رہتا اور فون پر بھی بات چیت ہو جاتی۔ وہ گھر آتی تو میں بھی کسی بہانے سے امی کے گھر کا چکر لگا آتی۔

شادی کے بعد اس نے کہا تھا۔

"خالد واقعی باوقار شخصیت رکھتے ہیں۔ ان کے نام سے جڑنا ہی بڑے اعزاز کی بات ہے۔ ہماری بیٹی زارا اب جب چاہتی ہے ہمیں فون کرتی ہے۔ گھر آتی ہے۔ ہم آؤٹنگ پر جاتے ہیں۔ کبھی وہ ایک ایک ہفتہ ہمارے ساتھ قیام کرتی ہے۔ میں اسے ہاسٹل سے گھر لانا چاہتی ہوں' مگر خالد ابھی کچھ وقت چاہتے ہیں۔"

میں خاموشی سے سنتی رہی۔

بہتر یہی تھا کہ وہ اپنی زندگی کو اپنے ڈھب سے گزارے۔ میں اسے کوئی مشورہ کیوں دیتی۔ اسے مشورے کی ضرورت نہیں تھی۔

"اپنی اولاد کے بارے میں کیا سوچا ہے؟" میں نے دھیرے سے پوچھا۔

"ابھی تک تو نہیں... مگر تنہائی محسوس ہونے لگی ہے۔" میں نے دیکھا۔ اس کی آنکھوں میں دیپک بجھ سے گئے تھے۔

"تو پھر سوچ لو' کیونکہ زیادہ وقت گزر گیا تو کوئی پیچیدگی بڑھ سکتی ہے۔ اللہ نہ کرے کہ ایسا کچھ بھی ہو' مگر پھر بھی..." میں رک گئی اس کا ردعمل دیکھنے کے لیے۔

اس نے پہلو بدلا اور بولی۔ "خالد نئی ذمہ داری سے گھبراتے ہیں۔ کہا تھا ایک بار میں نے' مگر وہ سنی ان سنی کر گئے۔"

میرا کوئی جواب یا ردعمل جانے بغیر وہ میرے بچوں ارحم اور عنایہ سے کھیلنے لگی۔ میں نے موقع مناسب جانا اور چائے کے لوازمات لگانے میں بوا کی مدد کرنے لگی۔ میں نے دل ہی دل میں سوچا کہ آخر وہ عورت ہی ہے نا جو چار دیواری چاہتی ہے۔ گھر کو ایک سائبان بنا کے ننھے منے بچوں کی قلقاریاں اور شرارتیں دیکھنا اور زندگی کو اس کے مکمل رنگوں سمیت محسوس کرنا چاہتی ہے۔ لیکن کیا کرے۔ پروفیسر خالد جب نہیں چاہتے تو اسے ان کی رائے بدلنے تک انتظار کرنا ہی ہو گا۔ عورت کے لیے مرد سے نام جڑوانا کب تک کافی ہوتا ہے' سب کتابی باتیں ہوتی نا۔ اللہ رحم کرے اس جوڑے پر۔ وہ کچھ ہی دیر بعد چلی گئی۔

رات کے کھانے پر حسن' میں اور بچے عبیر کی باتیں کرنے لگے۔ بچوں کو عبیر کے لائے ہوئے حلوے بہت پسند آئے تھے۔ اتفاق سے حسن نے بھی ان کی اولاد ہی کے بارے میں پوچھا۔ خود ہی انہوں نے کہا۔

"پروفیسر صاحب کے ہاں اپنی بیٹی ہے نا تو انہیں اب نئے بچے کی ضرورت کیا ہے؟ میرا تو نہیں خیال کہ وہ عبیر کو یہ خوشی بھی دے سکیں گے۔"

"اچھا... تو کیا جوان لڑکی سے' عمر کے اتنے یعنی پچیس برس کے فرق سے شادی رچانا خود غرضی ہو سکتی ہے۔"

"ہو بھی سکتی ہے اور نہیں بھی۔ میں انہیں اتنا قریب سے تو جانتا نہیں۔ ارے چھوڑو! تم بھی کیا قصہ لے کر بیٹھ گئیں۔ تمہاری سہیلی کا دماغ کیوں خراب ہو گیا تھا۔ انہیں صاحب ثروت دیکھ کر اپنی جوان امنگوں کو داؤ پر کیوں لگا بیٹھی۔" وہ ہاتھ دھونے واش روم چلے گئے۔

اب میں انہیں کیا بتاتی کہ اس غلطی کا احساس تو اس کے والدین نے بھی دلایا تھا۔

☆ ☆ ☆

چند برس گزر گئے۔ حسن کو ملائیشیا میں جاب مل گئی۔ ہمارا کنبہ پاکستان اب دو برس بعد آتا۔ عبیر سے ایک وزٹ میں تو ملاقات ہی نہ ہو پائی۔ یونیورسٹی سے پتا چلا کہ وہ اپنی فیملی کے ساتھ شمالی علاقہ جات گئی ہوئی ہے۔ میرا بیٹا ارحم پاکستانی نیوز چینلز دیکھنے لگا تھا۔ وہ جھٹ سے بولا۔

"مگر مما وہاں تو ڈرون اٹیک ہوتے ہیں اور... اور ضرب عضب بھی۔"

"اس لڑکی کو ایڈونچر ہی پسند ہیں۔ آؤ دیکھتی ہے نہ تاؤ۔ خطرات سے کھیلنے چل دیتی ہے۔" ڈپارٹمنٹ والوں نے میرا نمبر لیا کہ جوں ہی وہ آئیں انہیں دے دیں گے۔

ہفتہ بھر گزر گیا۔ زندگی کے ڈھب بدلتے ہیں تو مصروفیات اور دلچسپیاں بھی آپ ہی آپ تبدیل ہو جاتی ہیں۔ اب میں اس کے ساتھ براہ راست رابطے میں نہیں رہی۔ میں بازاروں میں میچنگ چوڑیاں' دوپٹے' جوتوں اور نئے فیشن کے ملبوسات کی خریداری میں مصروف ہو گئی۔ دو نندوں کی اکٹھی شادیاں ہو رہی تھیں۔ تقریبات کے ساتھ ساتھ رسموں ریتوں کے لیے ہزاروں کام تھے جن میں' میں اپنے سسرالی عزیزوں کا ہاتھ بٹا رہی تھی۔ دو نندوں کے بعد ایک دیور صاحب شادی کی قطار میں لگے تھے۔

مجھے یہ بھیڑ' یہ بھرا پُرا کنبہ اور ذمہ داریوں بھری زندگی حسن اور بچوں کے سہارے بہت اچھی لگتی تھی۔ اور حیرت انگیز بات یہ تھی کہ میں اپنے والدین کی اکلوتی اولاد تھی۔

میرا رشتہ طے کرتے وقت بھی میرے والدین بہت پریشان تھے۔ بظاہر شہزادیوں کی طرح رہتے بستے ہمیں جس گھرانے میں بیاہی گئی' وہاں شروع دن ہی سے ذمہ داریوں کی گٹھڑی میرے سر پر لاد دی گئی تھی۔ میرے سامنے میری رول ماڈل میری خالائیں اور امی تھیں' جو دس دس بچوں کے گھرانوں میں بیاہی گئیں اور ذمہ داریاں نبھاتے ہوئے جن کے ماتھوں پر کبھی بل نہ پڑے۔



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY RSPK.PAKSOCIETY.COM FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

پاک سوسائٹی ڈاٹ کام کی پیشکش
یہ شمارہ پاک سوسائٹی ڈاٹ کام نے پیش کیا ہے
ہم خاص کیوں ہیں:۔

- ہائی کوالٹی پی ڈی ایف فائلز
- ہر ای بُک آن لائن پڑھنے کی سہولت
- ماہانہ ڈائجسٹ کی تین مختلف سائزوں میں اپلوڈنگ
سپریم کوالٹی، نارمل کوالٹی، کمپریسڈ کوالٹی
- عمران سیریز از مظہر کلیم اور ابن صفی کی مکمل رینج
- ایڈ فری لنکس، لنکس کو پیسے کمانے کے لئے شرنک نہیں کیا جاتا
- ہر ای بُک کا ڈائریکٹ اور رژیوم ایبل لنک
- ڈاؤنلوڈنگ سے پہلے ای بُک کا پرنٹ پریویو ہر پوسٹ کے ساتھ
- پہلے سے موجود مواد کی چیکنگ اور اچھے پرنٹ کے ساتھ تبدیلی
- مشہور مصنفین کی کُتب کی مکمل رینج
- ہر کتاب کا الگ سیکشن
- ویب سائٹ کی آسان براؤسنگ
- سائٹ پر کوئی بھی لنک ڈیڈ نہیں

We Are Anti Waiting WebSite

واحد ویب سائٹ جہاں ہر کتاب ٹورنٹ سے بھی ڈاؤنلوڈ کی جاسکتی ہے
ڈاؤنلوڈنگ کے بعد پوسٹ پر تبصرہ ضرور کریں
ڈاؤنلوڈنگ کے لئے کہیں اور جانے کی ضرورت نہیں ہماری سائٹ پر آئیں اور ایک کلک سے کتاب ڈاؤنلوڈ کریں
اپنے دوست احباب کو ویب سائٹ کا لنک دیکر متعارف کرائیں

WWW.PAKSOCIETY.COM
Online Library For Pakistan
Like us on Facebook fb.com/paksociety twitter.com/paksociety1

گھڑیاں سمجھوتے کی شکل میں دیکھنے کو ملیں گی۔"

"تم نے کیا سوچا تھا ان کے سامنے اپنی فتح کا پرچم اٹھا کے لے جاؤ گی کہ دیکھو جوان اولاد کی ماں! مردوہ ہستی ہے جو منزل پر کبھی نہیں پہنچتا۔ ایک ضرورت' دوسری ہوس' تیسری عشق اور چوتھی مجبوری ۔۔۔ یہ اپنی تھکن اسی طرح اتارتا رہتا ہے۔ کبھی تھکتا نہیں' تھکا دیتا ہے۔"

"اب تم طنز کر رہی ہو؟"

"نہیں ۔۔۔ میری بہن! میں طنز نہیں کر رہی' مجھے ہمدردی ہے تم سے' مگر کیا کروں۔ تمہیں کیسے آمادہ کروں کہ تم اپنے مدار کے گرد ہی رہو۔ ان دونوں کو وہیں چھوڑ دو جہاں وہ ہیں۔ اگر تم خالد صاحب کو سزا دینے کا سوچ رہی ہو تو بھی غلطی پر ہو۔ بیٹی اس کی ہے' اسی کی رہے گی' لاکھ محبتیں' عنایتیں لٹاؤ۔ احساس وہ کیوں کرے' وہ تو ماں کے بہکاوے میں آگئی ہوگی۔ باپ کے بہلاوے میں کھلونوں کی سی کشش اور تاثیر بھی نہیں رہی ہوگی اب تک۔ اگر اس زندگی کو اذیت ناک بنانا ہے تو ان سے توقعات رکھو' ورنہ تم خود مختار اور اپنے پیروں پر کھڑی ہو۔ مت دیکھو پیچھے مڑ کر۔ وہ جہاں تک ساتھ نبھائیں۔ چلو۔ جہاں ہاتھ چھڑائیں۔ اسے تقسیم کا ایک سوال سمجھ لو۔ اب تک تو تم بھی جان گئی ہوگی کہ محبت کی محرومی اور توقع ادھوری رہ جانے سے شخصیت میں کرب اُمڈ آتا ہے۔ سب فطری ہے نا ۔۔۔ کبھی کبھی ہم جذبات سے مغلوب ہو کر اکٹھے ہو کر رہنے کا جاں فزا تجربہ کرتے ہیں' لیکن بعد میں عقدہ کھلتا ہے کہ دراصل ہم ایک دوسرے کے لیے نہیں بنے تھے' بنے ہوتے تو حالات بگڑتے ہی نہیں۔"

"اب مجھے احساس ہوتا ہے کہ میں نے جس عمر میں پروفیسر صاحب سے عشق کیا۔ وہ عمر جذباتی طور پر نابالغ تھی۔ مجھے لوگوں کا کہنا ماننا چاہیے تھا۔"

"تم اب بھی اپنے مدار سے باہر جا رہی ہو۔ محبت کر کے کوئی غلطی نہیں کی تم نے' مگر زندگی پھولوں کی سیج نہیں ہوتی' لیکن تم لڑو اس محبت اور زندگی کے لیے' کیونکہ یہ تمہارا ازلی حق ہے عبیر ۔۔۔ تم خالد صاحب کی زندگی کی رفیق ہو' انہیں اپنی زندگی کا احساس دلاؤ ۔۔۔ اپنی ناراضی کا ثبوت دو انہیں ۔۔۔ یا اگر ہمت ہے تو دوسری شادی کے لیے پہلی کو ختم کر دو۔"

"نہیں ۔۔۔ نہیں یہ مجھ سے نہ ہوگا۔ اچھا میں چلتی ہوں۔ خالد آج شام کو لاہور سے واپس آ رہے ہیں۔ مجھے کھانا پکانا ہے۔"

"سنو ۔۔۔ چائنیز لے جاؤ یہیں سے۔ کیوں تھکاتی ہو اپنے آپ کو۔ گھر جا کر فیس پالش کرا لو' بال کٹوا لو اور نیا جوڑا پہن کر استقبال کرو ان کا۔" میں نے اپنی دانست میں وہی مشورہ دیا جو میں اپنے روٹھے ہوئے شوہر کو منانے کے لیے خود کرتی تھی اور کامیاب رہتی تھی۔

"میں آج اپنے ہاتھ سے ان کے لیے پراٹھے بناؤں گی۔"

"دیکھو قدر کرو اپنی بھی اور اس شخص کی بھی' جسے رزق کی طرح خدا سے مانگا جاتا ہے۔"

واپسی پر ڈرائیور نے باہو کے کلام کی کیسٹ آن کر دی۔ باہو نے کیا خوب کہا تھا۔

"دل درزی کی دکان کی مانند ہوتا ہے' سمجھ میں نہیں آتا کون سی لیر کون سی لیر کے ساتھ جوڑی جائے۔ محبت کی چولی سیتے وقت کئی بار دل سلائی میں آجاتا ہے تو سارا سلا ہوا ادھیڑ کرا سے پھر سے سینا پڑتا ہے۔ کبھی کبھی ایک ٹانکا ایک سال میں جا کے لگتا ہے' تب کہیں جا کر دل کی چولی پر کوئی پھول خوشبو بکھیرتا ہے۔ محبت نہیں مرنی چاہیے۔ جس طرح ایمان کمزور نہیں پڑنا چاہیے۔"

"پتا نہیں عبیر ۔۔۔ دوبارہ ملنا ہو یا نہ ہو' مگر کوشش کرنا پروفیسر خالد کی محبت احساس میں زندہ رہے۔"

یہ میرا آخری ٹیکسٹ میسج تھا جو میں نے اسے ایئرپورٹ سے ملائیشیا روانگی سے پہلے کیا تھا۔



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

کالج کے گراؤنڈ میں رونق لگی ہوئی تھی۔ بے فکر نوعمر لڑکیاں کینٹین سے خریدی گئی کھانے پینے کی اشیا لے کر وہیں آبیٹھی تھیں۔

"اومائی گاڈ سیما۔ لک ایٹ دس پکچر۔"

ایک لڑکی نے ادھ کھایا سموسہ اٹھا کر چکنے چکنے اخبار کو پورا کھولا۔

"اُفوہ! کتنی خوف ناک لگ رہی ہے۔" دوسری لڑکی ترحم بھرے انداز میں اسے دیکھ رہی تھی۔

"خوف ناک نہیں ہوگی یار۔ اس نے اپنے منہ پر تیزاب ڈالا ہے۔"

"اومائی گاڈ! اتنی ہمت کیسے کی ہوگی اس نے۔"

"پڑھوں ذرا کیا لکھا ہے۔" ذرا دیر کے لیے اس نے اخبار کے ٹکڑے پر نظریں جمائیں پھر منہ بنایا۔

"اونہہ۔۔۔ یار! کال گرل تھی کوئی۔"

اس نے اخبار کا گولا بنا کر دور اچھال دیا۔ وہ خبر کی تفصیلات پڑھ چکی تھی۔

"ایسی لڑکیوں کا یہی انجام ہوتا ہے۔ ڈال دیا ہوگا کسی پرانے ناکام عاشق نے لے جا کے منہ پر۔" اس کی آواز میں حقارت تھی۔

"تیزاب منہ پر ڈالنے سے کوئی مرتا تو نہیں۔" دوسری لڑکی نے انگلی سے کھٹی چٹنی چاٹی۔

"چلو بھئی۔۔۔ ایسی تو جانے کتنی روز جیتی مرتی ہیں۔ کرتی کیوں ہیں ایسے منہ کالا کرنے والے کام۔" دوسری لڑکی نے آخری چٹخارہ لے کر اپنا اخبار بھی دور پھینکا اور کولڈ ڈرنک کا گھونٹ لے کر کھڑی ہو گئی۔

"چلو پیریڈ ہونے والا ہے۔"

دونوں لڑکیاں اب باتیں کرتی گراؤنڈ سے باہر جا رہی تھیں۔

اخبار کے گندے ٹکڑوں پر لپکتی، بھنکتی مکھیوں کی تعداد میں اضافہ ہو رہا تھا اور لڑکی کی مڑی تڑی تصویر پر بھی۔

☼ ☼ ☼

آج انہیں پھر بری طرح دورہ پڑا تھا۔ پیٹ کی رگیں



مکمل ناول

فرحین اظفر

# شبِ غم ہے بڑی دیر تک



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

کھنچ کر حلق میں چلی آئی تھیں۔ پوری طاقت لگا کر بھی اپنے نیم مردہ وجود میں سانس بھرنے سے قاصر ان کا جسم ہانپ رہا تھا۔ انہوں نے پھر زور لگایا۔ پسلیاں ذرا کی ذرا پھولیں۔ اگلے ہی لمحے پھر نمایاں ہو گئیں۔ پچکے ہوئے پیٹ کی ڈھیلی کھال کمر سے جا لگی تھی۔ آنکھیں ابل رہی تھیں۔ ہونٹ تھرا رہے تھے۔

"امی۔ امی! یہ لیں۔"

کسی نے ان ہیلر ان کے منہ سے لگایا اور بے قراری سے اس کا بٹن دبایا۔ پف سے پھوار نکلی اور کسی نے دوبارہ ان کے تن مردہ میں زندگی ڈال دی۔ ناہموار ہچکولے کھاتا وجود پھر سے تھمنے لگا۔

"چچی۔۔۔ اب کیسی طبیعت ہے۔"

خوف زدہ نظریں ان پر جمی تھیں۔

"اور ان آنکھوں کا آخری سہارا میں ہی تو ہوں اور میرا آخری سہارا یہ۔۔۔ یہ۔۔۔" انہوں نے نڈھال ہو کر آنکھیں بند کر کے ذرا کی ذرا سر ہلایا۔ سامنے کھڑے سہمے ہوئے وجود میں اطمینان کی لہر دوڑ گئی تھی۔

☼ ☼ ☼

ڈرائنگ روم سے باتوں اور ہنسی کی تیز ملی جلی آوازیں آ رہی تھیں۔ قدرے بلند آواز میں گانے بج رہے تھے۔ خوشبوئیں، سگریٹ اور پرفیومز، قیمتی کپڑوں کی سرسراہٹیں۔ بابر سلطان کی جدید طرز کی اس کوٹھی میں گھر کے افراد کم تھے۔ بلکہ بہت ہی کم۔ ہاں نوکروں کی تعداد قابل ذکر تھی یا پھر کمروں کی۔

اس کے بے چین قدم ان ہی کمروں میں مشرقی اور مغربی دیواروں کا فاصلہ ناپتے تھک چکے تھے۔ دکھتے ہوئے سر کو دونوں ہاتھوں سے تھام کر اس نے دو، تین جھٹکے دیے۔

"او میرے خدا۔۔۔ کس گناہوں کی سزا ہے یہ۔"

اس نے یاد کرنے کی کوشش کی۔

"یقیناً ایک معصوم دل توڑنے کی، کسی کی حق تلفی کی سزا ہے یہ۔" اس کے اندر سے آواز ابھری۔ وہ دھیان لگا کر سننے لگی۔

ایک لمحے کے لیے پیش منظر، پس منظر میں چلا گیا اور پس منظر۔۔۔ لیکن وہ پوری طرح ڈوبنے نہیں پائی تھی کہ دروازہ ایک زوردار آواز کے ساتھ کھلا۔

وہ خوف زدہ نظروں سے دیکھتی کھڑی ہو گئی۔

"تم ابھی تک ایسے ہی بیٹھی ہو۔" دروازے میں کھڑا شخص شرربار نگاہوں سے اسے گھور رہا تھا۔

"بس جا رہی ہوں، تیار ہونے۔" اس نے تھوک نگل کے کہا تھا۔

☼ ☼ ☼

سنولائے ہوئے ہاتھ پیر اور جھکی لرزتی پلکوں والی لڑکی آفس کے ایک کونے میں زمین پر بیٹھی تھی۔

"کون ہے یہ؟" اس نے فضل داد سے پوچھا۔ جو اسے وہاں لے کر آیا تھا۔ اس نے گھٹنے موڑ کر ہاتھ ان پر باندھے ہوئے تھے اور ایک بڑی سی بدرنگ اوڑھنی میں خود کو چھپایا ہوا تھا۔

"سائیں غریب لڑکی ہے، کام مانگنے آئی تھی، میں یہاں لے آیا۔"

"کام۔۔۔ کیسا کام؟"

"کوئی بھی کم سائیں، مانی جے لائے۔" (روٹی کے لیے)

اس نے ہنکارا بھرا، پھر اسے دیکھا۔ ان کے این جی او میں اس قسم کے لوگوں کی آمد کوئی نئی نہیں تھی۔ خاص طور پر سیلاب سے مچنے والی تباہ کاریوں کے بعد۔

"چھانا لو آھے؟" (نام کیا ہے۔) اب کے اس نے براہ راست اسے دیکھا۔ جواب ندارد۔

"شاہل نام ہے جی۔"

"گھر والے کہاں ہیں؟"

"گھر والا کوئی نہیں ہے، ایک باپ تھا، سیلاب کے بعد ڈینگی کی وبا کا شکار ہو کے مر گیا۔ فضل داد ہی بول رہا تھا۔

"سلائی کڑھائی وغیرہ آتی ہے اسے، پوچھو اس سے۔"



فضل داد نے مڑ کر سندھی میں اس لڑکی سے پوچھا۔ وہ سمجھ رہا تھا وہ صرف خوف زدہ ہونے کی وجہ سے اس کو جواب نہیں دے پا رہی تھی۔

وہ فضل داد کو بتا رہی تھی کہ اسے سب کام آتا ہے۔

یوں ہی اس کا چہرہ تکتے، اس کی بات سنتے اسے رباب آنٹی کی یاد آ گئی۔ انہوں نے اس سے کسی کام والی کے بارے میں کہا تھا۔ انہیں ایک فل ٹائم ملازمہ کی ضرورت تھی۔

"شہر ہندو کم جے لائے۔" (شہر جاؤ گی کام کے لیے) اس نے بے اختیار پوچھ لیا۔ جواب میں وہ بات ادھوری چھوڑ کر ان ہی خوف زدہ نظروں سے اسے دیکھنے لگی۔

"اتے کپڑا مانی تے گھر سب ملندو۔" (وہاں کپڑا، روٹی، گھر سب ملے گا۔) اس نے تسلی کے لیے کہا۔ اس نے زور سے نفی میں سر ہلا کر اپنے جسم کو مزید سمیٹا۔

"دیکھو، یہاں کوئی تمہیں یہ سلائی کڑھائی وغیرہ کا کام نہیں دے گا۔ کسی کو یہاں اس کام کی ضرورت نہیں ہے۔ شہر میں ایک سے ایک اچھا کام کیا کرایا مل جاتا ہے۔ تم سے تو لوگ کام کروانے کے بجائے۔۔۔"

وہ ایک دم چپ ہو گیا، باقی بات منہ میں دبالی۔

"اسے سمجھاؤ۔ میں ابھی آتا ہوں۔" وہ اٹھ کر دروازے کی طرف بڑھا۔

اسے قریب آتے دیکھ کر اس نے زمین کو چھوتا پلو سمیٹ کر گود میں رکھا۔ اس کے ہاتھوں میں اضطراب تھا۔ وہ یقیناً "بہت خوف زدہ تھی۔ وہ ذرا کی ذرا اس کے قریب رکا۔ پھر پنجوں کے بل بیٹھ گیا۔

"مانی کھائینڈی۔ بوکھ لگی ہوندی۔" (کھانا کھاؤ گی، بھوکی ہو؟) اس نے جواب نہیں دیا، وہ زمین گھورتی رہی۔

"فضل۔۔۔"

"جی سائیں۔" وہ مؤدب سا کھڑا تھا۔

"کھانا کھلاؤ اسے اور بتاؤ شہر جانے میں بہت فائدہ ہے۔" وہ دروازہ کھول کر باہر نکل گیا۔

☼ ☼ ☼

"بی بی جی۔۔۔ صاحب نے کہا ہے، جلدی آجائیں۔" سیاہ ستاروں کی جھلمل کرتی ساڑھی میں اس کی دبتی ہوئی رنگت بھی کھل اٹھی تھی۔ شوخ رنگوں کے میک اپ میں اس کا چہرہ بے تاثر تھا۔ ملازمہ سے آگے آگے قدم بڑھاتی وہ ڈرائنگ روم کی سمت بڑھ گئی۔ جیسے جیسے ڈرائنگ روم سے اس کے قدم قریب ہوتے جا رہے تھے۔ دل کی کیفیت عجیب ہو رہی تھی۔

اندر سے اٹھتے باتوں کے شور میں زنانہ اور مردانہ دونوں آوازیں شامل تھیں۔

نتھنوں سے ٹکراتی پرفیومز کے ساتھ گھلی ملی، تلخ ناگوار بو دروازے پر پہنچ کر اس کے اعصاب چٹخانے لگی۔ ایک لمحہ رک کر اس نے تمام تر حواس مجتمع کر کے دھیان، دل، دماغ اندر کی سمت لگایا اور کامیاب ہو کر اندر قدم رکھا۔

"آیئے آیئے۔۔۔" سامنے ہی بیٹھے ایک موٹی توند والے شخص نے فوراً" اٹھ کر اس کا استقبال کیا۔ اس کے ہونٹ کمینی انداز میں دائیں بائیں پھیل گئے۔

"وہ آئے محفل میں اتنا تو ہم نے دیکھا۔۔۔ آں۔" ایک ادا سے اس کا ہاتھ تھام کے آگے بڑھاتے ہوئے اس نے شعر پڑھا۔ "پھر اس کے بعد چراغوں میں روشنی نہ رہی۔" اس کے منہ سے اٹھتے ناگوار بھبکے اس کی برداشت سے باہر تھے۔ بے ساختہ بالکل نامحسوس انداز میں اسے ہاتھ سے پرے کرتے ہوئے وہ سامنے والی نشست پر براجمان شخص کے پہلو میں ایک ادا سے ٹک گئی۔

برابر میں بیٹھا مرد بجائے کھسک کر پرے ہونے کے کچھ اور نزدیک آ گیا۔

اس نے مسکراتے ہوئے ہاتھ ملا کر دیکھا۔ دائیں طرف اس کا شوہر آس پاس اسی کی طرح کی بے باک عورتوں میں گھرا ستائشی اور فخریہ انداز میں اسے دیکھ رہا



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

تھا۔
نظر ملنے پر اس نے اطمینان کا اظہار کیا اور اسے اپنا اطمینان رخصت ہوتا محسوس ہوا۔

☆ ☆ ☆

چھوٹے سے صحن میں سرما کی دھوپ دم توڑ رہی تھی۔
اس نے اپنی سوراخ والی جرابوں سے جھانکتی 'پھٹی ہوئی ایڑیوں کو دیکھا۔ کبھی یہ ایڑیاں بے حد نرم ملائم اور گلابی ہوتی تھیں۔
"بس کرو' کتنا رگڑ رگڑ کر دھوؤ گی۔ گھس گئیں تو قد چھوٹا ہو جائے گا۔" نمو اس کی صفائیوں سے چڑتی تھی۔
"کس کو دکھانی ہیں یہ کلائیاں' یہ پاؤں۔" اس کی جلی کٹی وہ دن بھر مسکرا کے سنتی رہتی۔
اب اس کی نظر اپنی دھبے دار' سوکھی سنولائی کلائی پر بھٹک رہی تھی۔
"سی۔۔۔ ی۔۔۔ ی۔۔۔" ایک بار اس پر جلتے تیل کے چھینٹے آ پڑے تھے اور ایک مضبوط مردانہ ہاتھ کی گرفت میں اس کی کلائی مچل اٹھی تھی۔
"کچھ نہیں ہوا۔ معمولی سی چھینٹ ہے۔"
"دیکھنے تو دو نا' دیکھو' کیسی سرخ ہو رہی ہے۔"
"اچھا۔۔۔ میں کچھ لگاتی ہوں۔" اس نے مسکرا کر تسلی دی۔ اسے علم نہ تھا۔ اس کا لہجہ کسی کے دل پر جلتے چھینٹے ڈال گیا تھا۔ اس نے دروازے سے چچی کو پلٹتے دیکھا تھا اور ڈر گئی تھی۔
"ہونہہ!" ایک تلخ مسکراہٹ نے اس کے لبوں پر دم توڑ دیا۔

☆ ☆ ☆

"بیوٹی فل۔" وہ عورت اس کی ٹھوڑی چھو کر بولی تھی۔ اس نے نا سمجھی کے سے انداز میں بابر سلطان کو دیکھا۔
"او ڈارلنگ۔۔۔ یو آر رئیلی ویری بیوٹی فل۔" اس کی نظروں اور چہرے پر ستائش تھی۔ کمرے میں موجود دوسرے نفوس یوں خوش ہو کر ہنسے جیسے ان ہی کی تعریف کی گئی ہو۔ کمرے گلے سے جھلکتے بے تاب جسم نے اسے بانہوں میں بھر لیا۔ وہ بے اختیار کھڑے ہونے پر مجبور ہو گئی۔
"واقعی عورت ہو تو تم جیسی۔" اس نے پھر نا سمجھی سے اس تعریف کو وصول کیا۔ "یہ سانچے میں ڈھلا جسم' یہ چمپئی ملیح رنگت' اس کے آگے وہ پھیکے شلجم کی کیا اوقات' یہ تیکھے نقوش۔" کمرے میں یک دم ہی خاموشی چھا گئی۔ جیسے سب اس قصہ خوانی کو سننے میں محو ہو گئے تھے۔
"تم ہماری پارٹیز اٹینڈ کیوں نہیں کرتیں جان۔ یہ حسن کوئی چھپا کے رکھنے کی چیز ہے۔"
اس نے ایک ادا سے اس کی ساڑھی کا سیاہ جھین پلو کندھے سے گرا دیا۔ وہ ششدر رہ گئی اور سب یوں قہقہے لگانے لگے۔ گویا یہ حرکت پہلے سے ان کے علم میں تھی۔
نیم عریاں چست لباس پہنے بیٹھی عورتوں کے درمیان اپنے شوہر کو قہقہے لگاتے دیکھ کر اس کے ہاتھ کپکپا گئے۔

☆ ☆ ☆

کوریڈور میں تیزی سے قدم بڑھاتے ہوئے وہ فضل کے برابر آگیا۔
"ہاں فضل۔۔۔ کھڑی رپٹ آھے۔" (کیا رپورٹ ہے۔)
"سائیں! اس نے کھانا کھالیا ہے۔ پر وہ بات ماننے کو تیار نہیں۔"
"تب تک وہ اپنے کیمپ میں ہی رہے جا کے۔ میں کچھ پیسے دے دوں گا۔" وہ آفس کے اندر گم ہو گیا۔
"سدا جیوے سائیں۔" فضل داد کو علم تھا وہ ایک ضرورت مند کو بالکل ٹھیک جگہ لے کے آیا ہے۔
"اور سنو۔" وہ لڑکی کے پیچھے پیچھے اپنے آفس سے نکلا۔
"سائیں۔۔۔" فضل داد نے ہاتھ جوڑے۔
"اپنے کیمپ تک چھوڑ کے آؤ اور جلد ہی کسی گھر میں اس کا بندوبست کرو۔ اس کا روز ادھر آنا ٹھیک نہیں۔" بات ختم کرکے اس نے نظریں لڑکی سے ہٹا کے فضل داد پہ جمائیں۔
"تم نہیں جانتے فضل! عورت کی عزت کتنا نازک آبگینہ ہوتی ہے۔ ذرا سی ٹھیس سے چکنا چور ہو جاتی ہے۔" وہ دل ہی دل میں فضل داد سے مخاطب تھا۔ نظریں بظاہر لڑکی کی ایڑیوں پر جمی تھیں۔
سیاہ پڑتی' پھٹی ایڑیاں' کسی کی نرم گلابی ایڑیوں میں بدل رہی تھیں۔

☆ ☆ ☆

سامنے بیٹھی طرح دار لڑکی اپنے ناخن فائل کرتی مسز رباب کو مسلسل زچ کر رہی تھی۔
"آخر تمہیں اعتراض کس بات پر ہے۔"
"ایک دم اجڈ گنوار انسان ہے وہ' نہ ایٹی کیٹس' نہ مینرز۔"
"تو تم کسی سے ملتے وقت اس کی خوبیاں دیکھتی ہو' مت بھولو کہ تم اصل میں ہو کیا۔"
سخت لہجے میں ٹھہر ٹھہر کر بولتی وہ اٹھ کے اس کے سر پہ جا پہنچیں۔ اس نے اٹھنے کی کوشش کی مگر اس کے کندھے پر ان کا ہاتھ رکھا تھا۔ انگلیوں کی چبھن محسوس کی جاسکتی تھی۔
"آج میں تمہاری جگہ کسی اور کو بھیج دیتی ہوں۔ بٹ نیکسٹ ٹائم' ڈونٹ فارگیٹ ویٹ ہو آئی ایم۔" (آئندہ یہ مت بھولنا کہ میں کون ہوں۔) مجھے تم جیسی اڑیل گھوڑیوں کو سدھانے اور ان کی چمڑی کسوانے کا فن خوب آتا ہے۔" ان کے سرد لہجے کی سفاکی' اس کی ریڑھ کی ہڈی میں دوڑ گئی تھی۔ انہوں نے اس کا کندھا تھپتھپایا۔
"ناؤ یو ہے گو اپ اسٹیئرز۔ سم ون از ویٹنگ ویئر فار یو۔" (اب تم اوپر چلی جاؤ' کوئی تمہارا انتظار کر رہا ہے وہاں۔) وہ گہری سانس لے کر اوپر کی طرف بڑھ گئی۔
اس جہنمی زندگی میں آرام اور سکون کا ایک ذرا سا راستہ' اپنی سو کالڈ آنٹی کے حکم کی بجا آوری کی صورت میں ہی نکلتا تھا۔
اوپر کون تھا۔ وہ نہیں جانتی تھی۔ مگر وہ چاہتا کیا تھا۔ یہ اسے بخوبی معلوم تھا۔

☆ ☆ ☆

سرما کی مریل سی دھوپ میں امی کے پیروں کی مالش کرتے ہوئے اس نے سر اٹھا کے داہنی دیوار کو دیکھا۔ سدا بہار کے اکلوتے پودے پر پھولوں کا نام و نشان تک نہ تھا۔
"یہ کیسا سدا بہار کا پودا ہے۔ اس پر پھول کیوں نہیں آتے۔" اس کا دھیان بھٹک چکا تھا۔
"پورا سال اس پر پھول آتے ہیں۔ ہر موسم میں بہار کا موسم' سچ پوچھو تو یہ پودا بالکل تم جیسا ہے۔" کسی کی یاد بھی سدا بہار جیسی ہی تھی۔

تمہاری یاد کا موسم
جو ہر اک دکھ سے گہرا ہے








WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

نہ جانے کتنی مدت سے ہمارے من میں ٹھہرا ہے
مگر تم نے نہیں جانا مگر تم نے نہیں سوچا
تمہارے پیار کا موسم
جو ہر موسم سے پیارا تھا
میرے ان بکھراں لمحوں کا اک واحد سہارا تھا
مگر تم نے نہیں سمجھا مگر تم نے نہیں سوچا۔
تمہارے بعد کا موسم
ایک کالی گھات جیسا ہے
جو جیتی ہے نہ ہاری ہے۔ اک ایسی مات جیسا ہے
مگر تم نے نہیں دیکھا۔ مگر تم نے نہیں سوچا۔

"شاید ماحول کا اثر ہو گیا ہے اس پر۔" اس نے خود کلامی کی۔

"اے کیا کہہ رہی ہے۔" چچی نے ہاتھ کا چھجا بنا کر مندی آنکھوں سے اسے دیکھا۔

"کہہ رہی ہوں۔ اس گھر میں تو سدا بہار کے پودے پر بھی بہار نہیں آتی۔" اس نے بات چھپانے کی کوشش نہیں کی۔

"مجھے تو... تو پاگل لگنے لگی ہے۔ سارا دن دیواریں تکتی ہے۔ اب کیا ان سے باتیں بھی شروع کر دیں۔"

"آپ نے مجھے پاگل کرنے میں کوئی کسر چھوڑی ہے کیا چچی۔"

"کیوں... میں نے کیا... کیا ہے؟"

وہ خاموش رہی۔

انہوں نے اصرار نہیں کیا۔ یوں بھی وہ جانتی تھیں کہ انہوں نے کیا کیا تھا۔

"اب کہاں چلی۔ دو گھڑی میرے پاس بھی بیٹھ جایا کر۔" چپل اڑستے وہ ذرا کی ذرا ٹھہری۔

"میں نہیں ٹھہر سکتی۔ مجھے وحشت ہوتی ہے۔" وہ اٹھ کے چلی گئی۔ پیچھے وہ بڑبڑاتی رہیں۔

"چل دفع دور' میں کون سا مر رہی ہوں تجھے پاس بٹھانے کو۔ ہائے نمو! میری بیٹی۔ تجھے بیاہ کے تو میں تیری صورت کو ہی ترس گئی۔ تیری جگہ اسی کو بیاہ دیتی اس سانڈ سے تو بہتر رہتا۔"

ان کی آنکھوں سے اکلوتی بیٹی کی یاد میں آنسو بہہ نکلے۔

☼ ☼ ☼

بیش قیمت فرنیچر اور ڈیکوریشن پیسز سے سجا وسیع و عریض لاؤنج صاحب خانہ کے عمدہ ذوق کا منہ بولتا ثبوت تھا۔

مہنگی ترین لکڑی سے بنا وہ ترچھا بل کھایا صوفہ' جس کے ایک کونے میں وہ سکڑی سمٹی بیٹھی تھی۔ پوری طرح آرام دہ ہونے کے باوجود اسے سخت بے آرام لگ رہا تھا۔

"اوہ نو... یہ مسز بابر سلطان تمہارے نازک وجود پر بہت بھاری بھر کم لگتا ہے۔ کین آئی کال یو نوما (میں تمہیں نوما کہہ سکتی ہوں)۔" یہ وہی عورت تھی جسے اس نے کچھ دن پہلے اپنی کوٹھی کے ڈرائنگ روم میں اپنی تعریفوں کے پل باندھتے دیکھا تھا۔ آج بابر سلطان اسے اچانک ہی لے کر یہاں چلا آیا تھا۔

"اوہ یہ انگریزی گٹ پٹ اس کی سمجھ میں کہاں آئے گی۔" وہیں ایک صوفے پر بابر نے بھی ٹانگیں پھیلا لی تھیں۔

"سب آجائیں گی۔ تم فکر مت کرو۔ میں سب سکھا دوں گی۔" وہ قربان ہو جانے والی نظروں سے اسے دیکھ رہی تھیں۔

"جب ہی تو لایا ہوں تمہارے پاس۔" وہ اپنے مخصوص بے ڈھنگے انداز میں ہنسا۔

وہ بھی ہنستی ہوئی باہر نکل گئی۔ لاؤنج میں مکمل خاموشی تھی۔

اس نے جھکی نظروں سے اپنے خاوند کو دیکھا۔ گہرے سرمئی رنگ کا قیمتی سوٹ' اس کی موٹی توند اور گھنی مونچھوں والے بڑے سارے منہ کے ساتھ ذرا بھی سج نہیں رہا تھا۔ اس کی ساری شخصیت میں ایک بھونڈا پن نمایاں تھا۔

"مجھے یہاں کیوں لائے ہیں۔" کولڈ ڈرنک کا گلاس



اس کے لبوں تک جاتے جاتے رک گیا۔

"مجھ سے کچھ کہا۔" اس کی بناوٹی اداکاری بھی اسی طرح کی بھونڈی تھی۔

"پوچھ رہی ہوں۔ یہاں کیوں لائے ہیں مجھے۔" ناچاہتے ہوئے بھی وہ تلخ ہو گئی۔ "گھر چلیں... میرا دل گھبرا رہا ہے۔" اس نے بے چینی سے اس کی منت کی' جانتی جو تھی' یہاں نہ سوال کرنے کی اجازت تھی' نہ انکار کرنے کی۔

"چپکی بیٹھی رہ' جھلی نہ ہو تو..." اور وہ اس کی تو تڑاخ سے پہلے ہی عاجز اور خائف رہتی تھی۔ اس وقت بھی دبک سی گئی۔

اسی وقت مسز رباب نے وہاں قدم رکھا تو ان کے ساتھ ایک الٹرا ماڈ قسم کی لڑکی تھی۔

"واؤ... لکنگ چارمنگ... میک اوور کرنا ہے۔" وہ اسی سے پوچھنے لگی۔ آواز اور انداز بھی ماڈرن تھے۔

"ہاں اسے لے جاؤ اور سنو... بی کیئر فل پلیز ہاں۔"

وہ خاصے مصروف انداز میں اس سے مخاطب تھیں۔ آخر میں ان کا لہجہ' کچھ معنی خیز ہو گیا۔

وہ خوف زدہ سی اپنی جگہ سے اٹھی' لیکن کچھ کہنے سے پہلے ہی بیوٹیشن نے اسے بازو سے تھاما اور آگے بڑھ گئی۔ وہ کچھ گو مگو کے عالم میں بے جان سی اس کے ساتھ چلتی چلی گئی۔

☼ ☼ ☼

دودھ کی پتیلی خالی تھی۔

اسے یاد آیا' دودھ کی قیمت میں ہوتے مسلسل اضافے سے گھبرا کے اس نے کل ہی دودھ والے کو فارغ کر دیا تھا کہ اب آنے کی تکلیف نہ کرے۔ لیکن اب وہ کرے کیا۔

وقت نکلا جا رہا تھا۔ اس کی تیاری مکمل ہو چکی تھی۔ لیکن پیٹ میں دوڑتے چوہے کچھ سمجھنے سے قاصر تھے۔ اس نے بے تابی سے سلیب پر ہاتھ مارا۔ مڑی تڑی تھیلی میں گڑ کی ڈلی پڑی تھی۔ جلدی سے روٹی کا ڈبہ کھول کر رات کو جان بوجھ کر بچایا گیا باسی روٹی کا ٹکڑا نکالا۔ گڑ کی ڈلی کے گرد لپیٹا اور ٹھونس لیا۔

"امی! دروازہ بند کر لیں۔" بھرے منہ سے آواز لگاتی وہ دروازے کی طرف لپک گئی۔ تیز تیز قدم اٹھاتی وہ دل میں عہد کر رہی تھی کہ پہلی تنخواہ ملتے ہی وہ اپنے لیے ایک سوئٹر تو لے ہی لے گی۔ یہ پتلی سی شال بھلا اس سردی کا کیا بگاڑ سکتی تھی۔

لیکن ابھی اس خواب کے شرمندہ تعبیر ہونے میں پورے انیس دن باقی تھے۔ تب تک یقیناً" ضروریات کی فہرست طویل سے طویل تر ہو جانا تھی۔ لیکن اس بار اس نے سوچ لیا تھا۔

اس بار وہ اپنی محنت کی کمائی پہلے خود پر اور بعد میں بلکہ بالکل آخر میں گھر والوں پر خرچ کرے گی۔ اس نوکری سے منسلک ہی اسے کتنی اشیا کی فوری ضرورت تھی۔

ایک گھڑی' سوئٹر' چند نئے جوڑے اور جوتے۔ بننے سنورنے کا شوق تو اسے پہلے بھی زیادہ نہیں تھا لیکن۔

"سی... ی... ی..." بے ساختہ ٹھٹھر کر اس نے ہاتھ کی خشک پھٹتی ہوئی جلد کو ... سہلایا۔ "ایک کولڈ کریم یا لوشن تو فوراً" ہی لینا چاہیے۔"

اور اس فوراً" کے حاشیے میں اس کی کتنی ہی ضرورتیں کھڑی دہائی دے رہی تھیں۔ کتنی ہی ایسی چیزیں جن کا ذکر وہ صرف اپنی چچی اماں سے کر سکتی تھی۔ مگر کرنا نہیں چاہتی تھی۔ بھلا وہ اس کی ماں تھیں ہی کب' وہ تو نمو کی ماں تھیں۔ نمو نعیمہ کی ماں... نمو کی یاد نے گھنٹی کیا بجائی دل میں جیسے اس سے جڑی کتنی ہی یادوں نے یلغار کر دی۔

نمو سے زرباب اور زرباب سے...

کئی سال پہلے سردیوں کے موسم میں اس کے کتنے کام بن کہے ہو جاتے تھے۔ وہ کہتا تھا کہ روشی بہت خوددار ہے اور اسے اس کی خودداری پسند ہے۔ اس کے ہاتھ میں اپنی سیاہ جرابیں اور ایک استعمال شدہ پل



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

اوور تھا۔

"نئے لاتا تو تم اعتراض کرتیں۔" اس نے دونوں چیزیں اسے تھمائیں۔ "اور اپنے اس لیے لایا ہوں کہ تمہیں میری یاد آتی رہے گی اور تم پہنوگی بھی شوق سے۔"

"اس میں تمہاری خوشبو بھی تو ہے۔" اس نے فوراً" ہی پل اوور پہن لیا تھا۔ اس کے لبوں پر بہت میٹھی مسکراہٹ تھی۔ وہ جانتا تھا وہ اس کے دل تک رسائی رکھتا تھا۔ اس کی آنکھیں پڑھ سکتا تھا۔

"وہ زبان سے کبھی نہیں کہتی کہ اسے کسی چیز کی ضرورت ہے۔"

"اوہو تو تمہیں کیسے خبر ہوجاتی ہے۔" نمو جل جاتی۔

"مجھے۔" وہ ہنس دیتا۔ "بس ہوجاتی ہے دل کو دل سے راہ۔"

اس کے لبوں پر ایک سرد آہ نے چپکے سے فریاد کی۔ "کاش تمہارے دل کو راہ ہوجائے ایک بار پھر۔ مجھے تمہاری کتنی ضرورت ہے زریاب! کاش تمہیں پتا چل جائے۔" اسکول کی عمارت سامنے نظر آرہی تھی۔

اس نے تمام سوچیں' یادیں ذہن کے کونے میں دھر کر ایک نئے عزم سے احاطے میں قدم رکھا۔

☆ ☆ ☆

"سائیں! وہ شاہل بی بی آئی ہے۔"

"کون شاہل؟" وہ اس وقت بے انتہا مصروف تھا۔

"سائیں وہی کیمپ واری۔۔۔ جیکو بابا بوڑھ میں مری ویو۔"

"اوہاں۔۔۔ کیا ہوا۔۔۔ تم نے پتا کیا تھا اس کے لیے کام وغیرہ۔۔۔ تم اسے دیہاڑی دے دیتے ہو' روز کے روز۔"

"تو پھر۔۔۔ کوئی مسئلہ ہے۔" اس نے فضل داد کا "جی سائیں" سن کر بے دھیانی سے پوچھا۔

"سائیں! وہ کہتی ہے اسے وہاں نہیں رہنا۔"

"کیوں؟" وہ ایک دم چونک گیا۔

"پتا نہیں۔۔۔ اس کا کوئی ماما شاما آگیا تھا۔ اس کا پتا کرتا ہوا۔"

"تو پھر؟" اب کے اسے اسکرین پر سے نظریں ہٹانی پڑی تھیں۔

"وہ اس سے ڈری ہوئی ہے۔ کہتی ہے وہ ٹھیک بندہ نہیں ہے۔"

وہ کچھ لمحے یوں ہی فضل داد کو دیکھتا رہا۔

"بلاؤ اسے۔۔۔" وہ پھر سے مانیٹر کی سمت گھوم گیا۔

"ہاں بھئی شاہل! کیا بات ہے' کیا مسئلہ ہے۔"

اس دن کی نسبت وہ آج بہتر حلیے میں تھی۔ مگر زیادہ خوف زدہ۔

"سائیں! آج میرے کو شہر بھجادو۔" وہ ہاتھ جوڑ کے بولی۔

"کل تک تو تم منع کررہی تھیں۔ پھر آج اچانک۔"

"سائیں! اور میرا ماما آیا گیا ہے۔ وہ بوہت خراب آدمی ہے۔ میرے کو ڈر ہے۔ وہ میرے کو کہیں اور اور کردے گا۔"

"ادھر ادھر کرے گا مطلب۔" اب کی بار اس کے کان کھڑے ہوگئے تھے۔

"وہ اپنے ساتھ اپنی کسی جاننے والی کو لایا تھا۔ اس سے پیسے لے کر میرے کو اس کے ساتھ چلتا کردے گا۔" اس کی آواز روہانسی ہوگئی تھی۔

"سائیں! آپ بڑے لوگ ہیں۔ کسی سے کہہ سن کے مجھے نکلوادو ادر سے۔ وہ ٹھیک بندہ نہیں ہے اور وہ عورت بھی ٹھیک نہیں تھی۔" وہ اب سندھی میں بول رہی تھی اور فریاد کرتے کرتے باقاعدہ رونے لگی تھی۔

"اچھا اوکے۔۔۔ اوکے۔۔۔ تم روؤ مت۔ میں تمہیں بھجوادوں گا۔ کل ہی بھیج دوں گا۔ آج تو رک جاؤ۔ میں پہلے بات کرلوں۔ گھبراؤ مت' سب ٹھیک ہوجائے گا۔"

"سدا جیو سائیں۔ مولا سکھی رکھے۔" وہ دعائیں دیتی پلٹ گئی تھی۔



اس نے دیکھا' اس کے پیروں میں آج بھی چپل نہیں تھی۔ موسم کی شدت کا اندازہ کرتے ہوئے وہ ایک لمحے کے لیے کپکپا سا گیا۔

"فضل یار۔۔۔ اسے کم سے کم ایک سوئٹر اور سلیپرز تو دے دو' کہیں سے۔"

فضل داد سرہلاتا باہر نکل گیا۔

☆ ☆ ☆

"لاؤ نکالو میرا مال۔"

مسز رباب کو واپس آتے دیکھ کر نشے میں بدمست بابر سلطان واپس ہوشیار ہوچکا تھا۔

"پہلے تم نکالو۔" وہ اطمینان سے سامنے صوفے پر ٹانگ پہ ٹانگ رکھ کے بیٹھ گئیں۔

"نہیں کیا۔۔۔" اس کی آنکھوں میں ہلکی سی خماری تھی۔

"چچ۔۔۔ ڈائیورس پیپرز اور کیا اور کتنی بار کہا ہے۔ اتنا مت پیا کرو۔ دن میں بھی ادھر ادھر لڑھکتے رہتے ہو۔ بدبودار آدمی۔" وہ کراہیت سے آواز نیچی کرکے بڑبڑائیں۔

"ہی۔۔۔ ہی۔۔۔ ہی۔" وہ اپنے بھونڈے انداز میں ہنسنے لگا۔

مسز رباب کے تیور "مال" وصول کرتے ہی بدل گئے تھے۔ وہ اب خاصے اکتاہٹ بھرے انداز میں اس کے اگلے قدم کی منتظر تھیں۔ اس نے کوٹ کی اندرونی جیب سے ایک لفافہ برآمد کیا اور ان کی طرف بڑھادیا۔

مسز رباب نے لفافہ کھول کر سکون سے متن ملاحظہ کیا۔

"ہوں ٹھیک ہے۔" انہوں نے چیک بک نکالی اور چیک سائن کرکے اس کی طرف بڑھادیا۔ وہ تھامتے ہی اٹھ کھڑا ہوا۔

"پڑھ تو لو۔۔۔ اتنا ہی اماؤنٹ۔ جس پہ ڈن کیا تھا۔" وہ بھی کھڑی ہوچکی تھیں۔

"یہ غیروں والا سلوک تم ہمارے ساتھ کرتی ہو جانم۔ ہم نہیں' ہمیں تمہاری زبان پہ بھروسا ہے۔"


بیوٹی بکس کا تیار کردہ

سوہنی ہیئر آئل

SOHNI HAIR OIL



❀ گرتے ہوئے بالوں کو روکتا ہے
❀ نئے بال اگاتا ہے۔
❀ بالوں کو مضبوط اور چمکدار بناتا ہے۔
❀ مردوں، عورتوں اور بچوں کے لئے یکساں مفید۔
❀ ہر موسم میں استعمال کیا جاسکتا ہے۔

قیمت -/120 روپے

سوہنی ہیئر آئل 12 جڑی بوٹیوں کا مرکب ہے اور اس کی تیاری کے مراحل بہت مشکل ہیں لہذا یہ تھوڑی مقدار میں تیار ہوتا ہے، یہ بازار میں یا کسی دوسرے شہر میں دستیاب نہیں، کراچی میں دستی خریدا جاسکتا ہے، ایک بوتل کی قیمت صرف -/120 روپے ہے، دوسرے شہر والے منی آڈر بھیج کر رجسٹرڈ پارسل سے منگوالیں، رجسٹری سے منگوانے والے منی آڈر اس حساب سے بھجوائیں۔

2 بوتلوں کے لئے ---------- -/300 روپے
3 بوتلوں کے لئے ---------- -/400 روپے

نوٹ: اس میں ڈاک خرچ اور پیکنگ چارجز شامل ہیں۔

منی آڈر بھیجنے کے لئے ہمارا پتہ:

بیوٹی بکس، 53-اورنگزیب مارکیٹ، سیکنڈ فلور، ایم اے جناح روڈ، کراچی

دستی خریدنے والے حضرات سوہنی ہیئر آئل ان جگہوں سے حاصل کریں

بیوٹی بکس، 53-اورنگزیب مارکیٹ، سیکنڈ فلور، ایم اے جناح روڈ، کراچی

مکتبہ عمران ڈائجسٹ، 37-اردو بازار، کراچی۔

فون نمبر: 32735021




WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

وہ پاس آکر لگاوٹ بھرے انداز میں ان کی لٹ کو انگلی پر لپیٹ کے بولا۔ مسز رباب نے بے زاری سے اس کا ہاتھ جھٹک دیا۔

"چلو اب چلتے پھرتے نظر آؤ اور سنو۔ آئندہ ذرا صاف ستھرے ہو کے آنا۔"

ان کا کام ہو چکا تھا۔ انہیں اس پر نثار ہونے کی ضرورت نہیں تھی۔

☼ ☼ ☼

وہ حیرت زدہ سی آئینے میں اپنا بدلا ہوا روپ دیکھ رہی تھی۔ بیوٹیشن کے ماہرانہ ہاتھوں نے اسے سراپا بدل ڈالا تھا۔ ہیئر کٹنگ، میک اپ اور وہ اسٹائلش کپڑے جن میں وہ اس وقت قدرے بے چینی محسوس کر رہی تھی۔ اس کے متناسب جسم پر خوب سج رہا تھا۔

"ہاؤ ڈو یو تھنک ناؤ۔" بیوٹیشن مسکرائی۔

"جی۔۔۔" اس نے چونک کر اسے دیکھا۔

"کیسا لگ رہا ہے اپنا آپ۔"

"یقین نہیں آتا، میں اتنی خوب صورت بھی لگ سکتی ہوں۔" بیوٹیشن مسکرا کے اپنا سامان سمیٹنے لگی۔

"او ڈارلنگ۔۔۔ یو آر لکنگ ویری پریٹی۔" مسز رباب اندر آ کے اپنے مخصوص انداز میں بولیں۔ وہ تھوڑا سا شرما گئی۔

"چلو آؤ۔" وہ اس کا ہاتھ پکڑ کے لاؤنج میں لے آئیں۔ لاؤنج خالی تھا۔

"وہ۔۔۔ وہ بابر۔۔۔" وہ خالی لاؤنج دیکھ کر تھوڑا سا گھبرا سی گئی۔

"بابر۔۔۔" خراماں خراماں سی مسز رباب ایک دم کچھ اٹک گئیں۔

"ہاں۔۔۔ وہ ایکچوئیلی اسے ایک میٹنگ میں جانا پڑ گیا۔ بالکل اچانک۔ بٹ یو ڈونٹ وری۔ تم آج کا دن ہمارے ساتھ گزارو نا۔ بہت انجوائے کرو گی اور شام کی پارٹی میں تو وہ ہمیں جوائن کر ہی لے گا۔ ہم۔۔۔ م۔۔۔ م۔" ان کا انداز ابھی بھی ویسا ہی پیار بھرا تھا۔ مگر اسے بے چینی نے آگھیرا۔

یہ گھر اور گھر کے لوگ، یہ ماحول سب ایک دم اجنبی اور پرایا لگنے لگا تھا۔

☼ ☼ ☼

"میں دو دن کے لیے شہر جا رہا ہوں۔"

"اور تو زریاب! یہ کیا بات ہوئی۔ تم اس دن بھی دروازے سے مجھے ڈراپ کر کے چلے گئے تھے۔" اسے پتا تھا آئمہ ناراض ہوگی۔ لیکن اس کا کام زیادہ ضروری تھا۔

آج صبح آفس آتے ہی اسے خبر ملی تھی کہ کیمپ میں کل رات شاہل کے ساتھ کسی نے دست درازی کرنے کی کوشش کی تھی۔ اس کے شور مچانے پر سب سے پہلے اس کا ماما ہی وہاں پہنچا تھا۔ شاہل اسی وقت وہاں سے نکل کے اس کے آفس آ گئی تھی۔ اس نے پوری رات وہیں ٹھنڈے برآمدے کے یخ بستہ فرش پر بیٹھے بیٹھے گزار دی تھی۔

اسے یہ ساری معلومات فضل کے ذریعے حاصل ہوئی تھیں۔ جو فجر کے وقت آفس کھولنے آیا تو اس نے شاہل کو برف جیسے فرش پر بیٹھے روتے ہوئے پایا۔ شاہل کا کہنا تھا کہ کیمپ میں اس کے ساتھ بدتمیزی کرنے والا شخص اس کے ماما کا ہی بھیجا ہوا تھا۔ اس کا ماما اسے خوف زدہ کر کے اپنے ساتھ لے جانے پر رضامند کرنا چاہتا تھا۔

زریاب اس واقعے کی تفصیل سن کر اتنا ڈسٹرب ہوا کہ اس نے فوراً ہی اسے اپنے ساتھ ہی کراچی لے جانے کا فیصلہ کر لیا تھا۔ چونکہ یہ فیصلہ اس نے انتہائی ہنگامی بنیادوں پر کیا تھا۔ اس لیے نہ صرف آئمہ کو اس کے حصے کا سارا کام نپٹانا تھا۔ بلکہ وہ اس کے ساتھ ایک خوب صورت سفر سے، اسی وجہ سے محروم رہ جانے والی تھی۔ وہ اس کی ناراضی کا سبب سمجھتا تھا، مگر مجبور تھا۔

مضافاتی علاقوں میں آباد گاؤں میں غربت کی لکیر اور خواندگی کی شرح پر کی جانے والی ریسرچ کی سروے رپورٹ اسے کل ہر حال میں فائنل کر کے دینی تھی۔



اور کام اتنا زیادہ تھا کہ کل پر ٹالا نہیں جا سکتا تھا۔ جو مسئلہ ابھی اس کے سر پر پڑا تھا وہ بہرحال اپنی جگہ اہم تھا اور وہ ایک دن میں کراچی جا کے واپس نہیں آسکتا تھا۔ آئمہ بھی یہ سب سمجھتی تھی۔ جب ہی اس نے ناراض تو تھی مگر بہت زیادہ نہیں۔

"پلیز آئمہ۔۔۔ ڈونٹ بی اینگری، پلیز انڈر اسٹینڈ۔"

"آئی کین انڈر اسٹینڈ۔" اس نے جتایا۔ "دیکھو اگر یہ سروے رپورٹ کا مسئلہ نہیں ہوتا نا، تو میں تمہیں ضرور ساتھ لے کر چلتا۔ ایک تم ہی تو میری فرینڈ ہو اور تم جانتی ہو، میں تمہاری کمپنی کو ہمیشہ ہی انجوائے کرتا ہوں۔"

"اٹس اوکے، میں نہیں ہوں ناراض، مگر بس تم جلدی آجانا۔" وہ مسکرا دی تھی۔

وہ جانتی تھی، زریاب جھوٹ نہیں بول رہا تھا۔ وہ واقعی اس کا بہت اچھا دوست تھا اور وہ خود بھی اس کی بہترین دوست تھی۔ اپنی اس دوستی کو چھوٹی بہن کے حوالے سے رشتے داری میں بدلنا چاہتی تھی۔

"اور سنو۔۔۔ میں رپورٹس ریڈی کر کے باس کو دے دوں گی۔" اس نے آواز لگائی تھی۔

☼ ☼ ☼

اسکول میں اس کا پہلا دن توقع کے مطابق اچھا ہی گزرا تھا۔

پرنسپل کا انداز مشفقانہ تھا تو اسٹاف کا دوستانہ۔

یہ کوئی بہت بڑا انگلش میڈیم اسکول نہیں تھا۔ درمیانے درجے کا ایک معمولی سا تنگ گلیوں کے مقابلے میں کھلے میدان میں کھلنے والا اسکول تھا۔ میٹرک تک کلاسز تھیں اور انگلش بولنے پر کوئی خاص زور نہ تھا۔ بلکہ زیادہ تر ٹیچرز معمولی سی بھی انگلش بولنے سے قاصر تھیں۔

ایسے میں اس کے منہ سے نکلنے والے انگلش کے چھوٹے چھوٹے جملوں نے اسے اچانک ہی سب اسٹاف کی نظر میں بہت پڑھا لکھا بنا دیا تھا۔ وہ گئی بھی انگلش اور سائنس پڑھانے کے لیے تھی۔ اس لیے دوسرے مضامین کی ٹیچرز کے مقابلے میں اسے وہ امتیازی حیثیت پہلے دن ہی حاصل ہو گئی تھی جو سائنسی مضامین اور نہم اور دہم جماعت پڑھانے والے اساتذہ کو حاصل تھی۔ یہی امتیاز یہاں ٹیچرز کی تنخواہ میں بھی روا رکھا جاتا تھا۔

سارا دن ایک خوش کن احساس اس کے گرد چھایا رہا۔

چھٹی کے سمے گھر کی طرف اٹھنے والے قدموں میں تھکاوٹ کے باوجود ایک نیا جوش و جذبہ جھلک رہا تھا۔ اسے یقین تھا، وہ اپنے شاگردوں میں بھی اپنے حسن سلوک کی بدولت جلد ہی مقبولیت حاصل کر لے گی۔ اسے یاد تھا۔ جب وہ میٹرک میں تھی تو اپنا خرچ خود اٹھانے کی خاطر ٹیوشنز دیا کرتی تھی۔ تب بھی بچے اس کو زریاب کی نسبت زیادہ پسند کرتے تھے۔ زریاب اور اس نے اکٹھے ہی تو ٹیوشن دینی شروع کی تھی اور زریاب۔۔۔؟

سبک خرامی سے اٹھتے قدموں میں پہلا بریکر آیا تھا۔

"یہ میں زریاب کو یاد کرنا کب چھوڑوں گی۔ اللہ جانے چھوڑ بھی سکوں گی یا ساری زندگی یادوں کے سہارے۔

او میرے خدا۔" دروازہ بجاتے ہوئے یہی آخری خیال آیا تھا۔

☼ ☼ ☼

وہ پریشان تھی۔ آدھی رات گزر چکی تھی اور پارٹی اپنے عروج پر تھی۔

اس کلاس میں پینا پلانا بڑی عام سی بات تھی۔ اسے شادی کے شروع کے دنوں میں اگر کبھی حیرت، پریشانی یا کراہیت ہوتی بھی تھی تو اب وہ سارے احساسات ایک سرد اور جامد کیفیت میں بدل چکے تھے۔ شادی ایک جوا ہے اور وہ جانتی تھی وہ یہ جوا بہت بری طرح ہار چکی ہے۔

تھوڑے دن غم منانے کے بعد اس نے یہ ہار قبول



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

سسکتی تھی۔

لیکن دور، دور تک اسے پتا نہ تھا کہ وہ کیا کچھ ہار چکی ہے اور کیا کچھ ہے جو ابھی قبول کرنا باقی ہے۔ اس کا شوہر اسے ابھی تک لینے نہیں آیا تھا۔ وہ نہیں جانتی تھی وہ اب کبھی نہیں آئے گا۔ کم سے کم اسے لینے تو ہرگز نہیں۔

"ارے یہاں ایسے کیوں بیٹھی ہو۔" مسز رباب بہت دیر بعد اسے ڈھونڈنے میں کامیاب ہوئی تھیں۔

"نہیں کچھ نہیں۔۔۔ بس وہ تھکن سی ہو رہی تھی۔" وہ شدید تھکن کا شکار تھی۔

"ارے ابھی سے تھکن ڈارلنگ، ڈونٹ وری میں ابھی تمہیں اندر بھجواتی ہوں، معین ادھر آؤ۔" انہوں نے پاس کھڑے ملازم کو آواز دی۔

"وہ بابر۔۔۔ نہیں آئے؟" اس نے پوچھا۔

"ہاں۔۔۔" وہ۔۔۔ چونک سی گئیں۔

"آجائے گا نا۔۔۔ کہیں پھنس گیا ہوگا، جانی تم پریشان مت ہو۔ تم میرے پاس ہو۔ بالکل اپنوں کے پاس۔" وہ اس کا گال تھپتھپا کے بولیں۔

"اس کے ساتھ چلی جاؤ، بیگم صاحبہ کو ان کا بیڈ روم دکھاؤ۔"

وہ مصروف سے انداز میں کہہ کر کسی اور طرف بڑھ گئیں۔

اس کو اس طرح کی مخلوط محفلوں میں شرکت کرنے کی ابھی تک عادت نہیں پڑی تھی۔ وہ فوراً" ایسی بے باک محفل سے جان چھوٹنے پر شکر ادا کرتی۔ ملازم کے پیچھے چل دی۔ جہاں عریاں بازوؤں اور مختصر لباس والی عورتیں محرم اور نامحرم کا فرق بھولے۔ غیر مردوں کے گلے کا ہار بنی جا رہی تھیں۔ رنگین مشروب کے نشے میں ڈوبے سب ہی حال سے بے حال تھے۔

اور ایک نوکیلی سوچ جو مستقل اسے چبھ رہی تھی۔

"مسز رباب کو پتا تھا کہ بابر آج نہیں آئیں گے۔ جب ہی انہوں نے میرے لیے بیڈ روم تیار کروایا۔ مگر۔۔۔ وہ یہ بات مجھے بتا بھی تو سکتی تھیں کہ مجھے آج یہیں رکنا پڑے گا۔ چھپانے کی کیا ضرورت تھی۔"

☼ ☼ ☼

کراچی آنے میں کچھ ہی دیر باقی تھی۔

سورج سارا دن گزارنے کے بعد مغرب کی سمت سفر کر رہا تھا۔ مسلسل ڈرائیونگ سے اس کا جسم تھک کر چور ہو چکا تھا۔ یہاں اکیلے آنے کا فیصلہ اس کا اپنا تھا۔ وہ نہیں چاہتا تھا کہ فضل داد کو اس کے اگلے ٹھکانے کا علم ہو۔

"آج تمہیں میرے گھر میں رکنا ہوگا۔" وہ پیچھے سیٹ پر سکڑ کے بیٹھی شاہل سے مخاطب تھا۔

"گھر جاتے جاتے رات ہو جائے گی اور میں تھک بھی گیا ہوں بہت۔ کل چلیں گے وہاں۔ جہاں تمہیں کام مل جائے گا۔" وہ چپ تھی، مگر وہ جانتا تھا وہ سن رہی ہے۔

"اچھا دیکھو، مجھے بھوک لگی ہے۔ میں کھانا لاتا ہوں۔ اگر تمہیں کچھ کھانا ہے تو بتا دو۔"

اس نے حسب توقع نفی میں سر ہلایا۔ پھر بھی واپسی پر اس کے ہاتھوں میں اس کے لیے برگر اور کولڈ ڈرنک تھی۔

"کھالو، مجھے پتا ہے تم بھوکی ہو۔" اس نے جھجکتے ہوئے اپنے سانولے ہاتھ اس کی طرف بڑھائے۔

چیزیں تھماتے ہوئے دونوں کی انگلیاں ذرا مس ہوئیں تو زریاب کو ان ہاتھوں کی نرمی کا احساس ہولے سے چھو گیا اور ساتھ ہی کسی کی یاد بھی۔ وہ جانتا تھا۔ اب نہ یہ یاد ٹلے گی، نہ اس کی جان چھوڑے گی۔

وہ اگلے کئی گھنٹوں تک جاگنے کے لیے بالکل تیار تھا اور اگلے کئی گھنٹوں تک کوئی قابل غور کام کرنے کے لیے تیار نہیں تھا۔ اب اسے ڈرائیونگ پر پہلے سے زیادہ توجہ دینی تھی اور تھکاوٹ بڑھتی جاتی تھی۔

☼ ☼ ☼

کوئی موسم تو ایسا ہو
کہ جب بچھڑے ہوؤں کی یاد کے جگنو چمک کھو دیں



کوئی موسم تو ایسا ہو
کہ دل کے زخم بھر جائیں
اگر ایسا نہیں ہوتا تو پھر۔۔۔
ساری خواہشیں دل کی
سارے خواب اور ارماں
یوں ہی گھٹ گھٹ کے مر جائیں، مجھے آزاد کر جائیں
کوئی موسم تو ایسا ہو
کہ جو موسم، تمہاری یاد کا موسم نہ ہو

اسکول کی مصروفیت میں دن رات کی سست رفتار نے قدرے تیزی پکڑی تھی۔ وہ اپنے نئے معمول سے مطمئن تھی۔

مستقبل قریب میں اس کا ارادہ تھا کہ وہ گھر پہ بھی ٹیوشنز شروع کردے گی۔

دل و دماغ کی مصروفیت اس سے بہتر اور کوئی نہیں تھی کہ کسی تعمیری کام میں لگایا جاتا۔ یہ الگ بات تھی کہ صبح صبح نوکری کے لیے گھر سے نکلنا اور پھر واپسی پر تمام کام نمٹانا اس کی تھکاوٹ میں کئی گنا اضافہ کرتا تھا۔ لیکن یہ مصروفیت تکلیف دہ یادوں سے پیچھا چھڑانے میں بہت ممد و معاون تھی۔

یادیں جو کسی تار عنکبوت کی طرح اس کے گرد اپنا جال کستی جاتی تھیں۔ وہ اپنا آپ چھڑاتے چھڑاتے ہلکان ہونے لگی تھی۔ بھلا اور کون سی خوش بختی زریاب کے سوا اس کی زندگی میں اس کی منتظر تھی۔

کچھ بھی تو نہیں تھا۔ نہ لاڈ اٹھانے والے ماں، باپ، نہ پیار بھری لڑائی کرنے والے بہن، بھائی۔ ایک بہن تھی تو اس نے اپنا بہناپا خوب دکھایا اور چچی۔۔۔ جنہیں وہ ماں سمجھتی تھی۔

دراصل وہ اس کی ماں تھیں ہی نہیں۔ نہ سگی، نہ سوتیلی وہ اس کے رشتے کی چاچی تھیں۔

اپنی پیدائش پر ہی ماں جیسی انمول ہستی سے محروم ہو جانے کے بعد۔ اسی گھر میں کھیلی کودی، وہ ان ہی کو ماں سمجھتی چلی آرہی تھی۔ ہمیشہ سے۔ ان کی اکلوتی اولاد نعیمہ عرف نمو ہی اس کی اکلوتی بہن تھی۔

ہاں زریاب کی بات الگ تھی۔ اسے ہوش سنبھالنے سے بھی پہلے سے اس گھر میں آتے اور اپنا خیال رکھتے دیکھا تھا بہت سالوں تک۔ وہ فطرتاً" بھی ایسا ہی تھا۔ محبت، مروت، فکر پروا کرنے والا، خیال رکھنے والا۔

لیکن وہ خاص نرم گرم جذبے جو کسی خاص شخص کے لیے دل میں ابھرتے ہیں۔ اس کا اظہار اس نے صرف رشنا سے ہی کیا تھا۔ اس میں کسی اور کو بھی شراکت دار نہیں بنایا نہ، اس نے نہ رشنا نے۔ پھر بھی پتا نہیں کب، کیوں اور کیسے نمو کے دل میں اس کے لیے نرم گوشہ پیدا ہو گیا اور اس نے اس راز میں سب سے پہلے اپنی ماں کو شریک کیا۔ کہنے کو تو زریاب، رشنا کی خالہ کا بیٹا تھا اور اسی کی وجہ سے اس گھر میں آتا تھا۔ لیکن نمو اس کی آمد کو اپنے آپ سے منسوب کر کے اس کی راہ تکنے لگی۔

رشنا کو احساس تک نہ ہوا کہ کتنی بڑی شکست اس کی بچی سجائی، سیدھی سادی زندگی کی بساط الٹنے کے لیے تیار بیٹھی ہے۔

"چچی! میرے رشتے کے لیے پریشان ہیں۔ تمہاری تعلیم کب مکمل ہوگی۔ کب تم نوکری کروگے۔" اس کے لہجے اور آواز میں مایوسی تھی۔

"اس کے لیے میری تعلیم اور نوکری کی کیا ضرورت ہے۔ میں آج ہی بات کرلیتا ہوں۔"

"پاگل ہو گیا۔ جب تک نوکری نہیں کرلیتے کس بل بوتے پر کہہ سکتے ہو۔"

"مجھے اپنے زور بازو پہ پورا بھروسا ہے یار۔"

"وہ تو سب کو ہے۔ خدانخواستہ کوئی تمہیں ناکارہ تو نہیں کہہ رہا، لیکن تمہارے لیے شادی کی بات جلدی ہے۔"

"اور تمہارے لیے یہ جلدی نہیں ہے۔ تم مجھ سے کتنی چھوٹی ہو۔"

"ہاں تو لڑکیوں کی شادی کم عمر میں ہوتی ہے۔ انہیں اپنے پیروں پر کھڑے ہونے کا انتظار نہیں ہوتا۔" اس نے ایک گہری سانس لی۔



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

"تمہاری چچی جانتی ہیں، میں تمہیں پسند کرتا ہوں۔ تمہارے لیے یہاں آتا ہوں۔ پھر وہ کیوں یہ سب چکر چلا رہی ہیں۔"

"پتا نہیں۔" وہ خود الجھی ہوئی تھی۔ "ابو کے جانے کے بعد ہم تینوں بہت اکیلی سی ہوگئی ہیں۔"

"تو ٹھیک ہے، مجھے بات کرنے دو۔ ان کی فکر کم ہوجائے گی۔ کہہ دوں گا آپ نمو کی فکر کریں۔ تمہاری فکریں میرے لیے چھوڑدیں۔"

وہ بات کے آخر میں نرم نگاہوں میں اس کا صاف ستھرا چہرہ سمو کر مسکرادیا۔

☼ ☼ ☼

نیم تاریک کمرے میں بیٹھے ہوئے اسے یاد نہیں تھا اسے۔ کتنی دیر ہوگئی تھی آنسو بہاتے ہوئے۔

کیا ہوا تھا۔ یا کیا ہو رہا تھا یا کیا ہونے والا تھا اس کے ساتھ، لاکھ چاہنے پر بھی وہ سمجھ نہیں پارہی تھی۔ فقط چھ مہینے پہلے اسے بیاہ کرلانے والا شوہر چھ ماہ میں چھ بار بھی اس کے گھروالوں سے ملانے نہیں لے کر گیا۔ اس کے گھر میں فون نہیں تھا۔ موبائل کی سہولت تو خیر عیاشی ہی تھی۔ وہ فقط تین بار اپنے پڑوس میں فون کرکے امی سے بات کرسکی تھی۔ ایک بار انہیں وے کا اٹیک ہوا تو وہ اس قابل نہیں تھیں کہ گھر سے نکل کر اس سے بات کرنے پڑوس تک آپاتیں۔

پھر ایک دن اس کی کسی بات پر چراغ پا ہوکر بابر سلطان نے حکم جاری کیا کہ آئندہ وہ ماں سے ملنے نہیں جائے گی۔ اس نے احتجاج کیا تو سنگین نتائج کی دھمکی، دو، چار طمانچوں کے بعد مل گئی۔ اس نے بھی زبان بند کرلی۔ اتنی عقل تو تھی اسے کہ لوئر کلاس سے ڈائریکٹ اپر کلاس میں ایک لمبی چھلانگ محض چند دنیاوی خواہشات کی تکمیل کے لیے مارنے کے نتیجے میں اسے جن چیزوں سے ہاتھ دھونے پڑے اس میں اس کی ماں بھی شامل تھی۔

اسے غم تو بہت زیادہ تھا، لیکن بہت جلد غلط کرنا پڑا۔

بابر سلطان کے وحشیانہ رویے سے ڈر کے، یا آنے والی زندگی کی رنگینیوں کا سوچ کے۔ اسے اس زندگی کا استقبال کرنا ہی تھا۔ جو بانہیں کھولے اس کی منتظر تھی۔

اور اس نے کیا بھی، خود کو اس ماحول میں جذب کرنے کی پوری پوری کوشش کی جو اس کی پچھلی زندگی سے اعشاریہ صفر صفر ایک فیصد بھی میل نہیں کھاتا تھا۔ اس کے لیے تو وہ جگہ، وہ محل نما گھر ہی کسی ونڈر لینڈ سے کم نہ تھا۔ اسے تو وہاں کی ٹونٹیوں اور دروازوں کو کھولنے اور بند کرنے کے طریقے بھی دوسرے ملازموں نے سکھائے تھے اور اب جبکہ وہ وہاں کی محفلیں اٹینڈ کرنے اور مہمانوں کو کسی حد تک خوش کرنے کے بھی قابل ہوگئی تھی تو......

ایک نیا دن، نیا موڑ اور نیا انتظار اس کی راہ میں کھڑا تھا۔

تین دن گزر چکے تھے اسے۔ ایک اور ونڈر لینڈ بلکہ مسٹری لینڈ کی سیر کرتے ہوئے۔

یہاں کی لینڈ لیڈی نے اسے شہزادیوں کی سی آن بان کے ساتھ ماتھے پر ایک بھی بل ڈالے بغیر رکھا ہوا تھا۔ بابر سلطان کہاں تھا۔ اب تک کیوں نہیں آیا تھا اور کب آنا تھا اسے، کچھ بھی علم نہ تھا۔ معمولی سی تشویش، ٹھیک ٹھاک پریشانی میں بدل چکی تھی۔ مسز رباب جنہیں وہ بھی دوسری لڑکیوں کی دیکھا دیکھی، آنٹی بلانے لگی تھی۔ کوئی بھی تسلی بخش جواب دینے میں ناکام رہی تھیں۔ موبائل استعمال کرنا اسے آتا ہی نہ تھا۔ نہ بابر سلطان نے کبھی اسے موبائل دلایا۔ نہ اس نے ضرورت محسوس کی۔ وہ اس وقت سخت بے بسی سے نبرد آزما اس کا انتظار کرنے پر مجبور تھی۔

☼ ☼ ☼

رات اتنی طویل نہیں تھی۔ جتنی اس کے لیے بن گئی تھی۔

ماضی کی سنہری، رنگین اور زہریلی یادیں، اپنے نوکیلے پنجے اس کے دماغ میں گاڑے، دل میں کھونپے



قطرہ قطرہ اس کی نیند چوستی رہی تھیں۔

اور وہ مجبور تھا اسے یاد کرنے پر۔ جس کے ساتھ زندگی گزارنے کے خواب دیکھے تھے۔ جس کے سنگ ہر خوشی، ہر غم کا سامنا کیا تھا۔

"روشی، رشنا میری جان، سوری، آئی ایم سوری۔"

الفاظ اس کے لبوں سے ٹوٹ کر بے آواز فضا میں تحلیل ہو رہے تھے۔ انگلیوں میں دبا سگریٹ جلتے جلتے پوروں تک آن پہنچا تو احساس ہوا۔ وہ پچھلے کئی گھنٹوں سے اسے سوچ رہا تھا۔ سگریٹ، ایش ٹرے میں مسل کر جلتی آنکھوں کو دھیرے سے رگڑا۔

اسی پل دروازہ کھول کر کسی نے اسے پکارا تھا۔

"بھائی!" اس نے پلٹ کر دیکھا اور کھڑا ہوگیا۔

"بھائی! اب آئے آپ۔" دروازے سے آگے بڑھ کر وہ بے تابانہ اس سے لپٹ گئی تھی۔

"بہت دیر ہوگئی تم کہیں باہر گئی ہوئی تھیں۔"

"ہاں وہ آج..." وہ کچھ رک کر بولی۔ "تمہاری ویڈنگ اینیورسری تھی آج۔"

"اور رابی سویٹو! تم خوش ہونا اپنے ہبی کے ساتھ، انجوائے کیا ڈنر۔" اس نے برابر میں بیٹھ کر اس کے شانے پر بازو ٹکالیا۔

"تو سمجھ لو میں بھی بہت خوش ہوں۔ میرے ہونے یا نہ ہونے سے کیا فرق پڑتا ہے۔"

"آپ کو نہیں، لیکن ہمیں پڑتا ہے۔ ہمیں فیل ہوتا ہے، مجھے اور آپی کو۔"

"ہاں... ل... سمعیہ کیسی ہے۔" رابعہ جواب دیے بنا اسے دیکھتی رہی۔

اس کے خوب صورت چہرے پر مسلسل جگار سے تھکاوٹ ہو رہی تھی۔ آنکھوں کے نیچے سیاہ پڑتے حلقے، گندمی رنگت سے میل نہیں کھا رہے تھے۔ مضبوط ہاتھوں کی نرم جلد بھی کھردری ہوچلی تھی۔ وہ بدل گیا تھا، بکھر گیا تھا اور کوئی سمیٹنے والا نہیں تھا۔

"آپ شادی کیوں نہیں کرتے بھائی۔" اس کی بات غیر متوقع تھی۔ مگر نہ نئی تھی، نہ انوکھی۔ اس کا ہاتھ بے ارادہ رابی کے شانوں سے پھسل کر اپنی گود میں آگرا۔

"بھائی! آپ بھول کیوں نہیں جاتے ان کو۔"

جواب ندارد۔

"اگر خالہ جان یا ہمارے والدین میں سے کوئی ایک بھی زندہ ہوتا تو، یہ سب اس طرح نہ ہوتا، جس طرح ہوا۔"

"ہاں شاید تب کسی اور طرح ہوتا۔" اس کی آواز مضمحل تھی۔

"ہاں نا... تب شاید کوئی آپ کو اتنا آگے نہ بڑھنے دیتا۔ شروع میں ہی روک دیتا۔" اس کی گود میں دھری ہاتھوں کی انگلیاں آپس میں الجھ گئیں۔

"اب ایک بات جو ممکن ہی نہیں ہے، کیا آپ ساری زندگی اسے..."

"رابعہ پلیز... میں اس ٹاپک پہ بات نہیں کرسکتا۔" وہ اٹھ کر وارڈروب کے پاس چلا گیا۔

"بات کر نہیں سکتے یا کرنا نہیں چاہتے۔"

"کر نہیں سکتا اور پلیز مجھ سے اصرار مت کرو میں مجبور ہوں بہت اس معاملے میں۔"

رابعہ یہ بات سمجھتی تھی۔ وہ صرف منہ چھپانے کی خاطر وارڈروب میں گھسا کھڑا تھا۔

"صرف اسی معاملے میں بے بس نا اور یہ بے بسی آپ کی طاری کی ہوئی ہے۔ کیوں نہیں سامنا کرتے حقیقت کا۔ ایک بار اعتراف کریں کہ ہاں آپ غلط تھے، انجانے میں سہی، لیکن..."

"رابعہ..." وہ اتنی زور سے چلایا تھا کہ رابعہ نہ صرف سہم کر چپ ہوگئی تھی۔ بلکہ اٹھ کر کھڑی بھی ہوگئی تھی۔

"ہزار بار منع کرچکا ہوں۔ تم کیوں ہر بار یہ تکلیف دہ بات شروع کردیتی ہو، کیوں۔" اب کی بار وہ تیزی سے پلٹ کے اس کے سامنے آیا۔

"نہیں دینا چاہتیں نا تکلیف مجھے، بچانا چاہتی ہو نا اذیت سے۔ تو آئندہ کبھی بھی میرے سامنے اس کا ذکر



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

مت کرنا۔" اس نے رابعہ کے دبوچے ہوئے بازو بری طرح جھنجھوڑ ڈالے۔ رابعہ کچھ لمحے اسے دیکھتی رہی۔ پھر ڈبڈبائی آنکھوں سے اس کے لبوں نے بے آواز جنبش کی تھی۔

"آئی ایم سوری۔"

زریاب کو فوراً" ہی اپنے رویے کی بدصورتی کا احساس ہوگیا۔

اگلے ہی پل اس نے اس کے بازو چھوڑ کے' پیشانی پر بوسہ دے کر سینے سے لگالیا تھا۔ رابعہ کی آنکھوں میں بھرے ہوئے آنسو' اس کے فراخ سینے میں جذب ہوگئے۔

☼ ☼ ☼

وہ بہت انہماک سے سبزی کاٹنے میں مصروف تھی۔ چولہے پر چائے چڑھی تھی۔ آج بہت عرصے بعد اس نے دل سے کھانا پکانے کا سوچا تھا۔

گلی سے سبزی والا گزرا تو اس نے دوڑ کر بینگن' آلو' پیاز اور اس جیسی دو' تین سبزیاں اکٹھے خریدیں۔ گوشت تو خیر صرف بقرعید پر ہی ملتا تھا۔ اگر آس پڑوس سے آجائے تو' لیکن اب وہ اتنی گئی گزری حالت میں نہیں تھی کہ چند ایک سبزیاں بھی نہ خرید پاتی۔

بڑھتی ہوئی سردی کی شدت اور اس کے کپڑوں اور جوتوں کی خستہ حالی کو دیکھتے ہوئے ایک ہمدرد دل رکھنے والی کولیگ نے حق دوستی ادا کرتے ہوئے اس کی مالی مدد کرنے کی کوشش کی تھی اور اسے اس کے ہاتھ سے پیسے پکڑتے ہوئے صحیح معنوں میں احساس ہوا کہ خودداری اور عزت نفس کی پامالی' کیسے کچوکے لگاتی ہے۔ انسان کسی کے سامنے اف تک نہیں کرسکتا۔

اس کی پلکیں جھک گئی تھیں' مگر لب انکار سے انکاری۔

"دیکھو' میں جانتی ہوں تم مجھے ابھی اتنی گہری دوست نہیں سمجھتیں کہ مجھ سے اس طرح رقم لے لو۔ مگر یقین کرو' میں تمہیں کبھی احساس نہیں دلاؤں گی کہ میں نے زندگی میں کبھی تمہیں کچھ بھی دیا تھا اور اگر تم چاہو تو ادھار سمجھ کر رکھ لو۔ سیلری ملے تو واپس کردینا۔ مگر پلیز اپنے لیے نئے شوز لے لو ابھی' نہیں تو تمہارے پیروں کا حشر ہوجائے گا۔" اس کا خلوص اس کے لہجے میں بول رہا تھا۔

وہ تو صرف اسے شوز لینے کا کہہ رہی تھی۔ مگر رشنا جانتی تھی۔ صرف شوز خریدنے کی مد میں دی جانے والی رقم اتنی تھی کہ وہ اس سے اپنی بہت سی ضروریات پوری کرسکتی تھی۔

دودھ ختم ہوچکا تھا۔ اس نے تین دن سے ایک کپ چائے تک نہیں پی تھی۔ دالوں کے ڈبے خالی تھے اور سبزی کی ٹوکری اجڑ چکی تھی۔

اس نے ایک گہری سانس بھر کے وہ پیسے اپنے خستہ حال بیگ میں ڈال لیے۔ جس کی زپ اس نے کل ہی پلاس سے دبا کے ٹھیک کی تھی اور جس کی اندرونی جیبیں ادھڑ چکی تھیں۔

سوچوں میں ڈوبے کپ میں چائے انڈیلتے اسے کسی غیر معمولی احساس نے چھوا تھا۔ اس نے یوں ہی پلٹ کر کمرے میں نظر ڈالی اور چائے کا برتن اس کے ہاتھ سے چھوٹ گیا۔

چچی بے تابی سے ہاتھ پٹختی اسے پکار رہی تھیں۔ ان کے منہ سے ڈھنگ سے آواز بھی نہیں نکل رہی تھی۔ جانے کب سے ان کو اٹیک ہوا تھا۔ اپنی سوچوں میں گم ہو کر اسے پتا تک نہ چلا۔ کانپتے ہاتھوں سے دروازہ کھول کر اس نے ہاتھ مارا۔ خدا جانے ان ہیلر کہاں پڑا تھا۔ چچی کی حالت بد سے بدتر ہوتی جارہی تھی۔ وہ بری طرح سانس کھینچ رہی تھیں' تڑپ رہی تھیں۔

"یااللہ کہاں چلا گیا۔" کارنس پر رکھا سامان الٹ پلٹ کرتے وہ بے طرح رودی۔

جب ہی آنسوؤں کی دھند کے پار اسے دور زمین پر بے یارومددگار کھلونے کی طرح پڑا ان ہیلر نظر آیا۔ اس نے تیر کی طرح لپک کر ان ہیلر اٹھایا تھا۔

☼ ☼ ☼

"اوہ۔ زریاب! کیسے ہو تم۔" حسب توقع رباب آنٹی اسے دیکھ کے خوش ہوگئی تھیں۔

"کتنے دن بعد شکل دکھائی ہے تم نے۔ لگتا ہے ہمیں بھول ہی گئے۔" وہ ان کے اپنائیت بھرے شکوے کے جواب میں بس مسکرا دیا۔

"یہ کون ہے۔" ان کی نظر کونے میں بیٹھی لڑکی پر پڑ چکی تھی۔ ان کا چونکنا بڑا فطری سا تھا۔

"یہ بے سہارا لڑکی ہے' اسے کام چاہیے۔ آپ کو میڈ کی ضرورت تھی نا۔ آپ نے ذکر کیا تھا مجھ سے۔" انہیں یاد آچکا تھا۔ "تو تم اسے لے کر آئے ہو۔"

"بس مجھے ٹھیک لگی' اکچوئیلی اس کے گھر والے تو ہیں نہیں۔ میں نے سوچا' آپ کے پاس رہ بھی لے گی اور آپ کا پرابلم بھی سولو ہوجائے گا۔ شاہل ہے اس کا نام۔"

"ہاں۔ ہاں ٹھیک ہے معین!" ان کا ذاتی ملازم دروازے کے باہر ہی کھڑا تھا۔ بوتل کے جن کی طرح حاضر ہوگیا۔

"اسے رسولن کے پاس لے جاؤ۔ کچن وغیرہ کا کام کرے گی اور اب یہیں رہے گی۔" وہ مودب سی معین کے پیچھے باہر نکلنے لگی۔

"کوئی فکر کی ضرورت نہیں ہے۔ آنٹی تمہارا بہت خیال رکھیں گی۔ میں بھی آتا رہوں گا۔" زریاب نے بات مکمل کرکے اسے دیکھا۔ وہ سر ہلا کر ہاتھ جوڑتی باہر نکل گئی۔

مسز رباب نے بہت دھیان سے اس کی تسلی کا نوٹس لیا تھا۔ بے سہارا غریب اور جوان لڑکیوں سے انہیں بہت رغبت تھی اور پھر ایسی لڑکی جوان کا پسندیدہ شخص ان کے پاس لایا تھا۔ وہ زریاب کو بہت پسند کرتی تھیں۔ ایک روڈ ایکسیڈنٹ میں شدید زخمی ہو کر جب وہ موت کے بالکل دہانے پر پہنچ چکی تھیں تو زریاب نے ہی ان کو ہاسپٹل پہنچایا تھا۔

یہ سالوں پہلے کا واقعہ تھا۔

ہوش میں آنے کے بعد جب انہیں زریاب کا پتا چلا تو انہوں نے محض اس کا شکریہ ادا کرنے کے لیے اپنے پاس بلایا تھا۔ لیکن اس کے حالات اور اکیلے پن کی بابت جان کر نہ صرف اسے ماہانہ اخراجات کے لیے رقم بطور ادھار مخصوص کردی تھی' بلکہ تعلیمی اخراجات بھی اپنے ذمے لے لیے تھے۔

زریاب ان دنوں رشنا سے ناتا ٹوٹ جانے کے بعد بالکل مضمحل ہو کے رہ گیا تھا۔ وسائل کی کمی نے تعلیم کا سلسلہ منقطع کر رکھا تھا۔ تو دل ٹوٹ جانے کے بعد' روزگار کا سلسلہ بھی بحالت مجبوری جیسے تیسے جاری رکھا تھا۔ مسز رباب کی حوصلہ افزائی سے اس نے ایک نئے عزم و عہد کے ساتھ دوبارہ ایڈمیشن لیا۔ گریجویشن کے بعد انہوں نے ہی اس کو جاب دلوائی تھی اور اس سے چھوٹی دونوں بہنوں کی شادیوں کے سلسلے میں بھی اس کی بہت مدد کی تھی۔

ان کے بقول زریاب نے ان کی جان بچا کر ان کو ساری زندگی کے لیے اپنا احسان مند کرلیا تھا اور جواب میں انہوں نے زریاب پر جو احسانات کی بارش کی تھی۔ وہ ساری زندگی نہیں چکا سکتا تھا۔ یہ زریاب کا خیال تھا۔

صاف ستھرے بزنس کی آڑ میں سیاہ پیشہ کرنے والی مسز رباب کی شخصیت میں اگر کوئی انسانیت کا پہلو تھا تو صرف یہ کہ وہ اپنے ملازموں کے ساتھ بہت اچھی تھیں' اور زریاب پر ان کی خاص نظر کرم بھی تھی۔ جس نے انہیں ایکسیڈنٹ کے بعد بروقت ہاسپٹل پہنچایا تھا۔

"چلو اگر تم بزی نہیں ہو تو میرے ساتھ چلو۔"

"کہاں؟"

"کچھ شاپنگ کرنی ہے' تم سے گپ شپ بھی ہوجائے گی۔"

"چلیں۔ میں بھی رابی کے لیے گفٹ لے لوں گا۔ کل اس کی ویڈنگ اینورسری تھی۔" وہ مسکرا دیا۔

"اچھا۔ کیسی ہیں سسٹرز تمہاری' چلو باقی باتیں راستے میں کریں گے۔ اور سناؤ۔ ارے ناشتا کرلیا تم نے یا ایسا کریں گے پہلے کچھ کھا پی لیں گے۔ میں نے ناشتا بھی نہیں کیا ہے اور شاپنگ سینٹرز اتنی جلدی کہاں کھلتے ہیں۔" وہ باتیں کرتی اس کے ساتھ باہر کی



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

سمٹ بیٹھ گئیں۔

✡ ✡ ✡

جانے کتنی دیر گزری تھی۔ کتنے گھنٹوں تک وہ سوئی تھی۔ کوئی اسے جگانے بھی نہیں آیا۔ اس نے مندی آنکھیں جھپک جھپک کر ٹائم دیکھا۔

"ارے بارہ بج گئے۔" وہ حیرت زدہ سی اٹھ بیٹھی۔

بڑی بڑی کھڑکیوں پر پڑے بھاری نفیس پردوں کے باعث وقت کا اندازہ کرنا مشکل تھا۔ دن میں بھی رات کا سماں تھا۔ کمرے میں ملگجا اندھیرا تھا۔ وہ اٹھ کر دھیرے دھیرے چلتے ہوئے کھڑکی کے پاس گئی اور پردے سمیٹ دیے۔ نرم ملائم' سرما کی دھوپ کمرے میں بھری تو حدت اور تازگی کا ایک الگ سا احساس ہوا۔ اتنا سو کر بھی جسم ست اور سر بھاری لگ رہا تھا۔

شاید یہ رات بھر رونے کا اثر ہے۔

رات کے ذکر کے ساتھ ہی اسے اپنی پریشانی یاد آگئی اور ریاب سلطان بھی۔

اس نے واش روم میں جاکے منہ پر پانی کے چھینٹے مارے اور مسز رباب سے بات کرنے کمرے سے نکل آئی۔ "یہ کیا چکر چلایا ہوا ہے دونوں نے مل کر۔ بابر کب آئیں گے۔ میں اپنے گھر کب جاؤں گی۔" گزرتے وقت کے ساتھ اس کی فکر بھی بڑھ رہی تھی۔

"بڑی بی بی تو نہیں ہیں۔ کوئی صاحب آئے تھے۔ ان کے ساتھ باہر گئی ہیں۔" اس کے جوش پر پانی پھر گیا۔

"آپ ناشتا یہیں کریں گی یا کمرے میں؟" وہ وہیں کھڑے کھڑے ایک دم ہی کسی سوچ میں ڈوب گئی تھی۔ ملازمہ نے دوسری بار اسے آواز دی۔

"ناشتا کمرے میں لے آؤں جی۔"

"ہاں۔۔۔ کمرے میں۔۔۔" بے ربط انداز میں بولتی وہ' واپس کمرے کی طرف بڑھ گئی۔ کمرہ ویسا ہی تھا سجا سجایا اور خاموش' لیکن اس وقت اسے کسی جیل سے کم نہیں لگا۔ ملازمہ ناشتا رکھ کے جاچکی تھی۔ لیکن اس کی توجہ ناشتے پر نہیں۔ سائیڈ ٹیبل پر رکھے لفافے کی طرف تھی۔ اس نے لفافہ اٹھاتے ہوئے یاد کرنے کی کوشش کی کہ رات میں یہ لفافہ یہاں تھا یا نہیں۔

"یقیناً" نہیں۔ ورنہ اسے نظر آچکا ہوتا۔"

اسے کھول کر اندر موجود کاغذات نکالتے ہوئے اس کے وہم و گمان میں بھی نہ تھا کہ اس میں صرف کاغذات نہیں۔ ایٹم بم ہے۔ وہ طلاق نامہ تھا۔ جو ایک دھماکے سے اس کے وجود کے پرخچے اڑا گیا تھا۔

✡ ✡ ✡

چچی پرسکون ہوچکی تھیں۔ وہ دیوار سے ٹیک لگاکے وہیں ٹھنڈے فرش پر بیٹھ گئی۔ چچی نڈھال سی مسہری پر سر ڈالے پڑی تھیں۔ ناہموار تیز تنفس کی آوازیں اس کے اپنے کانوں میں گونج رہی تھیں۔ بے بسی کے شدید احساس تلے اس کی آنکھیں چھت کو چھوتی زمین تک آئیں اور آنسوؤں سے بھر گئیں۔ ایک پل میں وہ پھوٹ پھوٹ کر رو رہی تھی۔ مسہری پر پڑے تھکے ماندے وجود نے سر اٹھاکے اسے دیکھا۔

"اب کیوں رو رہی ہے۔ اب ٹھیک ہوں میں چل چپ ہوجا۔" پھولی سانسوں کے بیچ وہ رک رک کر بات مکمل کرپائیں۔ اس نے جواب نہیں دیا۔ بدستور روتی رہی۔

"ارے کیا ہوگیا ہے آج تجھے۔ پاگل ہوگئی ہے کیا۔"

"ہاں' پاگل ہوگئی ہوں میں۔" وہ روتے روتے سر اٹھاکے چلائی۔ "اور مجھے پاگل کرنے والی ہیں آپ۔"

"میں۔۔۔ لو میں نے کیا کیا ہے۔"

"آپ نے مجھے اکیلا کردیا۔ بے سہارا کردیا ہے مجھے۔ زریاب کو چھین لیا آپ نے مجھ سے۔ آپ نے ہی کہا تھا اس سے کچھ۔ مجھے یقین ہے۔ اسی لیے وہ پلٹ کر نہیں آیا۔ سب کیا دھرا آپ کا ہے۔" اس کی آواز غصے سے کانپ رہی تھی۔ کتنے دنوں سے منہ بند آتش فشاں آج پھٹ پڑا تھا۔

"کبھی میری ماں بن کے نہیں سوچا۔ ہر جگہ' ہر بار اپنی بیٹی کو مجھ پر فوقیت دی۔ اب اگر آج آپ کو کچھ ہوگیا' تو کیا بنے گا میرا۔ کہاں جاؤں گی میں' کیا کروں گی' کبھی سوچا ہے آپ نے؟" دل کے کسی کونے میں سر جھکاکے بیٹھا خوف اڑ کے باہر آیا تھا۔

"اور جو تو بھی چلی جاتی مجھے چھوڑ کے تو۔۔۔ میں تو۔۔۔" چچی کی کمزور آواز کمرے کے سناٹے کو بے ربط کرگئی۔

"تو یہاں بھی اپنا ہی سوچا نا' میرا تو نہیں۔"

"تو۔۔۔ تو کون سا سوچتی میرے بارے میں۔ چلی جاتی اس کے سنگ مجھے چھوڑ کے یہاں۔ ارے جب میری سگی اولاد نے میری خبر نہیں لی تو' تو کہاں رکتی۔"

"میں رک جاتی امی! میں کہاں جاتی آپ کو چھوڑ کے۔" اس کی آواز اور آنسو دونوں ہی دھیمے پڑ گئے تھے۔ "ساری زندگی اولاد کی طرح پالا۔ لیکن اولاد نہیں سمجھا۔ جب ہی تو کبھی بھروسا نہیں کیا میرے اوپر۔" اس کی آواز اب خود کلامی میں ڈھل رہی تھی۔

"کچھ بھی ہو۔ لیکن آپ نے میرے ساتھ اچھا نہیں کیا۔" وہ سر جھٹک کر آنسو پونچھتی دوبارہ سے کچن میں چلی گئی۔ چولہے پر چائے چڑھاتے ہاتھ کانپ رہے تھے۔

تمہارے بعد کیسی رونقیں اس دل کی نگری میں
سب ہی چراغ مدھم ہیں' کبھی ملنے چلے آؤ

تمہاری یاد اب دل کو بہت تکلیف دیتی ہے
نگاہیں بھی تو پرنم ہیں' کبھی ملنے چلے آؤ

✡ ✡ ✡

رابعہ کے لیے رباب آنٹی نے ایک خوب صورت جیولری سیٹ خرید کے دیا تھا۔ وہ خود بھی رابعہ کے لیے اور اس کے ہسبینڈ کے لیے سوٹ لے چکا تھا۔ اس کے بہت منع کرنے کے باوجود جب وہ نہ مانیں تو اسے لینا ہی پڑا۔ وہ ان کا بے حد ممنون تھا۔

شاپنگ سے پہلے انہوں نے اسے ایک عمدہ ریسٹورنٹ سے ناشتا بھی کروایا۔ اصل میں بھوک تو خود ان ہی کو لگی تھی۔ مگر زریاب بھی خوش گوار موڈ میں ان کا ساتھ دیتا رہا۔

شاپنگ سے واپسی پر اس کا موڈ رات کی نسبت بہت بہتر تھا۔ رابعہ کو اس کے گفٹس دیتے سمے اس نے اس کے چہرے پر خوشیوں کے جو رنگ بکھرے دیکھے' دل میں بہت گہرائی تک اطمینان کروٹیں لینے لگا۔

ایک وقت وہ تھا جب وہ ایک ایک روپیہ دانتوں سے پکڑ کے خرچ کرتا تھا۔ ماں اور بہنوں کی تو کیا' اپنی ضرورتوں سے بھی آنکھیں چراتا تھا۔ ان کے ساتھ مل بیٹھنے سے گریز کرتا تھا۔ ان کی سوال کرتی نگاہوں کا سامنا کرنا اس کے لیے مشکل سے مشکل ترین ہوجاتا۔ اس کی ماں' حالات بدلنے اور بہتری آنے کے خواب دیکھتی' اپنی بیٹیوں کے گھر بسانے کے ادھورے سپنے لیے اس دنیا سے چلی گئی اور وہ بے بسی سے دیکھتا رہا۔ ادھوری تعلیم اور ناکافی وسائل کے ساتھ کوئی اسے نوکری دینے کے لیے تیار نہ ہوتا تھا۔

جہاں تعلیم ضروری نہ تھی' وہاں ہنر کی قدر تھی۔ جہاں ہنر نہیں چاہیے تھا۔ وہاں تعلیم کی مانگ اور جہاں ہنر اور تعلیم دونوں ہی کی شرط نہ تھی وہاں کنوینس ایک ایسی شرط تھی۔ جس پہ آکے وہ ہار جاتا تھا۔

اس کی تو ذاتی سائیکل خریدنے کی اوقات نہیں تھی تو بائیک کی شرط کہاں سے پوری کرتا۔ جب مسز رباب کی مہربانی سے اس کی پہلی جاب لگی تو' وہ اس وقت ایک مکمل گریجویٹ بھی نہیں تھا گریجویشن مکمل ہوتے ہی زندگی میں پہلی بڑی خوش گوار تبدیلی' کمپنی سے ملنے والا وہ اسی گز کا فلیٹ اور آٹھ سو سی سی کار تھی۔ جو کچھ مسز رباب کی سفارش اور کچھ اس کی اپنی دن رات کی محنت سے بنائی گئی ریپوٹیشن کا ثمر تھا۔

کمپنی کے جی ایم محنتی لوگوں کو پسند کرتے تھے۔ زریاب کے کام سے مطمئن تھے اور اپنے اطمینان کا اظہار انہوں نے بارہا زریاب کے سامنے بھی کیا۔ ان کی حوصلہ افزائی اور مسلسل محنت نے یہ دن دکھائے تھے کہ آج وہ اسی گز کے بجائے دو سو اسی گز کے ذاتی





www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

گھر اور آٹھ سوسی سی کی ذاتی گاڑی کا مالک تھا۔

ایم بی اے مکمل کرتے ہی اس نے اپنی کمپنی کو خیرباد کہہ کر یہ این جی او جوائن کرلی تھی۔

وہ اپنے رب کا جتنا بھی شکر گزار ہوتا کم تھا۔

جس نے ایسے وقت میں اس کا ہاتھ تھاما جب وہ زندگی میں ہر شے سے مایوس ہوچکا تھا۔

☼ ☼ ☼

بہتے آنسو' رخساروں پر ثبت انگلیوں کے ابھرے نشانوں سے پھسلتے اس کی جلن میں کئی گنا اضافہ کررہے تھے۔ اس کے جبڑوں میں اب بھی دکھن باقی تھی۔

اور یہ جلن اور دکھن اس مزاحمت کا نتیجہ تھی۔ جو مسز رباب کے میٹھے لہجے کا بھید کھل جانے پر اس نے کی تھی۔

بدگمانی اور وسوسوں کی آخری حد پہ جاکے بھی اس نے یہ سب نہیں سوچا تھا۔ جو اس کے ساتھ یہاں ہوگیا تھا۔ اس کا شوہر بدکردار تھا۔ وہ چپ چاپ سہہ گئی۔ شرابی تھا' زانی بھی تھا' اس نے برداشت کرلیا۔ اسے اپنے کردار کو بچانا تھا۔ اپنے آپ کو صاف رکھنا تھا۔ لیکن یہ سب کیسے ہوگیا جو اس نے کبھی سوچا بھی نہ تھا۔

اس کا شوہر' اس کا شوہر تھا ہی نہیں۔ اس کا نکاح صرف ایک ایگریمنٹ تھا۔ ایک معاہدہ باعزت اور قانونی اغوا کی طرح۔ بلکہ بقول مسز رباب' چھ مہینے اسے اپنے نکاح میں رکھ کے اس نے صرف ایک کاغذ کے بل بوتے پر اتنے دن مفت میں مزے لوٹے تھے۔ اب ان کی باری تھی اور انہیں اس پروجیکٹ میں لگایا گیا تمام سرمایہ سود سمیت وصول کرنا تھا اور کیسے وصول کرنا تھا۔ یہ وہ اچھی طرح جانتی تھیں۔ پیسے کے لالچ میں اپنی سے دگنی عمر کے آدمی سے نکاح کرتے وقت اس کے فرشتوں کو بھی خبر نہیں تھی کہ فقط چھ مہینے میں اس کا دل بھر جائے گا اور وہ اپنی ہی عزت کی دلالی پر اتر آئے گا۔

ایک بدچلن' بدکردار' سیاہ کاری کرنے والی عورت کے ہاتھوں اسے بیچ کر چلا جائے گا۔ کہ خود اسے کانوں کان بھی خبر نہ ہوگی۔

☼ ☼ ☼

وہی کمرہ تھا آراستہ پیراستہ۔ جو ذرا دیر پہلے اسے جیل لگ رہا تھا۔ اب تو جہنم کی مانند دہک اٹھا۔ آنسو بے آواز آنکھوں سے نکل کے بہتے گریبان میں جذب ہورہے تھے۔

طلاق کے کاغذات اب اس کے پاس نہیں تھے۔ وہ مسز رباب کے قبضے میں جاچکے تھے۔ اس نے اپنے خالی ہاتھ دیکھے۔ اسے لگ رہا تھا اس کے پاس کچھ بھی باقی نہیں بچا۔ مسز رباب صرف کاغذات پر نہیں' ہر چیز پر قابض ہوچکی تھیں۔ اس کی زندگی' وجود' خوشیاں یہاں تک کہ آتی جاتی سانسوں پر بھی۔

"کیا ہوگیا' یہ سب کیا ہوگیا' او میرے خدا' مجھے بچالے' میرے مالک' میں کہاں آگئی ہوں۔ یہ کہاں پھنس گئی ہوں میں۔"

خودکلامی کرتے دونوں ہاتھ سر پہ رکھے وہ پھوٹ پھوٹ کر رورہی تھی۔

☼ ☼ ☼

سردیوں کے موسم میں اسکول کی واپسی کے وقت سر پر چڑھے سورج کی تپش' راستے میں بڑا مزا دیتی تھی۔ لیکن اسے احساس تھا۔ گرمیوں میں یہی راستہ اس کے لیے بہت کٹھن ہوجائے گا۔ یونہی سوچوں میں ڈوبتے ابھرتے اس نے گھر کا دروازہ کھول کر صحن میں قدم رکھا تو امی کے ساتھ دھوپ میں چارپائی پر کسی کو بیٹھے دیکھا۔

وہ انتہائی ضعیف' جھریوں بھرا بوڑھا چہرہ' اسے دیکھ کے مسکرایا اور وہ پہچان کے مراحل ایک لمحے میں طے کرتی ہوئی بھاگ کر اس مہربان وجود کی بانہوں میں سما گئی۔

"عظمت بوا! عظمت بوا!" اس کا گلا بولتے ہوئے بھر آگیا۔ اور وہ مہربان وجود' اپنے پرحدت لبوں سے محبت کی گرمی اس کے چہرے پہ لکھتا رہا۔

اسے لگ رہا تھا۔ آج شاید اس کے آنسو بہانے کا آخری دن ہے۔ زریاب سے وابستہ کسی بھی شخص کو اس نے کتنی مدت بعد دیکھا تھا۔ ایسا لگ رہا تھا۔ تپتی دھوپ کے سفر مسلسل میں ایک مخمل سایہ دار اس کے سر پر آگیا ہو۔ وہ زریاب کی پیدائش سے بھی پہلے سے ان لوگوں کے پڑوس میں رہتی تھی۔ ہر وقت کا آنا جانا تھا۔

زریاب اور رشنا دونوں کی ماؤں کو انہوں نے منہ بولی بہن بنایا اور نبھایا تھا۔ جب تک زریاب اس گھر میں رہا۔ ان کا یہاں آنا جانا بھی تواتر سے لگا رہتا تھا۔ مگر زریاب کی والدہ کے انتقال کے بعد اس میں کافی کمی آگئی تھی۔

یوں بھی یہاں وہ صرف رشنا سے ملنے ہی آتی تھیں۔ اس کی پیدائش کے ساتھ ہی انتقال کرجانے والی ماں کو یاد کرنے۔ پھر ان کی زبانی' اسے پتا چلا تھا کہ زریاب اپنی بہنوں کو لے کر وہ گھر بیچ باچ کے کہیں چلا گیا۔

کہاں۔۔۔ یہ کسی کو نہیں پتا تھا۔ اس نے جاتے وقت عظمت بوا سے بھی ملنا گوارا نہیں کیا اور رشنا کو تو پہلے ہی اسے دیکھے ہوئے زمانہ گزر گیا تھا۔

آخری بار عظمت بوا تب ہی آئی تھیں۔ اس کے بعد تو سب کچھ جیسے وقت اور حالات کی چکی میں پس کر نگاہوں سے اوجھل ہی ہوگیا۔

وہ جلدی سے محلے کی دکان سے بیسن خرید کر لائی اور بوا کو بہت محبت اور اصرار سے کھانے پر روک کر بیسن کی گرم گرم روٹیاں کھلائیں۔

بوا بہت خوش ہو ہو کر اسے دعائیں دیتی رہیں اور وہ خود بھی ایسے خوش تھی۔ جیسے کوئی خزانہ مل گیا۔ کھانے اور چائے کے بعد امی کو ذرا دیر کے لیے اونگھ آگئی اور وہ بہت ساری باتیں اور یادیں تازہ کرنے کی لالچ میں بوا کو لے کر ڈھلتی دھوپ میں پلنگ کھسکا کر فرصت سے آبیٹھی۔

"بوا! مجھ سے زریاب کی باتیں کریں نا۔" کافی دیر پرانا وقت یاد کرتے گزر گیا۔ جب اچانک ہی اس کے منہ سے نکلا تھا۔

بوا نے ایک دم چونک کر اسے دیکھا۔

"ہاں۔۔۔" وہ ایک گہری سانس بھر کے بولیں۔ "اصل میں تو میں تجھے اس کے بارے میں بتانے کے لیے ہی آئی ہوں۔"

"کیا۔۔۔ کیا بتانے آئی ہیں۔" اس کے کان ایک دم کھڑے ہوگئے۔

"پہلے سوچا۔ اب تو وقت گزر گیا۔ بتانے کا کیا فائدہ۔۔۔ مگر۔۔۔ دل پر بہت بوجھ ہے۔ شاید کچھ کم ہوسکے۔"

"کیسا بوجھ بوا۔؟" اس کی آواز میں بے تابی تھی۔

"پہلے یہ بتا تیرا کوئی رشتہ وشتہ آیا کہ نہیں۔"

انہوں نے ایک دم موضوع پلٹا۔ وہ جھنجلا گئی۔

"ارے نہیں آیا۔ آپ بتائیں نا' کیا کہہ رہی تھیں۔"

"چل چھوڑ' کیا کرے گی سن کے۔ اب تو وہ چلا گیا' جانے کہاں۔"

"بوا! خدا کے لیے۔ کچھ تو کہیں۔ آپ کو پتا ہے نا وہ کیوں چلا گیا یہاں سے سب چھوڑ کر۔ مجھے چھوڑ کر۔ آپ کو پتا ہے بوا بتائیں نا آپ کو میری قسم۔" وہ باقاعدہ منت پر اتر آئی۔

"وہ تیری بہن کہاں ہے۔" اب انہیں اس کی یاد آگئی۔

"وہ۔۔۔ شادی ہوگئی اس کی۔" اس نے مختصراً بات نپٹائی۔

"ارے۔۔۔ کس سے ہوگئی؟"

"اوفوہ۔۔۔ ایک بہت امیر' بڑے آدمی کا رشتہ لائی تھی۔ کوئی رشتے کرانے والی۔ چپ چاپ نکاح کرکے روانہ کردیا۔ بہت کم لوگ شریک ہوئے تھے۔"

"تو ملنے آتی ہے' خوش تو ہے۔؟"

"ہاں۔۔۔ ہاں۔۔۔ خوش ہے۔"

"دیکھ میری دھی! جو بات میں تجھے بتانے جارہی ہوں نا۔ وعدہ کر اپنے تک رکھے گی۔ کسی کو نہیں





WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

پٹائے گی۔"

"ہاں۔۔۔ ہاں۔۔۔ نہیں بتاؤں گی۔" اس نے فٹافٹ شرائط و ضوابط کے مراحل نپٹائے۔

"مجھے رابعہ نے بتایا تھا کہ تو اور وہ آپس میں دودھ شریک بہنیں ہیں۔"

"کیا؟" اس کا منہ کھل گیا۔

"ایسا تیری چچی نے زریاب کو بولا تھا کہ تو اس کی بھی بہن لگتی ہے۔ تیری اور اس کی شادی نہیں ہو سکتی۔" اس کے سر پر سات آسمان ٹوٹ پڑے۔ وہ بے اختیار دل تھام کر رہ گئی۔ مدھم ہوتی دھڑکنیں لگتا تھا۔ ابھی بالکل تھم جائیں گی۔ مگر اصل قیامت تو ابھی باقی تھی۔

"پر اصل بات یہ ہے کہ میری دھی کہ تیری چچی نے جھوٹ بولا تھا زریاب سے۔" اس نے بے ساختہ منہ پر ہاتھ رکھ کر اپنی چیخ روکی۔

"ایسی کوئی بات نہیں تھی۔ میں گواہ ہوں۔ رابعہ اور تیری، میرے سامنے کی پیدائش ہے۔ بس یہ نمانی اس کی عقل تو گھاس چرنے چلی گئی تھی۔ مجھے بھی رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا واسطہ دے کر منہ بند کرادیا تھا۔"

"پر۔۔۔ انہوں نے ایسا کیا کیوں؟" اس کی اپنی آواز اسے اجنبی سی لگی۔

"اپنی نمو کو بیاہنا چاہتی تھی زریاب سے، پر ہوا کیا، تجھ سے تو جڑ نہیں سکتا تھا۔ اسے بھی نہیں اپنایا۔ خدا جانے کہاں گیا زمانے کی خاک چھاننے، کہاں ہوگا، کیسا ہوگا۔"

اس کی پتھرائی ہوئی آنکھوں میں زندگی کی کوئی رمق نہ تھی۔ بوا کی آنکھوں میں آنسو بھر آئے۔

"اصل میں تو میں بھی تیری مجرم ہوں۔ اگر میں اسی وقت رابعہ کو ساری بات سچ بتا دیتی تو شاید آج تو ایسے کلی نہ رہ رہی ہوتی۔ پر مجھے کیا پتا تھا کہ اس کے جانے کے بعد، یہ تیری ماں تیرا بیاہ کہیں اور بھی نہیں ہونے دے گی۔ اسے صرف اپنی دھی کی فکر تھی۔ اس کو بیاہ دیا اس نے۔ تیری کوئی فکر ہی نہیں۔ تو مجھے معاف کردے بچی۔ تاکہ میرا رب سوہنا بھی مجھے معاف کرے۔"

وہ اس کے سامنے ہاتھ جوڑ کر سسک پڑیں۔

"کتنے دن گزر گئے۔ میں کب سے سوچتی تھی کہ تیرا سامنا کیسے کروں گی۔ میری راتوں کی نیندیں دل کے بوجھ نے حرام کر رکھی ہیں۔ اس وقت میں نے سوچا نہیں تھا کہ وہ ایسے غائب ہو جائے گا اور تیری ماں نمو کی شادی کر کے تجھے بھول ہی جائے گی۔" اس کی نظریں بوا کے بندھے ہاتھوں پر جم گئی تھیں۔

"وہ مجھے بھول ہی تو نہیں سکیں بوا۔ ان کو میں ہمیشہ یاد رہی۔ چچی جو نہ میری سگی ماں تھیں نہ سوتیلی میری ماں نہ بن سکیں، لیکن نمو کی ماں کا فرض خوب نبھایا انہوں نے۔ اس کے راستے کی ساری رکاوٹیں ہٹا کر اپنی خواہش کے عین مطابق، خوب اونچے پیسے والے گھرانے میں اس کی شادی کی اور میں۔۔۔"

ڈبڈبائی آنکھوں سے سوچتی وہ کہاں سے کہاں نکل گئی تھی۔

"میں چلی جاتی تو ان کا سہارا کون بنتا۔ مجھے کوئی اور مل جاتا تو میں انہیں چھوڑ دیتی۔ اس لیے میرے آگے بڑھنے کا راستہ بند کردیا انہوں نے۔ میری بیساکھیاں چھین کر مجھے بے سہارا کردیا اور تدبیر بھی ایسی کی کہ اگر حقیقت پتا نہ چلتی تو میں اور وہ ہمیشہ اک دوجے سے شرم سار ہی رہتے۔ وہ مجھے بھول نہیں سکیں بوا! بھول سکتی ہی نہیں تھیں۔ میں انہیں ہمیشہ یاد رہی۔ بس اس پاک ذات کو بھلا دیا انہوں نے جو سب کا سب سے بڑا سہارا ہے۔

آپ نے تو کچھ بھی نہیں کیا بوا۔ مجھے شرمندہ مت کریں۔"

وہ بوا کے ہاتھوں پہ چہرہ ٹکا کے رو دی۔

☼ ☼ ☼

صبح کا اجالا پوری طرح پھیلا نہیں تھا۔

ہر چیز موسم کی شدت کی لپیٹ میں تھی۔ کہر زدہ اشجار، اداس رستے، ویران راہیں، اسے ڈرائیونگ کرتے کئی گھنٹے ہو چکے تھے۔

جب وہ اپنے چھوٹے سے شہر کی حدود میں داخل ہوا تو آنکھوں میں سرخی کے ہلکے سے ڈورے تھے۔ اس نے کچھ سوچ کر گاڑی جانے پہچانے راستوں پر ڈال دی۔ کال بیل پر انگلی رکھتے وقت اس کے ذہن میں کسی کا حیرت زدہ ہنستا ہوا چہرہ تھا۔

"زریاب! اف زریاب کے بچے اتنی صبح۔" آئمہ کی چیخ نما آواز پورے فلیٹ میں گونج گئی۔ اس کے بال بکھرے ہوئے تھے اور تازہ پانی کی چھینٹیں چہرے پر چمک رہی تھیں۔ لائبہ ناشتا بنانے میں مصروف تھی۔ ان کی والدہ بھی اسے دیکھ کر خوش ہو گئی تھیں۔

"میں نے سوچا، سرپرائز دے دوں۔"

"بہت اچھا کیا۔ مجھے بہت خوشی ہو رہی ہے۔"

وہ ویسے ہی حلیے میں اس کے سامنے ناشتا کرنے بیٹھ چکی تھی۔

گرم گرم خستہ پراٹھے اور تازہ سنہری آملیٹ کی خوشبو کے ساتھ بھاپ اڑاتی چائے کے مگ نے اس کی آدھی تھکن تو اتار ہی دی تھی۔

لائبہ شرماتی لجاتی اس کے آگے چیزیں رکھتی رہی اور وہ دونوں بہنوں کو دیکھ کر سوچتا رہا کہ بہت جلد دو ٹوک بات کرنا پڑے گی۔

☼ ☼ ☼

نہایت آرام دہ اور عمدہ ڈیزائن سے مزین جہازی سائز بیڈ پر بیٹھی وہ۔ اپنے ریشمی گاؤن کے ربن سہلا رہی تھیں۔ نگاہوں میں کسی سوچ کی گہری پرچھائیں تھیں۔ سامنے کھڑی مؤدب ملازمہ ان کے اگلے حکم کی منتظر تھی۔

کافی دیر بعد وہ ہنکاریں۔ "ٹھیک ہے آج کھانا دینے کی ضرورت نہیں۔ کل شام تک دیکھو۔ پھر بھری ہوئی ٹرالی لے جانا۔ اس کا باپ بھی بھوکے کتوں کی طرح کھانے پر ٹوٹ پڑے گا۔"

ملازمہ شکایت لے کر آئی تھی کہ مسز رباب سلطان جو کہ اب پھر سے نعیمہ گل بن چکی ہے۔ کھانا کھانے کو تیار نہیں ہے۔ وہ احتجاجاً کھانے سے منہ موڑے بیٹھی تھی۔

پورا دن گزر چکا تھا۔ کھانا تو دور کی بات، اس نے پانی کا ایک گھونٹ تک نہ پیا تھا۔ مسز رباب اس طرح کے ہتھکنڈوں کو زیر کرنا بخوبی جانتی تھیں۔ انہوں نے اس کا احتجاج اس پر الٹ دیا تھا۔

دو دن تک مسلسل بھوکا رہنے سے، دوسرے دن کی رات تک اس کی آنتیں بری طرح بل کھا گئی تھیں۔ اور تیسرے دن صبح تک وہ اپنی بھوک سے بالکل ہار چکی تھی۔ جب ہی گرما گرم ناشتا دیکھ کر اس سے رہا نہیں گیا۔ مسز رباب تک تمام رپورٹ پہنچ چکی تھی۔ وہ مسکراتے ہوئے سنتی رہیں۔

"ٹھیک ہے۔ آرام سے کھا لینے دو، پھر ہمیں بتانا۔"

کچھ دیر بعد جب ملازمہ نے اطلاع دی کہ اس نے ناشتا برضا و رغبت ختم کرلیا، تب وہ اٹھیں۔

"ہم اس کے کمرے میں جا رہے ہیں۔ کوئی ڈسٹرب نہ کرے۔" وہ بڑے پُر تمکنت اور فیصلہ کن انداز میں بول رہی تھیں۔

☼ ☼ ☼

اسکول میں اس کی غیر حاضر دماغی کو سب ہی نے نوٹ کیا تھا۔ دو بار اس نے ایک ہی سوال کا غلط جواب لکھا۔ اس کا دھیان بار بار بھٹک جاتا۔ بچے اس کے سامنے کھڑے سوال کرتے رہتے اور وہ ان کا منہ تکتی رہ جاتی۔

اصل میں تو ہر چہرے کے پیچھے ایک ہی چہرہ چھپا تھا، ہر آواز کی اوٹ سے ایک ہی آواز جھانک رہی تھی۔ بریک ختم ہونے کی بیل بجی تو ساتھی کولیگ کو باقاعدہ اس کا شانہ ہلا کر ہوش میں لانا پڑا۔ باقی کا سارا وقت وہ اپنے آپ کو حواسوں میں رہنے کی تلقین کرتی رہی۔ اس کے ذہن میں وہ دن تھا۔

پھر بھی چھٹی کے بعد گھر پہنچ کر اس نے صحن میں قدم رکھا تو سارا صحن سرما کی نرم حرارت کے بجائے





WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

گھر اسی چبھتی ہوئی دھوپ سے بھر گیا۔

جب وہ محلے کی ایک خاتون سے چچی کا کوئی کام کہنے گئی تھی اور انہوں نے اسے چائے پینے کے لیے بٹھا لیا تھا اور جب گھنٹے بھر بعد اس کی واپسی ہوئی تو۔۔۔

وہیں صحن میں نعیمہ کھڑی تھی۔ اس کے چہرے پر سوچ کی گہری پرچھائیں تھیں۔

"کیا ہوا امو؟"

"کچھ نہیں۔" اس کا انداز صاف ٹالنے والا تھا۔

"زریاب آیا تھا کیا؟"

"تمہیں کیسے پتا۔" وہ اندر کی سمت بڑھ گئی۔

"اس کا مطلب ہے 'آیا تھا۔"

"ہاں آیا تھا۔ امی سے کچھ بات کرنے۔ تمہیں کیسے پتا چل گیا اس کے آنے کا۔" اب کی بار وہ جھنجلائی یوں جیسے کہنا چاہ رہی ہو۔ "تمہیں کیوں پتا چل گیا اس کے آنے کا۔"

"جب پہلے آیا تھا تو آج آنے کا کہہ کر گیا تھا۔ مگر۔۔۔" وہ الجھ سی گئی۔ "اتنی جلدی کیوں چلا گیا۔"

"مجھے کیا پتا۔" اس کا یہ انداز اس بات کا اشارہ ہوتا تھا کہ اب اس موضوع پر بلکہ کسی بھی موضوع پر اس سے کوئی بات نہ کی جائے۔

"چچی زریاب آیا تھا' اتنی جلدی کیوں چلا گیا۔" اب وہ ان کے سر پر سوار تھی۔

"کہہ رہا تھا' کہیں جانا ہے۔" وہ سلائی مشین کی سوئی میں دھاگا ڈال رہی تھیں۔

"آپ سے کیا بات ہوئی۔" اسے یقین نہیں آرہا تھا کہ وہ اس سے ملے بغیر بھی جا سکتا تھا۔

"کوئی خاص نہیں' بچیوں نے سلام کہلوایا ہے اور۔۔۔"

"اور۔۔۔" وہ مشین پر جھکا ان کا چہرہ کھوج رہی تھی۔

انہوں نے سیدھا ہو کر اسے دیکھا۔

"اور کیا کچھ نہیں۔ کیا کوئی خاص بات کرنا تھی اسے مجھ سے۔" وہ الٹا اس سے پوچھ رہی تھیں۔ اس نے گڑبڑا کر گہری سانس لی۔

"مجھے کیا پتا۔ میں تو خود آپ سے پوچھ رہی ہوں۔" وہ ذرا تیز ہوئی۔

"تو تمہیں اتنی کھدبد جو لگی ہے۔ میں سمجھی کرنی ہوگی کوئی بات۔" وہ کان پر سے مکھی اڑا کر پھر سے مشین پر جھک چکی تھیں۔

وہ الجھن بھرے انداز میں دھیرے سے اٹھی۔

"اتنی جلدی کیوں چلا گیا اور وہ بھی مجھ سے ملے بغیر۔" امی نے کن انکھیوں سے اسے جاتے دیکھا۔ پھر پکار بیٹھیں۔ "سن!"

وہ یوں ہی بے خیالی میں چلتی ان تک آئی تھی۔

"ذرا یہ سوئی میں دھاگا تو ڈال دے۔" انہوں نے بہت دھیان سے اس کا چہرہ دیکھا تھا۔

✲ ✲ ✲

زریاب جانتا تھا' آئمہ اسے پسند کرتی ہے' مگر اپنے لیے نہیں' اپنی چھوٹی بہن لائبہ کے لیے۔

آئمہ اس کی بہت اچھی دوست تھی اور محض ایک کولیگ سے دوست اور پھر بہت اچھی یا سب سے اچھی دوست بننے کے لیے زیادہ تر کوشش خود آئمہ نے ہی کی تھی۔ وہ آفس میں شروع سے کافی لیے دیے انداز میں رہتا تھا۔ آئمہ نے خود ہی آگے بڑھ کر کئی دفعہ زیادہ کام کا بوجھ اس کے سر سے اپنے کندھوں پر لیا۔ خوش اخلاق تو وہ تھا' لیکن اتنا فری کسی سے نہیں ہوتا تھا کہ غلطی سے بھی کسی کو اس کے ماضی میں جھانکنے یا ذاتیات میں دخل اندازی کا موقع مل سکے۔

ایسے میں آئمہ کی بے تکلفی کو اس کی دلچسپی سمجھ کر وہ اس سے کھنچا کھنچا ہی رہتا تھا۔ لیکن ایک دن آئمہ نے خود ہی اسے بتادیا کہ اس کی خاندان میں کہیں بات طے ہو چکی ہے اور اس کا فیانسی چند سال کے لیے ملک سے باہر گیا ہے۔ اس کی واپسی پر شادی ہوگی یا پھر وہ بھی باہر چلی جائے گی۔

غلط فہمی کے بادل چھٹنے کے ساتھ ہی ان کی آپس کی بے تکلفی بڑھنے لگی اور ایک اچھی دوستی میں بدل گئی۔ وہ خود بھی کئی سال اکیلے پن کا عذاب جھیلتے



جھیلتے تھک چکا تھا۔ مسز رباب کی حیثیت اس کے لیے بالکل ایک مالک یا محسن کی سی تھی۔ ان سے دوستی یا اتنی بے تکلفی کا سوچا بھی نہیں جا سکتا تھا۔ عمروں کا فرق بھی ایک واضح پہلو تھا۔

ایسے میں آئمہ کی بے غرض دوستی کو اس نے نعمت خداوندی کی طرح قبول کیا۔ مگر اپنے ماضی کے بارے میں بتانے کی غلطی بہرحال نہیں کی۔

آئمہ اس کی بہنوں سے مل چکی تھی۔ جس دن زریاب کی پروموشن ہوئی اور وہ آئمہ کے سینیئرز میں شامل ہوا۔ اس دن آئمہ کو اسے اپنا بہنوئی بنانے کا انوکھا خیال سوجھا۔ اس نے نہ صرف فوراً" ہی اپنے گھر میں بھی ذکر کردیا' بلکہ زریاب کو بھی اپنا ہم خیال بنانے میں دیر نہیں کی۔ اسے اپنی اور زریاب کی دوستی پر بہت بھروسا تھا۔

اسے یقین تھا' زریاب 'اس کی بات سے کبھی انکار نہیں کرے گا۔ لیکن ایسا ہو نہیں سکا۔ زریاب نے نہ صرف پہلی بار سنتے ہی معذرت کرلی تھی۔ بلکہ اسے آئندہ بھی اس قسم کی کوئی بات کرنے سے منع کردیا تھا۔ اس کا لہجہ اتنا سخت اور بے لچک تھا کہ آئمہ اس سے وجہ تک نہ پوچھ سکی۔ مگر۔۔۔ بہرالحال اسے اپنی حدود کا اندازہ ضرور ہو گیا تھا۔

✲ ✲ ✲

"تم اچھی طرح سوچ لو۔" کمرے کے سناٹے میں ان کی نرم اور پُرخلوص آواز گونج رہی تھی۔

اتنے دن سے اس کا چیخنا' چلانا' مزاحمت احتجاج اور بھوک ہڑتال۔ سب ہی کچھ بے کار گیا تھا۔ وہ جان چکی تھی کہ بظاہر سب جیسے نظر آرہے تھے۔ ویسے تھے نہیں۔ نہ اتنے رحم دل' نہ پُرخلوص' نہ سچے' نہ سیدھے اور نہ ہی شریف۔

"حالانکہ میں اتنا ٹائم ضائع کرنے کے حق میں نہیں۔ لیکن صرف تم کو سنبھلنے کے لیے وقت دینا چاہتی ہوں۔ کیونکہ راستہ بہرحال ایک ہی ہے اور تمہارے سامنے ہے۔" خاموشی کے وقفے میں اس کی دم توڑتی سسکیاں ابھر آتی تھیں۔

"فیصلہ تمہیں وہی کرنا ہے' جو ہم نے کروانا ہے' جلد یا بدیر اور ہو سکتا ہے' زیادہ دیر لگانے پر ہمیں تم پر اپنا فیصلہ ٹھونسنا پڑے۔ میں ایسا نہیں چاہتی۔ مجھے زور زبردستی اور تشدد پسند نہیں ہے۔ بہتر ہوگا تم خود ہی اپنے لیے بہتر فیصلہ کرلو۔ بھول جاؤ تمہارا کوئی ماضی تھا۔ تمہارا کوئی گھر تھا۔ شوہر تھا۔ یوں سمجھو وہ بدحال اور بدکردار آدمی اور وہ غربت بھری زندگی جو تم نے شادی سے پہلے گزاری' سب ایک بھیانک خواب تھا۔" وہ بہت دل فریبی سے لفاظی کا سنہرا جال اس کے گرد بن رہی تھیں۔

"اور خوابوں کی حقیقت ہی کیا ہے۔ آنکھ کھلی اور خواب ختم۔ بعض اوقات تو یاد بھی نہیں رہتا کہ۔۔۔" ان کی بات ادھوری رہ گئی۔ وہ تیزی سے اٹھ کر ان کے قدموں میں بیٹھ چکی تھی۔

"خدا رسول کا واسطہ ہے۔ اگر تمہاری کوئی اولاد ہے۔ کوئی بیٹی ہے یا تم خود کسی کی بیٹی ہو تو واسطہ ہے تمہیں اس رشتے کا۔ مجھے جانے دو۔ میں۔۔۔ میں یہاں نہیں رہ سکتی۔ میں کسی کو کچھ نہیں بتاؤں گی۔ مجھے جانے دو' میں وہ سب نہیں کر سکتی جو تم چاہتی ہو' خدا کے لیے۔" وہ ان کے پیر پکڑے بلک رہی تھی۔

مسز رباب کے لیے یہ التجائیں' یہ منتیں کوئی نئی نہیں تھیں۔ کتنی ہی لڑکیاں ان کے پیروں میں گر کر ان کے قدموں میں سر رکھ کر گڑگڑائی تھیں۔ وہ نہ تو پہلی لڑکی تھی' نہ آخری۔ انہوں نے دھیرے سے اپنے پیر پیچھے کیے۔

"بے کار میں وقت ضائع کر رہی ہو۔ اتنا کیوں رو رہی ہو میری جان۔" انہوں نے اس کی ٹھوڑی اونچی کرکے اس کا سرخ چہرہ دیکھا۔ "دیکھو کیا حال کرلیا ہے اور اگر میں تمہیں جانے بھی دوں تو تم جاؤں گی کہاں ہمم م م۔۔۔"

وہ بدستور سسک رہی تھی۔

"اٹھو۔۔۔ اٹھو۔" بے مثال ہمدردانہ اداکاری کے جوہر دکھاتے ہوئے انہوں نے اسے بستر پر بٹھادیا۔ "تم



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

اپنے گھر نہیں جاسکتیں چندا۔ کیونکہ اب تک تو تمہارا وہ نام نہاد خاوند تمہیں کسی فارن کنٹری میں مار چکا ہوگا۔ کوئی بھی ریزن دے کر۔ بلکہ اب تک تو تمہاری تدفین بھی ہوگئی ہوگی۔ کسی ایسے قبرستان میں جہاں تمہاری وہ دمے کی مریضہ بوڑھی ماں کبھی نہیں پہنچ سکتی۔ ایک ایسی قبر میں جس کا سرے سے کوئی وجود ہی نہیں اور جس کا کتبہ تمہارا کوئی نام لیوا کبھی نہیں پڑھ سکتا۔" اس کا چہرہ دیکھ کر انہوں نے زوردار قہقہہ لگایا۔

وہ حیرت کی انتہا سے انہیں دیکھ رہی تھی۔ اس سے وہ نعیمہ کو بالکل اس خون آشام ڈائن کی طرح لگیں۔ جو اپنے نوکیلے پنجوں سے اس کا وجود کھوٹنے اور لمبے دانتوں سے خون پینے کے لیے بالکل تیار بیٹھی ہو۔

"ان کے لیے تم مرچکی ہو ڈارلنگ! وہ تمہاری ان دیکھی موت پر رو دھو کر صبر کرچکے ہوں گے۔ بلکہ اب تک تو وہ تمہارے قل کے چنے بھی بانٹ چکے ہوں گے۔" وہ ایک بار پھر سے قہقہہ لگا رہی تھیں۔ نعیمہ نے بے حد نفرت سے ان کا مکروہ چہرہ دیکھا۔ ایک لمحے کو اس کا دل چاہا کہ ان کا خوب صورت چہرہ اپنے ناخنوں سے نوچ کر اتنا بھیانک کردے کہ کوئی پہچان نہ سکے۔ لیکن وہ جانتی تھی' وہ ایسا نہیں کرسکتی۔ کم سے کم انہیں دھکا دے کر یہاں سے نکل ہی بھاگے مگر ایسا بھی ممکن نہ تھا۔

اسے اپنے کمرے سے لے کر بیرونی دروازے تک کا راستہ بھی ٹھیک سے معلوم نہ تھا اور فاصلہ کتنا تھا' یہ بھی معلوم نہ تھا۔ پتا ہوتا تو بھی کوئی فائدہ نہ تھا۔ کیونکہ اس محل کی ملکہ کے پالے ہوئے دیوہیکل باڈی گارڈز اور ڈھیروں ملازم "ایک پل" میں اسے چت کرسکتے تھے۔

"ایک پل" میں وہ ممکنات کا سفر دور تک طے کر آئی تھی۔

بلکہ۔ بلکہ وہ تو۔

اس نے عورت کے اشاروں پر چلتے ہوئے اس کے ساتھ کچھ بھی۔

آگے سوچنے کی اس کی ہمت نہیں تھی۔ اسے پورے جسم کے رونگٹے کھڑے محسوس ہوئے۔

☼ ☼ ☼

فضا میں سوگواری کی باس کے ساتھ اگربتیوں کی خوشبو گھل مل رہی تھی۔ گھر کے اکلوتے کمرے میں بچھی چاندنی پر دس' بارہ عورتیں بیٹھی سیپارے پڑھ رہی تھیں۔ ایک کونے میں سلمیٰ بیگم' رشنا کی بانہوں میں سمٹی سسک رہی تھیں۔ پر ذرا دیر کے بعد وہ بے قابو ہو کر پچھاڑیں کھانے لگتیں۔

"نمو۔ میری نمو۔ ہائے کہاں چلی گئی تو نمو۔"

ایسے میں رندھے گلے سے انہیں صبر کی تلقین کرتی رشنا کو خود بھی یقین نہیں آرہا تھا کہ نمو اب اس دنیا میں نہیں رہی۔

"امی! امی! طبیعت خراب ہوجائے گی' پلیز سنبھالیں خود کو۔" دائیں طرف بیٹھی عظمت بوا دلاسا دینے میں ناکام تھیں۔ خبر تھی ہی اتنی غیر متوقع اور اندوہناک۔ عورتیں ترحم بھرے انداز میں بین کرتی سلمیٰ بیگم کو دیکھتیں اور پلکیں صاف کرکے پھر سے سیپارہ پڑھنے لگتیں۔

"اپنے آپ کو سنبھالیں۔ اللہ سے اس کے ایصال ثواب کی دعا کریں نا۔ اللہ اسے سکون دے۔" وہ خود بری طرح بکھر چکی تھی۔ اسے خود بھی اندازہ نہیں تھا' وہ اندر سے کتنی کمزور ہوچکی ہے۔

کل جب پڑوس میں بابر سلطان کے فون کی خبر آئی تو اس کے بھی وہم و گمان میں نہ تھا' وہ اسے کیا خبر سنانے والا ہے۔ اپنے اندازوں کی آخری حد پر جاکے بھی وہ نمو کی موت کے بارے میں تو کبھی نہیں سوچ سکتی تھی۔

"لیکن اتنی اچانک کیسے؟" صدمے کے مارے اس کے منہ سے ڈھنگ سے بات بھی نہ نکل سکی تھی۔

"بس خدا جب بلائے تو بندے تو کچھ نہیں کرسکتے نا۔" پتا نہیں وہ کون تھا۔ بابر سلطان سے اس کا کیا رشتہ تھا۔



"بہت برا ایکسیڈنٹ تھا جی۔ بھابھی جی تو پہچانی نہیں جارہی تھیں۔ بابر بھائی کی حالت بھی نازک ہے۔ یہیں دبئی کے اسپتال میں ایڈمٹ ہیں۔ آپ دعا کیجئے گا جی۔ اللہ انہیں بہتر کرے اور بھابھی جی کی مغفرت کرے۔ ڈیڈ باڈی کی حالت بہت خراب تھی۔ پاکستان بھجوانے کا ٹائم نہیں تھا۔ اس لیے یہیں تدفین کروا رہے ہیں۔" فون کرنے والا خود بھی سوگوار تھا۔

اس کی اپنی حالت تو دیدنی تھی۔ فون بند کرنے کے بعد وہ وہیں اتنا بکھر کے روئی تھی کہ سنبھالنا مشکل ہوگیا تھا۔ سلمیٰ بیگم تو پھر ماں تھیں۔ ان سے صبر کی امید رکھنا بے وقوفی ہی تھی۔

"بے چاری کی ایک ہی تو اولاد تھی' وہ بھی گئی۔"

"بے سوچے سمجھے' پیسے کی لالچ میں' انجان لوگوں میں لڑکی دے دی۔ آخری شکل تک دکھانے نہ لائے' اب کیا کرے گی۔"

"ارے نجانے کہاں جاکے اس کا آخری قیمہ لکھا تھا۔ دیدار بھی نصیب نہ ہوا۔"

"چچ چچ۔ کوئی لڑکا ہی ہوتا بڑھاپے کا سہارا۔"

ایصال ثواب اور تعزیت کے لیے آئی تمام عورتوں کو ان سے ہمدردی تھی مگر اپنے اپنے انداز میں۔

☼ ☼ ☼

"آفس سے واپسی پر مجھے مارکیٹ لے چلو گے۔"

آئمہ اس کے آفس میں بیٹھی تھی۔

"کیوں۔ میرا ساتھ جانا ضروری ہے کیا؟"

"نہیں بس' بے عزتی کروانے کا موڈ ہو رہا تھا' اس لیے آگئی۔" کمپیوٹر اسکرین پر نگاہیں جمائے وہ مسکرا رہا تھا۔

"اوفوہ۔ اس موڈ کو ذرا سمجھاؤ۔ ایسی بے تکی فرمائشیں' اف اب تمہاری انسلٹ کرتا کیا میں اچھا لگوں گا۔"

"اب تو کردی نا' اب کیا۔" وہ روٹھی روٹھی سی تھی۔

"اوفوہ آج کچھ زیادہ ہی نخرہ دکھایا جارہا ہے۔"

"تمہارے اوپر اٹھانے کی پابندی نہیں ہے۔"

"ہاں پابندی تو نہیں' مگر پھر بھی اب کیا میں اپنی اکلوتی دوست کے نخرے بھی نہیں اٹھا سکتا کیا۔" وہ چپ رہی۔

"ابھی چلیں۔" اس کا چہرہ کھل اٹھا۔

"اللہ زریاب ابھی۔ چلو چلو' مجھے کیا اعتراض ہوگا۔"

"تمہارا کام ہوگیا۔"

"ہاں۔ ہاں بالکل فنیش۔ میں ابھی بیگ لے کر آتی ہوں۔" وہ خوش ہوگئی۔ لیکن زریاب کی ساری


مشہور مزاح نگار اور شاعر

انشاء جی کی خوبصورت تحریریں،

کارٹونوں سے مزین

آفسٹ طباعت، مضبوط جلد، خوبصورت گردپوش

| کتاب کا نام | | قیمت |
| --- | --- | --- |
| آوارہ گرد کی ڈائری | سفرنامہ | 450/- |
| دنیا گول ہے | سفرنامہ | 450/- |
| ابن بطوطہ کے تعاقب میں | سفرنامہ | 450/- |
| چلتے ہو تو چین کو چلیے | سفرنامہ | 275/- |
| نگری نگری پھرا مسافر | سفرنامہ | 225/- |
| خمار گندم | طنز و مزاح | 225/- |
| اُردو کی آخری کتاب | طنز و مزاح | 225/- |
| اس بستی کے کوچے میں | مجموعہ کلام | 300/- |

منگوانے کا پتہ:
مکتبہ عمران ڈائجسٹ، 37 - اردو بازار، کراچی۔ فون نمبر: 32735021




WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
RSPK.PAKSOCIETY.COM PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

خوشی پر پانی پھر گیا جب اسے پتا چلا کہ وہ لائبہ کی برتھ ڈے کے لیے گفٹ لینے آئی ہے۔

اس کی دلچسپی ختم ہو چکی تھی۔ وہ بے دلی سے ہوں ہاں کرتا رہا۔ بلکہ بے مروتی کی انتہا کرتے ہوئے اس نے خود سے کوئی بھی گفٹ لینے سے انکار کر دیا اور یہ بھی جتا دیا کہ ہو سکتا ہے وہ اس پارٹی میں شریک نہ ہو سکے۔

آئمہ اس کا گریز جانتی تھی۔ وہ خود آئمہ کی خواہش سے لاعلم نہ تھا۔ مگر نہ جانے کیوں وہ دوبارہ کبھی آئمہ سے کہہ نہیں سکا کہ وہ لائبہ کا ذکر اگر اس کے سامنے اس لیے کرتی ہے کہ وہ کبھی نہ کبھی اس کی طرف متوجہ ہو جائے گا تو یہ کوشش فضول ہے۔ نہ ہی آئمہ نے اپنی کوشش ترک کی۔ وہ پرامید تھی کہ کبھی نہ کبھی زریاب کو لائبہ کا نصیب بنا ہی دے گی۔

وہ بہت اچھا انسان تھا۔ آئمہ کا دوست تھا اور آئمہ اسے کھونا نہیں چاہتی تھی۔

☼ ☼ ☼

"ایک تو اسے اردو نہیں آتی۔" مسز رباب اس سے پریشان تھیں۔

"سکینہ! تم اسے سکھانے کی کوشش کرو۔ اگر اسے اردو تھوڑی سی آجائے تو اچھا ہے۔" وہ سامنے بیٹھی شائل کو بے زار نظروں سے دیکھ رہی تھیں۔

"یہ زریاب بھی کیا چیز اٹھا کے لایا ہے۔" بات نہ سمجھ پانے کے باعث وہ یہاں کے دوسرے ملازمین کے لیے مسئلہ بن رہی تھی۔

"اچھا۔ وہ ہے نا مٹھل۔" وہ کچھ سوچ کر سکینہ سے مخاطب ہوئیں۔ "اسے اس کے پاس لے جاؤ، کہنا کہ اسے سندھی آتی ہے۔ اردو سکھا دو۔ تھوڑی بہت تو یہ بھی بول ہی لیتی ہے۔ رواں ہو جائے تو اچھا ہے۔" انہوں نے اپنے ڈرائیور کا ذکر کیا۔

ملازمہ سر ہلاتی اسے لے کر چلی گئی۔

"اب میرے کرنے کو کوئی کام نہیں بچا نا، جو میں یہ کھڑاگ سمیٹوں بیٹھ کر۔" بے زاری سے بڑبڑاتی ہوئی وہ سیل پر کوئی نمبر ملانے لگی تھیں۔

☼ ☼ ☼

"بوا! آج مت جائیں نا۔ یہیں رک جائیں میرے پاس۔" وہ بہت منت سے بول رہی تھی۔ آج تیسرا دن تھا اسے 'بوا سے یہی فرمائش کرتے ہوئے پتا نہیں وہ اتنی خوف زدہ کیوں تھی۔

"کب تک رکی رہوں گی یہاں، وہاں گھر پر بھی میرا انتظار ہو رہا ہوگا۔"

"نہیں میری مجبوری بتائیں، مجھے ڈر لگ رہا ہے۔"

"ارے ڈر کیسا۔ تو اکیلی کہاں ہے۔ وہ تیری ماں ہے نا۔" بوا کی تسلی کتنی بودی تھی۔ وہ خود بھی جانتی تھیں۔ جب ہی ان کا لہجہ کمزور تھا۔ اس نے ذرا کی ذرا گردن موڑ کر زندہ لاش کی مانند پڑی اپنی ماں کو دیکھا۔

"اچھا صرف آج۔"

"آج نہیں تو کل۔ مجھے جانا تو ہوگا نا۔ اصغر گھر سے نکل گیا ہے۔ پہنچنے ہی والا ہوگا۔" بوا نظریں چرا کر بول رہی تھیں۔ اس کے ہاتھ ڈھیلے پڑ گئے۔ پھر اس سے کچھ کہا نہیں گیا۔

☼ ☼ ☼

زندگی کرنے کے باقی سب ہی راستے مسدود ہو چکے تھے۔

صرف ایک راستہ کھلا تھا۔ گناہ کا، غلیظ گندگی میں لتھڑا راستہ اور اسے اس گندگی میں اترنا ہی تھا۔ گردن تک یا پھر شاید سر تک۔ بہت مشکل تھا۔ اس کے لیے اپنے آپ کو اس راستے پر آمادہ کرنا، لیکن مسز رباب کو اس مشکل کو آسان بنانا آتا تھا۔ بہت اچھی طرح۔ دیر سے ہی سہی، لیکن اپنے خوب صورت چہرے پر سے دوستانہ نقاب اتار کر وہ ایک بار پھر اس کے روبرو تھیں۔

"دیکھو، میں آخری بار پوچھنے آئی ہوں تم سے۔"

"میرا جواب پتا ہے، آپ کو میں۔"

اس کی بات ادھوری رہ گئی۔ وہ خائف تھی۔ اس کی بات میں انکار تھا۔ مگر لہجے میں دم نہیں۔



"میں نے سوچا، شاید تم نے اپنا فیصلہ بدل لیا ہو۔"

وہ چپ رہی۔

"کیوں خود سے دشمنی پر اتر آئی ہو تم؟" انہوں نے اپنے تئیں اسے سمجھانے کی آخری کوشش کی۔ پھر دروازے سے کسی کو آواز دی۔

"مٹھل۔ او مٹھل۔"

چند لمحوں بعد دروازے سے دیو ہیکل، ڈراؤنا چہرہ نمودار ہوا۔ جس کی نوک دار مونچھیں بڑھ کے اس کے کانوں کی لوئیں چھو رہی تھیں۔ موٹی موٹی آنکھوں میں سرخ ڈورے تھے اور نظریں ندیدوں کی طرح اس کے وجود پر چپک رہی تھیں۔

"لو بھئی مٹھل! سنبھالو، اب خود ہی۔" وہ پھٹی پھٹی آنکھوں سے ان دونوں کو دیکھتی سرہانے سے چپٹ سی گئی تھی۔ مسز رباب ترحم آمیز نظروں سے اسے دیکھتی اٹھ کر دروازہ بند کرتی باہر نکل گئیں۔

☼ ☼ ☼

دن ایک دوسرے کے پیچھے بھاگتے کتنے آگے نکل گئے تھے۔

شائل اردو بولنا سیکھ رہی تھی۔ اسے کپڑے پہننے کی تمیز بھی آگئی تھی اور وہ محنتی بھی بہت تھی۔

مٹھل سے نعیمہ کی دھجیاں اڑوانے کے بعد، اسے اپنے راستے پر لگانا بہت سہل ثابت ہوا۔ اس کے اندر یقیناً "کسی مٹھل کو دوبارہ برداشت کرنے کی ہمت نہیں بچی تھی۔

ایک ہفتے تک اس کے چہرے پر دردناک سوجن چڑھی رہی۔ جسم کا ایک ایک انگ دکھتا رہا۔ نوکیلے ناخنوں کی کھرونچوں سے خون رستا رہا۔ جبڑے اپنی جگہوں سے جیسے ہل گئے تھے۔ ٹانگیں اینٹھ چکی تھیں اور سر کے پچھلے حصے میں کئی جگہوں پر درد کا احساس ابھی تک باقی تھا۔

دو دن تک تو وہ بستر پر کروٹیں بدلنے کے لیے بھی دوسروں کی محتاج رہی تھی اور ایک ہفتے بعد جب اس کے جسم اور چہرے کی نیلاہٹیں ہلکی زردی میں بدل چکی تھیں، تو وہ ایک بار پھر اس کے کمرے میں موجود تھیں۔

اس بار صرف وہ بولتی رہیں۔ اس نے جواب میں کچھ کہنے کی ضرورت نہیں سمجھی۔ بس نفرت آمیز نظروں سے انہیں دیکھتی رہی۔

"لیلیٰ آئے گی رات میں۔ اچھی طرح ڈریس اپ ہو جانا۔ میں سوٹ اور جیولری بھجوا دوں گی۔" وہ فیصلہ کن انداز میں کہہ کر دروازے کی طرف بڑھیں۔ پھر کچھ سوچ کر اس تک پلٹ آئیں۔

"بے فکر رہو میری جان۔ آج رات تمہارا سامنا مٹھل جیسے کسی وحشی سے نہیں ہوگا۔" وہ مسکرا کر اس کی ٹھوڑی چھو کر بولیں۔

"اور اگر آئندہ بھی میرے کہنے پر چلتی رہیں، تو میں تمہارا خاص خیال رکھوں گی۔" اس نے نفرت سے ان کا ہاتھ جھٹک دیا۔ وہ ہنستی ہوئی باہر نکل گئیں۔

☼ ☼ ☼

ڈوبتے سورج کی شعاعوں کا عکس ٹھہرے پانیوں میں بھی نارنجی رنگ گھول رہا تھا وہ کراچی آتا تو اکثر ہی یہاں آتا تھا۔ لیکن اسے کراچی آنا نہیں تھا۔ اسے کوئی کام نہیں تھا۔ مگر پھر بھی وہ یہاں آگیا تھا۔

وہ خود بھی بے خبر تھا۔ اپنے مستقبل سے لاعلم۔ حال سے انجان صرف ماضی کے سیاہ اوراق پلٹتا۔ ان رنگوں میں، ان یادوں میں ڈوبتا ابھرتا رہتا۔

ان گلیوں میں بھٹکتا رہتا۔

جہاں اس کا شرارتی بچپن، امنگوں بھرا لڑکپن اور خوابوں سے سجی جوانی گزری تھی۔ شوریدہ سر لہریں اس کے شکستہ قدموں سے ٹکرا کر پلٹتی رہیں۔ جھکے کندھوں کے ساتھ رک رک کے قدم سے ساحلوں کی تنہائی بانٹتا رہا۔ کبھی کبھی کوئی آواز اس کے قدم تھام لیتی۔

"وہ تمہاری بہن ہے، رضاعی بہن، تم نے اس کے بارے میں سوچا بھی کیسے۔"



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

سماعتوں میں ٹوٹے کانچ چبھتے رہے۔ پگھلا سیسہ انڈیلتے سفاک الفاظ بپھری ہوئی موجوں کا شور شرابا چیر کر اس تک پہنچتے رہے۔

جلتی آنکھوں کے سرخ ڈورے گہرے ہوتے رہے۔ ناکام تھکے ماندے قدم جوتے کی نوک سے پتھر اڑاتے رہے۔

☼ ☼ ☼

صبح ہوتی ہے شام ہوتی ہے
عمر یوں ہی تمام ہوتی ہے

صبح اسکول' دوپہر میں گھر کے کام اور شام میں ٹیوشنز کی لگی بندھی روٹین پر وہ کسی روبوٹ کی طرح چلتی تھی۔ ایک سپاٹ تاثر ہمہ وقت چہرے پر جما بیٹھا رہتا تھا۔ بے رنگ آنکھیں اب کسی بات پر جگمگاتی نہیں تھیں۔ اسے پہلی تنخواہ کا بہت انتظار تھا۔ اس کی بہت سی خواہشیں اس پہلی تنخواہ سے جڑی تھیں۔ مگر ہوا کیا۔

اس نے وہ تنخواہ وہاں خرچ کی جہاں کا گمان بھی نہ تھا۔

دو کلو چاولوں کی قبولی پکا کر نعیمہ کے ایصال ثواب کے لیے مسجد اور محلے میں بھجوائی۔ قرآن خوانی کا اہتمام کیا اور اس کے لیے منگائی گئی چاندنیوں اور پانی کی ٹنکی کا کرایہ دیا۔ قرآن خوانی کے بعد چائے میں ڈالا جانے والا دودھ اور پتی بسکٹ اور سموسے۔

گو کہ کسی کے انتقال پر ملال پر آنے والی خواتین کا کھانا پینا کوئی ایسا ضروری امر نہ تھا۔ لیکن جہاں اہتمام کے ساتھ دیگیں پکوائی جاتی ہوں اور دونوں ٹائم بریانی خوشبوئیں لٹاتی ہو وہاں اس غربت میں اتنا اہتمام بھی اس کے لیے بہت داد و ستائش کا باعث بنا۔ گو کہ اس کی یہ نیت نہ تھی۔ مگر وہاں کی ریت تو تھی۔

اور تیسرے دن کے بعد سے وہ جیسے پتھر کی ہو گئی۔

زریاب کے بچھڑ جانے کے بعد اس میں کسی اور کی جدائی سہنے کی طاقت نہیں بچی تھی اور وہ بھی دائمی جدائی۔ نمو جیسی بھی تھی اور اس کے ساتھ جو بھی کر کے گئی تھی' تھی تو اس کی بہن ہی نا۔ وہ زندگی میں بے شمار بار اس کے ساتھ مل کر ہنسی تھی' روئی تھی۔ نمو اس کی محبت سے واقف نہ تھی۔ لیکن اس کو تو نمو کے دل کا حال پتا تھا اور پھر جب نمو کی شادی ہوئی تو اس نے اس کی دائمی خوشیوں کے لیے صداق دل سے کتنی دعائیں کی تھیں۔

شروع میں دو' تین بار جب وہ اس سے ملنے آئی تو ماحول میں ایک واضح فرق کے باوجود کتنی خوش تھی۔

"برائیاں کس میں نہیں ہوتیں روشی' پر میرے میاں دوسرے آدمیوں سے بہت اچھے ہیں۔ اب یہی دیکھ لو کہ ایک بار کہا کہ گجرے اچھے لگتے ہیں۔ اب ہر بار کہیں باہر نکلوں تو کلائیاں کبھی خالی نہیں ہوتیں۔"

اس کی شوخ زندہ دل آواز ابھی کانوں میں آباد تھی۔ کیا میں وہ آواز دوبارہ کبھی سن نہیں سکوں گی۔

اپنے آپ کو یقین دلاتے دن کے تمام ہی پہر کہیں ادھر ادھر ہو جاتے۔ اداسی میں گھرا سرا اس کے لیے دکھوں بھری شامیں ہی لایا تھا۔ سورج کی تپش میں ہونے والا معمولی سا اضافہ جہنم کے دروازے جیسا لگتا تھا۔

کبھی آنسو کہیں سے بھولے بھٹکے اس کی آنکھوں کی خشک دہلیز سے نکل آتے تو وہاں کی ویرانیوں میں ان کا بھی جی نہ لگتا اور وہ گرنے سے پہلے ہی انہیں رگڑ ڈالتی۔

☼ ☼ ☼

راتیں جاگ اٹھی تھیں۔

تلخ جام گھونٹ گھونٹ حلق سے اتارنے کے بعد' بے دریغ لنڈھانے کی عادت پڑ گئی۔ میک اپ کی تہوں میں اس کے چہرے پر پڑی اذیت کی دراڑیں چھپ گئیں۔ بڑی سی چادر کی اوٹ سے ڈھکا رہنے والا جسم اب ایک کھلی دعوت عام کا روپ دھار چکا تھا۔ لمبی لمبی گاڑیاں' جن کے دروازوں میں لگے آٹومیٹک لاک بھی نہ تو کھولنا اس کے بس کی بات تھی نہ بند کرنا۔ اب وہ ان کی ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھنے کی پریکٹس کر رہی تھی۔



رنگ برنگے لینسز کے پیچھے اس کی التجا کرتی آنکھوں کا رنگ کیا تھا۔ شاید اسے خود بھی یاد نہیں رہا تھا۔

سوکھی اور سانولی کلائیاں' صحت مند ہو کر جتنی پرکشش ہوتی گئیں۔ انہیں تھامنے اور مروڑنے والوں کی تعداد میں اتنا ہی اضافہ ہوتا گیا۔

کبھی ایک بڑا سا دوپٹا اوڑھے وہ گھر کے اندر اور باہر کے کتنے کام نمٹا لیتی تھی۔ کوئی مسئلہ نہیں ہوتا تھا اور اب اسے ایک بالشت کا اسکارف سنبھالنا بھی مصیبت تھا۔

"اوفوہ" وہ اکثر الجھ کر اس کو محفلوں میں صوفے کی پشت پر ڈال کے اٹھانا بھول جاتی۔

نیا نام' نیا چہرہ' نئی شناخت اور نیا شناختی کارڈ' بلکہ پہلا شناختی کارڈ اور اب پاسپورٹ بھی۔

"پاکستان میں تمہارے صحیح قدردان نہیں ہیں ڈارلنگ۔ تمہیں تو وہاں ہونا چاہیے۔ جہاں پر ہر لمحے کوئی تمہاری شان میں قصیدے پڑھے۔ تمہارے حسن کی دن رات نظر اتارے۔"

"لیکن میں اکیلی نہیں جاؤں گی' آپ کو میرے ساتھ چلنا ہوگا۔" اندر کہیں ان ہی تنگ و تاریک گلیوں میں بسنے والی لڑکی آج بھی چھپی بیٹھی تھی۔

"میں کیا کروں گی جا کے' کام تمہارا ہے' جانا بھی تم ہی کو ہوگا جانی۔" مسز رباب کی اداؤں کا وہی عالم تھا۔

☼ ☼ ☼

اماوس کی راتیں اور جاڑے کی اداسی مل کر راتوں کو کچھ اور بھی تنہا کر دیتے۔ اسے بھی اداسی پورے کمرے میں چکراتی ہوئی لگ رہی تھی۔ آج رسولن بڑی بی بی کے ساتھ ہی کہیں گئی تھی۔ شاید کام والی کی ضرورت تھی۔ اس سے پہلے۔ اس کے کوارٹر میں کبھی رات کو اکیلے رکنے کا اتفاق نہیں ہوا تھا۔

ان کی خادمہ خاص جو اندرونی اور بیرونی معاملات اور دوسرے نوکروں کی نگرانی پر مامور تھی۔ وہ اور اس جیسے دوسرے ملازمین جو نچلے درجے سے ذرا اوپر کہلاتے تھے۔ ان کے کمرے گھر کی سب سے اوپری منزل پر تھے۔ وہ یہاں سرونٹ کوارٹرز میں نہیں رہتے تھے۔

شائل یہاں آ کے خوش بھی تھی اور مطمئن بھی۔ تیز سرد ہوا سے دروازے کے پٹ پھڑپھڑا رہے تھے۔ اس کو ان آوازوں سے ڈر سا محسوس ہوا۔ نیند آنکھوں سے کوسوں دور تھی۔ وہ گھبرا کے باہر نکل آئی۔ لان کی سائیڈ پر چند ایک لائٹیں جل رہی تھیں اس نے دور کونے میں چوکیدار کی کرسی پر مٹھل کو بیٹھے دیکھا شاید آج اس کی گاڑی کی ضرورت نہیں پڑی تھی۔ اس کی انگلیوں کے بیچ دبی سگریٹ کا شعلہ دہک رہا تھا۔

مٹھل بھی اسے دیکھ چکا تھا وہ اٹھ کر تیز قدموں سے اس کی طرف آیا۔

"کیا بات ہے۔" اسے سندھی آتی تھی مگر یہ بڑی بیگم کا حکم تھا کہ اس کو اردو سکھاؤ۔

"میں کو ڈر لگ رہا ہے اور اکیلے۔"

"ارے تو اکیلی ہے۔ رسولن کہاں ہے؟"

"وہ گئی بی بی کے ساتھ۔" وہ ابھی ابھی بولتے ہوئے اٹک جاتی تھی۔ اسے بتاتے وقت اندازہ نہیں تھا کہ بی بی کے ساتھ رسولن نہیں باقی لڑکیاں بھی جا چکی ہیں۔ گھر پر چند ایک ملازمین کے سوا کوئی نہیں۔ جو ہیں بھی تو اوپری منزل پر' سردی کی شدت سے کمروں میں دبکے آرام سے سو چکے ہیں۔ لیکن مٹھل۔۔۔

وہ یہ بات اچھی طرح جانتا تھا اور یہ بھی جانتا تھا کہ یہ رات شائل کی خوشی اور اطمینان کی آخری رات ہے۔

☼ ☼ ☼

آفس کی سرگرمیاں معمول کے مطابق جاری و ساری تھیں۔

"مجھے کل کراچی جانا ہے۔" آفس ٹائم ختم ہونے کے بعد اس نے آئمہ کو اطلاع دی تھی۔ "ایک پارٹی میں شرکت کرنی ہے۔ تم بھی چلو۔"

"میں انویٹیشن کے بغیر کہیں نہیں جاتی۔ تم



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

انجوائے کرو۔"

آئمہ، بیگم رباب بختیار کو صرف اس کی آنٹی کی حیثیت سے جانتی تھی۔ یہ بھی ان ہی کی ہدایت تھی کہ وہ

اپنے اور ان کے تعلقات کا زیادہ چرچا نہ کرے۔ خاص طور پر اس نئی جگہ جو کہ ایک این جی او تھی۔

"زریاب! سنو۔" وہ مڑتے مڑتے رک کر اسے دیکھنے لگا۔

"پلیز اپنی صحت کا خیال رکھا کرو۔ تم بہت کمزور ہوتے جارہے ہو۔"

اس قدر غیر متوقع بات پر اس نے چند لمحے اس کی آنکھوں میں جھانکا۔ پھر دھیرے سے تھینک یو کہہ کر آگے بڑھ گیا۔ آئمہ دیر تک وہیں کھڑی اسے جاتا ہوا دیکھتی رہی۔

☼ ☼ ☼

اس طرح کے فنکشنز میں مسز رباب اسے انوائٹ نہیں کرتی تھیں، مگر اس بار ان کا موڈ ہی کچھ اور تھا۔

ایک بہت بڑی بزنس ڈیل جو پچھلے کئی مہینوں سے مختلف مسائل اور رکاوٹوں کا شکار تھی۔ اسی مہینے فائنل ہوئی تھی۔ آرڈر اتنا بڑا تھا کہ ان کے بزنس کو اس آرڈر کی تکمیل کے ساتھ ہی ایک بہت بڑا بریک ملنے والا تھا۔

وہ بے انتہا خوش تھیں۔ اسی لیے پارٹی میں، زریاب کو آتے دیکھ کر بے اختیار اس کی طرف بڑھ کے اس کے گال سے گال ملا کر اپنی گرم جوشی کا اظہار کر گئیں۔ ورنہ اس کے سامنے وہ بہت سنبھل کے بہت احتیاط سے رہتی تھیں۔

"کیا بات ہے آنٹی! آج تو آپ بہت زبردست لگ رہی ہیں۔" اس نے بھی ذرا بے تکلف انداز میں تعریف کر ڈالی۔ بلیک جارجٹ کی ساڑھی میں ان کا تقریباً "ٹاپ لیس بلاؤز" نہیں، بہت ہی بولڈ بنا رہا تھا۔

"او یو نائی بوائے۔" انہوں نے ایک ناز سے مسکرا کے اس کے کاندھوں پر مکا جڑ دیا۔ "تم نے مجھے کبھی فل فارم میں دیکھا ہی کہاں ہے۔" اب وہ ذرا فخریہ انداز میں کہہ رہی تھیں۔ "آؤ میں تمہیں اپنے سرکل کے دوسرے لوگوں سے ملواؤں۔"

وہ بہت اسٹائل سے اس کے بازو میں ہاتھ ڈال کے آگے بڑھ گئیں۔

ان کا حلقہ احباب بہت وسیع تھا۔

طرح طرح کے لوگ، بزنس مین، بیورو کریٹس اور سرکاری عہدے داران شامل تھے۔ ابھی وہ ان سے مل کر ٹھیک طرح سے مرعوب ہو بھی نہیں پایا تھا کہ روشنیوں سے چمکتے ہال کے ایک کونے میں اس کی نگاہ پڑی اور پھر وہیں جم کے رہ گئی۔

وہ اگر وہ نہیں تھی جسے وہ ماضی میں کبھی جانتا تھا۔ تب بھی اس سے غضب کی مشابہت رکھتی تھی۔

"کیا اتنا بھی کوئی شکل و صورت میں کسی سے مل سکتا ہے۔" اس کا لباس اور انداز چیخ چیخ کر زبان خود بتا رہے تھے کہ سماج کے کس گھٹیا طبقے سے اس کا تعلق ہے۔ وہ یقین کر کے بھی یقین نہیں کرنا چاہتا تھا۔ وہ دو تین مردوں کے نرغے میں گھری۔ بلند و بانگ قہقہے لگاتی۔ بے باک عورت۔

"نعیمہ۔" اس کے لبوں کی جنبش سے ادا ہونے والا لفظ اتنا ہی بے یقین تھا۔ جتنا وہ خود۔

"نہیں، وہ یہاں کہاں۔" انتہائی سرسری انداز میں سر جھٹک کر بھی وہ بے اختیار اس کی طرف بڑھتے قدموں کو روک نہیں سکا تھا۔

"زریاب!" کسی جاننے والے نے اسے روک کر کوئی بات کی، لیکن اس کا دھیان اسی لڑکی کی سمت تھا۔ وہ اسے دیکھ کر اپنی جگہ، جم سی گئی تھی۔

وہ کہنے والے سے معذرت کرتا دو قدم آگے بڑھا اور اس نے اس کو دو قدم پیچھے ہٹتے دیکھا۔ اس کے چہرے پر اتنا خوف تھا۔ جتنا زریاب کے چہرے پر بے یقینی۔

زریاب کے قدموں میں تیزی آئی اور اس نے اس سے بھی زیادہ تیزی سے اس لڑکی کو پلٹ کر ہال سے باہر جاتے دیکھا۔

اماوس کی تاریکی کچھ اور بھی بڑھ گئی تھی اور اس کی ہولناکی اس کی باقی ماندہ زندگی نگلنے کو تیار بیٹھی تھی۔ کوئی بھی تو والی وارث نہ تھا اس کا۔ اس بڑے سارے شہر میں وہ اس پاک ذات کے بھروسے ہی تو آئی تھی۔ اس پر گزرنے والے حادثے کا علم رسولن کو ہو چکا تھا۔

فضا میں بلند ہوتی اذانوں کی آوازیں سنتی وہ بھڑے ہوئے کواڑ کو دھکیلتی اندر آئی، تو چارپائی پر پڑا شائل کا بے بس وجود اپنے اوپر گزری داستان کا بزبان خود گواہ تھا۔

"ہائے میں مرگئی۔" اس نے زور سے سینے پر دو ہتڑ مارے اور بیگم کو بتانے بھاگی۔ یہ کوئی ڈھکی چھپی واردات نہیں تھی۔ سب جانتے تھے یہ مٹھل کا کارنامہ ہے۔ گھر میں اس رات اس کے سوا کوئی نہ تھا۔

مسز رباب بذات خود چل کر اس کے کوارٹر تک آئیں، اس کی حالت دیکھی اور تسلی دی تھی کہ وہ مٹھل سے خود جواب دہی کریں گی۔

اس محل نما گھر میں بسنے والے ملازمین ان پڑھ تھے یا جاہل مگر۔ پاگل یا بے وقوف ہرگز نہ تھے۔ سب ہی دیکھتے تھے کہ مٹھل اسی آزادی کے ساتھ گھر کے اندر باہر آتا جاتا تھا جو بیگم رباب کی طرف سے اسے خاص طور پر ملی ہوئی تھی۔ کوئی بھی نہ تو بیگم رباب سے سوال کر سکتا تھا۔ نہ ہی ان کے ڈر کی وجہ سے مٹھل کی طرف انگلی اٹھا سکتا تھا۔

"تمہارا دماغ ٹھیک ہے مٹھل! اس لیے اتنی آزادی دی میں نے تم کو۔ اس دن کے لیے۔" معمولی سی سہی، لیکن تشویش تو مسز رباب کو بھی تھی کہ آنے والی نئی ملازمہ کے پیچھے زریاب کا حوالہ جڑا تھا۔

"خدا نہ کرے۔ اگر لانے والے کو اس کی خبر گیری کا خیال آگیا تو کیا جواب دوں گی میں اسے۔ تم جانتے ہو کون لایا تھا اسے۔ نہیں نا۔ وہ بھی نہیں جانتا کیا کھیل ہوتے رہتے ہیں یہاں۔"

"معافی دے دیں بیگم صاحبہ! بس اس رات بڑی بھول ہوگئی۔ میں، میں بھگتنے کو تیار ہوں۔ میں اس سے شادی کرلوں گا۔"

"چل بکواس نہ کر۔ تجھ جیسے ادھیڑ عمر گنوار سے تو میں کبھی اس کی شادی نہ کروں۔" مسز رباب نے ناک سکوڑ کر ناگواری سے کہا۔ مٹھل نے بڑے صبر اور ضبط سے اس صاف گوئی کو برداشت کیا۔

"تو پھر اب میں کیا کروں۔"

"کرنا کیا ہے چکا بیٹھا رہ اور کیا۔" انہوں نے بہت آرام سے اس کا قصہ نمٹایا تھا۔

"اور آئندہ اگر میں نے تجھے اس کے کوارٹر کے آس پاس بھی دیکھا نا تو ٹانگیں تڑوا دوں گی تیری سمجھا۔"

"معاف کردیں بی بی سائیں۔" وہ مکارانہ انداز میں ہاتھ جوڑ کر جانے کے لیے پلٹا۔

"اور سن۔" کچھ سوچ کر انہوں نے اپنے بیگ میں ہاتھ ڈال کر ایک نوٹ برآمد کیا۔

"دل پشوری کے لیے اپنا ہی ٹھکانہ ملا ہے تجھے۔ آئندہ بھوک لگے تو باہر جاکے کھانا سمجھا کہ نہیں۔" انہوں نے نرمی سے کہتے ہوئے نوٹ اس کی جانب اچھال دیا۔ مٹھل کے منہ سے دعاؤں کے پھول جھڑ رہے تھے۔ کہنے کی بات نہیں تھی، اپنے ملازموں کے لیے ہمیشہ سے نرم دل تھیں۔

☼ ☼ ☼

"باجی، اماں نے آپ کو بلایا ہے۔" محلے کی ایک بچی جو اس کے پاس ٹیوشن پڑھتی تھی۔ تیسری بار یہ پیغام لائی تھی۔

"کیوں بلایا ہے اور تمہاری اماں خود نہیں آسکتی کیا۔"

"ہوں ہوں۔ رشنا تمیز سے بول کیا، ہوتا جارہا ہے تجھے۔"

"مجھے کیا ہونا ہے چچی۔ آپ خود دیکھیں۔ یہ میرے پڑھانے کا ٹائم ہے۔ اب اس کی ماں کو کام ہے نا۔ وہ آکے مجھ سے بول دے۔ یہ کیا کہ اس کا کام اور میں جاؤں سننے کے لیے یہ سارا ٹبر چھوڑ کر۔" وہ بری طرح تنک گئی تھی۔ چچی کچھ لمحے اسے دیکھتی رہیں۔





WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

پھر باورچی خانے میں چلی گئیں۔
اسے ملال نے گھیر لیا۔

اس قدر بدتمیزی سے تو وہ بہت ہی کم بات کرتی تھی، جب بہت غصے میں ہوتی یا اس کی برداشت جواب دے جاتی۔ اسے یاد آیا اب وہ اکثر اسی طرح چیخ و پکار مچانے لگی تھی۔ بہت جلد ضبط کا دامن اس کے ہاتھ سے چھوٹ جاتا تھا۔ شاید یہ عظمت بوا کے کھولے گئے بھید کا نتیجہ تھا۔ اس کے دل سے چچی کے لیے رہی سہی عزت بھی جاتی رہی تھی۔ اب اگر کوئی جذبہ موجود تھا تو وہ اس عمر میں اولاد کی جدائی سہنے کی وجہ سے صرف اور صرف ہمدردی کا جذبہ تھا۔ ورنہ وہ محبت اور عزت جو کبھی ان کے لیے وہ اپنے دل میں رکھتی تھی۔ شاید خیال و خواب ہی ہو گئی تھی۔ وہ نیند سے بوجھل آنکھوں پر پانی کے چھینٹے مارنے اٹھ گئی۔

اب یہ سب سوچنے کا فائدہ بھی کیا تھا۔ رویے بدل گئے تھے جذبات بدل گئے تھے۔ پر زندگی تو وہی تھی۔ سیاہ، بے رنگ، حبس زدہ بوجھل۔

☆ ☆ ☆

"کیا بات ہے زریاب! یہاں کیوں کھڑے ہو اس طرح۔" وہ ہال کے استقبالیہ سے باہر آکر اس گاڑی کو نقطہ کی طرح معدوم ہوتا دیکھ رہا تھا۔ جس میں بیٹھ کر وہ تیزی سے چلی گئی تھی۔

پتا نہیں وہ نعیمہ تھی بھی یا نہیں اور اگر وہ نعیمہ نہیں تھی تو اس طرح گئی کیوں؟ جانے کب تک وہ وہیں کھڑا ان ہی سوچوں میں غلطاں رہتا، لیکن مسز رباب نے آکر اسے ہوش دلایا۔

"ہاں مجھے، مجھے آپ سے کچھ پوچھنا ہے۔" تیز روشنیوں میں اس کا جھلمل کرتا وجود، یہ محفلیں، یہ خوشبوئیں، یہ رنگ و بو کی ملاوٹیں دل کو لبھاتی اور نگاہوں کو گرماتی۔ سب جیسے او جھل سا ہو گیا۔

"یہاں میں نے ایک لڑکی کو دیکھا۔ وہ نعیمہ تھی۔ آپ جانتی ہیں اسے۔" اس کا انداز بھی اتنا ہی گم صم اور بے ربط تھا۔ جتنا کہ اس وقت وہ خود۔ مسز رباب کو اس کی غائب دماغی سے قطع نظر اس بات کی قطعی توقع نہیں تھی کہ وہ ان کی "لڑکیوں" میں سے کسی کو جان بھی سکتا ہے۔

لمحے کے ہزارویں حصے میں ان کی سوچ تمام ممکنات اور غیر ممکنات کو کھنگال کر، ایک نتیجہ لے کر واپس پلٹی تھی۔

"ارے یہاں ہزار بارہ سو کی پبلک میں ایک لڑکی کا پوچھ رہے ہو۔" انہوں نے مبالغہ آرائی سے کام لیتے ہوئے ہنس کے جیسے اس کی عقل پر ماتم کیا اور بات ٹالی۔ مگر وہ یونہی سنجیدہ کھڑا انہیں دیکھتا رہا۔

"میں نہیں جانتی اس نام کی کسی لڑکی کو۔ ہو سکتا ہے وہ میرے کسی فرینڈ کے ساتھ آئی ہو۔ یو نو۔ یہ ینگ مین اینجز یونہی پارٹیز انجوائے کرنے کے لیے کہیں بھی پہنچ جاتے ہیں۔ کسی کا بھی ریفرنس لے کر۔" زریاب ابھی بھی دماغی طور پر پوری طرح وہاں حاضر نہ تھا۔ ورنہ ان کی بات کے بے تکے پن کو ضرور بھانپ لیتا۔

"کم۔۔۔ لیٹس انجوائے دا پارٹی۔"

وہ اس کا بازو تھام کر مسکراتی ہوئی اندر جا رہی تھیں۔ وہ کسی بے جان بت کی مانند کھنچا گیا۔

☆ ☆ ☆

اندھیری راتوں پر ڈراؤنے ہیولوں کی پرچھائیاں قابض تھیں۔

ایک بہت بڑے ہوس کے جن نے اس کی بینت بینت کر رکھی عمر بھر کی کمائی کو چند لمحوں میں ڈکار لیا تھا۔ سرد سرسراتی ہوا کی سرگوشیاں۔ اس کی برف سماعتوں میں پگھلتیں، راستہ ڈھونڈ ڈھانڈ بنجر آنکھوں سے بہہ نکلتیں۔ ایسے میں جو رسولن کی نظر پڑ جاتی تو بد دعاؤں کا نہ ختم ہونے والا سلسلہ، مٹھل کے لیے اس کے لبوں سے جاری ہو جاتا۔ وہ اس کی نسلوں اور پشتوں کو کوستی اور جی بھر گالیاں دیتی۔ شاہل اسے اپنی اولاد کی طرح پیاری ہو گئی تھی۔ وہ تھی بھی اتنے نیک اطوار کی لڑکی۔ ڈھیلے ڈھالے کپڑوں میں بڑی سی اوڑھنی لیے۔ صبح سے شام کر دیتی مگر مجال ہے کوئی کام، اس کے ماتھے پر شکن تک لے آئے۔ سیدھے سادے انداز اور بھولا چہرہ۔

وہ اس کی شادی کے خواب بہت جلدی جاگتی آنکھوں سے دیکھنے لگی تھی۔ وہ سوچتی تھی بیگم صاحبہ سے بات کر کے، ان کے دوستوں یا جاننے والوں کے گھر کے کسی ملازم، ڈرائیور، مالی، خانساماں یا چوکیدار، کوئی بھی مناسب عمر کا آدمی دیکھ کر اس کا بیاہ کروا دے گی۔ لیکن واہ ری قسمت۔ غریبوں کو اتنے غریب خواب دیکھنے کی بھی اجازت نہیں کیا۔ بھلا کیا جاتا کسی کا، جو وہ بیاہ کے کسی کی عزت بن جاتی۔ اور بیگم صاحبہ وہ سب جانتے بوجھتے، آنکھیں اور کان، منہ بند کر کے بیٹھ گئیں۔ ٹھیک ہے اندر ہی اندر ان کا اور مٹھل کا معاملہ اور تھا۔ وہ ان کا خاص آدمی تھا۔ لیکن ایسی بھی کیا بے حسی۔ وہ مالکان اور ملازمین سب ہی سے شکوہ کناں تھی۔ لیکن اس سب کا فائدہ بھی کیا تھا۔ اس نے ایک ہاری ہوئی سانس کھینچی۔ گھٹنوں پر ہتھیلیاں ٹکا کے پورے جسم کا وزن ڈال کے کھڑی ہوئی۔ پھر دھیرے دھیرے چلتی اس کے سر پر پہنچی۔

"شاہل۔ اے شاہل۔ دوا کھائی تو نے؟" اس کی بے جان آنکھوں میں لمحے بھر کو زندگی جاگی۔ پھر اثبات میں سر ہلا کر وہ آسمان تکنے لگی۔ رسولن کے سینے میں ایک ماتم برپا تھا۔

☆ ☆ ☆

محفل کی جوانی اپنے عروج پر تھی۔ وہ سارا وقت مسز رباب کی خاص نظر کرم کے حصار میں تھا۔ وہ اسے لیے لیے ساری محفل میں یہاں سے وہاں پھر رہی تھیں۔ اور لوگوں میں اسے اپنا بھتیجا کہہ کر متعارف کروا رہی تھیں۔ زریاب نے جو کچھ، چند لمحے پہلے دیکھا وہ اگر بہت زیادہ اثر پذیر تھا بھی تو، اب اتنے بھانت بھانت کے لوگوں سے ملنے کے لیے اسے سر سے جھٹکنا ہی پڑا تھا۔ اب وہ شوخ و چنچل لڑکیوں کے ایک غول کے پاس کھڑی، ان سے زریاب کے بارے میں بے باک کمنٹس سن کر لطف اندوز ہو رہی تھیں۔

تب ہی ان کے موبائل کی بیپ نے ان کی توجہ کچھ دیر کو سب طرف سے ہٹا دی۔ بڑے انداز میں انہوں نے سیل کان سے لگا کے ہیلو کہا تھا۔ مگر دوسری طرف جانے کون تھا۔ پل بھر میں ان کے چہرے کا رنگ بدل گیا۔

"واٹ۔ او نو۔ مائی گاڈ۔" آس پاس کھڑے سب ہی لوگ ان کے انداز پر ان کی طرف متوجہ ہو چکے تھے۔ "او کے۔ او کے۔ میں آ رہی ہوں۔ آئی ایم کمنگ۔"

بہت جلدی میں انہوں نے سیل بند کر کے اس کی طرف دیکھا۔

"زریاب! میری ایک بہت قریبی دوست کا ایکسیڈنٹ ہو گیا ہے۔ اس کی حالت نازک ہے۔" زریاب کے ذہن میں فوراً" گاڑی لے کر وہاں سے نکلتی لڑکی گھوم گئی۔ "میں آپ کو لے چلوں اپنے ساتھ۔"

"ہاں۔" اب کے انہوں نے اپنی گھبراہٹ سنبھال کے اسے دیکھا۔

"نہیں نہیں۔ اس کی ضرورت نہیں، میں چلی جاؤں گی۔ تم پارٹی انجوائے کرو ہاں۔" وہ اس کا گال تھپک کر تیزی سے آگے بڑھ گئیں۔

زریاب نے محض کچھ ہی منٹ ان کے جانے کے بعد وہاں لگائے۔ "یہ کون قریبی دوست تھی جو اس گرینڈ فنکشن میں مدعو نہیں کی گئی۔ اس کی گاڑی مسز رباب کی گاڑی کا پیچھا کر رہی تھی۔

☆ ☆ ☆

کتنی دیر گزر گئی تھی۔ ٹھنڈے ٹھار صحن کا طول و عرض ناپتے۔ وہ نہیں جانتی تھی۔ اس رات جیسی سیاہی میں اسے تن تنہا چھوڑ دینے والی ماں نے اس کے ساتھ چپ چاپ یہ کھیل کھیلا ہو گا۔ شاید بوا نہ بتاتیں تو وہ زندگی بھر جان ہی نہ پاتی۔

میں اور زریاب کی بہن۔



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

اف! شرمندگی اور اذیت میں تہہ در تہہ لپٹی حقیقت تھی۔ یقیناً" زریاب کے اندر اس کا سامنا کرنے کی ہمت ہی نہیں بچی ہوگی۔ جب ہی چپ چاپ اپنا گھر بیچ کر دونوں بہنوں کو لے کر یہاں سے منتقل ہو گیا تھا۔ پہلی بار تو اسے سن کر بھی یقین نہیں آیا تھا۔

"لو آج کی بریکنگ نیوز سنی تم نے۔"

"کیا" وہ بے دلی سے باسی روٹی کے ٹکڑے ناشتے میں چائے کے ساتھ نگل رہی تھی۔

"زریاب کہیں چلا گیا اپنا گھر بیچ کر۔"

اس کے منہ سے آواز نہیں نکل سکی۔ نوالہ اس کے ہاتھ سے چھوٹ گیا۔ "کہاں چلا گیا؟"

"کیا پتا۔" نمو ایسی بن گئی جیسے اسے کچھ پروا نہیں۔ مگر وہ جانتی تھی۔ اندر ہی اندر متفکر تو وہ بھی ہوگی۔

"تو ایسے کیسے جا سکتا ہے۔ بنا بات کیے بغیر کچھ بتائے۔"

"کیوں نہیں جا سکتا۔"

"ارے اتنی بڑی حرکت ہم سے ملے بتائے بغیر وہ کر ہی نہیں سکتا۔ کھانے کو پیسے نہیں ہیں اس کے پاس' وہ کیا پاگل ہے جو گھر بیچے گا۔" وہ اسے جھٹلاتے سے خود بھی بے یقین نہیں تھی۔

"چلو دیکھتے ہیں۔" نمو نے کندھے اچکا دیے۔

اس کی نمازوں میں پابندی اور سجدوں میں طوالت آگئی۔ لیکن جانے والا پھر پلٹ کر نہیں آیا۔ انتظار کی گھڑیاں اتنی لمبی ہو گئیں کہ کئی سال گزار کر بھی مختصر نہ ہو سکیں۔

یہی صحن تھا۔ جہاں وہ زریاب کو سوچوں میں بسائے تتلی کی طرح اڑتی پھرتی تھی۔ یہاں سے وہاں اور آج اسی صحن میں صحراؤں کی سی وسعت اتر آئی تھی۔

اماوس کی تاریکی میں جاگتا ہوا ریگستان۔ اس کی زندگی کی طرح۔ جہاں نہ کوئی سمت تھی' نہ روشنی۔ نہ ہی کوئی اندازہ' نہ ہی کوئی کنارا۔

☼ ☼ ☼

مسز رباب اسپتال کی ایمرجنسی کی طرف جا چکی تھیں۔ وہ ریسپشن کی طرف بڑھ گیا۔

یہ کوئی بہت بڑا اور نامور اسپتال نہیں تھا۔ اسے جلد ہی تمام معلومات حاصل ہو گئی تھیں۔ اس کا خدشہ ٹھیک ہی تھا۔ وہ لڑکی اپنی بوکھلاہٹ اور تیز رفتاری کے باعث حادثے کا شکار ہو گئی تھی۔

"یا اللہ۔" جانے کون کون سے واہموں نے اچانک ہی اس کے سامنے ہاتھ جوڑ دیے تھے۔

"وہ جو بھی ہے۔ بس نعیمہ نہ ہو۔" اس کے لب قرآنی آیات کا بے آواز ورد کر رہے تھے۔ وہ واپس جا کے گاڑی میں بیٹھ گیا۔ اسپتال میں وہ مسز رباب یا ان کے ایسے کسی بھی جاننے والے کی نظروں میں آسکتا تھا جو اسے جانتے تھے اور مسز رباب سے اس کے کسی بھی قسم کے تعلقات سے آگہی رکھتے تھے۔

صرف ایک موہوم سے خدشے اور بے پناہ مشابہت نے اس کی نیند اجاڑ کے رکھ دی تھی۔ وہ ساری رات اس نے وہیں گاڑی میں جاگ کر گزار دی تھی۔ اور اس وقت تک اس کی خبر لیتا رہا۔ جب تک اس کی حالت خطرے سے باہر ہونے کی نوید نہ مل گئی۔

اس نے ایسا کیوں کیا تھا۔ وہ خود بھی نہیں جانتا تھا۔ ذہن میں اودھم مچاتے سوالوں کی تعداد اتنی زیادہ اور نوعیت اس قدر گمبھیر تھی کہ وہ اپنے آپ کو ان کے جوابات کے قابل نہیں سمجھتا تھا۔

صبح کے اجالے کے آثار تھے۔ جب اس نے جلتی آنکھوں کو زور سے میچ کر کھولا اور گاڑی اسٹارٹ کر دی۔ اسے اس وقت بدین کے لیے نکلنا تھا۔ صبح آفس کی چھٹی نہیں تھی۔

☼ ☼ ☼

"مس رشنا! میں نوٹ کر رہی ہوں۔ اسٹارٹنگ میں آپ ایک ایکٹو اور انرجیٹک ٹیچر ہوتی تھیں۔ لیکن اب بتدریج آپ کے رویے میں چینج آرہا ہے۔ کیا میں اس کی وجہ پوچھ سکتی ہوں۔" وہ اس پیشی کے لیے تیار نہیں تھی۔ ابھی پہلا پیریڈ بھی شروع نہیں ہوا تھا



اور اسے پرنسپل کے آفس میں کال کر لیا گیا تھا۔

"اور جانتی ہیں۔ کتنی کمپلینٹس آچکی ہیں۔ پیرنٹس کی طرف سے آپ کی۔" وہ سر جھکائے بیٹھی رہی۔ اس کے پاس کوئی جواب تھا ہی نہیں۔

"دیکھیے اگر آپ کو کوئی پرابلم ہے۔ اسکول میں یا گھر میں یا ــــ کوئی بہت پرسنل پرابلم بھی ہے تو آپ ایک دوست سمجھ کر میرے ساتھ شیئر کر سکتی ہیں۔" پرنسپل بہت کوآپریٹو تھیں۔ وہ اسے بہت نرم انداز میں سمجھاتی رہیں۔

"سوری میم آئندہ آپ کو شکایت کا موقع نہیں ملے گا۔"

اس نے وہ واحد بات ان کے سامنے کی۔ جسے کہنے کے علاوہ اس کے پاس کچھ بھی نہیں تھا۔

☼ ☼ ☼

رات بھر جاگنے کے باعث اس سے آفس میں کام نہیں کیا گیا۔ بے پناہ سر کے درد نے اس کی حالت خراب کروا دی تھی۔ آئمہ کے زور دینے پر ـــ آفس ٹائمنگ سے پہلے ہی گھر آنا پڑا۔

اس نے گھر آکے آئمہ کو فون کر کے دو دن لیو کے لیے کہہ دیا تھا۔ کیونکہ سخت ترین ذہنی مشقت کے بعد وہ اتنا نڈھال ہو چکا تھا کہ اپنے آپ کو کسی بھی قسم کے دماغی کام کے لیے تیار نہیں پا رہا تھا۔ گو کہ یہ دو دن کی چھٹی اس نے ذہنی اور جسمانی آرام کے لیے لی تھی۔ اور فون کر کے رابعہ کو کراچی سے اپنے پاس بدین بھی بلوا لیا تھا۔ مگر یہ دو دن الٹی سیدھی سوچوں نے اس کے گرد گھیرا بنائے رکھا۔

وہ لڑکی جو بھی تھی نعیمہ کی یاد دلا گئی تھی۔ اور اگر وہ نعیمہ ہی تھی تو بھلا وہاں کیا کر رہی تھی۔ اس کا حلیہ اور انداز پکار رہے تھے۔ جس جگہ سے اس کا تعلق تھا۔ مسز رباب نے اسے پہچاننے سے انکار کیوں کیا تھا۔ بعد میں وہ اسے اپنی قریبی دوست بتانے لگی تھیں۔ اگر وہ ان کے پیچھے نہ جاتا تو شاید یہ بات اس سے پوشیدہ ہی رہ جاتی۔ اس کا سر دکھتا ہی رہتا۔ انگلیوں کے بیچ سگریٹ سلگتی رہتی۔ نگاہیں خلا میں بھٹکتی رہتیں۔ اسے ایک رازداں کی ضرورت تھی۔ ایک دوست کی ضرورت تھی۔ لیکن وہ ایک دم سے کسی پر اعتبار کرے تو کیسے۔

☼ ☼ ☼

"ایک بندہ آنے والا ہے تو ایسا کر شاہل کو کچن سے نکال۔ میں اس کے لیے کپڑے بھجوا رہی ہوں۔ ذرا ڈھنگ سے کنگھی' چوٹی کر کے اوپر کی منزل پر بھیج دینا۔" وہ رسولن سے بڑی مصروفیت میں بات کر رہی تھیں۔

رسولن کے چہرے پر زلزلے کے آثار تھے۔ مگر وہ اپنے فون میں مصروف دیکھ نہیں پائیں۔

"اب دیکھ کیا رہی ہے کھڑی کھڑی۔ جا جلدی کر۔ ابھی آتا ہوگا۔" وہ بدقت پلٹی اور شاہل کو بڑی بی بی کا پیغام سنانے چل دی۔ اس سے کسی بھی قسم کی ہمدردی رکھنا۔ اپنے ہی جی کو روگ لگانے کے برابر تھا۔ یہ کھیل تو یہاں چلتے ہی رہتے تھے۔ کون اس کھیل میں کس طرح اپنا کردار ادا کرتا ہے۔ یہ اس کی قسمت۔ شاہل نا سمجھی سے اسے دیکھتی رہی۔ پھر باہر چل دی۔

رسولن ایک بار بھی اس سے نظر نہیں ملا پائی تھی۔ اور وہ خود تو نہیں مگر رسولن جانتی تھی اب' وہ اس سے بھی نظر ملانے کے قابل نہیں رہے گی۔ بڑی بیگم صاحب کو اسپتال جانا تھا۔

یہاں داخل ہونے والی لڑکی "نوما" جسے مٹھل کے ذریعے بیگم صاحبہ نے سدھایا تھا۔ اب خطرے سے باہر تھی۔ اور کچھ ہی دن میں ڈسچارج ہو کے گھر آنے والی تھی۔

"بچ گئی بدبخت۔ ابھی زندگی بھی باقی اور آزمائش بھی۔" ہر لڑکی اس کے لیے "دہی رانی" تھی۔ اور گھر والوں کے لیے "مال" بولی لگنے والا۔ خریدار اور بیچا جانے والا مال۔

☼ ☼ ☼

اسکول میں اس کی کارکردگی پہلے سے بہتر ہونے لگی تھی۔ سردیوں کا اختتام تھا اور بہار کی آمد آمد تھی۔ سدا



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

بہار کا پودا ابھر رہا تھا۔ اس کی زندگی کی طرح۔

چچی کی حالت البتہ قدرے بہتر تھی۔ یوں بھی سردیوں میں ان کا سانس کا مرض زور پکڑ لیتا تھا۔ پھر موسم بدلنے کے ساتھ اس میں بہتری کے آثار آنے لگتے۔ اب وہ اس کے اسکول سے واپس آنے تک کھانا پکا کے رکھ چکی ہوتی تھیں۔ گھر بھی صاف ستھرا ملتا۔

نہ چاہتے ہوئے بھی اس کے دل میں شکر گزاری کے جذبات زور پکڑ لیتے۔ وہ ضعیف تھیں۔ بیمار تھیں۔ مگر حتی المقدور اس کا خیال رکھنے کی کوشش کرنے لگی تھیں۔ اس کی چڑچڑاہٹ البتہ اپنی جگہ قائم و دائم تھی۔

سالانہ امتحانات کے اختتام پر اسے ایک نئی استاد کی حیثیت سے بہتر کارکردگی دکھانے پر انعام ملا۔ یہ انعامی سلسلے اسکول کی پرنسپل کی طرف سے شروع کیے گئے تھے۔ تاکہ ٹیچرز اپنی پرفارمنس کو بہتر سے بہتر بنا سکیں۔

گوکہ اس مقابلے میں وہ تیسرے نمبر پر ہی آسکی تھی۔ مگر تمام اسٹاف، اسٹوڈنٹس اور خود اس کے لیے یہ انعام اس لیے زیادہ اہمیت کا حامل تھا کیونکہ اسے یہ نوکری شروع کیے ہوئے ابھی زیادہ عرصہ نہیں گزرا تھا۔

یہ انعام ایک عدد سرٹیفکیٹ اور کچھ نقد رقم پر مشتمل تھا۔ اس نے پرنسپل سے وصول کرتے وقت اپنی آنکھوں کو نم محسوس کیا۔ اسے احساس ہوا کہ وہ زریاب کو اس وقت اتنی شدت سے یاد کر رہی ہے کہ اسے لگ رہا ہے کہ وہ آس پاس ہی کہیں موجود تعریفی نگاہوں سے اسے دیکھ رہا ہے۔

☼ ☼ ☼

دو مہینوں کی لگاتار ڈیوٹی کے بعد آج یہ چھٹی اور آرام کا دن نصیب ہوا تھا۔ سال کے اختتام پر شروع ہونے والا کلوزنگ کا کام نئے سال کی پلاننگ کے ساتھ دو مہینے گھسیٹ لے گیا۔

اوپر سے اس کی الجھی ہوئی ذہنی حالت کے ہاتھوں، رپورٹس اور فیگرز میں بار بار ہائی لائٹ ہونے والی غلطیاں۔ آئمہ تک سخت عاجز آگئی تھی۔

اس کے ذہن سے وہ لڑکی، اس کا ایکسیڈنٹ اور رباب آنٹی کا جھوٹ نکالے نہیں نکل سکا۔ ایک دو بار فون پر اس نے باتوں باتوں میں ان سے ان کی دوست کی خیریت معلوم کرنا چاہی تو انہوں نے بہت سرسری سا جواب دے کر موضوع ہی بدل دیا۔

"میں تم سے ایک بات کہنا چاہتی ہوں۔ پلیز تم مائنڈ مت کرنا زریاب۔" کلوزنگ کے اینڈ پر پہلا ویک اینڈ گھر میں آرام کرکے جب وہ صبح آفس آیا تو طبیعت قدرے بہتر تھی۔

"ہاں بولو ناں۔ اتنی فارمل کیوں ہو رہی ہو۔"

"میرا خیال ہے، تمہیں شادی کر لینی چاہیے۔" وہ اپنی بات کہہ کر خاموش ہو گئی۔ مگر زریاب جانتا تھا، وہ ابھی کچھ اور بھی کہنے والی ہے۔

"شکریہ۔ آئمہ! تم ——— بہت اچھی ہو۔ اور میں تمہارا مشورہ ضرور مانوں گا۔ بہت جلد تم کوئی اچھی خبر سنو گی۔"

اس کے ذہن میں کسی کا چہرہ تر و تازہ ہوتا جا رہا تھا۔ وہ جانتا تھا آئمہ بے خبر ہے۔ اور اتنی آسانی سے یہ بات قبول نہیں کرے گی۔ مگر اسے اپنے فیصلے پر عمل کرنا تھا۔

کسی کی زندگی اس کے محض ایک قدم سے سنور سکتی تھی۔ تو وہ یہ قدم اٹھانے کے لیے تیار تھا۔

یوں بھی اس کا دل اپنے جذبات کو کسی کے لیے گروی رکھ چکا تھا۔ اب اس کی شریک حیات کوئی ایسی لڑکی ہونی چاہیے تھی۔ جو دل کے علاوہ اس کی طرف سے دی جانے والی ہر چیز کو اپنے لیے کافی سمجھے۔ جس کے لیے زریاب کا وجود، اس کی توجہ اور احساس ذمہ داری اتنا کافی ہو کہ وہ اس سے محبت کی طلب نہ کر سکے۔

اور ایسی لڑکی۔ ایسی لڑکی تھی۔ اسے مل بھی سکتی تھی۔ اس نے اپنے ارادے پر پختگی کی مہر لگائی۔ اسے جلد سے جلد کراچی جانا تھا۔

☼ ☼ ☼



"وہ بخت کی سیاہی پھیل کر کالک کی طرح منہ پر بھی مل جاتی ہے رسولن۔ تجھے کیا پتا۔" اس کا رندھا ہوا گلا۔ دل کی تکلیف کا آئینہ تھا۔

"زندگی کتنی تکلیف دہ چیز ہے۔ کیوں ہے یہ ایسی۔ میرے لیے کیوں ہو گئی۔" آنسو اس کے رخساروں پر پھیلتے جا رہے تھے۔ رسولن کے دل کو جیسے کسی نے مسل ڈالا تھا۔

"پہلے سیلاب میں میرے گھر والے ختم ہو گئے۔ ایک باپ تھا وہ بھی چھوڑ گیا۔ کیا تھا میرے پاس ایک عزت کے سوا۔ سارے جہان سے بچائی چھپائی میں لوھر سے ادھر بھاگتی پھری۔ اور جہاں آکر چھت ملی تو وہ ہی میری چادر کو سر سے کھینچ لے گئے۔" بے بسی کے شدید احساس تلے، وہ رو پڑی تھی۔

"میں مری کیوں نہیں رسولن، مر کیوں نہیں گئی میں۔" رسولن نے بڑھ کے اسے سینے سے لگا لیا، وہ بری طرح بلک رہی تھی۔

☼ ☼ ☼

"بڑی تیزی سے امپروو کیا تم نے۔ ویل ڈن۔ میں تو بہت ڈر گئی تھی۔" مسز رباب بہت خوش تھیں۔ ان کا مخاطب نعیمہ تھی۔ "جب تمہارے ایکسیڈنٹ کی خبر ملی۔ میرے ہاتھوں کے توتے اڑ گئے تھے۔ جب تمہیں ٹھیک سے ڈرائیونگ نہیں آتی تو کیا ضرورت تھی یوں گاڑی لے کر نکلنے کی۔"

وہ خاموشی سے سامنے رکھی ٹرے میں سے ڈبل روٹی کا پیس اٹھا کے کتر رہی تھی۔

"آئندہ سے کوئی تنگ کرے یا کوئی پرابلم ہو تو مجھ سے کہنا۔" اس کے ہاتھ ایک لمحے کے لیے رکے اور پھر سے رواں ہو گئے۔

"اس طرح کا رسک لینے کی ضرورت نہیں۔" وہ اس کا سپاٹ چہرہ دیکھ کر اندر ہی اندر بہت بل کھا رہی تھیں۔

"خدا نہ کرے۔" انہوں نے ایک انداز سے اپنا دایاں ہاتھ سینے پر رکھا۔ "اگر تمہیں کچھ ہو جاتا۔ فرینکلی۔ اپنی ٹاپ آف سیریس انجری تو پھر۔" انہوں نے بات ادھوری چھوڑ کر اس کے چہرے پر ابھرتی کڑوی مسکراہٹ دیکھی۔

"اور کچھ نہیں تو تمہارے فیس پر ہی کوئی مارک آجاتا تو، مائی گاڈ۔ آئی کانٹ افورڈ۔"

کھلی کھڑکی سے چھن کر آتی دھوپ کمرے میں درجہ حرارت بڑھا رہی تھی۔ روشن کھلا کمرہ، صبح کا وقت اور گرما گرم ناشتہ۔ طبیعت کو بہلانے کے لیے ایک بڑا ہی خوش خیال منظر سامنے تھا۔ لیکن مسز رباب اور ان کی بناوٹی باتیں، اس کی برداشت کو مسلسل آزما رہی تھیں۔

"تم نہیں جانتی ہو، کتنا خوفناک ایکسیڈنٹ تھا۔ گاڑی کا قیمہ بن گیا۔ کوئی مریکل (معجزہ) ہی تھا کہ تم بچ گئیں۔ ورنہ جان بھی جا سکتی تھی تمہاری۔"

انہیں اندازہ تھا، وہ جب سے کمرے میں آئی ہیں۔ خود ہی بولے جا رہی ہیں۔ مزید بک بک کرنا فضول لگا تھا۔

"خیر میں تو یہ بتانے آئی تھی۔ تمہاری سیٹ کنفرم ہو گئی ہے۔ پرسوں تم یہاں سے دبئی فلائی کر رہی ہو۔" وہ بات سمیٹ کر اٹھ گئیں۔

"آنٹی!" اتنی دیر میں یہ پہلا لفظ اس وقت اس کے منہ سے نکلا جب وہ دروازے کے ہینڈل پر ہاتھ رکھ چکی تھیں۔ "پلین کریش ہو جائے تو سب مر جاتے ہیں ناں۔ اس میں تو کوئی بھی زندہ نہیں بچتا۔" اس کی آواز بڑی پراسرار تھی۔ اس کی مسکراہٹ کی طرح۔

مسز رباب کو اس کی ذہنی حالت پر شبہ ہوا تھا۔

☼ ☼ ☼

اسے ایک ڈیلی گیشن کے ساتھ، دبئی ہیڈ آفس وزٹ کے لیے بھیجا جا رہا تھا۔ وہ خود تو خوش تھا ہی۔ آئمہ بھی اس کی خوشی میں برابر کی شریک تھی۔ دیگر اسٹاف اور یہاں تک کہ فضل داد کی طرف سے بھی، اسے مبارکباد موصول ہوئی۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ وہ این جی او کے مینجمنٹ ڈپارٹمنٹ سے تعلق نہ رکھنے



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
RSPK.PAKSOCIETY.COM
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

کے باوجود اس وفد میں شامل کیا گیا۔ جس میں سب ہی شرکا سے دو یا تین گنا زیادہ اسکیل کی پوسٹ پر تھے۔ اور این جی او کے مینجمنٹ کے اہم ارکان سمجھے جاتے تھے۔ اپنے سینئرز کے ساتھ 'بیرون ملک کا دورہ اس کے لیے ایک ایسا خواب تھا۔ جو بن دیکھے ہی تعبیر بن گیا۔

آئمہ اس کے چلے جانے سے اداس تو تھی۔ لیکن مستقبل میں اس اقدام سے جڑی جو پروموشن زریاب کی منتظر تھی اسے ملنے کی خوشی اس اداسی پر غالب آگئی تھی۔ اس نے خود زریاب کے ساتھ جاکے اس ٹور کے لیے شاپنگ کی تھی۔ گھنٹوں بازار میں اس کے کپڑوں کی سلیکشن کے لیے خوار ہوئی تھی۔ اس ٹرپ سے پہلے آئمہ کے ساتھ گزارا ٹائم اس نے حقیقتاً بہت انجوائے کیا تھا۔ اور وہ وقت اس کے لیے یادگار بن گیا تھا۔

اپنے دبئی جانے سے پہلے وہ رابعہ اور خاص طور پر شاہل سے ملنے کراچی آیا۔ رابعہ کو بھی اس کے جانے کی خبر سن کر خوشی ہوئی۔ رباب آنٹی تو گھر پر نہ ملیں۔ مگر شاہل کو اس نے دور سے ہی کوارٹر کے پاس کھڑے دیکھ لیا تھا۔ اسے شاہل کو دیکھ کر ایک شدید جھٹکا لگا تھا۔

وہ بہت بدل گئی تھی۔ شاید سر سے پاؤں تک ہی۔

گولڈن ڈائی کیے ہوئے بال اس قدر مختصر تھے کہ کس کے باندھی گئی پونی ٹیل کے آس پاس بکھرے ہوئے تھے۔ اس نے کاٹن کا ایک بہت اچھا سوٹ پہنا ہوا تھا' جو اس کی شخصیت پر بالکل سوٹ نہیں کر رہا تھا۔ ہونٹوں پر شوخ رنگ کی لپ اسٹک کی گاڑھی تہہ جمار کھی تھی اور پیر چپل کی قید سے آزاد تھے۔ یوں لگتا تھا' کسی نے گاؤں کی دیہاتن کو شہری گیٹ اپ دینے کی کوشش کی ہو۔ اس کے گہرے سانولے رنگ پر نہ وہ چبھتے ہوئے رنگ کا عمدہ کاٹن کا سوٹ اچھا لگ رہا تھا اور نہ ہی وہ میک اپ۔ اور نہ ہی بے دردی سے کتر دیے جانے والے سنہری بال۔

اس کے حلیے سے بھی زیادہ عجیب بات یہ ہوئی کہ اس نے زریاب کو آتے دیکھا تو بھاگ کر کوارٹر میں چلی گئی اور کمرے کا دروازہ سختی سے بند کر دیا۔ زریاب نے دو تین بار دروازہ کھولنے کو کہا۔ مگر وہ اس کی کوئی بات سننے کو تیار نہیں تھی۔ ہار مان کر وہ وہاں سے واپس چلا آیا۔

"یہ ایسی کیوں ہو گئی۔ اسے مجھ سے کیا شکایت ہو سکتی ہے۔ اسے کیا ضرورت تھی اس طرح کا حلیہ اپنانے کی۔۔۔ کیا کسی نے اسے مجبور کیا تھا۔" سوالوں کا ایک ہجوم لگا تھا اس کے دماغ میں اور جواب۔۔۔!

☼ ☼ ☼

دو ہفتے ڈیلی گیشن کے ساتھ آفس ورک میں لگے۔ اس کے بعد آخری ہفتہ انہیں گھومنے پھرنے اور سیر و تفریح کے لیے دے دیا گیا۔ مسلسل ایک ہفتے کے آرام اور نئی اور انجان جگہ کی سیر اور تفریحی پروگراموں نے اس کی طبیعت اور مزاج پر بہت اچھا اثر ڈالا تھا۔

اپنے آفیسرز کے ساتھ آفس کے مخصوص ماحول سے نکل کر دوستانہ انداز میں گھومنے پھرنے اور خاص طور پر اوور نائٹ فنکشنز اٹینڈ کرنے میں اسے بہت مزا آیا اس سارے ٹور میں ایک ذرا سا جو افسوس ناک پہلو تھا۔ وہ اس وقت سامنے آیا جب اس نے نائٹ پارٹیز میں اپنے کولیگز کو پینے پلانے کا شغل کرتے دیکھا۔ غیر ملکی حسیناؤں' جو خاص کر ان ہی کی دل لگی کے لیے بلوائی گئی تھیں' ان کی بانہوں میں جھولتے' ہوش و حواس سے بیگانہ ہوتے دیکھا۔

یہ رات ان کی دبئی میں آخری رات تھی۔ کل سہ پہر کے وقت ان کی پاکستان کی فلائٹ تھی۔ وہ افسوس بھری نظروں سے اپنے آفیسرز کو ان دو ٹکے کی عورتوں پر نثار ہوتے دیکھ رہا تھا۔ جو اپنے ملک میں ایک نام' ایک پہچان رکھتے تھے۔ اور بہت باعزت روزگار سے منسلک تھے۔ اس نے ایک گہری سانس بھر کے ان بوجھل سوچوں کو اپنے قریب آنے سے روکنے کی خاطر' ہال میں اس طرف نظر ڈالی' جہاں نو عمر' شوخ اور



بے باک لڑکیوں کا ایک گروپ مستیوں میں مصروف تھا۔ آنکھوں کو سینکنے کی حد تک تو اس نے بھی بے ایمانی کر لی تھی۔ بڑی فرصت سے مسکراتے ہوئے ان چمکتے ہوئے چہروں اور نازک ڈال کی طرح لچکتے جسموں کو دیکھے گیا۔ وہ خود چونکہ دوسرے مردوں کی طرح ہوش و حواس سے بیگانہ نہیں ہوا تھا۔ اور اس وقت ہال میں قدرے الگ تھلگ بیٹھا تھا اس لیے جلد ہی ان کی نظروں میں آگیا۔

وہ اسے دیکھ کر ہاتھ ہلانے اور بلانے لگیں۔ اسے ایک دم سے ہنسی آگئی۔ اور وہ یونہی ہنس کے اپنا منہ پھیر لینا چاہتا تھا مگر ایسا کر نہیں سکا۔ اسی گروپ سے ایک لڑکی نکل کر بیرونی دروازے کی طرف بڑھی تھی۔ اس کی مسکراہٹ سکڑی اور جسم و جاں میں بجلی سی بھر گئی۔ لمحے سے بھی کم وقت میں وہ اڑتا ہوا اس لڑکی کے سر پر جا پہنچا تھا۔ جو خود برق رفتاری سے وہاں سے نکل رہی تھی۔ اس نے ایک جھٹکے سے اس کا بازو پکڑ کر کھینچا تھا۔

"لیومی۔" وہ پلٹ کر درشتی سے بولی۔ اس کی مصنوعی رنگوں والی آنکھوں میں پہچان کے رنگ بالکل اصلی تھے اور وہ تو حیرت اور صدمے سے ایسا گنگ ہوا کہ اس کی شکل ہی دیکھتا رہ گیا۔

"آئی سیڈ۔ جسٹ لیومی۔" پہلے سے زیادہ سختی سے بولی۔

"ہو آر یو!" زریاب کا لہجہ بے انتہا سرد تھا۔

"ڈیٹس نن آف یور بزنس۔" وہ اس کے چہرے کی طرف نہیں دیکھ رہی تھی۔

"نعیمہ۔" اس کی آواز سرگوشی سے زیادہ بلند نہیں تھی۔ "کیا کر رہی ہو تم یہاں۔" وہ زیادہ دیر تک برف نہیں رہ سکتا تھا۔

"کیا بکواس کر رہے ہو؟" اس نے جھنجلا کر اپنا بازو چھڑایا مگر' وہ زریاب کی سخت گرفت میں تھا۔

"اوہ یو۔۔۔" اس کے منہ سے ایک گالی نکلی۔

"چھوڑو مجھے" اس نے پھر مزاحمت کی۔ "چھوڑ دو مجھے زریاب! پلیز۔"

بے اختیار اس کے لبوں سے نکلا اور اس کی مزاحمت ختم ہو گئی۔ زریاب کے ہاتھ سے اس کا بازو چھوٹ گیا۔ شاید وہ اب تک کسی انہونی مشابہت یا نظر کے دھوکے کا خواہش مند تھا۔ بے ہنگم تیز میوزک' لوگوں کی آوازیں' باتیں' قہقہے' سب ایک لمحے کے دکھ میں اپنی حقیقت کھو بیٹھے۔ بے یقینی کے ایک گہرے حصار میں صرف وہ دونوں کھڑے رہ گئے۔ ایک دوسرے کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالے۔ باقی سب معدوم ہو گیا۔

چند لمحوں بعد اس کی نیلی ۔۔۔ آنکھوں میں نمی ابھری اور اس نے پلٹ کر اسے ہال سے باہر جاتے دیکھا چند لمحوں پہلے جب وہ دوڑ کر ہال سے باہر جا رہی تھی تو وہ' اس سے زیادہ تیز رفتاری سے اس کے پاس جا پہنچا اور اب جبکہ اس کے قدم نڈھال اور شکستہ ہو چکے تھے۔ زریاب کو اسے روکنے یا اس کے پاس جانے کی کوئی خواہش نہیں ہوئی تھی۔ تھوڑا بہت ابہام تھا سو' دور ہوا۔

وہ نعیمہ ہی تھی لیکن' کیوں تھی۔۔۔ یہاں کیوں تھی۔ وہاں کیوں نہیں تھی۔ جہاں اسے ہونا چاہیے تھا۔

باہر نکلنے سے پہلے اس نے ایک بار بھی پلٹ کر زریاب کو نہیں دیکھا۔ زریاب بھی شاید یہی چاہتا تھا اب' وہ مڑ کر کبھی نہ دیکھے۔

☼ ☼ ☼

نیم روشن کمرے میں خنکی اور خاموشی کا راج تھا۔ بہت زیادہ رو چکنے کے بعد آنکھوں میں شدید جلن اور سوزش پیدا ہو گئی تھی۔ سیاہ ٹاپ لیس ریشمی میکسی اس کے گھٹنوں پر سے سمٹ کے صوفے پر دائیں طرف پڑی تھی۔ گوری سڈول ملائم پنڈلیاں ایک دوسرے پر دھری تھیں اور عریاں بازو دائیں بائیں بے ترتیبی سے گرے ہوئے تھے۔ دائیں ہاتھ میں سگریٹ تھی اور بائیں ہاتھ میں تھاما گلاس اس نے صوفے پر ہی لڑھکا دیا تھا۔ دھواں دھواں ہوتے ماحول میں کتنے ہی



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

چہرے سامنے بنتے بگڑتے جارہے تھے۔

"ارے کچھ پہن تو لے پاؤں میں۔ نہیں تو ٹھنڈ بیٹھ جائے گی۔" یہ چہرہ اس کی ماں کا تھا۔

"دیکھو کیسے کھوں کھوں کر رہی ہو۔ امی ٹھیک ہی کہتی ہیں۔ تمہیں اپنی بالکل پروا نہیں۔" اس کی ماں جائی تھی۔ جس کے ساتھ اس نے کتنی بڑی زیادتی کی تھی۔ ہمیشہ کے لیے اس کو تنہا کر ڈالا تھا۔

"تم میرے لیے بالکل بہن جیسی ہو نعیمہ۔ حیرت ہے تم نے میرے بارے میں اس طرح کیوں سوچنا شروع کر دیا۔" یہ بھی ایک جانا پہچانا چہرہ تھا۔ ایک شناسا چہرہ۔ ایک محبوب چہرہ۔ دل نے ایک سسکی لی۔ دھویں کے بنتے مٹتے مرغولوں میں کتنے ہی چمکتے، بجھتے روشن، مکروہ بھیانک چہرے اس کے سامنے تھے۔

"بے فکر رہو۔ آئندہ تمہارا سامنا شہل جیسے کسی شخص سے نہیں ہوگا۔" ایک مجرم کا چہرہ۔

"لے۔ تو پہلے بتا دیتی۔ میں تیرے لیے پہلے دن ہی گجرے لا دیتا۔" مکروہ، موقع پرست، مطلبی چہرہ۔

"خبردار! جو آواز نکالی۔ ٹوٹے کر دوں گا ٹوٹے۔" موٹی موٹی سرخ آنکھوں والا بھیانک چہرہ۔

سگریٹ کا سرخ شعلہ جلتا ہوا انگلیوں کے سرے تک پہنچ گیا۔ اس نے بے خیالی میں اسے جھٹکا۔ اٹھ کر کھڑکی تک پہنچی اور دور دور تک پھیلے منظر کو دیکھنے لگی۔ اسے یقین تھا، وہ آج آخری بار یہ دنیا دیکھ رہی ہے۔

☼ ☼ ☼

وہ ایک بار پھر شاہل کے روبرو تھا۔ کتنے دن لگے تھے اسے۔ شاید چند ہفتے یا مہینے۔ دبئی سے ڈیلی گیشن کے ساتھ واپسی پر اس کی حالت پہلے سے زیادہ ابتر تھی۔

آفس ورک کو پورے دھیان سے نمٹانے کے باوجود آئمہ کو دکھا کر اطمینان کرنا ضروری ہو جاتا کہ اس میں کوئی غلطی نہیں ہے اور ہر بار ہی کوئی نہ کوئی غلطی اس کا منہ چڑا رہی ہوتی۔

"مجھے کراچی جانا ہوگا۔" اس کا فیصلہ اٹل تھا۔

مگر چھٹیاں ملنے میں تاخیر ہوتی گئی اور اس کی بے تابی بڑھتی گئی۔ مگر اس نے کراچی آکے دم لیا۔ آنے سے پہلے رباب آنٹی کو مطلع کرنا اس نے ضروری نہیں سمجھا تھا۔ وہ چاہتا تھا، وہ ان کی غیر موجودگی میں شاہل سے ملے اور اس کی یہ احتیاط بے کار نہیں گئی تھی۔ وہ اس کے مد مقابل سر جھکائے بیٹھی تھی۔ حلیہ وہی تھا مگر چہرہ سپاٹ۔

"تم بہت بدل گئی ہو۔" اس نے دھیرے سے سر ہلایا۔

"کیا ضرورت تھی یہ 'بدیسی انداز اپنانے کی۔" اس نے سر نہیں اٹھایا۔

"اور مجھے رسولن نے بتایا۔ تم اردو بہت صاف بولنے لگی ہو۔ کس نے سکھائی تمہیں۔" زریاب کو اس کی خاموشی سے الجھن ہو رہی تھی۔ اس نے اپنے بڑے سے دوپٹے کو چاروں طرف لپیٹا ہوا تھا۔

"میں تم سے ایک بات کرنے آیا ہوں۔ پتا نہیں تمہیں کیسی لگے۔ شاید بری یا بہت عجیب، مگر میرے لیے یہ بات بالکل عجیب نہیں۔" اس کی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ بات کہاں سے شروع کرے اور تمہید کہاں پر ختم کرے۔ جس کام کو، جس بات کو وہ بہت آسان سمجھ رہا تھا وہ اتنا بھی آسان نہیں تھا۔ ایک کم صورت، گنوار، غریب، لاوارث لڑکی سے نکاح کی خواہش۔ یقیناً بہت لوگوں کی نظر میں ناقابل معافی ہوتی۔

"شاہل میں..." اس نے رک کر گلا کھنکھارا۔ اس کا جھکا ہوا سر اب تک نہ اٹھا تھا۔ "مجھ سے شادی کرو گی تم۔ میں... تم سے شادی کرنا چاہتا ہوں۔"

اس کے وجود میں جنبش نہیں ہوئی۔ جس حیرت کی توقع وہ اس سے کر رہا تھا۔ وہ خود اسی کے چہرے پر چمکنے لگی۔

اس نے اپنا جھکا سر اٹھا کے اس کی آنکھوں میں جھانکا۔ کیا تھا ان آنکھوں میں زریاب کو اپنے وجود میں بے چینی سی ہونے لگی۔

"میں تمہیں اپنے ساتھ لے جانا چاہتا ہوں۔



چلوگی میرے ساتھ۔" اس نے پھر سر جھکا لیا۔

"کتنے دن کے لیے صاب!" اس کا جواب اس کی توقعات سے قطعی مختلف تھا۔

"کیا مطلب کتنے دن کے لیے۔" وہ واقعی نہیں سمجھا تھا۔ "شادی کرنے کے لیے کہہ رہا ہوں تم سے۔" اس نے شاہل کو اپنی بات سمجھانا چاہی۔

"کیا کرو گے شادی کر کے صاب! میں ویسے ہی آپ کے ساتھ چلنے کو تیار ہوں۔"

"دماغ ٹھیک ہے تمہارا۔" وہ بری طرح بدک گیا تھا۔

"ایسا لگتا ہوں میں تمہیں؟" اسے شاہل کی بات سے حقیقتاً دکھ پہنچا تھا۔ "کیا میں کر سکتا ہوں ایسا تمہارے ساتھ۔" وہ اب دھیما پڑ چکا تھا۔

اس نے جواب نہیں دیا۔ بس زخمی نگاہوں سے چند لمحے دیکھتی رہی۔ پھر اٹھ کر کھڑی ہو گئی۔ وہ ایک بار پھر نا سمجھی سے اس کا منہ تک رہا تھا۔

اس نے اٹھ کر اپنے سر سے دوپٹا کھینچا اور زمین پر ڈال دیا۔

زریاب اپنی جگہ سُن ہو چکا تھا۔

☼ ☼ ☼

کمرے میں خاموشی تھی۔ مکمل خاموشی۔ موت کا سا سناٹا۔ سوائے گھڑی کی ٹک ٹک کے۔ بیڈ کی چادر بے شکن تھی۔

سمٹے ہوئے پردے اور کمرے کے دروازے کے عین سامنے اور وسط میں پڑے غالیچے پر بے ہنگم انداز میں گرا ہوا اس کا وجود اپنی بے بسی اور لاچاری کی تصویر تھا۔

تربوزی رنگ کے دبیز غالیچے پر جگہ جگہ خون کے دھبے پڑ گئے تھے۔ ننھے ننھے، باریک۔ یہ خون اس کی کٹی ہوئی کلائیوں سے نکلا تھا۔ عریاں بازو چھپ چکے تھے اور برہنہ ٹانگیں ڈھانپ لی گئی تھیں۔ اس نے بہادرانہ قدم اٹھانے سے پہلے پوری آستینوں والی قمیص زیب تن کر لی تھی۔ نیم وا مردہ آنکھوں سے زندگی کی خواہش نچڑ چکی تھی۔

خشک پپڑی زدہ ہونٹ کھلے سے رہ گئے تھے۔

پورا وجود کرب و اذیت کی عبارت بنا ہوا تھا۔ چہرہ بھیانک ہو کر اپنی شناخت کھو چکا تھا۔ چپٹی چکنے رخساروں کی جلد پھٹ کر گوشت باہر نکل آیا تھا اور آنکھیں اس اذیت پر ابل گئی تھیں۔ ہونٹ آدھے نیلے اور آدھے اپنی جگہ سے غائب ہی ہو گئے تھے۔ اس کی شکل دیکھنا کسی کمزور دل والے کے بس کی بات نہیں رہی تھی۔ معاً دروازے پر دستک ہوئی۔ ایک بار، دوبار، لگاتار، پھر کوئی ناب گھما کے اندر آگیا۔

"نوما!"

"نوما... اومائی گاڈ۔" اندر داخل ہونے والا وجود تیزی سے اس کی طرف بڑھا۔

"نوما۔" زمین پر گرے وجود کو سیدھا کرتے اس کے وہم و گمان میں بھی نہ تھا کہ سامنے کیسا منظر اس کا منتظر ہے۔ وہ نوما نہیں تھی۔ ایک بھیانک مسخ شدہ چہرہ اس کے سامنے تھا۔ اگلے ہی لمحے پورا کمرا اس کی دردناک چیخوں سے گونج اٹھا تھا۔

☼ ☼ ☼

اس کا وجود اس پر بیتنے والی سیاہ راتوں کا منہ بولتا ثبوت تھا، لیکن وہ اتنی جلدی یقین کرنے کے قابل نہیں تھا۔

"تم۔" اس کے منہ سے سرگوشی نما سرسراہٹ نکلی۔ "تم پریگننٹ ہو شاہل!" اس کی آواز ایک ہلکی سرگوشی سے زیادہ بلند نہیں تھی۔

"ہاں میں ماں بننے والی ہوں۔" وہ اس کے سامنے کھڑی اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بول رہی تھی۔ وہ بے یقینی سے اسے دیکھتا کھڑا ہو گیا تھا۔

"تمہاری شادی ہو گئی۔ مجھے کسی نے بتایا تک نہیں۔" وہ جان بوجھ کے سمجھنا نہیں چاہتا تھا۔ اس نے اس کا دوپٹا اٹھایا اور نرمی سے اس کے سر پر ڈال دیا۔



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

"میری شادی نہیں ہوئی صاب۔" شاہل اسے کسی غلط فہمی میں نہیں رہنے دینا چاہتی تھی۔

"میری شادی نہیں ہوئی پھر بھی میں ماں بننے والی ہوں۔" اس کی آنکھیں بے قراری سے دائیں بائیں بھٹک رہی تھیں۔ جیسے گھپ اندھیرے میں اپنی رہائی کے لیے روزن تلاش رہی ہوں۔ اس کا انتہائی لرزتا ہوا لہجہ۔ لحہ لحہ تیز ہوتا تنفس۔ زریاب کو اپنے سینے میں دھمک محسوس ہونے لگی۔

"اور میں.... میں نہیں جانتی اس بچے کا باپ کون ہے۔" زریاب کو اپنا وجود منوں وزنی بوجھ تلے دبتا ہوا محسوس ہوا۔ اس نے دونوں ہاتھوں کی مٹھیوں میں اپنے بال جکڑ لیے تھے۔

"میں نہیں جانتی۔ میں نہیں جانتی۔" اس کی کیفیت یکسر بدل چکی تھی۔ وہ اب جنونی انداز میں اپنے بال نوچ رہی تھی۔ "میں نہیں جانتی۔ مجھے نہیں پتا۔ مجھے نہیں پتا۔"

اس کی آواز تیز چیخوں میں بدل گئی۔ رسولن دوڑی آئی۔ زریاب اپنی جگہ ساکن سا کھڑا تھا۔

رسولن کے بوڑھے وجود نے نحیف بازوؤں میں بھر کے اسے باہر کی سمت دھکیل دیا۔ اس کے بال بکھر چکے تھے۔ اوڑھنی گر گئی تھی۔ کمرے میں اب خاموشی تھی۔ شاہل کی چلاتی آوازیں، دور ہوتی جا رہی تھیں۔ اسے لگا اگر وہ چند لمحے یہیں کھڑا رہا تو یقیناً" مفلوج ہو جائے گا۔ اس نے تھوک نگل کر خشک لبوں پر زبان پھیری۔

پھر گہری سانس بھر کے اپنے زندہ ہونے کا یقین کیا اور تیز تیز قدم اٹھاتا وہاں سے چلا گیا۔ ملازمین کے کوارٹر دور ضرور تھے، لیکن سامنے نظر ڈالتے ہی نظر آجاتے تھے مگر وہ وہاں نظر نہیں ڈالنا چاہتا تھا۔

☼ ☼ ☼

مسز رباب بے حد ماؤف ذہن کے ساتھ سر کو ہاتھوں میں تھامے بیٹھی تھیں۔

آج ان کی شخصیت میں وہ مخصوص دمک مفقود تھی جو دیکھنے والے کو پہلی نظر میں متاثر کر دیتی تھی۔ وہ بار بار اضطراب سے بالوں میں انگلیاں چلاتیں۔ انہیں سنوارنے کی کوشش میں مزید بگاڑ چکی تھیں۔

"ایک وہ ذلیل میری جان کو رو رہی ہے بیٹھ کے اور اب یہ دوسری نحوست۔" ان کے انداز، ان کی ہر پریشانی کو چیخ چیخ کر بیان کر رہے تھے۔

وہ نعیمہ عرف نوما پر بہت بھروسا کرنے لگی تھیں۔ ایک بار "کام" سے لگ جانے کے بعد اس نے انہیں کبھی شکایت کا موقع نہیں دیا تھا۔ وہ کبھی خواب میں بھی نہیں سوچ سکتی تھیں کہ وہ اس طرح کی بھیانک جرات بھی کر سکتی ہے۔ اگر انہیں ایک فیصد بھی اندازہ ہوتا تو شاید وہ کبھی اسے اکیلا نہ چھوڑتیں اور دوسری طرف شاہل نے انہیں پریشان کر ڈالا تھا۔ وہ پریگننٹ ہو چکی تھی یہ بات سن کر وہ اچھی خاصی چراغ پا ہو گئی تھیں۔ یقیناً" وہ میڈیسن لینے میں ہیرا پھیری کرتی رہی تھی، لیکن کب اور کیسے۔ رسولن تک اس بات سے مکمل انجان تھی۔

زریاب کی آمد پر تو انہیں زمین آسمان اپنے سامنے گھومتے ہوئے لگ رہے تھے۔ ابھی نعیمہ والا معاملہ ٹھنڈا نہیں پڑا تھا۔ انہیں اپنے پورے پورے تعلقات اور اختیارات کا استعمال کرنا پڑا تھا۔ تب کہیں جا کے دبئی اعلا حکام کے ذریعے اس کیس کو پولیس کیس بننے سے بچایا تھا۔ وہ اپنے ملک میں جو چاہے کرتی پھرتیں، مگر بیرون ملک یقیناً" کسی اسکینڈل کی متحمل نہیں ہو سکتی تھیں۔ اس واقعے کی دھول ابھی بیٹھی نہیں تھی کہ زریاب کے ان کے پاس فون پر فون آنے لگے۔ اس کا ایک ہی تقاضا تھا۔ وہ ان سے ملنا چاہتا تھا۔ جبکہ وہ ابھی اس پوزیشن میں نہیں تھیں۔ انہیں شاہل کے لیے ابھی ایک نئی کہانی تیار کرنی تھی۔ ایک ایسی کہانی جس میں وہ بے گناہ ثابت ہوں اور شاہل کے ساتھ ہونے والی زیادتی بلکہ زیادتیوں کی تفصیل بھی نہ بتانی پڑے۔ سیل کی بجتی ہوئی ٹون نے انہیں سوچوں کے سمندر سے نکالا۔ دکھتا ہوا سر اٹھا کے انہوں نے سیل اسکرین کو دیکھا۔



"او مائی گاڈ!" زریاب کی کال آرہی تھی۔

انہوں نے لائن کاٹ کے سیل آف کر دیا۔ انہیں سر کے درد میں اضافے کا احساس ہو رہا تھا۔ چند لمحے بعد انہوں نے سر اٹھایا۔ ان کی سیکریٹری کھڑی تھی۔

"مس رائنہ! میری طبیعت ٹھیک نہیں۔ آج کی تمام اپائنمنٹس کینسل کر دو۔ آئی ایم گوئنگ ٹو ہوم۔"

"اوکے میم۔"

"اور سنو۔" کچھ سوچ کر انہوں نے اسے مخاطب کیا۔

"پاکستان میں موجود تمام "ورکنگ گرلز" میں یہ بات پھیلا دو کہ نوما کی ڈیتھ ایک روڈ ایکسیڈنٹ میں ہوئی ہے۔ کچھ بدخواہ اسے زبردستی سوسائیڈ کیس بنانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اس کے گروپ کی دوسری تمام لڑکیوں اور گروپ انچارج انیلا رضوی کو بھی یہ خبر پہنچا دو۔"

"اوکے میم۔"

انہوں نے ایک گہری سانس لے کر اپنے آپ کو سنبھالا اور مضبوط قدم اٹھاتی باہر چلی گئیں۔

☼ ☼ ☼

وہ پورے انہماک سے آٹا گوندھنے میں مگن تھی۔ ذہنی رو کس سمت جا نکلی تھی۔ اس کی شکل سے اندازہ لگانا مشکل تھا۔

"میں پوچھتی ہوں۔ آخر اس میں برائی کیا ہے۔" امی ابھی تک اسی بات کو لیے بیٹھی تھیں جس سے الجھ کر وہ کمرے سے نکل آئی تھی۔

"اور میں پوچھتی ہوں۔ اچھائی کیا ہے۔" اس کے لہجے میں اطمینان تھا۔

"اے لو! کوئی ایک۔ اچھائیاں ہی اچھائیاں ہیں۔ تمہارا گھر بس جائے۔ اس سے اچھی بات اور کیا ہوگی۔ اور وہ نیک شریف ہے۔ کماؤ پوت ہے۔"

"امی!" اس نے کوفت سے گندھا ہوا آٹا اٹھا کر سلیب پر پٹخ دیا۔

"مت پڑیں میرے پیچھے۔ نہیں کرنا مجھے شادی۔" اس کی شکل بگڑ گئی۔

"پھر وہی ضد۔ کیوں نہیں کرنی۔ کوئی وجہ بھی تو ہو۔" امی ذرا کی ذرا چپ ہو کے پھر شروع ہو چکی تھیں۔

"کوئی وجہ نہیں، میں کیا وجہ بتاؤں آپ کو۔" گیس کا بٹن پورا کھول کر اس نے جلتی ہوئی تیلی اس میں جھونکی۔ بھڑ بھڑ آگ جل اٹھی۔ اسے لگا امی نے بھی ایسی ہی ایک جلتی ہوئی تیلی پھینک کر اس کی زندگی جلا کر راکھ کر دی۔

"اتنا اچھا رشتہ بیٹھے بٹھائے گنوا دوں؟"

"کوئی کتنا بھی اچھا ہو۔ مجھے اس کی اچھائیوں، برائیوں سے کوئی سروکار نہیں ہے۔" اس کا لہجہ اٹل تھا۔ امی مایوس ہو گئی تھیں۔

"کبھی نہ کبھی زندگی میں بے تکے فیصلے بھی کرنے پڑتے ہیں اور بے سر پیر کے جھوٹ بھی بولنے پڑتے ہیں۔" چولہے سے نکلتی تپش سے بے نیاز وہ وہیں کھڑی سوچے گئی۔

☼ ☼ ☼

اس وقت صبح کے سات بجے تھے۔

زریاب نے جان بوجھ کر یہ وقت منتخب کیا تھا۔ اسے محسوس ہو گیا تھا کہ رباب آنٹی اس سے ملنے سے کترا رہی ہیں اور وہ صاف منع بھی نہیں کر سکتیں۔ اس لیے حیلے بہانوں سے اسے ٹال رہی ہیں۔ سوجی آنکھوں کو بمشکل کھولے وہ بڑے مرے مرے قدم اٹھاتی ساڑھے آٹھ بجے ڈرائنگ روم میں داخل ہوئیں۔ ملازمہ نے سات بجے ہی ان کو زریاب کی آمد کی اطلاع دے دی تھی اور ان کی نیند تب ہی اڑ گئی تھی۔

"تم نے اسے بتا دیا کہ میں گھر پر ہوں۔" صبح کے سات بجے اس سوال کی کوئی تک نہیں تھی۔

"جی بیگم صاحبہ!" انہوں نے دل ہی دل میں اسے گالیوں سے نوازا۔ پھر بولیں۔



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

"کہہ دو میں ابھی سو رہی ہوں۔ تھوڑی دیر پہلے ہی سوئی ہوں۔ ایک بجے تک اٹھوں گی۔ آپ تب آجائیے گا۔" انہوں نے کہلوا کر اطمینان کر لیا تھا مگر، ملازمہ الٹے پیروں واپس آگئی۔

"وہ کہہ رہے ہیں میں انتظار کر لوں گا اور تب تک شاہل سے بھی مل لوں گا۔" ان کے پیروں تلے سے زمین نکل گئی۔

"کہاں ہے وہ ابھی ڈرائنگ روم میں ہے نا۔ گیا تو نہیں کوارٹرز کی طرف۔" ان کی آواز تک سے گھبراہٹ مترشح تھی۔

"اچھا تم ایسا کرو۔ مشعل کو جگاؤ اور کہو اس منحوس کو لے کر ابھی گاؤں نکل جائے اپنے۔" ملازمہ نے سمجھ کے سر ہلایا۔

"اور سنو۔" انہوں نے مزید تانے بانے بنے۔ "زریاب کو ناشتا دو۔ وہ اٹھ کر باہر نہ جانے پائے اور مشعل سے کہنا۔ بیگم صاحب نے کہا ہے پانچ منٹ بعد اس کوٹھی میں دکھائی مت دینا۔"

"جی۔" ملازمہ پلٹی۔

"اور سنو۔" انہیں جیسے مزید کچھ یاد آیا۔

"آ۔۔۔ آ۔۔۔ زریاب سے کہو۔ بیگم صاحبہ تھوڑی دیر میں آرہی ہیں۔ اتنی جلدی ان سے اٹھا نہیں جا رہا۔ وہ اطمینان سے ناشتا کرے اور۔۔۔ اگر وہ شاہل کا پوچھے تو کہنا کہ بیگم صاحب نے اس کی شادی کروا دی اور اسے اس کے سسرال بھجوا دیا گاؤں۔" ملازمہ کے جانے کے بعد وہ کمرے میں بے چینی سے ٹہلنے لگیں۔

وہ کسی قیمت پر زریاب سے ملنا نہیں چاہتی تھیں اور ذہنی طور پر اس پیشی کے لیے تیار ہی نہیں تھیں۔ ان کا خیال تھا زریاب کچھ دیر ان کا انتظار کر کے وہاں سے چلا جائے گا پھر بھی وہ اسے مطمئن کرنے کے لیے ایک بہت مربوط کہانی بن رہی تھیں۔

اب نیند کس کم بخت کو آنی تھی۔

آٹھ بجے ان کے پوچھنے پر ملازمہ نے یہ حوصلہ شکن جواب دیا کہ زریاب نے ناشتا نہیں کیا۔ وہ گھر سے کر کے آیا ہے اور ابھی تک ڈرائنگ روم میں انتظار کر رہا ہے۔ انہوں نے بے اختیار ایک گہری سانس کھینچ کر خود کو پر سکون کیا۔

"اوکے۔ اس سے کہو۔ میں آتی ہوں۔"

منہ پر پانی کے چھینٹے مار کر انہوں نے باقی حلیے کو یونہی بکھرا رہنے دیا تھا۔ وہ اپنی شخصیت سے پورا تاثر یہ دینا چاہتی تھیں کہ وہ صرف اس کے انتظار کرنے کی وجہ سے کچی نیند سے اٹھ کے آئی ہیں۔ کمرے سے نکلنے سے پہلے انہوں نے کھڑکی سے پورچ میں کھڑی اپنی گاڑی کی غیر موجودگی کا یقین کیا۔ مشعل یقیناً شاہل کو لے کر وہاں سے جا چکا تھا۔

"کیا زریاب! اتنی سی بات کے لیے۔ اس پاگل کے لیے پریشان تھے تم۔" وہ یوں بولیں۔ گویا جس واقعے نے تمہاری نیندیں حرام کر دی ہیں۔ وہ تو اصل میں کوئی بات ہی نہیں۔

"نہ یہ اتنی سی بات ہے۔ نہ وہ لڑکی پاگل ہے۔" وہ انہیں کچھ ناراض سا لگا۔ یقیناً "شاہل کی بربادی کا ذمہ دار وہ انہیں سمجھ رہا تھا جو کہ حقیقت میں کچھ ایسا غلط بھی نہ تھا۔

"دیکھو زریاب جیسا تم سوچ رہے ہو۔ ویسا کچھ بھی نہیں ہے۔" اس نے کوئی جواب نہیں دیا۔ "شاہل کی اس حالت کی ذمہ دار میں نہیں۔ وہ خود ہے۔" وہ نا سمجھی سے الجھ کے انہیں دیکھنے لگا۔

"معاشقہ چل نکلا تھا اس کا میرے نئے ملازم کے ساتھ، بلکہ میرے لیے تو دونوں ہی نئے تھے۔" انہوں نے بات میں ایک ڈرامائی وقفہ دیا۔ "میں اسی لیے بغیر چھان بین کے کسی کو اپنے پاس نہیں رکھتی اور وہ بھی کل وقتی ملازمت۔ شاہل کو تم لے کر آئے تھے۔ اس لیے میں نے کچھ نہیں کہا۔ بغیر سوچے سمجھے۔ روٹی، کپڑا، چھت، روزگار سب کچھ دیا اسے۔" انہوں نے زریاب پر احسان جتانے کی کوشش کی۔

"ایک تو وہ بھی کم عمر لڑکا تھا۔ شاہل کی عمر کا ہی ہو گا۔ دوسرے اس کا تعلق بھی انٹیریئر ہی سے تھا۔ دونوں ہی جوان تھے اور ایک دوسرے کی زبان سمجھتے



تھے۔ وہ بھی سیلاب کی بربادیوں کا مارا تھا۔ یہ بھی۔ دکھ سکھ کہہ لینے میں کوئی برائی نہیں تھی، مگر مجھے کیا پتا تھا کہ یہ کھیل کھیلنے لگیں گے۔ جمعہ جمعہ آٹھ دن ہوئے نہیں تھے اسے آئے۔ دیا ہو گا شادی کا جھانسہ اور یہ بیگم صاحب آگئیں اس کے دام میں۔" انہوں نے اپنی شکل ایسی کر لی گویا انہیں بھی شاہل سے اس نادانی کی امید نہیں تھی۔ کن انکھیوں سے زریاب کو دیکھ کر اندازہ لگایا کہ اس پر ان کی کہانی کا اثر ہو رہا تھا۔

"مجھے تو تب پتا چلا جب وہ چھٹیاں لے کر نکل گیا گاؤں اور واپس ہی نہیں آیا۔"

"پھر؟" زریاب کو مگو کی کیفیت میں گھر گیا۔

"پھر کیا۔ مجھے تو جب پتا چلا۔ میں نے تو شامت بلا دی اس کی۔۔۔" وہ جیسے ساری کہانی مکمل کر کے اطمینان سے بیٹھ گئیں۔ زریاب سر نیچے کیے سوچ میں ڈوب گیا۔ شاہل کی حالت کچھ اور کہتی تھی اور رباب آنٹی کی کہانی کچھ اور۔

"مجھے ابھی آپ کی میڈ نے بتایا کہ آپ نے اس کی شادی کر دی۔" اس کی آواز میں ابھی بھی شک بھرا ہوا تھا۔

"تو اور کیا کرتی پھر۔ اتنے اثر و رسوخ والی عورت ہوں۔ ایک معمولی سے بندے کا پتا لگانا میرے لیے مشکل تھا کیا۔ لو فوہ زریاب!" انہوں نے اکتانے کی جاندار اداکاری کی۔

"تم اتنے فکر مند کیوں ہو رہے ہو۔ اس کے لیے ذہنی حالت بگڑتی جا رہی تھی اس کی۔ تم ملے تو تھے۔ اندازہ ہوا تو تھا ہو گا تمہیں۔" انہوں نے بڑے دھیان سے اس کا چہرہ جانچا۔

"ہوں۔۔۔" وہ پر سوچ انداز میں سر ہلا کر رہ گیا۔

"مجھے بہت دکھ ہوتا تھا اسے دیکھ دیکھ کر۔ میں نے تو کہا تھا کہ۔۔۔ مگر وہ مانی ہی نہیں۔ اس پر اس کی بہکی بہکی باتیں اور اتنی رف کنڈیشن۔ مجھے ڈر تھا وہ کہیں اپنے آپ کو کوئی نقصان نہ پہنچا لے۔" انہیں اندازہ تھا۔ شاہل سے ہمدردی ہی ان کے لیے سود مند رہے گی۔

انہیں خود بھی اپنی صلاحیتوں پر بہت بھروسا تھا اور زریاب تو یوں بھی دل و ذہن کا صاف اور شریف آدمی تھا۔ اوپر سے رباب آنٹی پر اس کا اعتبار اور بھروسا کوئی ایک دو دن، نہیں، سالوں پرانا تھا۔ اس نے ایک گہری سانس لے کر خود کو ڈھیلا چھوڑ دیا۔ مسز رباب بہت دھیان سے اس کی ایک ایک حرکت نوٹ کر رہی تھیں۔

"دیکھو زریاب!" وہ بہت ہمدردی سے اٹھ کر اس کے پاس آبیٹھیں۔ "تم میرے لیے بیٹے جیسے ہو۔" انہوں نے آستین سے بے نیاز ہاتھ اس کے کاندھے پر ٹکایا۔

"اللہ نہ کرے۔" زریاب کے دل سے بے اختیار صدا نکلی۔ وہ ابھی تک اپنے نائٹ میں ملبوس تھیں۔ زریاب سے نظر اٹھا کے ان کی طرف دیکھنا مشکل ہو رہا تھا۔

"اس لیے بہت خلوص سے تمہیں مشورہ دے رہی ہوں۔ کسی کے دکھ میں اس سے ہمدردی کرنا اچھی بات ہے، لیکن دوسروں کے مسائل کو اتنا سر پر سوار مت کیا کرو کہ جینا مشکل ہو جائے۔ زندگی میں اپنے دکھ کیا کم ہیں جو تم دوسروں کے روگ بھی پال لیتے ہو۔"

زریاب بنا کچھ کہے اپنے ہاتھوں کو گھورتا رہا۔

☼ ☼ ☼

وہ آج بہت دن کے بعد اپنا لاکر صاف کروا رہا تھا۔ پچھلے چند مہینے اتنے اپ سیٹ گزرے تھے کہ اس نے اپنے آفس روم، کیبنٹس اور لاکر کی طرف بالکل توجہ نہیں دی تھی۔ وہ اکتایا ہوا کرسی پر بیٹھا تھا۔ اسی وقت فضل داد نے ایک لفافہ اسے پکڑایا۔

"یہ آپ کے نام کی رجسٹری آئی تھی جی۔ بہت دن ہو گئے۔" اس نے سرسری انداز میں دیکھا۔ پھر چونک گیا۔ اس پر دبئی کی مہر تھی۔

وہ تیزی سے لفافہ چاک کرنے لگا۔

اندر موجود تحریر نے اس کی توجہ کھینچ لی تھی۔



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

"میرے بہت اچھے دوست زریاب!

یہ میں ہی ہوں نعیمہ۔

جب تم یہ خط پڑھ رہے ہوگے۔ میں اس دنیا سے جاچکی ہوں گی۔ شاید یہی میری قسمت تھی' یہی نصیب۔ میں نے یہ خط تمہیں صرف یہ کہنے کے لیے لکھا ہے کہ ہوسکے تو امی اور مجھے معاف کردینا۔ انہوں نے تم سے جھوٹ بولا تھا۔ رشنا تمہاری بہن نہیں ہے۔ نہ سگی نہ رضاعی۔ وہ صرف تمہاری خالہ زاد تھی۔ جس سے نہ تمہاری پسندیدگی کوئی جرم تھی۔ نہ نکاح کوئی گناہ۔

امی چاہتی تھیں تمہاری شادی مجھ سے ہوجائے۔ شاید میں خود بھی یہی چاہتی تھی' مگر زندگی مجھے اس جھوٹ کی سزا اتنی بھیانک شکل میں دے گی۔ مجھے پتا ہوتا تو کبھی تم سے جھوٹ نہ بولتی۔

تم نے مجھے پہچان لیا۔

میری بدقسمتی پر لگنے والی آخری مہروہ پہچان کے رنگ تھے' جو تمہاری آنکھوں میں' میں نے اس وقت دیکھ لیے تھے۔ جب تم نے مسز رباب کی پارٹی میں مجھے دیکھا تھا۔ مسز رباب سے میرا کیا رشتہ تھا۔ میں وہاں تک کیسے پہنچی اور کیوں؟ یہ ایک الگ کہانی ہے۔

میں نے جو انکشاف اس خط کے ذریعے تم پر کیا ہے۔ میں نہیں سمجھتی اسے جان لینے کے بعد تم مزید کوئی آگہی برداشت کرنے کے متحمل ہوسکوگے۔ سو اس بحث کو لاحاصل جان کر یہیں ختم کردو اور بھول جاؤ کہ زندگی میں کبھی تم نعیمہ نام کی کسی لڑکی کو جانتے بھی تھے۔

بس ایک آخری گزارش یہ ہے کہ میری ماں کو میری حقیقت کا علم کبھی نہ ہونے دینا۔ اب تک تو وہ مجھ پر رو دھو کر صبر کرچکی ہوں گی' جو بھی کہانی تم کو سنائیں۔ خدارا اس پر یقین کرلینا۔

فقط تمہاری معافی کی طلب گار' ایک گناہ گار' لیکن پشیمان لڑکی۔"

کاغذ اس کے ہاتھ میں انکا رہ گیا۔ اس نے بہت تیزی سے سامنے کے منظر کو دھندلاتا اور پھر نمی کو آنکھوں سے نکل کر رخساروں پر بہتا ہوا محسوس کیا۔

"سائیں۔ سائیں!" فضل داد نے نرمی سے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھا' لیکن وہ اس وقت وہاں موجود ہی نہیں تھا۔ فضل داد نے جو اپنے اتنی مضبوط شخصیت والے سرکار سائیں کو روتے دیکھا تو گھبرا کے آفس سے نکلا۔

وہ آئمہ کے کمرے کی طرف جارہا تھا۔

✲ ✲ ✲

اپنی ہی سوچوں میں گم اس نے بنا پوچھے دروازہ کھول دیا تھا۔

"آپ!" سامنے کھڑے بابر سلطان کو دیکھ کر اس کی سمجھ میں نہیں آیا کہ کیا کہے۔

"میں اندر آسکتا ہوں۔" اس کا لہجہ بہت مہذب اور سنجیدہ تھا۔ اس نے ایک طرف ہٹ کے اندر آنے کا راستہ دیا اور امی کو بتانے چل دی۔

اس نے امی کو روتے دیکھا اور چائے کا پانی رکھنے لگی۔ ماضی میں ہی سہی' بہرحال وہ اس گھر کا داماد تھا۔ امی اسے دیکھ کر ٹھیک ٹھاک جذباتی ہوچکی تھیں۔ بظاہر تو وہ بھی بڑا مغموم نظر آرہا تھا۔

"کیا بتاؤں بس' میں تو خود ابھی تک شاکڈ ہوں۔ یقین ہی نہیں آتا کہ وہ اس قدر جلدی' اتنی اچانک۔ چلی جائے گی۔ سچ ہی ہے۔ رب کی مرضی کے آگے کسی کی نہیں چلتی۔" وہ بجھے بجھے انداز میں انہیں تسلیاں دے رہا تھا۔

"ہائے میں تو اپنی بچی کی شکل بھی نہ دیکھ سکی۔"

"غم مت کریں آنٹی! یہی حال میرا ہے۔ میں خود کون سا دیکھ سکا اسے آخری ٹائم میں۔ میں خود ہاسپٹلائز تھا۔ کب اس کی ڈیڈ باڈی آئی۔ کب تدفین کردی۔ بس جب ہوش آیا تو پتا چلا کہ اس کی حالت اتنی خراب ہوچکی ہے کہ زیادہ دیر تک رکھ نہیں سکتے تھے۔ اور پاکستان لے کر کون آتا۔ مجھے تو اپنا ہی ہوش نہ تھا۔" وہ سر جھکائے دھیرے دھیرے بول رہا تھا۔

رشنا یہ ساری تفصیل فون پر سن چکی تھی۔



"آپ کو کتنے دن ہوئے پاکستان آئے۔" اس نے بہت اچانک ہی سوال کیا تھا۔ اس نے سنبھل کر رشنا کو دیکھا اور پھر اس کی نگاہیں گویا جم سی گئیں۔

"میں کل ہی تو پہنچا ہوں۔ پندرہ دن پہلے اسپتال سے ڈسچارج ہوا۔ پھر کچھ دن بیڈ ریسٹ کیا۔"

اس نے کوئی تبصرہ نہیں کیا۔ وہ اس کی گہری نگاہیں اپنے وجود پر محسوس کرکے الجھ رہی تھی۔

"لیکن سچ پوچھوں تو ایک بے چینی سی لگ گئی تھی دل کو۔ جب تک آپ سے مل نہ لوں' چین نہیں پڑے گا جی کو۔" وہ چائے کا خالی کپ میز پر ٹکا کر پھیل کر بیٹھ گیا۔ وہ اس کی گہری نگاہیں اپنے وجود پر محسوس کرکے الجھ رہی تھی۔ یقیناً" اس کا ابھی مزید بیٹھنے کا ارادہ تھا۔

وہ جز بز سی ہوئی کیوں کہ زیادہ دیر تک اس کی آرپار ہوتی نظریں برداشت نہیں کرسکتی تھی۔

✲ ✲ ✲

گاڑی تیزی سے اپنی منزل کی طرف رواں دواں تھی۔

وہی پرانے راستے تھے' مگر آج کچھ گم گشتہ منزلیں اس کے انتظار میں تھیں۔ فضل داد ڈرائیو کررہا تھا۔ اس کی آنکھیں خوشی کا ایک الگ ہی رنگ لیے باہر کے مناظر پر پھسل رہی تھیں۔ ہونٹوں پر کبھی جدا نہ ہونے والی مسکراہٹ تھی۔ آنکھوں کی دہلیز نم تھی' مگر خوشی اس کے دل میں ایسے پر پھیلائے کھڑی تھی گویا آنسوؤں کی ایک بھی بوند دل کی اس ہریالی کھیتی پر گرنے نہیں دے گی۔ ماضی میں گزرا اک اک پل اس کی نگاہوں میں کسی فلم کی طرح چل رہا تھا۔

سورج کی وداعی کا منظر تھا۔ وہ مغرب میں ڈوبتے نارنجی گولے کی شعاعوں کی خوب صورتی بھی اپنے دل پر محسوس کررہا تھا۔ فضا میں مغرب کے بعد کا اندھیرا بڑھتا جارہا تھا۔ جب کسی کے رونے کی بہت ننھی سی آواز اس کے کانوں میں پڑی۔

جس طرح وہ سن کے ایک دم چونکا تھا۔ اسی طرح فضل داد کا پاؤں بھی بے اختیار بریک پر جا پڑا تھا۔ یہ کسی چھوٹے سے گاؤں کی حدود تھیں۔ کچے گھروں کی رسوئیوں سے خوشبودار دھواں اٹھ کے فضاؤں میں گھل مل رہا تھا۔

"تم یہ آواز سن رہے ہو نا فضل!"

"جی سائیں پر۔۔۔" اس کا انداز رکا رکا سا تھا۔ "یہ قبرستان کی پیچھے والی دیوار ہے اور سائیں وقت بھی مغرب کا ہے۔"

"تو۔"

"سائیں ایسے وقت میں' ایسی جگہوں پر۔" وہ سمجھ گیا تھا وہ کیا کہنا چاہ رہا تھا۔

"فضول باتیں نہ کرو اندر چلو۔ گاڑی گھماؤ جلدی۔"

گاڑی گھما کے وہ دروازے کے سامنے لایا اور فضل کو ساتھ لے کر اندر کی طرف بڑھ گیا۔ قبرستان کا رقبہ زیادہ بڑا نہیں تھا۔ اسی لیے انہیں آواز کے منبع تک پہنچنے میں دشواری نہیں ہوئی۔

اور' پھر وہاں جو منظر اس نے دیکھا۔۔۔۔

اس کے ہوش اڑانے کے لیے کافی تھا۔

فضل نے بہت احتیاط سے روتے ہوئے بچے کو اٹھا کر اپنی گرم شال میں لپیٹ لیا جبکہ وہ ہارے ہوئے جواری کی مانند گھٹنے زمین پر ٹکا کر گر سا گیا۔

ایک زندگی کی حرارت سے آزاد' مجبور' لیکن معدوم چہرہ خدا کے حضور قسمت کی اس بے وفائی پر شکوہ کناں تھا۔ اس نے اس کا بے جان اور لاچار وجود اٹھا کے بانہوں میں بھرلیا۔

"میں' تم سے کیسے معافی مانگوں گا شائل!" ضبط کی لاکھ کوششوں کے بعد بھی ایک زخمی آہ اس کے دل سے نکل کر لبوں تک آہی گئی۔

چھوٹا سا گاؤں تھا۔ ذرا دیر میں اس کی وہاں موجودگی کی دھوم مچ گئی۔ اسے اور بچے کو ہاتھوں ہاتھ لیا گیا۔ گاؤں کی بڑی بوڑھیوں نے بچے کی مالش اور غسل وغیرہ کرکے اسے پرسکون کردیا۔ کوئی بھی شائل کی شناخت نہیں کرسکتا تھا۔ وہ ان کے گاؤں کی تھی ہی



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

نہیں۔ گورکن سے بات کرکے قدرے الگ تھلگ سی جگہ پر اس کی قبر بنوائی۔ اس نے کانپتے ہاتھوں سے اسے سپردِ خاک کرکے مٹی ڈالی۔

فضل داد نے اپنے سائیں کو کبھی اتنا مغموم نہیں دیکھا تھا۔ جتنا ان دو دنوں میں۔

☼ ☼ ☼

"یہ اچھائی کیا کم ہے کہ ایک بار پھر وہ یہیں چلا آیا۔" وہ کچھ کسے ان کی عقل پہ ماتم کرتی نگاہوں سے دیکھتی رہی۔

"اس چلے آنے نے ہی تو کھٹکا دیا ہے مجھے۔"

"اس میں کھٹکنے کی کیا بات ہے۔"

"کھٹکنے کی بات ہے امی! اتنا امیر کبیر آدمی' ایک ایسی غریب لڑکی سے شادی کرنا ہی کیوں چاہتا تھا جس کے پاس نہ خوب صورتی تھی نہ تعلیم' نہ اس کی کلاس کے ادب آداب۔ چلو' مانا کہ نیکی کرنے کا خیال اس کے دل میں آگیا یا اس کا سر پھر گیا۔ مگر اب اس کے گزر جانے کے بعد دوبارہ پھر اس بے نام و نشان گھر کی دوسری لڑکی سے شادی رچانے آگیا۔ کچھ تو عقل کے ناخن لیں امی! انسان ایک بار کیچڑ میں گرا کنول اٹھا سکتا ہے' لیکن بار بار نہ تو وہ سارے کنول اٹھا سکتا ہے نہ' اپنے کوٹ کے کالر میں سجا سکتا ہے۔"

"کہنا کیا چاہ رہی ہے تو۔"

"صرف یہ کہ وہ اتنا بھی سیدھا نہیں ہے' جتنا آپ کو لگتا ہے۔" اسے اس کی گستاخ نظریں یاد آئیں۔

"اس کے دوبارہ یہاں آنے میں کوئی نہ کوئی غرض ہے۔ جو فی الحال مجھے نظر نہیں آرہی' لیکن اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ اس بار بھی سب کچھ پہلے جیسا اس کی مرضی کے مطابق ہوتا رہے گا۔"

"کیا مطلب؟" امی ٹھٹک گئیں۔

"مطلب یہ کہ میں اس سے شادی کروں گی تبھی اسے اتنی اجازت دوں گی کہ وہ جب چاہے یہاں آجائے۔" اس کا لہجہ حد درجے تیز تھا۔

"وہ داماد ہے میرا۔"

"ہے نہیں تھا۔" وہ چیخ کر بولی اور بالٹی میں رکھے کپڑے زور زور سے جھٹک کر الگنی پر ڈالنے لگی۔

امی کی بڑبڑاہٹیں شروع ہو چکی تھیں' لیکن اسے پروا نہیں تھی۔

☼ ☼ ☼

وہی سفر تھا۔ وہی راستے۔ وہی سوچیں۔ بس اس سفر میں ان دونوں کے ساتھ ایک ننھے وجود کا اضافہ ہو چکا تھا۔

زریاب نے اس کا معصوم چہرہ دیکھا اور پیشانی چوم لی۔ پورے چاند کا سفر جاری تھا اور اس کی رنگا رنگ سچوں کا بھی۔

ابھی اسے رابعہ کو فون کرکے اس حقیقت سے آگاہ کرنا تھا جو اس کی زندگی کا روگ بن گئی تھی مگر دراصل حقیقت تھی ہی نہیں اور اس معصوم جان اور اس کی بے گناہ ماں پر بیتنے والی ناانصافی کا ذکر بھی کرنا تھا۔

مسز رباب کی اصلیت اس پر آشکار ہو چکی تھی' لیکن وہ اپنے کیفرِ کردار کو پہنچ چکی تھیں۔ ایک ایکسیڈنٹ کے نتیجے میں وہ مفلوج ہو گئی تھیں۔ ریڑھ کی ہڈی پر شدید چوٹ آئی تھیں۔ ان کی بینائی بھی کھو چکی تھی۔ ایک اندھی' مفلوج عورت عبرت کا نشان تھی۔ وہ انہیں دیکھ کر کچھ نہ کہہ سکا تھا صرف اتنا ہی منہ سے نکلا تھا۔

"یہ سزا تو دنیا میں ملی ہے۔ آخرت ابھی باقی ہے۔ اگر کچھ بھلائی کے کام کر سکتی ہیں تو کرلیں۔ جن لڑکیوں کو آپ نے اپنے گناہوں میں شامل کیا ہے انہیں آزاد کردیں۔"

مسز رباب کی آنکھوں سے دو آنسو نکلے تھے۔

☼ ☼ ☼

وہ آج پھر آیا بیٹھا تھا اور اس کا آنا اب تو روز کا معمول بن گیا تھا۔ امی کی شہ پاکر اس کی ہمت اتنی بڑھ گئی تھی کہ وہ اس سے دوبدو شادی کی بات کرنے بیٹھ



گیا۔ رشنا کا جی چاہا سامنے رکھی ٹرے اٹھا کے اس کے سر پہ دے مارے۔

"میں آل ریڈی کمیٹڈ ہوں۔ آپ سے شادی نہیں کر سکتی۔ نہ کرنا چاہتی ہوں۔" اس نے بہت تحمل سے بات مکمل کی۔

"آپ کی کمٹ منٹ والی بات کی حقیقت سے میں واقف ہوں۔" اس کے لبوں پر ایک زہریلی مسکراہٹ تھی۔

"میری مرضی۔ اس سے بہتر جواب نہیں ہے میرے پاس۔"

"یہ تو میرے سوال کا جواب نہ ہوا نا۔" وہ حد درجے مطمئن تھا۔

"بھاڑ میں جاؤ تم اور تمہارا سوال۔" وہ ایک دم ہی اخلاقیات کی تمام حدود پار کرکے آپے سے باہر ہو گئی تھی۔ ایک پل کے لیے اس کی آنکھوں میں سفاکی کی عجیب سی چمک لہرائی۔ وہ جو ایک دم نڈر سی ہو کے کھڑی تھی۔ ڈر سی گئی' لیکن اس پر ظاہر نہیں کرنا چاہتی تھی۔

"براہ مہربانی میری بات مانو۔ روز روز مت آیا کرو۔ میرا دماغ خراب ہوتا ہے اور ریپوٹیشن بھی۔" اس کی ادھوری بات ہونٹوں میں دبی رہ گئی۔

دروازے پر دستک ہو رہی تھی۔ امی دیکھنے کے لیے باہر گئیں اور اس نے اس تنہائی کا فائدہ اٹھا کر اس کی کلائی دبوچ لی۔ وہ حق دق رہ گئی۔ اس کی گرفت اس قدر آہنی تھی کہ اس کی آنکھوں میں آنسو آگئے۔

"ریپوٹیشن کس چڑیا کا نام ہے تمہیں پتا ہے۔" اس کا لہجہ' اس کی گرفت اور اس حرکت کے برعکس بالکل ٹھنڈا تھا۔ رشنا کی سانس تک رک چکی تھی۔ خوف زدہ نظریں اس کی سفاک آنکھوں میں اٹک گئی تھیں۔

"ایک بار میرے پاس آجاؤ۔ بہت اچھی طرح سمجھاؤں گا۔"

وہ ابھی بھی اس کی آنکھوں میں دیکھ رہا تھا۔ اس کی اٹکی ہوئی سانس رک رک کر باہر نکلی۔ عین اسی وقت کسی نے کمرے کے دروازے میں قدم رکھا۔

☼ ☼ ☼

وہی گلیاں تھیں۔ وہی کوچے۔

وہی در و بام تھے۔ وہی چوبارے۔

یادوں کا دھاگا گرہ گرہ بندھا اس کے دھیان کی پتنگ کو تھامے' تصور کے آسمان پر ڈھیلا اور ڈھیلا ہوتا جا رہا تھا۔

کتنے ہی خوشیوں بھرے' انمول لمحات' دبے پاؤں اس کی یادوں کے تاج محل کی دہلیز تک چلے آئے تھے۔ اس کے ہونٹوں پر دلکش مسکراہٹ تھی۔ آنکھوں میں چمکتی ہوئی نمی۔

کب سوچا تھا اس نے۔ کسی دن اچانک کسی کا خط اس کے لیے دوبارہ زندگی کی نوید لے آئے گا۔ اور اگر۔۔۔ اگر نعیمہ جاتے جاتے اس پر احسان نہ کر جاتی تو۔۔۔ اس سے آگے وہ سوچنا نہیں چاہتا تھا۔

اپنی پچھلی زندگی کے گزارے گئے ویران ماہ و سال۔ اس کے اجڑے دل میں اڑتی جدائی کی دھول کے گواہ تھے۔ وہ دھول جو دن رات کے کتنے ہی لمحوں میں چپکے سے اس کی آنکھوں میں جا پڑتی اور اسے ہر جگہ سے نظریں چرا کے اپنی آنکھیں صاف کرنی پڑتیں۔

اداسی کا ایک لمحہ بہت چپکے سے دل کے کسی کھونے سے نکل کر فضا میں تحلیل ہو گیا۔ اس نے دھیان سے موڑ کاٹا۔

وہی زنگ آلود' رنگ اڑا ہوا دروازہ' کچھ اور بھی خستہ حال سا اس کے سامنے تھا۔ چند لمحے تو اس نے اس دروازے کو تکتے ہوئے گزار دیے۔ داہنے ہاتھ کی طرف ذرا اوپر۔ کبھی یہاں کال بیل ہوتی تھی۔

وہ دن رات اسے ٹھیک کرنے کو کہتی رہی اور وہ ٹالتا رہا۔ پھر' شاید کبھی کوئی اس پر انگلی رکھنے والا نہ آیا۔ نہ گھر کے مکینوں کو کسی کی آمد کی اطلاع کی ضرورت ہی رہی۔ اس نے سوچوں سے پیچھا چھڑا کر سر جھٹکا اور دستک دی۔ کچھ ہی دیر میں دروازہ کھل چکا تھا۔ ایک بوڑھا مگر جانا پہچانا چہرہ اس کے سامنے تھا۔



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

”زریاب!“ لرزتی ہوئی آواز میں بے یقینی بھر گئی تھی۔ سامنے دھوپ کی چمک میں مسکراتا چہرہ وہ کیسے بھول سکتی تھیں۔

ان مسکراتے لبوں سے ہنسی خود انہوں نے ہی تو نوچی تھی۔ ایک سفاک جھوٹ بول کے۔ ایک لمحے میں خوشی اور غم کے کتنے ہی موسم ان گدلی آنکھوں میں لہرائے۔ وہ ایک قدم پیچھے ہٹ گئیں۔ عجب عالم خود فراموشی ان پر طاری تھا۔ پھر وہ مسکراتا چہرہ ان کی طرف بڑھا اور اس نے ان کو اپنی بانہوں میں بھر لیا۔ خود فراموشی کا طلسم ٹوٹ گیا۔ وہ اس کے سینے پر سر رکھ کے آنسو بہانے لگیں۔ وہ ان کا سر تھپکتا رہا۔

”روشی اندر ہے۔“ تھوڑی دیر بعد وہ الگ ہو کے سنبھل کے بولیں۔ وہ کہتے ہوئے بالکل بھول ہی گئیں کہ اندر روشی اکیلی نہیں ہے۔

ڈھیروں آرزوئیں، لبوں سے پھوٹتی بے ساختہ ہنسی اور دل میں امڈتا گدگدی کا انوکھا احساس لیے وہ اندر بڑھا اور کمرے کی دہلیز پر قدم رکھا۔ لیکن وہاں کا منظر اس کے گمان سے بہت دور تھا۔

ایک اجنبی مرد اور استحقاق سے جکڑی اس کی کلائی۔

اس کا دل ایک لمحے میں پوری زندگی بھلا کر سکڑا۔ سہمی چڑیا کی طرح خوف زدہ نگاہوں سے اسے دیکھتی رشنا اس کی زندگی، حاصل زیست ــ رشنا نے گردن موڑ کر اسے دیکھا۔

”زریاب!“ بے آواز سرگوشی لبوں سے نکل کر فضا میں پھیل گئی۔

اس کی کلائی آزاد ہو گئی اور وہ جیسے کسی خواب سے جاگ اٹھی۔

”زریاب!“ اب کی بار ایک قدم بڑھا کے اس کے نام کی پکار یوں تھی گویا ”یہ تم ہو؟“

”زریاب۔“ تمام شرم و حیا بالائے طاق رکھ کر وہ چیخی اور بھاگ کر اس سے لپٹ گئی تھی۔ زریاب نے کسی متاعِ جان کی طرح اسے سمیٹ لیا تھا۔ اس کا نام کسی تسبیح کے ورد کی طرح لبوں پر جاری تھا اور وہ بری طرح رو رہی تھی۔ زریاب نے اسے اپنے فراخ سینے میں سمو لیا تھا۔ برسوں سے جلتی آگ پر ٹھنڈے چھینٹے پڑ گئے تھے۔

”روشی... روشی۔“ اور ہر بار اس نے پکارے جانے پر جواب دیا تھا۔ جیسے اس کے ساتھ ساتھ خود کو بھی اس منظر کی سچائی کا یقین دلانا چاہتا ہو۔

یہ چہرہ، یہ آواز، یہ مانوسیت، یہ محبت۔

اس کا اثاثہ کھو گیا تھا۔ آج واپس ملا تھا۔

کمرے میں کھڑا آدمی بالکل نامحسوس انداز میں ایک طرف سے ہو کر باہر نکلا اور صحن میں نم آنکھوں سے کھڑی امی کو نظر انداز کرتا تیزی سے باہر نکلتا چلا گیا۔ وہ اپنی کار کی طرف جا رہا تھا۔ کبھی واپس نہ آنے کے لیے۔ کیوں کہ وہ زریاب کو جانتا تھا اور مسز رباب سے اس کے تعلق کو بھی۔

”اب بھی کیوں آئے ہو۔ میرے مرنے کا انتظار تو کرتے۔“ کتنی دیر رو چکنے کے بعد اب وہ ہلکے ہلکے سسک رہی تھی۔

”آج تو یہ بات کہہ دی ہے آئندہ مت کہنا۔“ اس نے ہاتھوں کے کٹورے میں وہ مانوس چہرہ تھاما۔

”کیوں کہ بہت سے پیاروں کی جدائی دیکھ چکا ہوں۔ بنا انتظار اور بنا کسی خواہش کے۔ اب کسی کو کھونے کی سکت نہیں ہے۔“ اس کی آواز میں صدیوں کے دکھ بول رہے تھے۔

”مجھ میں بھی نہیں ہے۔“ دونوں کی آنکھیں نم تھیں مگر وجود ہنسی کی گیلی پھوار میں بھیگ رہے تھے۔



پاک سوسائٹی ڈاٹ کام کی پیشکش
یہ شمارہ پاک سوسائٹی ڈاٹ کام نے پیش کیا ہے
ہم خاص کیوں ہیں:۔
ہائی کوالٹی پی ڈی ایف فائلز
ہر ای بُک آن لائن پڑھنے کی سہولت
ماہانہ ڈائجسٹ کی تین مختلف سائزوں میں اپلوڈنگ
سپریم کوالٹی، نارمل کوالٹی، کمپریسڈ کوالٹی
عمران سیریز از مظہر کلیم اور ابنِ صفی کی مکمل رینج
ایڈ فری لنکس، لنکس کو پیسے کمانے کے لئے شرنک نہیں کیا جاتا
ہر ای بُک کا ڈائریکٹ اور رژیوم ایبل لنک
ڈاؤنلوڈنگ سے پہلے ای بُک کا پرنٹ پریویو ہر پوسٹ کے ساتھ
پہلے سے موجود مواد کی چیکنگ اور اچھے پرنٹ کے ساتھ تبدیلی
مشہور مصنفین کی کُتب کی مکمل رینج
ہر کتاب کا الگ سیکشن
ویب سائٹ کی آسان براؤسنگ
سائٹ پر کوئی بھی لنک ڈیڈ نہیں
We Are Anti Waiting WebSite
واحد ویب سائٹ جہاں ہر کتاب ٹورنٹ سے بھی ڈاؤنلوڈ کی جاسکتی ہے
ڈاؤنلوڈنگ کے بعد پوسٹ پر تبصرہ ضرور کریں
ڈاؤنلوڈنگ کے لئے کہیں اور جانے کی ضرورت نہیں ہماری سائٹ پر آئیں اور ایک کلک سے کتاب ڈاؤنلوڈ کریں
اپنے دوست احباب کو ویب سائٹ کا لنک دیکر متعارف کرائیں
WWW.PAKSOCIETY.COM
Online Library For Pakistan
Like us on Facebook fb.com/paksociety twitter.com/paksociety1
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM



نبیلہ عزیز

ماورا مرتضیٰ، عافیہ بیگم کی اکلوتی بیٹی ہے۔ فارہ کے ساتھ یونیورسٹی میں پڑھتی ہے۔ عافیہ بیگم اس کا اپنی سہیلیوں سے زیادہ ملنا جلنا پسند نہیں کرتیں۔ اس کے علاوہ بھی اس پر بہت ساری پابندیاں لگاتی ہیں جبکہ ماورا خود اعتماد اور اچھی لڑکی ہے۔ عافیہ بیگم اکثر اس سے ناراض رہتی ہیں۔ البتہ بی گل اس کی حمایتی ہیں۔


فارہ اپنی ثمینہ خالہ کے بیٹے آفاق یزدانی سے منسوب ہے۔ دو سال پہلے یہ نسبت آفاق کی پسند سے ٹھہرائی گئی تھی مگر اب وہ فارہ سے قطعی لاتعلق ہے۔ فارہ کی والدہ منزہ رحیم اپنی بہن ثمینہ یزدانی سے ملنے کراچی جاتی ہیں۔ آفاق انہیں ایئر پورٹ لینے نہیں جاتا۔ مجبوراً "ساشا کو جانا پڑتا ہے۔ وہ آفاق کی بدتہذیبی پر خفا ہو کر واپس چلی جاتی ہیں۔

منزہ ثمینہ اور نیرہ کے بھائی رضا حیدر کے دو بچے ہیں۔ تیمور حیدر اور عزت حیدر۔ تیمور حیدر بزنس مین ہے اور بے حد شاندار پرسنالٹی کا مالک ہے۔ ولید رحمٰن اس کا بیسٹ فرینڈ ہے۔ اس سے حیثیت میں کم ہے مگر دونوں کے درمیان اسٹیٹس حائل نہیں ہے۔ نیرہ کے بیٹے سے فارہ کی بہن حمنہ بیاہی ہوئی ہے۔

عزت اپنی آنکھوں سے یونیورسٹی میں بم دھماکا ہوتے دیکھ کر اپنے حواس کھو دیتی ہے۔ ولید اسے دیکھ کر اس کی جانب لپکتا ہے اور اُسے سنبھال کر تیمور کو فون کرتا ہے۔ تیمور اسے اسپتال لے جاتا ہے۔ عزت کے ساتھ یہ حادثاتی ملاقات ولید کو ایک خوشگوار حصار میں باندھ لیتی ہے۔ عزت بھی ولید کے بارے میں سوچنے لگتی ہے اور ڈھکے چھپے لفظوں میں ولید سے اپنی کیفیت کا اظہار بھی کر دیتی ہے مگر ولید انجان بن جاتا ہے۔

آفاق فون کر کے فارہ سے شادی کرنے سے انکار کر دیتا ہے۔ فارہ بہت روتی ہے۔ ثمینہ اور اشتیاق یزدانی کو علم ہوتا ہے تو انہیں سخت صدمہ ہوتا ہے۔ ثمینہ کی طبیعت بگڑنے لگتی ہے۔

اشتیاق یزدانی، آفاق سے حد درجے خفا ہو کر اس سے بات چیت بند کر دیتے ہیں۔ آفاق مجبور ہو کر شادی پر راضی ہو جاتا ہے۔ فارہ دل سے خوش نہیں ہو پاتی۔ عزت، تیمور کے موبائل سے ولید کا نمبر لے کر اسے فون کرتی ہے مگر ولید اس



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

کی حوصلہ افزائی نہیں کرتا۔ رضا حیدر، تیمور کو فارہ کی شادی کے سلسلے میں فیصل آباد بھیجتے ہیں۔ فارہ اپنی تاریخ میں ماورا کو بصد اصرار مدعو کرتی ہے۔ ماورا، عافیہ بیگم کی ناراضی کے باوجود چلی جاتی ہے۔ وہاں تیمور اور ماورا کی ملاقات ہو جاتی ہے۔ عزت اپنے دل کی کیفیات ساشا سے بیان کر دیتی ہے۔ ماورا بی گل کو بتاتی ہے کہ وہ رضا حیدر کے بیٹے تیمور حیدر سے ملی ہے۔ بی گل دم بخود رہ جاتی ہیں۔

شادی میں تیمور حیدر، ماورا کے قریب آنے کی کافی کوشش کرتا ہے مگر ماورا کا سخت اور کھردرا رویہ ہر بار اسے ناکام کر دیتا۔ تیمور، ماورا سے رضا حیدر کو ملواتا ہے۔ رضا حیدر اسے دیکھ کر چونک جاتے ہیں مگر باوجود کوشش کے وہ سمجھ نہیں پاتے۔ فارہ کی ہی شادی میں عزت کی ملاقات تیام مرزا کے بیٹے مونس مرزا سے ہوتی ہے۔ وہ سخت بیزار ہوتی ہے جبکہ مونس خوب دلچسپی لیتا ہے۔

آفاق آدھی رات کو غائب ہو جاتا ہے۔ فارہ پریشان ہوتی ہے۔ وہ صبح آ کر بتاتا ہے کہ اس کے دوست کے ساتھ کوئی ایمرجنسی ہو گئی تھی۔ اس لیے اس کے آرام کا خیال کرتے ہوئے وہ بغیر بتائے چلا گیا تھا۔ مگر فارہ اس کی بات پہ یقین نہیں کرتی۔ تیمور، فارہ کے ذریعے ماورا کو اپنے آفس میں ایک شاندار پیکج پر جاب کی پیشکش کرتا ہے جسے ماورا کافی حیل حجت کرنے کے بعد قبول کر لیتی ہے۔

## سولہویں قسط ۱۶

اس کی نظریں عزت کے چہرے کے گرد طواف کرنے لگی تھیں۔

کیونکہ لیپ ٹاپ کی روشنی نے اس کے چہرے کے اردگرد اک عجیب سحر انگیز سا احاطہ باندھ رکھا تھا، جس کا اثر اس کے چہرے سے ولید کے دل تک محسوس ہو رہا تھا اور وہ مسمرائز سا اسے نہ دیکھنے کا اور اس کا سامنا نہ کرنے کا عہد بھول گیا تھا۔

"صاحب۔۔۔! آپ بیٹھیے۔ تیمور صاحب تھوڑی دیر میں فریش ہو کر آ رہے ہیں۔" اس کے چہرے اور ولید کے دل کا طلسم ملازمہ کی آواز نے توڑا تھا، جس پہ عزت نے بھی یکدم چونک کر ڈرائنگ روم کے داخلی دروازے کی طرف دیکھا۔۔۔ اور دیکھتے ہی ٹھٹک گئی۔

"السلام علیکم۔۔۔!" آنے والا ولید تھا۔ اس لیے سلام میں پہل کرنا اس کا فرض تھا۔

"وعلیکم السلام۔۔۔!" عزت سنبھلتے ہوئے سیدھی ہو بیٹھی اور لیپ ٹاپ گود سے اٹھا کر ٹیبل رکھ دیا۔

"وہ۔۔۔ مجھے دراصل تیمور سے ملنا تھا۔ اگر وہ فری نہیں ہے تو میں دوبارہ آ جاؤں گا۔ چلتا ہوں۔" ولید جو ابھی ابھی عزت کے سامنے اسکرین پہ دھواں دھار گفتگو کر رہا تھا۔ یوں اچانک سامنا ہو جانے پہ بات کرنے کے لیے الفاظ ڈھونڈنے لگا تھا۔

"میری وجہ سے جا رہے ہیں تو مت جائیں۔۔۔ میں چلی جاتی ہوں۔" عزت کی آواز پہ اس کے پلٹتے قدم رک گئے۔

"آپ کیوں جائیں گی۔۔۔ یہ آپ کا گھر ہے۔ میں تو مہمان ہوں، میں نے تو جانا ہی ہے؟" ولید کے لہجے کا طنز چھپا ہوا نہیں رہ سکا تھا۔ مونس مرزا والی ضرب اس کے دل پہ اب بھی تازہ تھی۔

"اسی لیے تو جا رہی ہوں کہ میرے گھر آپ جیسا مہمان بن کر محض آ کر چلا جائے مجھے گوارا نہیں؟" وہ کہتے ہوئے اپنی جگہ سے اٹھ کھڑی ہوئی تھی۔

"کبھی کبھی بہت کچھ گوارا کرنا پڑ جاتا ہے مس عزت حیدر۔۔۔!" ولید کا اشارہ اپنی ناگواریت کی طرف تھا۔



"کر تو رہی ہوں۔۔۔" وہ اپنی بات کر رہی تھی اور وہ اپنی بات کر رہا تھا۔ کیونکہ چوٹ زدہ دونوں ہی تھے۔

"مونس مرزا کے ساتھ جانا گوارا تھا؟" ولید کے دل کی جلن زبان کی کڑواہٹ بن کے لفظوں میں ڈھل گئی تھی۔ عزت اس کے منہ سے ایسا طنز بھرا اور کاٹ دار سوال سن کر چونک گئی تھی کہ کیا اسے یہ بھی خبر ہے کہ وہ مونس مرزا کے ساتھ گئی تھی؟

"بتائیے ناں مس عزت حیدر۔۔۔ مونس مرزا کے ساتھ جانا گوارا تھا۔۔۔؟"

اس نے عزت کی طرف مڑتے ہوئے اس کے چہرے پہ نظریں جماتے ہوئے پوچھا تھا۔۔۔

"میں مونس مرزا کے ساتھ جاؤں۔۔۔ یا کسی اور کے ساتھ۔۔۔ یہ میرا پرسنل میٹر ہے۔۔۔ اس سے آپ کا کیا تعلق؟"

اس نے تو جیسے ولید کی دکھتی رگ پہ ہاتھ رکھ دیا تھا۔ وہ یکدم تڑپ ہی تو گیا تھا۔

"اس سے میرا ہی تو تعلق ہے اور میں یہ برداشت نہیں۔" ولید کے منہ سے غصے اور تلملاہٹ میں آ کر نکلا ہوا یہ آدھا ادھورا سا جملہ عزت حیدر کو پوری طرح سرشار اور مطمئن کرنے کے لیے کافی تھا۔ اس کا دل خوشی کے مارے قہقہے لگاتا ہوا قلابازیاں کھانے لگا تھا۔ جبکہ ولید اپنے منہ سے نکلے تیر کو قابو کرنے کی کوشش میں چپ کا چپ رہ گیا تھا۔

"میرا خیال ہے میں اب چلتی ہوں۔۔۔ تیمور بھائی آ رہے ہوں گے۔" وہ بڑے اطمینان سے کہتے ہوئے اپنا لیپ ٹاپ بند کرنے کے لیے پلٹ گئی تھی۔

"ویسے جاتے جاتے آپ کو بتاتی جاؤں کہ مونس مرزا کے ساتھ جانا۔۔۔ گوارا کرنا ہی تھا۔ میں دیکھنا چاہتی تھی کہ آپ سے ہٹ کے بھی کوئی مجھے گوارا ہو سکتا ہے یا نہیں۔۔۔ مگر افسوس کہ نہیں ہوا۔ وہ ناگوار کا ناگوار ہی رہا۔"

وہ اس کے قریب سے گزر کر باہر جاتے جاتے اسے بتا ہی گئی تھی۔

"عزت۔۔۔ بات سنو۔" ولید نے بے ساختہ اسے پکارا۔

"ضرور سنوں گی مگر ابھی نہیں۔" وہ اپنی مسکراہٹ دبا کر وہاں سے چلی گئی تھی۔

اس کے جانے کے فوراً بعد ہی تیمور بھی آ گیا تھا۔

"السلام علیکم۔۔۔!" تیمور نے اندر داخل ہوتے ہی بڑے نپے تلے سے انداز میں سلام کیا تھا۔

"وعلیکم السلام۔۔۔!" ولید اپنی جگہ سے کھڑا ہو گیا تھا۔

"بیٹھیے تشریف رکھیے۔!" تیمور اسے بیٹھنے کا اشارہ کر کے خود اس کے سامنے والے صوفے کی طرف بڑھ گیا تھا۔ جبکہ ولید اس کے طرز تخاطب سے ہی سمجھ گیا تھا کہ وہ ہنوز اسی موڈ میں ہے۔

"کیسے ہو۔۔۔؟" ولید نے خود ہی حال احوال پوچھنے میں پہل کی تھی۔

"ٹھیک ٹھاک۔۔۔ مجھے کیا ہو گا بھلا۔۔۔؟" اس نے کندھے اچکائے۔

"نظر تو نہیں آ رہا کہ تم ٹھیک ٹھاک ہو۔۔۔" ولید چھیڑنے والی شرارتی نظروں سے دیکھتے ہوئے بولا۔

"رات سو نہیں سکا۔ نیند پوری نہیں ہوئی، اس لیے۔" تیمور کا سر درد سے بوجھل ہو رہا تھا اور آواز بھی گمبھیر سی لگ رہی تھی۔

"کیوں رات بھر سو کیوں نہیں سکے۔۔۔ ابھی تو تمہاری شادی بھی نہیں ہوئی۔۔۔ پھر نیند پوری نہ ہونے کا مطلب؟"

ولید جان بوجھ کر بات کو ادھر ادھر گھما رہا تھا۔

"پلیز! میں کوئی بھی الٹی سیدھی بات کے موڈ میں نہیں ہوں۔" تیمور نے خفگی کا اظہار کرتے ہوئے اسے ٹوکنے کی کوشش کی تھی۔



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

”تو پھر کس موڈ میں ہو۔۔۔؟“ ولید پھر بھی باز نہیں آیا تھا۔

”ولید پلیز۔۔۔! میں پہلے ہی رات بھر کا تھکا ہوا ہوں‘ مجھے مزید ڈسٹرب مت کرو۔“ تیمور نے اپنی کنپٹی کو سہلایا تھا۔

”تیمور۔۔۔! میں وہی تم سے پوچھ رہا ہوں خیریت تو ہے ناں؟“ ولید کا لہجہ بھی بدل گیا تھا کیونکہ اسے محسوس ہو چکا تھا کہ تیمور کچھ پریشان بھی ہے اور ست بھی۔

”ہوں! خیریت ہے۔۔۔ بس رات کو کہیں جانا پڑ گیا تھا۔“ تیمور کے لہجے اور آواز دونوں سے ہی تھکن جھلک رہی تھی۔

”کہاں۔۔۔؟“ ولید کی تشویش ہنوز تھی۔

”ہاسپٹل۔۔۔!“ وہ بہت مختصر سی بات کر رہا تھا جس پہ ولید مطمئن ہونے والا نہیں تھا۔

”ہاسپٹل۔۔۔ مگر کیوں۔۔۔؟“

”وہ ماورا مرتضیٰ نے بلایا تھا۔۔۔“ تیمور کا سر درد سے برا حال تھا۔ اسی لیے عجیب بے ربط سے انداز میں جواب دے رہا تھا۔

”واٹ نان سینس یار۔۔۔! کوئی بات بتانی ہے تو سیدھی طرح بتاؤ۔ یہ کیا پہیلیاں بجھوا رہے ہو؟ ماورا مرتضیٰ نے ہاسپٹل بلایا تھا کس لیے بلایا تھا۔“ ولید کو اچھی خاصی خفگی ہوئی تھی اسی لیے ذرا جھنجھلا کے بولا تھا۔

”اس کی بی گل بیمار تھیں۔ ان کو لے کر ہاسپٹل جانا تھا۔ وہ اپنی امی کے ساتھ اکیلی تھی۔ اس لیے اس نے مجھے کال کی۔۔۔ اور مجھے جانا پڑا۔۔۔ رات بھر وہیں رہا ہوں۔۔۔ ابھی صبح ہی آیا ہوں۔“ تیمور بتاتے ہوئے بھی اپنی کنپٹی مسل رہا تھا۔

”ہوں۔۔۔! یہ بی گل کون ہیں۔۔۔“ ”اس کی نانی اماں یا دادی اماں؟“ ولید نے وہ سوال اٹھایا تھا جو خود تیمور کے ذہن میں بھی نہیں آیا تھا۔

”یہ تو مجھے بھی نہیں پتا۔۔۔ لیکن ماورا اور اس کی امی انہیں بی گل ہی کہتی ہیں۔“ تیمور نے لاعلمی کا اظہار کیا تھا۔

”یعنی کہ ان کی بی گل کے ساتھ کوئی اور ہی رشتہ ہے۔۔۔؟“ ولید نے پرسوچ سے انداز میں کہا۔

”ہو گا۔۔۔!“ تیمور کی لاتعلقی بتا رہی تھی کہ اسے تھکن کے علاوہ کوئی اور بھی مسئلہ ہے لیکن وہ کھل کے بتا نہیں رہا۔

”ہو گا؟ یعنی تمہیں اس سے کوئی مطلب نہیں ہے۔ تمہاری بلا سے؟“ ولید نے پھر کریدنے کی کوشش کی تھی۔

”یہی سمجھ لو۔۔۔“ تیمور نے کندھے اچکائے۔

”ماورا سے کوئی بات ہو گئی ہے۔۔۔؟“ اب کی بار ولید کے استفسار پہ وہ یکدم غصے سے پھٹ پڑا۔

”ہاں۔ ہو گئی ہے بات۔ ہو گئی ہے۔ اس لیے مجھے اب اس سے کوئی دلچسپی نہیں ہے۔ کوئی مطلب نہیں ہے تم سے بھی نہیں۔ تم بھی اور وہ بھی۔۔۔ سب ایک جیسے ہو۔۔۔ بے وفا‘ دھوکے باز‘ انا پرست اور خود غرض۔۔۔ تم لوگوں کو بس اپنے آپ سے مطلب ہے‘ کسی دوسرے سے نہیں۔۔۔ کوئی دوسرا تم لوگوں کے لیے مرے چاہے جیے تمہاری بلا سے تمہیں کوئی فرق نہیں پڑتا۔“

تیمور کہتے کہتے ذرا دیر کے لیے رکا اور پھر کچھ توقف کے بعد دوبارہ شروع ہو گیا۔



”مگر اب۔۔۔ اب میں نے بھی اپنے دل کے ساتھ یہ عہد کر لیا ہے کہ۔۔۔ اب مجھے بھی کوئی فرق نہیں پڑے گا۔ نہ تم سے نہ اس سے۔“

تیمور نے بڑی آسانی سے انہیں اپنی ذات سے پرے جھٹک دینے کی کوشش کی تھی جو کہ ایک ناکام سی کوشش تھی۔۔۔ ولید اچھی طرح جانتا تھا کہ اس کے اس طرح جھٹک دینے سے تعلق ختم تو نہیں ہو سکتا۔ یہ تو محض اس کے غصے کی حالت تھی۔

”اچھا۔۔۔؟ وہ اگر اتنی ہی بے وفا‘ دھوکے باز‘ انا پرست اور خود غرض ہے تو اس کی خاطر رات جاگ کر کیوں گزار دی؟ اور اگر میں اتنا ہی بے وفا‘ دھوکے باز‘ انا پرست‘ اور خود غرض ہوں تو میرے لیے اٹھ کر کیوں آ گئے ہو؟ کیوں بے آرام اور بے سکون ہوتے ہو ہمارے لیے؟“ ولید نے اس کا دل جلانے والا نکتہ اٹھایا تھا۔

”کیونکہ مجھے تم لوگوں کی پروا ہے۔ تم لوگوں کو نہیں ہے۔“ تیمور حد درجہ بدگمان اور متنفر نظر آ رہا تھا۔

”کون کہتا ہے کہ ہمیں تمہاری پروا نہیں ہے۔۔۔؟“ ولید کے سوال پہ تیمور کا خیال بے اختیار ماورا کی طرف چلا گیا تھا۔ جب وہ صبح فجر کے وقت اس کے بے حد قریب جھکی اس کے سر کے نیچے اپنی چادر کا تکیہ بنا کے رکھ رہی تھی۔

”میں کسی بحث میں نہیں پڑنا چاہتا۔“ تیمور نے سر جھٹک دیا۔

”بحث میں نہیں پڑنا چاہتے۔۔۔ لیکن بدگمانی میں ”فورا“ پڑ جاتے ہو۔۔۔؟“ ولید نے کہتے ہوئے اسے طنزیہ اور تمسخرانہ نظروں سے دیکھا تھا۔

”یہ بدگمانی نہیں حقیقت ہے۔“ تیمور نے بے حد مضبوط لہجے میں اپنی بات پہ زور دیا تھا۔

”اتنے یقین سے کہو گے تو مجھے بھی حقیقت ہی لگے گا۔۔۔ جبکہ لگنے میں اور ہونے میں بڑا فرق ہوتا ہے۔“ ولید اسے سمجھانے کی سعی کر رہا تھا۔

”ٹھیک ہے۔۔۔ جو بھی ہے میرا مسئلہ ہے اور میں اپنے مسئلے کا حل نکال لوں گا۔“ تیمور نے ایک بار پھر لاتعلقی کا مظاہرہ کیا۔

”یہ صرف تمہارا مسئلہ نہیں ہے کیونکہ اس میں ہم بھی انوالو ہو رہے ہیں اور وہ بھی بے گناہ اور بے وجہ۔۔۔“ ولید کی اس بات نے بھی اسے چیخنے پہ مجبور کر دیا تھا۔

”بے گناہ اور بے وجہ۔۔۔؟“

”اوکے۔۔۔ اوکے! میں تو چلو مان لیتا ہوں کہ میں گناہ گار ہوں‘ قصوروار ہوں‘ لیکن ماورا مرتضیٰ وہ بے چاری۔۔۔ اس کا کیا قصور ہے بھلا؟“

ولید نے کافی تاسف کا اظہار کیا تھا۔

”وہ بے چاری نہیں ہے۔۔۔ سارا قصور ہی اس کا ہے۔۔۔ وہ بے حس ہے‘ بے مروت ہے۔ میرے دل سے کھیل رہی ہے۔“ تیمور چیخ کر بولا۔

”اس طرح دل دو گے تو وہ تو کھیلے گی ہی ناں؟“ ولید دل ہی دل میں بڑبڑایا۔

”ایسا بھی کیا قصور ہو گیا ہے اس سے؟ کیا کہہ دیا اس نے؟“ ولید اس سے اصل بات اگلوانا چاہتا تھا۔

اور تیمور اس قدر ڈپریشن کا شکار تھا کہ بے دھیانی میں سب کہہ گیا تھا۔

”وہ میرے ساتھ فیئر نہیں ہے۔۔۔ وہ ڈبل پرسنالٹی کی مالک ہے۔۔۔ میں اس کا چہرہ دیکھ رہا ہوں۔ اس کا باطن کیا ہے‘ یہ مجھ سے پوشیدہ ہے لیکن اب میں اس کا باطن دیکھنا چاہتا ہوں۔ اس کو اندر سے جاننا چاہتا ہوں کہ وہ کیا



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

چاہتی ہے؟" تیمور کی سوچ اب بھی وہی تھی۔

"حالانکہ یہ بات تمہیں پہلے سوچنا چاہیے تھی۔" ولید نے سرزنش کی۔

"اب تو سوچ لی ہے ناں۔۔؟" تیمور کی خفگی اور بیزاریت عروج پہ تھی۔

"اچھی بات ہے اگر سوچ لیا ہے تو اس پہ عمل کرنے کے لیے اپنے رویے اور اپنے طرز عمل کو بدلو۔۔ ورنہ اس طرح غصے اور خفگی سے تمہیں کسی چیز کا کچھ پتا نہیں چلے گا۔ کیونکہ سیانے کہتے ہیں کہ کسی کے اندر کا حال جاننے کے لیے اس کے اندر اترنا پڑتا ہے۔۔ سمندر کی گہرائی کنارے پہ کھڑے رہنے سے کبھی بھی معلوم نہیں ہو سکتی۔۔ تم اگر ماورا مرتضیٰ کے اندر کی گہرائی جاننا چاہتے ہو تو تمہیں اس کے قریب جانا ہوگا۔۔ اس طرح دور دور سے کچھ بھی آشکار نہیں ہوگا۔" ولید کے اک نئے مشورے نے اسے مزید چونکا دیا تھا مگر اس نے جواباً" کہا کچھ بھی نہیں۔

"کیا بات ہے۔۔ چپ کیوں ہو گئے ہو؟" ولید کو اس کے موڈ پہ الجھن اور تشویش ہو رہی تھی۔ تیمور نے نفی میں سر ہلا دیا تھا۔

"نہیں۔۔ کچھ نہیں ہے۔"

"ٹھیک ہے۔۔ میں اب چلتا ہوں۔۔ دوبارہ ملاقات ہوگی۔" ولید اٹھ کھڑا ہوا تھا اور تیمور نے بھی اپنے ذہنی تناؤ کی وجہ سے اسے روکنے کی کوشش نہیں کی تھی۔۔ ولید اور تیمور کے بیچ کا غصہ اور ناراضی بیچ میں ہی رہ گئے تھے۔۔ نہ ولید نے اس قصے کو چھیڑا تھا اور نہ تیمور نے۔۔!

☼ ☼ ☼

آفاق ابھی آفس پہنچا ہی تھا کہ فارہ کی کال آ گئی تھی۔

"ہیلو۔۔؟" اس نے فوراً" کال ریسیو کی۔

"آپ کہاں ہیں۔۔؟" فارہ کی آواز تھوڑی پریشان سی لگ رہی تھی' آفاق بھی پریشان ہو گیا تھا۔

"آفس۔۔ اور کہاں۔۔؟" وہ بریف کیس رکھتے ہوئے بولا۔

"اوہ۔۔!" فارہ کا انداز مایوس سا ہو گیا۔

"کیوں' کیا ہوا؟ خیریت۔۔؟" آفاق کو فکر لگ گئی۔

"وہ دراصل ماورا کی بی گل بیمار ہیں۔۔ رات سے ہاسپٹل میں ایڈمٹ ہیں۔۔ ان کے پاس ہاسپٹل جانا تھا۔" فارہ نے وجہ بتائی۔

"اوہ۔۔ تو اس میں اتنا پریشان ہونے والی کیا بات ہے؟ ڈرائیور کے ساتھ چلی جاؤ۔" آفاق نے بڑی لاپروائی سے جواب دیا تھا جبکہ فارہ کا مدعا کچھ اور تھا۔

"ڈرائیور کے ساتھ تو چلی جاؤں لیکن میں چاہ رہی تھی کہ آپ بھی اگر آجاتے تو اچھا ہوتا۔۔ وہ دراصل ماورا اور اس کی امی اکیلی ہیں۔ کوئی مرد بھی نہیں ہے۔ آپ کے آجانے سے ان کی کچھ ہیلپ ہو سکتی تھی۔۔" فارہ نے مدعا کھل کے بیان کیا تھا۔

"ہوں تو یہ بات ہے۔۔ اوکے ابھی تم جاؤ۔۔ میں ایک دو گھنٹے میں کام نپٹا کر دہیں ہاسپٹل آجاؤں گا۔۔ اور آنے سے پہلے تمہیں کال بھی کر دوں گا۔" آفاق نے ہامی بھر لی تھی' جس پہ فارہ فوراً" ہی خوش بھی ہو گئی تھی۔

"اوکے تھینک یو۔۔! میں ابھی تھوڑی دیر میں جا رہی ہوں۔"



اس نے خوشی خوشی کہہ کر فون بند کر دیا تھا۔ جانے سے پہلے وہ ثمینہ یزدانی کو بتا کر اور ان کی اجازت لے کر گئی تھی۔

☼ ☼ ☼

دروازے پہ دستک کے بعد ابھرنے والی تیمور حیدر کی آواز نے فارہ اور ماورا دونوں کو ہی چونکا دیا تھا۔

"وعلیکم السلام۔۔!" ماورا اسے دیکھتے ہی اپنی جگہ سے کھڑی ہو گئی تھی۔' وہ شاور وغیرہ لینے کے بعد نک سک سے تیار مردانہ کلون کی خوشبوؤں سے مہکتا ہوا جتنا فریش لگ رہا تھا' اتنا ہی لاتعلق بھی نظر آرہا تھا۔ کیونکہ اس کی نظریں ماورا کے بجائے بی گل کی طرف تھیں۔ پھر وہ ان ہی کی طرف بڑھ گیا۔

"السلام علیکم بی گل! کیسی ہیں آپ؟" اس نے یوں ان کو مخاطب کرتے ہوئے ان کا حال احوال پوچھا تھا جیسے صدیوں سے شناسائی اور بے تکلفی چلی آرہی ہو۔۔

"وعلیکم السلام۔۔ جیتے رہو بیٹا! اللہ کا بڑا کرم ہے۔۔۔ اور تمہارا بھی بہت احسان ہے ہم پہ۔ ساری رات خوار ہوتے رہے۔" ماورا نے بی گل کو ہوش میں آتے ہی سب کچھ بتا دیا تھا۔

"اٹس اوکے۔۔! میری جگہ کوئی اور بھی ہوتا' یقیناً" ایسا ہی کرتا۔۔ کیونکہ مشکل وقت میں کوئی بھی ہیلپ مانگے تو بندے سے انکار نہیں ہو سکتا۔"

تیمور بات تو بی گل سے کر رہا تھا لیکن جس کو سنانا تھا' اسے سنا دیا تھا۔ اور وہ سن کر سمجھ بھی گئی تھی۔

"ہاں بیٹا۔۔! یہ بات تو ٹھیک ہے لیکن کچھ لوگ لاپروائی کر جاتے ہیں۔۔ لیکن تم تو پوری رات۔۔"

"پلیز بی گل! میں نے کوئی اتنا بڑا کام بھی نہیں کیا۔ اس لیے پلیز بار بار شرمندہ مت کریں۔ آئندہ میرے لائق کوئی خدمت ہو تو بتا دیجیے گا۔۔ میں ان شاء اللہ حاضر ملوں گا۔" اس نے بڑے مخلصانہ انداز میں کہا تھا اور بی گل اس کے اتنے اچھے لب و لہجے پہ اسے دیکھتی اور سوچتی رہ گئی تھیں کہ یہ رضا حیدر کا بیٹا ہے۔۔ اتنا اچھا۔۔؟

"کیا دیکھ رہی ہیں۔۔؟" تیمور ان کے یوں یک ٹک دیکھنے پہ مسکرایا۔

"دیکھ رہی ہوں ماشاء اللہ بہت خوب صورت ہو۔۔ اللہ عمر دراز کرے اور نظر بد سے بچائے۔" بی گل نے قریب کھڑے تیمور کا ہاتھ پکڑ کر بہت اپنائیت سے تھپکا تھا۔ تیمور ان کی دعا پہ چپ ہو کے رہ گیا۔ "خوب صورت ہوں یا نہیں' یہ مجھے نہیں پتا۔ میری عمر دراز ہے یا نہیں ہے' یہ بھی مجھے نہیں پتا۔ البتہ یہ ضرور پتا ہے کہ نظر بد سے نہیں بچ سکا۔۔ جو لگنی تھی وہ لگ گئی۔"

اس نے تمسخرانہ سے انداز میں کہتے ہوئے جیسے اپنے آپ کا مذاق اڑایا تھا۔۔

"کہاں سے لگ گئی۔۔ ماشاء اللہ ٹھیک ٹھاک تو ہو۔۔؟" بی گل نے اسے سر تا پا دیکھا تھا۔

"یہی تو حیرت ہے کہ پھر بھی ٹھیک ٹھاک ہوں۔۔" اس نے سر جھٹکا۔۔

اس کی بات پہ ماورا نے بے ساختہ فارہ کی طرف دیکھا تھا۔

جبکہ فارہ خود نظریں جھکا کے رہ گئی تھی۔

کیونکہ ماورا کے ساتھ ساتھ وہ بھی تیمور کی نظروں میں اپنے آپ کو چور محسوس کرنے لگی تھی۔

"ارے نہیں بیٹا! ایسی باتیں نہیں کرتے۔ اور تم کھڑے کیوں ہو۔ ماورا! کہاں دھیان ہے تمہارا؟" بی گل نے ماورا کی طرف متوجہ ہوتے ہوئے اسے سرزنش کی تھی۔

"سوری بی گل! آپ لوگ بات کر رہے تھے تو میں نے ڈسٹرب نہیں کیا۔ آئیے تشریف رکھیے۔" ماورا نے ذرا



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

سائیڈ پہ رکھی کرسی کھینچ کر اسے بیٹھنے کا کہا تھا۔
"تو تھینکس! مجھے ڈاکٹرز کا نے کال کی تھی۔ بتارہے تھے کہ شام کو بی گل کو ڈسچارج کردیا جائے گا' اس لیے۔۔ میں نے سوچا کہ میں ایک بار خود تسلی کرلوں۔"
اس نے اپنے آنے کی وجہ بتائی۔
"تھینک یو سر! آپ نے دوبارہ زحمت کی۔ بی گل واقعی پہلے سے کافی بہتر ہیں۔"
"او کے۔ ! میں بات کرتا ہوں ڈاکٹر سے۔" تیمور نے اثبات میں سر ہلایا۔
"لیکن سر! ابھی تو امی کسی کام سے گھر گئی ہوئی ہیں' وہ آجائیں تو پھر۔" ماورا نے اسے روکا۔ وہ قدم اٹھاتے اٹھاتے رک گیا تھا۔
"ڈسچارج ابھی نہیں کیا جارہا۔ شام کو ہوں گی۔" تیمور نے اپنی بات پہ زور دیا۔
"ان کے بلز بھی سیٹلڈ ہو جائیں گے۔ ڈونٹ وری!"
"مگر سر! مجھے یہ اچھا نہیں لگتا۔" ماورا دبے لفظوں میں بولی۔
"آپ کو تو میں بھی۔" تیمور کا ادھورا مگر برجستہ جواب تھا۔
جس کے بعد ماورا بھی چپ ہوگئی تھی اور تیمور بھی۔
البتہ فارہ اور بی گل کے سامنے دونوں کا ہی کچھ بھرم رہ گیا تھا' کیونکہ وہ دونوں آپس میں محو گفتگو تھیں۔
"چلتا ہوں!" وہ کہہ کر باہر نکل گیا تھا اور ماورا پھر وہیں کھڑی دیکھتی رہ گئی۔

☆ ☆ ☆

فارہ نے پورا دن آفاق کا انتظار کیا تھا۔
مگر ہمیشہ کی طرح آج بھی وہ وعدے سے مکر گیا تھا۔
فارہ نے دو تین بار اس کے نمبر پہ کال بھی کی تھی مگر اس کا نمبر بند جارہا تھا' پھر اس نے آفس کے نمبر پر کال کی۔

وہاں سے پتا چلا کہ وہ دن بارہ بجے ہی آفس سے اٹھ گئے تھے۔ "آفاق!" فارہ مٹھیاں بھینچ کے رہ گئی تھی۔
"فارہ! کیا بات ہے۔ کچھ پریشان ہو تم۔" ماورا نے اسپتال سے نکلتے ہوئے استفسار کیا۔
"نن۔ نہیں۔! ایسی کوئی بات نہیں ہے۔ بس صبح سے بیٹھے بیٹھے تھک گئی ہوں۔" فارہ نے تھکن کا بہانہ بنادیا تھا۔
"ٹھیک ہے۔ اب تم گھر جاکر آرام کرو۔ ہم بھی نکلتے ہیں۔" ماورا گاڑی کا دروازہ کھولتے ہوئے بولی۔
"او کے! کوئی پرابلم' کوئی مسئلہ ہو تو مجھے فون کردینا۔ جھجکنے کی ضرورت نہیں ہے۔" فارہ اسے تاکید کرتے ہوئے گاڑی میں بیٹھ گئی تھی۔
ماورا نے پلٹ کر تیمور کی گاڑی کی طرف دیکھا تھا۔ وہ ماورا کے گاڑی میں بیٹھنے کا انتظار کررہا تھا' کیونکہ وہ ان لوگوں کو اپنی نگرانی میں گھر چھوڑنے کی ذمہ داری پوری کرنا چاہتا تھا۔
فارہ کی گاڑی نکلتے ہی ماورا بھی بی گل کے ساتھ اپنی گاڑی میں بیٹھ گئی تھی اور ان کے بیٹھتے ہی تیمور نے بھی اپنی گاڑی آگے بڑھادی تھی۔

☆ ☆ ☆



گاڑی مین روڈ پہ آتے ہی فارہ کے ضبط کا بند ٹوٹ گیا تھا۔ اور اس کے آنسو اس کے رخساروں پہ بہہ نکلے تھے' اسے آفاق کے نہ آنے کا دکھ شدت سے رلا گیا تھا۔ وہ بے اختیار دونوں ہاتھوں میں منہ چھپا کر رو پڑی تھی۔
اور پھر گھر آنے تک اس کی ہچکیوں کا اور آنسوؤں کا سلسلہ جاری رہا تھا۔
اس کے آنسو اور ہچکیاں رکنے میں نہیں آرہے تھے' جبکہ گاڑی گھر کے پورچ میں آرکی تھی۔ ڈرائیور نے پلٹ کر اس کی طرف دیکھا پھر اسے ڈسٹرب کیے بغیر گاڑی سے نیچے اتر گیا تھا۔
اس کے فون پہ بجنے والی رنگ ٹون نے اسے سنبھلنے پہ مجبور کیا۔ اس نے آہستگی سے اپنے آنسو پونچھتے ہوئے موبائل نکال کر دیکھا تھا۔ ثمینہ یزدانی اسے کال کررہی تھیں۔ وہ ان کی کال ڈس کنیکٹ کرکے گاڑی سے نیچے اتر آئی تھی اور اپنے آپ کو کنٹرول کرتے ہوئے اندر آگئی تھی۔
"السلام علیکم آنٹی!" فارہ ان کا سامنا تو نہیں کرنا چاہتی تھی لیکن اب وہ اس کے لیے پریشان تھیں تو ان سے بات کرنا تو ضروری تھا۔
"وعلیکم السلام! اتنی دیر کردی تم نے؟ میں پریشان ہورہی تھی۔"
وہ فوراً لپک کے اس کے قریب آئی تھیں۔
"سوری آنٹی! وہ ماورا کی بی گل ابھی اسپتال سے ڈسچارج ہوئی ہیں' وہ اکیلی تھیں تو میں بھی زیادہ دیر رک گئی۔" فارہ نے نظریں جھکاتے ہوئے معذرت کی تھی۔
"کیوں؟ آفاق نہیں آیا کیا؟" انہیں مزید تشویش ہوئی تھی کیونکہ وہ کافی دیر سے آفاق کے نمبر پہ بھی ٹرائی کررہی تھیں' مگر نمبر بند جارہا تھا اور وہ سمجھ رہی تھیں کہ شاید آفاق بھی اسپتال ہی چلا گیا ہوگا۔
"نہیں!" فارہ نے کہتے ہوئے چہرہ جھکالیا تھا۔
"لیکن اس نے تمہیں کہا تو تھا کہ وہ آجائے گا؟" ثمینہ یزدانی کی پریشانی حد سے سوا ہوگئی تھی۔
"وہ صرف کہتے ہیں۔ کرتے نہیں ہیں۔" فارہ روہانسی آواز میں کہتی ہوئی یک دم اک جھٹکے سے پلٹ کر اپنے بیڈ روم میں چلی گئی۔
اور ثمینہ یزدانی کو اک نئی ٹینشن لگ گئی تھی۔

"اف! یہ لڑکا اب بھی اپنی لاپروائیوں سے باز نہیں آرہا؟ میں کیا کروں اس کا۔" ثمینہ یزدانی بے چینی کے مارے ڈرائنگ روم میں ادھر سے ادھر ٹہلنے لگی تھیں۔
انہیں بار بار فارہ کی سرخ روئی روئی آنکھوں اور بھرائی ہوئی آواز کا خیال آرہا تھا۔ جب سے ان کی شادی ہوئی تھی۔ انہوں نے ایک بار بھی فارہ کو خوش باش اور کھلکھلاتے ہوئے نہیں دیکھا تھا۔ اس کی تو مسکراہٹ بھی انہیں زبردستی کی مسکراہٹ لگتی تھی۔ اسی چیز کو سوچ سوچ کر ان کا دماغ شل ہوتا رہتا تھا۔

☆ ☆ ☆

"آفاق! کہاں جارہے ہو تم؟" زوبیہ اسے بیڈ سے اٹھتے دیکھ کر یکدم اس کے پاس آئی تھی۔
"گھر۔ اور کہاں؟" آفاق اپنے بوٹوں کے تسمے باندھنے لگا۔
"لیکن آفاق! تمہیں پتا ہے اس طرح۔" زوبیہ نے کچھ کہنا چاہا تھا مگر آفاق نے اسے ٹوک دیا تھا۔
"مجھے پتا ہے۔ لیکن پہلے ہی بہت لیٹ ہوچکا ہوں۔ میری زوجہ اور میری والدہ مجھ پہ فاتحہ پڑھ چکی ہوں گی۔" وہ کہتا ہوا بیڈ سے اٹھ کھڑا ہوا تھا۔



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

"اف! اللہ نہ کرے کہ ایسا ہو۔ کیسی باتیں کرتے ہو۔" زوبیہ نے خفگی کا اظہار کیا۔

"کیا ہو رہا ہے بھئی؟" زوبیہ کے والد شاہ نواز نے کمرے میں آتے ہوئے استفسار کیا تھا۔

"ہو تو کچھ نہیں رہا۔ بس آپ اپنی بیٹی کو سمجھا دیں کہ میرے لیے اتنی کانشس نہ ہوا کرے۔ ورنہ میرے دل کو کچھ ہونے لگتا ہے۔" آفاق کہتے ہوئے مسکرایا تھا۔ جس پہ وہ دونوں باپ بیٹی بھی ہنس پڑے تھے۔

"تم بھی کمال کے ہو اور تمہارا دل بھی کمال کا ہے۔ پل میں کچھ ہونے لگتا ہے۔" وہ دونوں باپ بیٹی خاصے لطف اندوز ہوئے تھے۔

"ہاں جی! آپ لوگوں کو پورا حق ہے کہ آپ ہمارا مذاق اڑاؤ۔ بہرحال اتنی خاطر تواضع کا بہت بہت شکریہ۔ میں ابھی چلتا ہوں۔ گھر جا کر بھی بہت کچھ فیس کرنا ہے۔"

وہ بھی جواباً" مسکرایا تھا اور پھر ان لوگوں سے اجازت لے کر وہاں سے نکل آیا تھا۔

☼ ☼ ☼

ثمینہ یزدانی اس کے انتظار میں ابھی تک ڈرائنگ روم میں ٹہل رہی تھیں۔ ان کو اس طرح پریشانی اور فکر مندی کے عالم میں اپنے انتظار میں ٹہلتے دیکھ کر آفاق بے اختیار شرمندہ ہوا۔

"السلام علیکم مام!" آفاق کی آواز اور لہجہ شرمندگی کے مارے دھیما ہو گیا تھا۔

"کہاں تھے تم؟" ثمینہ یزدانی نے بے لچک انداز میں پوچھا۔

"اپنے ایک دوست کے ساتھ تھا۔" اسے یقین تھا کہ آج وہ اس کا یقین نہیں کریں گی۔

"جھوٹ مت بولو آفاق! مجھے سچ سچ بتاؤ' کہاں تھے تم؟ کہاں سے آ رہے ہو؟" ثمینہ یزدانی کا غم و غصے سے برا حال تھا۔

"ایم سوری مام! میری طبیعت خراب۔"

"شٹ اپ! شٹ اپ آفاق! مجھے تمہاری بکواس نہیں سننی۔ جھوٹ پہ جھوٹ۔ جھوٹ پہ جھوٹ۔ سن سن کر تھک گئی ہوں میں۔ شادی ہو چکی ہے تمہاری۔ اب بدل جاؤ۔ پہلے والی لاپروائیاں اور کوتاہیاں چھوڑ دو۔ ہمارا نہ سہی' اس کا ہی خیال کر لو جو اپنے ماں باپ' گھر بار' اور شہر تک چھوڑ آئی ہے تمہاری خاطر۔ اور تم اس کی خاطر اپنی عادتیں نہیں چھوڑ سکتے؟"

ثمینہ یزدانی یک دم پھٹ پڑی تھیں اور آفاق کا سر جھک گیا تھا۔ وہ اس کی کوئی بھی بات سننے کو تیار نہیں تھیں۔

"میں آخری بار کہہ رہی ہوں۔ اپنی عادتیں بدل لو آفاق! ورنہ مجھے فارہ کے لیے کوئی انتہائی فیصلہ کرنے میں دیر نہیں لگے گی۔ یہ نہ ہو کہ بعد میں تم کو پچھتانا پڑے۔"

ثمینہ یزدانی بپھرے ہوئے انداز میں کہہ کر اس کے پاس سے گزر کے چلی گئی تھیں اور آفاق گہری سانس خارج کرتے ہوئے پلٹ کر ڈھیلے ڈھالے قدم اٹھاتا اوپر آ گیا تھا۔ دروازہ کھول کے اندر داخل ہوا ہی تھا کہ قدم ایک بار پھر ٹھٹک گئے تھے۔

سامنے ہی فارہ کھڑکی کے دونوں پٹ کھولے کھڑکی سے باہر دیکھ رہی تھی۔

اس نے دروازے کی آہٹ پہ بھی پلٹ کر پیچھے نہیں دیکھا تھا وہ دروازہ بند کر کے آہستہ قدموں سے چلتا اس کے قریب آیا۔

"ایم سوری فارہ! ایم رئیلی سوری!" اس نے آہستگی سے معذرت کی "مجھے پتا تھا تمہیں بہت انتظار رہا ہوگا۔ تم نے



فون بھی ٹرائی کیا ہوگا' لیکن پھر بھی۔" آفاق کی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ اب اس کے سامنے کون سا بہانہ کرے؟ کہ وہ مان جائے۔ ثمینہ یزدانی تو اس پہ اپنا غبار نکال کر چلی گئی تھیں۔

"فارہ! وہ دراصل۔۔۔" اس نے اس کے عقب میں کھڑے کھڑے اس کے کندھوں پہ دونوں ہاتھ رکھے تھے اور فارہ بدک کر دور ہٹ گئی تھی۔

"ڈونٹ ٹچ می آفاق یزدانی! ڈونٹ ٹچ می!" وہ غصے سے پھنکار اٹھی تھی۔

"فارہ!" اس نے پھر کچھ کہنا چاہا تھا۔

"بس۔ اب اور نہیں۔ اب اور برداشت نہیں ہے مجھ میں۔ انگیج منٹ سے لے کر اب تک بہت سہہ لیا میں نے۔ بہت دیکھا' بہت سوچا' بہت چاہا۔ مگر وہ حاصل نہ ہوا جس کے آپ نے دعوے کیے تھے اور جس کے آپ نے وعدے کیے تھے۔ سب بے کار ہے۔ میں بھی اور میری محبت بھی۔ کوئی قدر نہیں' کوئی ویلیو نہیں ہے آپ کی نظروں میں۔ اور جہاں انسان کی کوئی اہمیت نہ ہو وہاں وہ پاؤں کی جوتی کے برابر ہوتا ہے۔ ضرورت کے وقت پہن لینا۔ پھر اتار پھینکنا۔"

فارہ نے اس کے سامنے کبھی اس طرح سخت لہجے اور سخت الفاظ استعمال نہیں کیے تھے۔ مگر آج برداشت جواب دے گئی تھی۔

آج اس کی ماورا کے سامنے بکی ہوئی تھی۔ کل کو کسی اور کے سامنے بھی ہو سکتی تھی۔ آج اس کا اپنی دوست کے سامنے مان ٹوٹا تھا' کل کو اپنے گھر والوں کے سامنے بھی ٹوٹ سکتا تھا' جبکہ وہ ٹھہری ایک نرم اور حساس لڑکی۔ اس سے یہ سب سہنا مشکل ہی نہیں بلکہ بہت ہی مشکل تھا۔

"صرف اس بار معاف کر دو فارہ! آئندہ ایسا کچھ نہیں ہوگا۔" آفاق نے پھر ایک کوشش کی۔

"ایک شرط پر معاف کر سکتی ہوں۔!" فارہ نے روئی روئی متورم آنکھوں سے اس کی آنکھوں میں دیکھا مگر بہت سرد و سپاٹ سے انداز میں۔

"کیا؟" آفاق نے فوراً" پوچھا۔

"مجھے طلاق دے دیں!" فارہ نے جیسے بم پھوڑ دیا تھا۔

پٹاخ۔۔۔! دوسرے ہی لمحے آفاق کا ہاتھ اٹھا اور ہاتھ کی پانچوں انگلیوں کا نشان فارہ کے چہرے پر نقش کر گیا تھا۔

"آئندہ تمہاری زبان نے اس لفظ کو چھوا بھی تو مجھ سے برا کوئی بھی نہیں ہوگا۔" آفاق کا چہرہ غصے سے تپ اٹھا تھا' اس کے لہجے اور آواز کی نرمی' تلخی میں بدل گئی تھی۔

فارہ کے آنسو چھلک آئے تھے۔

"میری بیوی بننے کے بعد تم صرف بیوہ ہو سکتی ہو' طلاق یافتہ نہیں۔ آزاد ہونا چاہتی ہو تو میرے مرنے کی دعا کرو۔"

فارہ روتی بلکتی وہیں بیڈ پہ ڈھیر ہو گئی تھی۔

ان دونوں کی رات یونہی جلتے سلگتے اور کڑھتے ہوئے گزر گئی تھی۔

☼ ☼ ☼

"مجھ سے ملو۔" عزت کے نمبر پہ ولید کا پہلا بے چین سا اور لو دیتا ہوا میسج موصول ہوا تھا اور عزت نیند سے



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

اٹھتے ہی جیسے دن بھر کے لیے سیراب ہوگئی تھی۔

"کیسے؟" اس نے بڑی شرارت سے پوچھا۔

"ملوگی تو بتاؤں گا کہ کیسے۔" فوراً جواب آیا۔

"ابھی بتادو۔" اس نے بچوں کی طرح ضد کی۔

"ابھی مل لو۔" وہ بھی اسی کے سے انداز میں کہہ رہا تھا۔

"اتنی بے چینی کیوں۔"

"میرا دل کہہ رہا ہے۔ جیسے کچھ ہونے والا ہے۔ اور اس ہونے سے پہلے کچھ اور ہوجائے' بس یہی دل چاہ رہا ہے۔" ولید کا میسج دیکھ کر عزت کا دل دہل گیا تھا۔

"صبح صبح ایسی باتیں؟" وہ خفا ہوئی۔

"صبح صبح دل چاہ رہا تھا کہ آنکھ کھلے اور نظروں کے سامنے تمہاری صورت ہو۔ لیکن افسوس۔"

"افسوس بعد میں کرنا۔ ابھی ناشتا کرو۔" عزت بیڈ سے اٹھ کھڑی ہوئی تھی۔

"پھر ملوگی؟" اگلا میسج آیا۔

"نہیں! پھر یونیورسٹی جانا ہے۔" جواب بھی تیار تھا۔

"پھر اس کے بعد ملوگی؟" پھر استفسار۔

"نہیں! پھر گھر آنا ہے۔" پھر انکار۔

"عزت!" اس کی التجا اک لفظ سے ہی نظر آرہی تھی۔

"جی ولید!" اس کی شرارتوں کو عروج مل رہا تھا۔

"میری محبت' میرے اظہار' میری بے چینی اور میرے قرار کا پہلا دن ہے آج۔ ستاؤ مت۔ ساتھ دو۔ حوصلہ افزائی کرو۔ دل بہت دھڑک رہا ہے۔"

ولید کا یہ میسج پڑھ کر تو عزت کے منہ سے یکدم ایک کھلکھلاتا ہوا قہقہہ پھوٹ نکلا تھا۔ اور اس قہقہے سے اس کے کمرے کے درودیوار گونج اٹھے تھے۔

"ارے واہ! یہ اکیلے اکیلے پھول کیوں بکھیرے جارہے ہیں۔؟" رضا حیدر اس کے بیڈ روم کے سامنے سے گزرتے گزرتے ٹھہر گئے تھے اور پھر دروازہ کھول کر اندر بھی آگئے تھے۔

"کچھ نہیں بابا! ایک دوست کا میسج پڑھ کر ہنسی آگئی۔" عزت آگے بڑھ کے ان کے کندھے سے لگ گئی تھی۔

"ہوں گڈ! خوش رہو۔ ہمیشہ ہنستی رہو میری جان۔" رضا حیدر نے اس کا ماتھا چوم کر اس کا سر تھپکا تھا۔

"تھینک یو بابا! دعا کریں میری زندگی کی ہر صبح ایسی ہی ہو' تازہ' امنگوں اور محبتوں کے احساس سے بھری ہوئی۔" عزت نے بڑی چاہ سے کہا تھا اور رضا حیدر مسکرا اٹھے تھے۔

"ان شاءاللہ!"

"تھینکس اگین بابا!" وہ آج بات بے بات چہک رہی تھی۔

"پگلی۔! اب جاؤ اور فریش ہو کر نیچے آجاؤ۔ ناشتا تیار ہوچکا ہے۔" وہ اس سے کہتے ہوئے پیچھے ہٹ گئے تھے اور عزت ابھی آنے کا کہہ کر پھر سے موبائل کی طرف متوجہ ہوگئی تھی۔

"سوری! بابا آگئے تھے۔ لیکن تم نے بتایا نہیں دل کیوں دھڑک رہا ہے؟"



وہ اس سے سننا چاہتی تھی۔

"سب بتاؤں گا۔ تم ایک بار ملو تو سہی۔" وہ جیسے زچ ہوگیا تھا۔

"اوکے سوچتی ہوں۔" وہ بھاؤ کھانے لگی۔

"کس بارے میں؟" اسے تعجب ہوا۔

"یہی تم سے ملنے کے بارے میں۔" وہ اترا کے لکھ رہی تھی۔

"ہاں ہاں۔ تمہارا حق بنتا ہے کہ تم بدلہ چکاؤ۔ ٹھیک ہے۔ میں صبر سے انتظار کرتا ہوں۔" "شاباش۔ گڈ بائے۔" عزت نے آخری میسج لکھنے کے ساتھ ہی واش روم کا رخ کیا تھا کیونکہ وہ لیٹ ہورہی تھی اور اسے یونیورسٹی کے لیے تیار بھی ہونا تھا ابھی۔

☼ ☼ ☼

"مس سحرش! مس ماورا مرتضیٰ کہاں ہیں۔" تیمور اس کی خالی سیٹ دیکھ کر اپنی پی اے کی طرف پلٹا تھا۔

"سوری سر! ماورا مرتضیٰ تو آج بھی نہیں آئیں۔" اس کی پی اے نے نفی میں سر ہلاتے ہوئے تیمور کو ٹھٹکنے پر مجبور کردیا تھا۔

"واٹ! وہ مسلسل تین دن سے غیر حاضر ہیں کیوں۔؟" تیمور کو خفگی اور الجھن ہوئی تھی۔ "آپ نے کانٹیکٹ کیا ان سے؟" اس نے سحرش زمان سے کنفرم کروانا چاہا تھا۔

"جی سر! ابھی تھوڑی دیر پہلے ہی کانٹیکٹ کیا ہے۔ ان کی شاید دادی اماں بیمار ہیں' اس لیے ان کی تیمارداری کی وجہ سے نہیں آرہیں۔" سحرش زمان سے جو کہا گیا تھا۔ اس نے بتادیا تھا۔

"وہ جانتی ہیں ان کا پروجیکٹ کتنا لیٹ ہورہا ہے۔ اس کی وجہ سے ہمارے کام پہ کتنا برا اثر پڑے گا' اور کتنا نقصان ہوگا ہمیں۔" تیمور کو غصہ آیا تھا۔

"سر! وہ کہتی ہیں کہ وہ کور کرلیں گی۔"

"کیسے؟ تین چار دن کا کام کیسے کور ہوگا۔؟" وہ مسلسل جھنجلا رہا تھا۔

"سر! انہوں نے اپنی فائل گھر پہ ہی تیار کرلی ہے' اور آج ڈرائیور کے ہاتھ آفس بھجوادیں گی۔ اس لیے پروجیکٹ لیٹ نہیں ہوگا اور نہ ہی کام میں کوئی رکاوٹ آئے گی۔"

ماورا مرتضیٰ اس سے بھی دو ہاتھ آگے ثابت ہوئی تھی۔ اس نے تیمور کے اعتراض والا پیچ ہی نہیں اگنے دیا تھا۔ سر اٹھاتے ہی ختم کردیا تھا۔

"ہوں۔ تو یہ بات ہے۔" (یعنی وہ آفس سے کترا رہی ہے۔) وہ اب اس کی اصل رمز سمجھ گیا تھا اسی لیے سحرش زمان سے مزید استفسار نہیں کیے تھے۔

"اوکے۔ ٹھیک ہے!" وہ کہہ کر اپنے روم میں آگیا تھا' مگر اسے بھلا چین کب آسکتا تھا؟ اس نے کچھ دیر بعد ماورا کا نمبر ڈائل کرلیا تھا۔

"ہیلو۔!" ماورا کی بہت بھری ہوئی سی آواز سماعتوں سے ٹکرائی تھی۔

"تیمور حیدر بات کررہا ہوں۔" اس نے جان بوجھ کر تعارف کروایا۔

"میرے سیل کی اسکرین فی الحال ٹھیک کام کررہی ہے۔ نام اور نمبر باآسانی دیکھ لیے جاتے ہیں۔"

"لیکن آپ کے ذہن کی اسکرین کے سسٹم میں شاید کوئی گڑبڑ ہے۔ آپ کو بھول چکا ہے کہ تین چھٹیوں سے



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

زیادہ کی اجازت نہیں ہے۔ اور یہ اس آفس کے رولز میں ہے۔ آپ یہ رولز نہیں توڑ سکتیں۔" تیمور کا دماغ اور ہی ہو رہا تھا۔

"لیکن سر! آپ اگر اپنے ذہنی سسٹم سے کام لے کر غور کریں تو آپ کو پتا چلے گا کہ میں نے آپ کے آفس کے رولز بالکل نہیں توڑے۔ آج میری تیسری چھٹی ہے۔ چوتھی نہیں۔ آپ کو یہ کال کل کرنی چاہیے تھی۔ وہ بھی تب' جب میں آفس نہ آتی۔"

وہ اس کی بات پر بے ساختہ چونکا تھا اور پھر اس کی ذہانت پہ سر جھٹک کر رہ گیا تھا۔

"یہی بات انفارم کرنے کے لیے کال کی ہے کہ مزید چھٹی کی گنجائش نہیں ہے' پلیز اب احتیاط کریں۔" تیمور بھی پینترا بدل گیا تھا۔

"اگر میں اس جاب سے ہی احتیاط کرنا چاہوں تو؟" ماورا کی بات پہ اس کا ماتھا ٹھنکا۔

"کیا مطلب؟" وہ پوچھے بغیر نہیں رہ سکا تھا۔

"مطلب یہ کہ اگر میں یہ جاب چھوڑ دوں تو؟" ماورا جو اتنے دنوں سے سوچ رہی تھی کہہ ہی گئی تھی مگر تیمور حیدر کو حیرتوں کے سمندر میں دھکیل گئی تھی۔

"یہ جاب چھوڑ دیں مگر۔" تیمور کچھ کہتے کہتے رک گیا تھا۔

"کیا مگر؟ آپ جو کہنا چاہتے ہیں کھل کے کہیں پلیز۔" ماورا نے اسے بولنے پہ اکسایا تھا۔

"کچھ نہیں! آپ کل آفس آئیں پھر آپ سے بات ہوگی۔" اس نے فون بند کرنا چاہا تھا۔

"اس سے کیا فرق پڑے گا بھلا؟" وہ لاپروائی سے بولی۔

"آپ چاہتی کیا ہیں آخر۔" تیمور کا دماغ ماؤف ہونے کو تھا اور وہ لڑکی ہے یا بھول بھلیاں۔ اس کی ذات کا اس کی بات کا اس کی ملاقات کا کوئی سرا ہی ہاتھ نہیں آ رہا تھا۔

"میں جو چاہتی ہوں وہ آپ کے اختیار سے باہر ہے۔" ماورا کا استہزا تیمور کو کھا گیا تھا۔

"ایسا کیا ہے آخر؟" وہ زچ ہونے کو تھا۔

"آپ کے لیے شاید کچھ بھی نہ ہو۔ مگر میرے لیے بہت کچھ ہے۔ اس لیے میں یہ جاب چھوڑ کر کہیں اور قسمت آزمانا چاہتی ہوں۔ مجھے اپنی قسمت پر پورا بھروسا ہے۔" وہ بڑے پرسکون اور تحمل آمیز لہجے میں بات کر رہی تھی۔

"دیکھیں مس ماورا مرتضیٰ! آپ کل آفس آ رہی ہیں اور میری آپ سے بات اب آفس میں ہی ہوگی اور جو بھی بات ہوگی وہ زندگی کی فیصلہ کن اور آخری بات ہوگی۔ یہ میرا آپ سے وعدہ ہے۔ تیمور حیدر کا وعدہ۔ یعنی ایک مرد کا وعدہ۔ اللہ حافظ۔"

تیمور نے کہہ کر فون بند کر دیا تھا اور کچھ دیر کے لیے دونوں طرف سناٹا چھا گیا تھا۔

(باقی آئندہ ماہ ان شاء اللہ)



سیدہ مشکور حسین یاد

# حسن گلاب



ممانی صابرہ کو ان کی شہادت سے تین مہینے پہلے ہی میری ماں اپنے بھائی یاور حسین کے لیے کرنال سے بیاہ کر لائی تھیں۔ میں نے مذاق میں امی سے پوچھا کہ آپ کی بھابی اور ہماری ممانی کیسی ہیں؟

کہنے لگیں۔ "بس گلاب جیسا میری بھابھی کا رنگ ہے۔"

میں نے کہا۔ "اللہ کرے مزاج بھی گلاب کی طرح مہکتا ہوا ہو۔"

ایک دم بولیں۔ "میں کوئی بہت بڑی قیافہ شناس تو نہیں لیکن پھر بھی یوں لگتا ہے میری بھابھی اسم مسمیٰ ہے۔"

"کیا مطلب؟"

"مطلب یہ کہ نام ہی کی صابرہ نہیں' صبر و تحمل واقعی اس کے مزاج کا جزو معلوم ہوتا ہے۔" اور واقعی جب رونمائی میں ہم نے ممانی صابرہ کو دیکھا تو وہ گلاب جیسی نظر آئیں۔ آنکھیں جھکی جھکی اور شرم و حیا کا مجسمہ ہونے کے ساتھ ساتھ ایک خاص طرح کا نظم و ضبط بھی ان کے خدوخال سے نمایاں تھا۔ آدمی جب اپنے آپ کو سنبھالتا ہے تو اس کے چہرے کے خدوخال خود بخود ایک نظم و ضبط کا حصہ نظر آنے لگتے ہیں۔

صابرہ ممانی کے صبر و تحمل کی تصدیق ان کی بہن زاہدہ یوسف نے بھی کی۔ زاہدہ یوسف کے شوہر یوسف اپنے زمانے کے خاصے معروف ڈاکٹر تھے۔ ان کا کلینک لاہور ہوٹل سے ذرا فاصلے پر لارنس روڈ پر واقع تھا۔ زاہدہ صاحبہ نے خود بھی نرسنگ وغیرہ کی تربیت حاصل کی ہوئی تھی' شوہر کے مرنے کے بعد بڑی ہمت اور حوصلے کے ساتھ انہوں نے یہ کلینک بہت دنوں تک چلائے رکھا۔ اب غالباً بند ہو گیا ہے اور زاہدہ نے قلعہ گوجر سنگھ سے منتقل ہو کر چائنہ چوک کے قریب سرکٹ ہاؤس کے آس پاس رہائش اختیار کر لی ہے۔ زاہدہ صاحبہ سے جب ہم نے ان کی بہن کے بارے میں مزید دریافت کیا تو زاہدہ کو بار بار اپنی بہن کا صبر و تحمل ہی یاد آتا رہا۔ چھوٹے بہن بھائیوں کی نگرانی اور والدین کا خیال رکھنے میں بھی صابرہ ممانی



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

اپنی مثال آپ تھیں۔ حتی الوسع کبھی کسی شکایت کا موقع نہیں دیا۔ بہن بھائیوں میں بھی وہ صلح کل مشہور تھیں۔ ایسی صورت میں خود تو وہ کسی سے کیا فرماتیں؟

جب صابرہ ممانی سسرال آئیں تو ان کی خاطر تواضع کے لیے ماشاء اللہ کئی کئی نندیں' دیور اور بزرگوں میں ساس سسر کے علاوہ سوتیلی اولاد کے ماموں وغیرہ الگ موجود تھے۔ اول تو ہمارے معاشرے میں شادی کے پانچ چھ ماہ تک دلہن سے کوئی کام ہی نہیں لیا جاتا' پھر بھی جب کبھی صابرہ ممانی کو موقع میسر آتا' وہ اپنے بزرگوں کی خدمت کرنے سے قطعی نہیں چوکتی تھیں۔ بلکہ بعض اوقات تو ہمارے نانا حیران رہ جاتے تھے کہ انہوں نے ابھی اپنے دل میں خیال ہی کیا کہ وہ پانی پئیں اور وہ ان کے لیے پانی حاضر کر دیتی تھیں۔

نانا کہتے۔ "مشکور میاں! ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ہماری بہو کا تعلق براہ راست کسی بڑے ولی اللہ سے ہے یا پھر دوسرے لفظوں میں یوں کہیے کہ یہ خود کوئی ولی اللہ ہے۔"

میں نے ازراہ مذاق کہا۔ "کیا اولیا اللہ کی شان ولایت اسی بات سے آشکار ہوتی ہے کہ وہ خلق خدا کو پانی پلاتے ہیں۔ ولی اللہ کے لیے سقہ یا بہشتی ہونا بھی ضروری ہے۔"

نانا بولے۔ "برخوردار! آپ اس وقت مزاح کے موڈ میں ہیں لیکن میں آپ پر واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ صابرہ اگر کوئی بڑی صوفی یا ولی اللہ نہیں ہے تو خالص صوفی اور خالص ولی اللہ ضرور ہے۔"

"وہ کیسے؟"

"وہ ایسے کہ ابھی صبح کی بات ہے' میرا جی چاہ رہا تھا کہ ناشتے میں پراٹھا ہونا چاہیے۔ پھر سوچا بہو بھی کیا کہے گی کہ سسر صاحب بوڑھے ہو گئے لیکن ناشتا کرتے ہیں جوانوں جیسا! اس لیے خاموش ہو گیا۔ مگر جب پراٹھا سامنے آیا تو حیران رہ گیا۔"

"یہ تو اتفاق ہو گیا۔"

"مگر یہ بھی اتفاق ہو گیا کہ پراٹھے کے ساتھ میرا جی بالائی کھانے کو چاہ رہا تھا۔ کیا دیکھتا ہوں بالائی بھی موجود ہے۔"

مجھے پھر مذاق سوجھا۔ "نانا جان! یہ تو آپ کے لیے بہت اچھا ہو گیا ہے کہ آپ کی بہو صوفی یا ولی اللہ ہے مگر اس کی توجہ ترک دنیا کی طرف نہیں' ورنہ آپ کو پیاز کی گنٹھی اور سوکھی روٹی ملتی تو دن میں تارے نظر آجاتے۔"

نانا جان کہنے لگے۔ "مشکور میاں! آپ ہزار مذاق اڑائیں مگر صابرہ بیٹی کے ولی اللہ ہونے میں کوئی شک نہیں ہے۔"

"کوئی اور معجزہ؟"

"جی ہاں! تم جانتے ہو' یاور حسین پاکستان میں ضلع کیمبل پور میں ملازم ہے۔ وہ ابھی ابھی چھٹی سے واپس وہاں پہنچا ہے۔ اس کے آنے سے ایک دن پہلے صابرہ نے اپنی ساس کے سامنے اعلان کیا' مجھے یوں لگتا ہے امی! وہ کل یہاں پہنچ رہے ہیں۔"

میں نے ہنس کر کہا۔ "نانا جان! نئی نئی شادی میں ایسے معجزات اکثر نئے دولہا دلہن کے ساتھ ظہور میں آتے رہتے ہیں۔"

نانا بولے۔ "نہیں میاں! یاور حسین کے ساتھ اس کا تھانے دار بھی تھا۔ اس نے مجھے بتایا کہ سید صاحب ہمارا آج یہاں آنا معجزے سے کم نہیں' اچانک ایک کام نکل آیا اور ہم آگئے۔"

غرض ممانی صابرہ صوم و صلوٰۃ کی پابند اور ہمیشہ صبر و شکر کے عالم میں وقت گزارنے والی خاتون تھیں۔ لیکن ہمارے یہاں آکر ان پر کچھ عجیب قسم کا عالم طاری تھا۔ مجھ سے نہ رہا گیا۔ اس لیے میں نے براہ راست ممانی صابرہ سے پوچھ لیا۔ "کیا بات ہے ممانی! میں نے آپ کو اس طرح افسردہ کبھی نہیں دیکھا؟"

ممانی بولیں۔ "بھیا! بات دراصل یہ ہے کہ موت تو برحق ہے۔ مجھے سب سے بڑا قلق اس بات کا ہے کہ میں اپنے میاں کے سامنے نہیں مروں گی۔"

"یہ تو بہت اچھی بات ہے۔ آپ اپنے میاں کے سامنے کیوں مریں؟ ابھی آپ کی شادی کو جمعہ جمعہ آٹھ دن نہیں ہوئے اور آپ مرنے کی باتیں سوچ رہی ہیں۔"

"میں ایسا سوچ نہیں رہی۔ حالات و واقعات سے صاف پتا چل رہا ہے کہ ہم لوگ زندہ نہیں رہیں گے۔"

"پھر تو اور بھی اچھا ہے۔ آزادی پر قربان ہو کر شہادت کا رتبہ حاصل ہو جائے گا۔"

"اللہ آپ سب کو سلامت رکھے۔ مجھے تو بس اپنے میاں یاور حسین صاحب کا خیال آرہا ہے۔"

"کیا یہ زیادہ اچھی بات نہیں ہے کہ اس وقت وہ محفوظ پاکستان میں ہیں۔"

"ارے ہاں بھائی صاحب! میں نے اس طرح تو سوچا ہی نہیں تھا۔ میں بھی کتنی خود غرض ہوں۔"

ہماری اس گفتگو کے بعد میں نے دیکھا کہ جیسے ممانی صابرہ کی تمام ذات سے افسردگی اس طرح دور ہو گئی' جس طرح صبح کے وقت اندھیرا دور ہوتا ہے اور اس کی جگہ ہر طرف روشنی پھیل جاتی ہے۔ وہ ایک دہکتا مہکتا گلاب نظر آرہی تھیں۔ آزادی کے اس گلاب کو ہم پر حملہ ہونے کے اگلے روز صبح کو میرے والد صاحب کے جانے کے بعد ہندو حملہ آوروں نے کلہاڑیوں سے اس طرح پتی پتی کیا کہ چاروں طرف خون کے چھینٹے یوں لگ رہے تھے جیسے شہیدوں کی لاشوں پر کسی نے برگ ہائے گلاب نچھاور کیے ہیں۔

عجیب بات یہ ہے کہ جب ہندو حملہ آور ان کے جسم پر کلہاڑیاں برسا رہے تھے تو ان کی زبان سے ایک لفظ بھی چیخ یا پکار کی صورت میں نہیں نکلا۔ بس شروع شروع میں یا اللہ یا اللہ کی صدا دو تین مرتبہ سنائی دی اور پھر ممانی صابرہ اس طرح خاموش ہو گئیں جیسے وہ اپنے اس مقدر کے لیے پوری طرح تیار تھیں۔

جب ہندو پولیس نے ممانی صابرہ کے ٹکڑے ٹکڑے جسم کو اٹھا کر ٹرک میں ڈالا تو وہ بھی رو رہے تھے مگر سوچنے کی بات ہے اس طرح کے آزادی کے گلاب نجانے کتنی تعداد میں آزادی کی راہوں میں بکھرے ہوں گے۔ میری شہید ممانی صابرہ کے ساتھ آپ ان تمام شہیدوں کو بھی یاد رکھیں جن کے خون جگر پہ یہ مملکت قائم ہوئی ہے۔




Art With You

کی پانچوں کتابوں پر حیرت انگیز رعایت

Water Colour I & II
Oil Colour
Pastel Colour
Pencil Colour

فی کتاب -/150 روپے

نیا ایڈیشن بذریعہ ڈاک منگوانے پر ڈاک خرچ

-/200 روپے



بذریعہ ڈاک منگوانے کے لئے

مکتبہ عمران ڈائجسٹ

37 اردو بازار، کراچی۔ فون: 32216361






WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

صراحی کا بھرم کھلتا نہ میری تشنگی ہوتی
ذرا تم نے نگاہِ ناز کو تکلیف دی ہوتی

جہاں بدلا مگر آدابِ مے خانہ نہیں بدلے
کبھی اے گردشِ دوراں ادھر بھی آ گئی ہوتی

رہِ ہستی کے ہر منظر پہ رکتی ہے نظر اپنی
وہ مل جاتے تو کیا دنیا میں ایسی دلکشی ہوتی

مقامِ عاشقی دنیا نے سمجھا ہی نہیں ورنہ
جہاں تک تیرا غم ہوتا وہیں تک زندگی ہوتی

بھڑک اٹھتی ہیں شاخیں، پھول شعلے بنتے جاتے ہیں
ہمارے آشیانوں سے کہاں تک روشنی ہوتی

تمہاری آرزو کیوں دل کے ویرانے میں آ پہنچی
بہاروں میں پلی ہوتی، ستاروں میں رہی ہوتی

رضائے دوست قابل میرا معیارِ محبت ہے
انہیں بھی بھول سکتا تھا اگر ان کی خوشی ہوتی

قابل اجمیری

کس کی آواز کان میں آئی
دور کی بات دھیان میں آئی

یہ کنارہ چلا کہ ناؤ چلی
کہیے کیا بات دھیان میں آئی

علم کیا، علم کی حقیقت کیا
جیسی جس کے گمان میں آئی

ایسی آزاد روح اس تن میں
کیوں پرائے مکان میں آئی

آنکھ نیچی ہوئی، ارے یہ کیا؟
کیوں غرض درمیان میں آئی

یگانہ چنگیزی





عہد کا پاس کیا، زخم کی شہرت نہیں کی
ہم نے اس بار بھی توہینِ محبت نہیں کی

جبر کی رات چراغوں کی حفاظت میں کٹی
تیرگی، ہم نے ترے ہاتھ پہ بیعت نہیں کی

تنگ تھی آب و ہوا در پے آزار تھے لوگ
ہم نے اس وقت بھی اس شہر سے ہجرت نہیں کی

یہ خرابہ تو مہک جاتا، چمک بھی جاتا
لیکن اس شخص نے اس دل میں سکونت نہیں کی

اس نے جب کر ہی لیا فیصلہ منہ موڑنے کا
کج کلاہانِ محبت نے بھی حجت نہیں کی

خالد معین

## دل کا دروازہ

تیرے بعد دل کے سب کواڑ
اتنی مضبوطی سے بند ہوئے ہیں
کہ لاکھ دستک دے کوئی اس پر
شہرِ دل کا دروازہ
کسی بھی دستک پر
اب کھلتا ہی نہیں ہے!

نوشین اقبال نوشی



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

# اس ماہ کی مسکراہٹیں

صبا ساجد

## مشورہ

"محترم جناب ماہر نفسیات صاحب!

مجھے ایک ایسی بدصورت لڑکی سے، جسے دیکھ کر بچے تک ڈر جاتے ہیں، سچی محبت ہے جبکہ ایک خوب صورت لڑکی جسے دیکھ کر اکثر بیویاں ڈر جاتی ہیں، مجھ سے سچی محبت کرتی ہے۔ میں صرف آپ سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ مجھے ان دونوں میں سے کس کا انتخاب کرنا چاہیے۔"

فقط "ایک پریشان حال"

ماہر نفسیات نے کچھ دیر سوچا اور پھر مسکراتے ہوئے جواب لکھا۔

"میرا مشورہ مانیے! اپنی سچی محبت کا گلا ہرگز نہ گھونٹیے۔ اور اسی سے شادی کیجیے جسے آپ دل سے چاہتے ہیں۔ رہا دوسری لڑکی کا مسئلہ۔ آپ ان کا نام پتا مجھے بتائیے۔ میں انہیں سمجھاؤں گا کہ آپ کا پیچھا چھوڑ دیں۔"

سیدہ نسبت زہرا۔ کہروڑپکا

## ہم سا ہو تو!

لڑکی! "آپ کیا کام کرتے ہیں؟"

لڑکا۔ "میں ایک نیوز نیٹ ورک میں برانڈ ایمبیسڈر کے طور پر جاب کر رہا تھا لیکن اب میں نے جاب چھوڑ دی ہے۔"

لڑکی۔ "آپ نے جاب کیوں چھوڑ دی؟"

لڑکا۔ "اب کون سردیوں میں صبح صبح گھروں میں اخبار پھینکنے جائے۔"

شبانہ عندلیب۔ گوجرانوالہ

## لاجواب

ایک نوجوان ملازمت کے سلسلے میں انٹرویو دینے گیا۔ انٹرویو لینے والے صاحب نے نوجوان سے اس کی اہلیت و قابلیت پوچھنے کے بعد ایک عجیب سوال کیا۔ جس کا مقصد نوجوان کی تحمل مزاجی آزمانا تھا۔

"اگر میں آپ کی بہن سے شادی کرنا چاہوں تو آپ کو کوئی اعتراض تو نہیں ہوگا؟"

نوجوان چند لمحے خاموش رہا پھر بولا۔ "تو سر! مجھے تو کوئی اعتراض نہیں ہوگا۔ مگر ایک مسئلہ ہے؟"

"کیسا مسئلہ!" باس نے پُرتجسس انداز میں پوچھا۔

"ہمارے ہاں وٹے سٹے کی شادیوں کا رواج ہے۔" نوجوان نے تحمل سے جواب دیا۔

ارم کمال۔ فیصل آباد

## سزا

ایک سردار صاحب کو اپنے کندھے پر چیونٹی رینگتی ہوئی محسوس ہوئی۔ انہوں نے اسے پکڑ کر اپنے پاؤں پر چھوڑ دیا۔ وہاں سے رینگتی ہوئی دوبارہ کندھے تک آگئی۔ سردار صاحب نے اسے پکڑ کر پھر پاؤں پر چھوڑ دیا۔ وہ رینگتی ہوئی پھر کندھے تک آگئی۔ جب انہوں نے آٹھ دس مرتبہ ایسا ہی کیا تو قریب بیٹھا ہوا دوست جھنجلا کر کہنے لگا۔

"سردار صاحب! اسے مار ہی ڈالیں اب۔"

سردار جی بولے۔ "نہیں! میں اسے چلا چلا کر ماروں گا۔"

حرا قریشی، ملتان



## کم ہمتی

ایک تاجر کا حوصلہ بندھاتے ہوئے نفسیات کے ڈاکٹر نے کہا۔

"دیکھیے۔ کاروبار میں اتار چڑھاؤ آتے رہتے ہیں۔ آج مندا ہے تو کل چمکے گا۔ بس حوصلہ بلند رکھیں۔ خوش رہنے کی کوشش کریں۔ مصیبت، پریشانی اور نقصان کا ڈٹ کر مقابلہ کریں۔ وہ خود کمزور پڑ جائیں گے۔"

"میں اتنی ہمت نہیں کر سکتا ڈاکٹر صاحب!" تاجر نے سمجھانے کے باوجود مایوسی سے کہا۔ "میری بیوی مجھ سے زیادہ صحت مند اور لمبی چوڑی ہے۔ میں اس کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔"

حنا عاصم۔ ضلع اٹک

## چیدہ چیدہ

☆۔ "ایک گدھا دو گز کی رسی سے بندھا ہوا ہے۔ چھ گز کے فاصلے پر گھاس پڑی ہے۔ گدھا گھاس کیسے کھائے گا۔"

☆ "ہوں... ہار مان لی۔"

☆۔ "گدھے نے بھی مان لی تھی۔"

☆ لڑکا: "بابا! میری شادی کیوں نہیں ہو رہی؟"

نجومی: "بیٹا! کیسے ہو سکتی ہے۔ تمہاری قسمت میں تو سکھ ہی سکھ لکھا ہوا ہے۔"

☆۔ "میں فارغ وقت میں پینٹنگ کرتا ہوں؟"

"کیا پینٹنگ کرتے ہیں۔"

☆۔ "اپنے گھر کے دروازے، کھڑکیاں، دیواریں..."

رشیدہ بتول۔ کراچی

## بخار

ایک مرتبہ ایک شاعر کو بہت تیز بخار چڑھ گیا۔ جس کی شدت سے وہ بے ہوش ہو گئے۔ کچھ دیر بعد ہوش آیا تو غنودہ سی کیفیت میں پوچھنے لگے۔ "میں کہاں ہوں۔ کیا میں جنت میں آگیا ہوں؟"

پاس ہی ان کی زوجہ کھڑی تھیں۔ جھٹ ان کا ہاتھ تھام کر بولیں۔

"اللہ نہ کرے۔ کیا ہو گیا آپ کو۔ دیکھتے نہیں میں آپ کے سامنے کھڑی ہوں۔"

الماس تنویر۔ ہزارہ

## فرض کرو

ٹرین کے ڈبے میں ایک مشہور سیاسی لیڈر کی سیکریٹری اس پر اپنی اداؤں اور باتوں کا جادو چلانے کی کوشش کر رہی تھی جبکہ سیاسی لیڈر کو سخت نیند آ رہی تھی۔ سیاسی لیڈر نے نیند سے بوجھل ہوتی اپنی آنکھوں کو بمشکل کھولتے ہوئے سیکریٹری کا ہاتھ پکڑ کر کہا۔

"سنو! اگر ہم تھوڑی دیر کے لیے یہ فرض کر لیں کہ ہم دونوں میاں بیوی ہیں تو کیسا رہے گا۔"

"مجھے کوئی اعتراض نہیں۔" سیکریٹری خوش ہوتے ہوئے بولی۔

"تو پھر اپنی بکواس بند کرو اور مجھے سونے دو۔"

افشاں فرقان۔ کراچی

## عجیب دنیا

ایک بوڑھی غیر شادی شدہ عورت نے اخبار میں خبر دیکھ کر اپنی ہم عمر غیر شادی شدہ سہیلی کو اپنی تیسری مشترکہ سہیلی کے بارے میں بتایا۔

"کل کیتھرین کا تیسرا شوہر بھی مر گیا۔ وصیت کے مطابق اسے بھی نذر آتش کیا گیا ہے۔" بوڑھی سہیلی نے تاسف سے آہ بھرتے ہوئے کہا۔

"کیسی عجیب دنیا ہے۔ کسی کو ایک شوہر بھی نصیب نہیں ہوتا اور کوئی شوہر پہ شوہر ہی جلائے جاتی ہے۔"

شگفتہ فیاض۔ مشی گن امریکا

☆



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

# کھلتا کسی پہ کیوں میرے دل کا معاملہ

خالد جیلانی

شاداب ـــــ ہالہ نیو
تو جو بچھڑا ہے تو محسوس ہوا ہے اکثر
جیسے کوئی دیتا ہے دور سے آواز مجھے

آسیہ جاوید ـــــ علی پور چٹھہ
ان لمحوں کی یادیں سنبھال کر رکھنا
ہم یاد تو آئیں گے لیکن لوٹ کر نہیں

عینی زہرا ـــــ کفری وادی سون
ساری دنیا اداس پاؤ گے
مجھ سے توڑے جو سلسلے تم نے

آمنہ اجالا ـــــ ڈہرکی
ہمارا تذکرہ چھوڑو، ہم ایسے لوگ ہیں جن کو
محبتیں کچھ نہیں کہتیں وفائیں مار دیتی ہیں

مسرت الطاف احمد ـــــ کراچی
رونے سے نہیں حاصل کچھ اے دل سودائی
اشکوں کی بھی بربادی، دامن کی بھی رسوائی
ہم لوگ سمندر کے بچھڑے ہوئے ساحل ہیں
اس پار بھی تنہائی اُس پار بھی تنہائی

ثمن ـــــ گاؤں منڈ گجرات
تم لاکھ چھپاؤ سینے میں احساس ہماری چاہت کا
دل جب بھی تمہارا دھڑکا ہے آواز یہاں تک آئی ہے

مریم صدیق ـــــ صادق آباد
اس قدر ذہن میں احساس ہے تنہائی کا
بارہا خود کو بھرے گھر میں بھی تنہا سمجھوں
کوئی چہرہ نہ کوئی ہاتھ نہ سایہ کوئی
میں کسے زخمِ جدائی کا مداوا سمجھوں

شمع مسکان ـــــ جام پور
لاحاصل منزل کی آرزو میں
تمام عمر بھٹکتے ہوئے گزار دی

رضوانہ شکیل راؤ ـــــ لودھراں
لفظ تاثیر سے بنتے ہیں تلفظ سے نہیں
اہلِ دل آج بھی ہیں اہلِ زباں سے آگے

نوشابہ منظور ـــــ بھریا روڈ
ہم نے خود سے بھی چھپایا ہے اور سارے شہر کو
تیرے جانے کی خبر دیوار و در کرتے رہے

روقی ـــــ گھوٹکی
اس کائناتِ محبت میں ہم مثلِ شمس و قمر کے ہیں
اک رابطہ مسلسل ہے اک فاصلہ مسلسل ہے
ہم خود کو بیچ دیں پھر بھی ہم تجھ کو پا نہیں سکتے
میں عام سا ہمیشہ ہوں تو خاص سا مسلسل ہے

ارم کمال ـــــ فیصل آباد
درخت کاٹ کے سایہ فروخت کرتے ہیں
اور اس کے بعد کڑی دھوپ سے گزرتے ہیں
ہمیں خود اپنے مسائل پہ غور کرنا ہے
کہ روز روز صحیفے نہیں اترتے ہیں

بشریٰ گوندل ـــــ کوٹ مومن
سبز جنگل کے پرندوں کے ٹھکانوں میں کہیں
وقت لے آیا ہمیں گزرے زمانوں میں کہیں
گم بھی ہو سکتے ہیں ہم تاریخ کے اوراق میں
مل بھی سکتے ہیں پرانے فسانوں میں کہیں

امبر گل ـــــ جھڈو (سندھ)
خود کو یوں محصور کر بیٹھا ہوں اپنی ذات میں
منزلیں چاروں طرف ہیں، راستہ کوئی نہیں

شفاعت بتول مین تارا ـــــ جام پور
اس درجہ عشق موجبِ رسوائی بن گیا
میں آپ اپنے گھر کا تماشائی بن گیا



صائمہ ـــــ لاہور
میرے ہاتھ میں قلم ہے میرے ذہن میں اُجالا
مجھے کیا دبا سکے گا کوئی ظلمتوں کا پالا
مجھے فکرِ امنِ عالم، مجھے اپنی ذات کا غم
میں طلوع ہو رہا ہوں تو غروب ہونے والا

مدیحہ نورین مہک ـــــ برنالی
کتابوں سے دلیلیں دوں یا خود کو سامنے رکھوں
وہ مجھ سے پوچھ بیٹھا ہے محبت کس کو کہتے ہیں

ثمن آمنہ ریشم ـــــ گاؤں 347
پیار بٹنے سے کبھی کم نہ ہوگا امجد
دل کے دریا تو نہیں ہوتے اُترنے والے

حرا قریشی ـــــ ملتان
تیرا خیال کہ ہے تارِ عنکبوت تمام
مرا وجود کہ جیسے کوئی پرانا کھنڈر

آمنہ اجالا ـــــ ڈہرکی
سفر ایک ایسا ہوا تو تھا، کوئی ساتھ اپنے چلا تو تھا
مگر اس کے بعد تو یوں ہوا نہ سفر نہ ہم سفری رہی
وہی خواب خواب حکایتیں، وہی خال خال روایتیں
وہی تم رہے، وہی ہم رہے، وہی دل کی بے ثمری رہی

شفق راجپوت ـــــ گوجرد
اب اس مقام پہ لائی ہے زندگی مجھ کو
کہ چاہتا ہوں تجھے بھی بھلا دیا جائے
گریز، عشق سے لازم سہی مگر رفعت
جو دل ہی بات نہ مانے تو کیا کیا جائے

افشاں خان ـــــ شاہ پور چاکر
خود کو کسی کی راہ گزر کس لیے کریں
تو ہم سفر نہیں تو سفر کس لیے کریں
منسوبِ جاں ہوا در کوئی پیکرِ جمال
کر سکتے ہیں یہ کام مگر کس لیے کریں

شاہ جہاں گل ـــــ مرزا پور
ہر اک شکستِ تمنا پہ مسکراتے ہیں
وہ کیا کریں جو مسلسل فریب کھاتے ہیں
نگاہِ ناز بھی کیا چیز ہے، خدا جانے
نظر کے ساتھ زمانے بدلتے جاتے ہیں

ارم کمال ـــــ فیصل آباد
تھوڑا تھوڑا جھوٹ ملا لے اپنی سچی باتوں میں
ورنہ جھوٹے لوگوں میں تو کیسے عمر گزارے گا
شہر کے چوراہے پر مت جانا آئینہ لے کر
اپنا چہرہ دیکھ کر ہر کوئی تجھ کو پتھر مارے گا

عذرا ناصر ـــــ کراچی
رہنما خود اپنا دل تھا یوں رہے ثابت قدم
مصلحت نے ورنہ ہر اک گام بہکایا بہت
اے صبا، شہرِ نگاراں سے گزر ہو جب تیرا
بھولنے والے سے کہنا 'یاد کیوں آیا بہت'

ہدیہ مریم ـــــ ڈیرہ غازی خان
وہ جس کی یاد میں سارا جہان چھوڑ دیا
بنا کے اس نے مجھے داستان چھوڑ دیا

نمرہ، اقرأ ـــــ کراچی
مزا یہ ہے کہ جب ہم طاقتِ پرواز کھو بیٹھے
قفس نے کہہ دیا، چپکے سے جا آزاد کرتا ہوں

عمارہ امرعباس ـــــ کبیر والا
اب پھول بکھرتے ہیں تو خوشیاں نہیں اُڑتیں
تارے بھی چمکتے ہیں تو محشر نہیں ہوتا
بے سود ہے اختر یہ تیری عرض و گزارش
ایسا بھی کوئی بُت ہے جو پتھر نہیں ہوتا

نوشین اقبال نوشی ـــــ گاؤں بدومرجان
میکدہ تھا، چاندنی تھی، میں نہ تھا
اک مجسم بے خودی تھی، میں نہ تھا
میکدے کے موڑ پر رکتی ہوئی
مدتوں کی تشنگی تھی، میں نہ تھا

کوثر خالد ـــــ جڑانوالہ
ایک وہم ہے یہ دُنیا، اس میں
کچھ کھوؤ تو کیا اور پاؤ تو کیا
ہے یوں بھی زیاں اور یوں بھی زیاں
جی جاؤ تو کیا، مر جاؤ تو کیا



www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

شگفتہ جاہ

# باتوں سے خوشبو آئے

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا،

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

"میت پر نوحہ کرنا جاہلیت کا رواج ہے۔ نوحہ کرنے والی اگر توبہ کیے بغیر مرگئی تو اسے قیامت کے دن اس حال میں اٹھایا جائے گا کہ اس کے جسم پر تارکول کی قمیص ہوں گی۔ پھر ان پر آگ کے شعلوں کی قمیص پہنائی جائے گی۔"

## حسن کلام،

ایک دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حفصہ رضی اللہ عنہا سے کوئی بات رازدارانہ کہی لیکن انہوں نے اسے افشا کردیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے ہاں گئے۔ وہاں شفا بنت عبداللہ رضی اللہ عنہا بیٹھی تھیں جنہوں نے طب سیکھ رکھی تھی اور لوگوں کا علاج کرتی تھیں۔ آپ نے حفصہ رضی اللہ عنہا کو ان کی غلطی یاد کرانے کی خاطر شفا رضی اللہ عنہا سے مخاطب ہوکر فرمایا۔

"جس طرح تم نے اسے لکھنا پڑھنا سکھایا اسی طرح اسے چیونٹی کا منتر (رقیۃ النملہ) کیوں نہیں سکھاتیں؟"

(سنن ابی داؤد 2 152 مسند احمد 24515)

چیونٹی کا منتر چند بول تھے جو عرب خواتین کہا کرتی تھیں۔ یہ کلام نہ نفع دے سکتا تھا نہ نقصان۔ اس کے بول یہ تھے۔

"دلہن تیار ہو رہی ہے
مہندی لگا رہی ہے
آنکھوں میں سرمہ ڈال رہی ہے
تم ہر کام کرنا لیکن شوہر کی نافرمانی نہ کرنا"

(زندگی سے لطف اٹھائیے۔ محمد بن عبدالرحمٰن العریفی)

## نفس پر قابو،

ایک روز کعب رضی اللہ عنہ احبار نے کہا۔

"آسمان کا بادشاہ زمین کے بادشاہ پر افسوس کرتا ہے۔"

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: "مگر اس بادشاہ پر نہیں جس نے اپنے نفس کو قابو میں رکھا۔"

اس کو سن کر کعب رضی اللہ عنہ نے کہا: "واللہ توریت میں یہی الفاظ موجود ہیں۔"

یہ سن کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ سجدے میں گر گئے۔

## عبادت کا مفہوم،

خلیفہ عبدالملک بن مروان اور دو اور نوجوان مسجد میں نماز پڑھا کرتے تھے اور عصر تک پڑھتے رہتے تھے۔ سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ سے کسی نے دریافت کیا کہ جیسے یہ تینوں نماز پڑھتے ہیں، اگر ہم بھی نماز پڑھا کریں تو کچھ حرج تو نہیں؟"

انہوں نے فرمایا: "عبادت زیادہ نماز پڑھنے اور اکثر روزہ رکھنے کا نام نہیں بلکہ عبادت ذات الٰہی کے متعلق غور کرنے اور گناہوں سے بچنے کا نام ہے۔"

فوزیہ ثمر بٹ۔ ہانیہ عمران۔ گجرات

## اتحاد،

یہ 1939ء کا ذکر ہے، مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن کا سالانہ اجلاس لاہور میں منعقد ہوا۔ شریف رانا ایک نامور مصور ہوئے ہیں۔ وہ فیڈریشن کے رکن اور طالب علم رہنما تھے۔ اس دور میں انہوں نے قرآن پاک کی آیات مبارکہ اور مفکر پاکستان علامہ محمد اقبال کی نظموں کے حوالے سے پینٹنگز بنانے کا آغاز کیا۔

قرآنی آیات اور قومی شعرا کے کلام کے اشتراک سے تیار کی جانے والی ان پینٹنگز کی نمائش فیڈریشن کے سالانہ اجلاس کے موقع پر کی گئی تھی۔ اجلاس کے اختتام پر طالب علم رہنماؤں نے قائداعظم کو یہ پینٹنگز دکھائیں۔ نواب ممدوٹ، ممتاز دولتانہ اور حسن امام بھی قائداعظم کے ہمراہ تھے۔

ان پینٹنگز کو دیکھتے دیکھتے قائداعظم ایک جگہ رکے انہوں نے اس طالب علم سے جو ان تصاویر کا منظر بیان کر رہا تھا۔ کہا: "اسٹاپ"

یہ پینٹنگ "امت واحدہ" کی ترجمانی کرتی تھی۔ اس کے ذریعے امت کو فرقہ بندی سے بچنے اور گروہوں میں تقسیم ہونے سے باز رہنے کا پیغام دیا گیا تھا۔ یہ علامہ اقبال کے ایک شعر

ایک ہوں مسلم حرم کی پاسبانی کے لیے
نیل کے ساحل سے لے کر تابخاک کاشغر

اور قرآن پاک کی ایک آیت کے اشتراک سے تیار کی گئی تھی۔

قائداعظم نے طالب علم سے آیت کا ترجمہ دوبارہ پڑھنے کے لیے کہا۔ اس نے آیت کا ترجمہ یوں پڑھا۔

"اور آپس میں جھگڑا نہ کرو، ورنہ تم کمزور پڑجاؤ گے اور تمہاری ہوا اکھڑ جائے گی۔"

ترجمہ سن کر قائداعظم نے بڑے تجسس اور حیرت سے دریافت کیا۔

"کیا قرآن یہ پیغام دیتا ہے؟"

"ہاں" میں جواب ملنے پر انہوں نے فرمایا۔

"اگر یہ پیغام قرآن پاک میں ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ ہماری منزل قریب ہے۔ یہی تو وہ پیغام ہے جو میں قوم کو دینا چاہتا ہوں کہ باہم منظم اور متحد رہو۔"

انہوں نے پینٹنگ کو دوبارہ غور سے دیکھا۔ ان کا چہرہ خوشی سے سرخ ہوگیا۔

انہوں نے نواب ممدوٹ کو کندھے سے پکڑا اور کہا: "اس نے میرے دل کی بات تخلیق کی ہے۔ میں منزل کے قریب پہنچ گیا ہوں۔ یقیناً پاکستان بن کر رہے گا۔"

(ماہنامہ "ذہین" لاہور، قرارداد لاہور نمبر ص 17)

## خوف خدا،

عباسی خلیفہ ہارون الرشید کے سامنے ایک باغی کو ہتھکڑیوں میں پیش کیا گیا۔ یہ ایک خطرناک شخص تھا۔ ہارون فیصلہ کرچکا تھا کہ اسے قتل کردے گا۔ قتل کا حکم صادر کرنے سے پہلے ہارون نے غضبناک آواز میں باغی سے پوچھا۔

"تمہارے ساتھ کیا سلوک کیا جائے؟"

"وہی سلوک جو اللہ آپ کے ساتھ کرے گا۔ جب آپ اس کے سامنے جائیں گے۔"

ہارون کا غصہ کافور ہوگیا۔ اس نے سر جھکالیا چند لمحوں بعد درباریوں نے اس کی تھکی ہوئی آواز سنی۔ "اسے آزاد کردیا جائے۔"

سپاہیوں نے ہتھکڑیاں کھول دیں۔ باغی دربار سے چلا گیا۔ درباریوں میں سے کسی نے ہارون الرشید کو مخاطب کیا۔

"امیرالمومنین! آپ نے باغی کا ایک جملہ سن کر اسے آزاد کردیا۔ یہ بھی نہ سوچا کہ اس کی گرفتاری میں سپاہیوں کو کتنی زحمت ہوئی تھی۔ نیز اس کی رہائی سے شرپسندوں کو اور شہ مل سکتی ہے۔"

ہارون الرشید نے بےساختہ حکم دیا۔ "باغی کو دوبارہ گرفتار کرلیا جائے۔"

باغی دوبارہ اس کے سامنے ہتھکڑیوں میں پہنچا۔ اس نے آتے ہی ہارون الرشید سے کہا۔

"حضور! میرے متعلق دوسروں کی رائے پر کان نہ دھریے۔ اگر اللہ آپ کے متعلق دوسروں کی رائے سنتا تو آپ ایک لمحہ بھی خلیفہ نہیں رہ سکتے تھے۔"

ہارون الرشید نے اسے پھر آزاد کردیا۔

مسرت الطاف احمد۔ کراچی





WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

## تاثیر میرے لہجے کی!

٭ کوشش کیجیے، جن کے ساتھ عمر گزارنے کا سودا طے کرنا ہو، ان سے دل ملیں یا نہ ملیں، ذہن ضرور ملتے ہوں۔

٭ ندامت کا اظہار محض لفظوں کا محتاج نہیں، یہ رویوں سے بھی ظاہر ہوتی ہے۔

٭ معاف کرنے کا مطلب ہے کسی بھی ناخوشگوار واقعہ کو اس طرح سمجھ لیا جائے جیسے یہ کبھی وقوع پذیر ہی نہ ہوا ہو۔

٭ اپنی غلطی تسلیم کرنا مشکل ترین کاموں میں سے ایک ہے۔ لیکن ناممکن کاموں میں سے نہیں۔

٭ ایسی خوبیاں جو محض دنیا دکھاوے کو اپنائی گئی ہوں، خامیوں سے بھی بدتر ہوتی ہیں۔

٭ اگر تمام لوگ کائنات کی بدصورتی ہوتے تو یہ دُنیا جہنم ہوتی اور اگر تمام لوگ کائنات کا حُسن ہوتے تو یہ دُنیا جنت ہوتی۔

نمرہ، اقراء۔ کراچی

## بڑی بات!

دیکھنے والے نے مالِ تجارت لے کر جنگل سے گزرتے ہوئے ایک راہ گیر کو دیکھا تو احساس ہوا لڑکے کی یہ عمر تو کسی مکتب یا مدرسے میں گزارنے کی ہے۔ اور یہ ہے کہ آوارہ پھر رہا ہے۔ سواری روک کر لڑکے کو پاس بلایا اور پوچھا۔

"بیٹا! تمہاری یہ عمر اس طرح جنگل میں گھومنے پھرنے کی تو نہیں۔ کاش کبھی تم نے قلم اور کتاب کی قدر و قیمت جانی ہوتی۔"

لڑکے نے متانت اور لجاجت سے جواب دیا۔

"اگرچہ میں نے زیادہ تعلیم حاصل نہیں کی تاہم صرف چار باتیں سیکھی ہیں اور مزید سیکھنے کی طلب نہیں۔ کیونکہ انہی چار باتوں پر عمل ہو جائے تو زندگی سنور جائے گی۔"

پوچھنے والے نے حیرت اور مسرت کی ملی جلی کیفیت کے ساتھ پوچھا۔

"بیٹا! ذرا مجھے بھی تو بتاؤ کہ چار باتیں کون سی ہیں؟"

لڑکے نے عاجزانہ اور منکرانہ لہجے میں کہا۔

"مجھے جن چار باتوں کا علم ہے وہ ہے زبان کا علم، سر کا علم، کانوں کا علم، دل کا علم۔"

پوچھنے والا اگرچہ حدیث، تفسیر اور فقہ کا مشہور عالم تھا مگر وہ لڑکے کے اس جواب سے مطمئن نہ ہوا کہنے لگا۔

"بیٹا! اگرچہ تم نے بڑی اور جامع ——— بات کی ہے لیکن ذرا اس کی تفصیل تو بتاؤ۔"

لڑکے نے کہا۔ "اللہ کا ذکر کرنے کے لیے زبان، اللہ کے حضور ——— جھکانے کے لیے سر، اللہ کا کلام سننے کے لیے کان اور اللہ کی یاد بسانے کے لیے دل ہے۔"

پوچھنے والے نے جیسے ہی جواب سنا تو بے اختیار واہ واہ کا نعرہ لگایا اور کہا۔

"بیٹا! اب تمہیں کسی مکتب یا مدرسہ جانے کی ضرورت نہیں۔ تم نے علم کا راز پا لیا ہے، مجھے بھی کچھ نصیحت کرو کیونکہ بزرگی عقل سے ہوتی ہے، عمر سے نہیں۔"

لڑکے نے کہا۔ "آپ مجھے بہت بڑے عالم معلوم ہوتے ہیں۔ میں آپ کو کیسے نصیحت کر سکتا ہوں البتہ اتنی گزارش ہے کہ اگر آپ نے علم خالص اللہ کے لیے حاصل کیا ہے تو دُنیا والوں سے جزا کی توقع نہ رکھیے اور اگر دُنیا والوں کے لیے حاصل کیا ہے تو اللہ سے اجر کی امید نہ رکھیے۔"

اس نوجوان لڑکے کی یہ بات سنتے ہی پوچھنے والے مشہور بزرگ حضرت شیخ عبداللہ بن مبارکؒ کی زبان سے صرف اتنا نکلا۔

"بے شک علم اللہ کا نور ہے۔ وہ جس دل میں چاہے اتار دے۔ اس میں عمر، نسب، یا امارت کی کوئی شرط نہیں۔"

عمارہ رفیق۔ فاضل پور



# آئینہ خانے میں

گل صفہ سہیل



ہے۔ اور نئے آرٹسٹ جن میں دراصل ٹیلنٹ ہوتا ہے۔ ان کا راستہ کوئی بھی نہیں روک سکتا۔ کیوں ٹھیک ہے ناں!)

## معیار

لیجیے جناب ایک اور اعزاز مل گیا (بھئی ملالہ کو اور کس کو) لیکن ہمیں کوئی یہ تو بتائے کہ ملالہ نے کیا کیا (ڈائریاں لکھنے کے علاوہ) جو اس کو اعزاز پہ اعزاز مل رہے ہیں۔

اب تو موصوفہ کو نوبل انعام پکڑا دیا ہے (یقیناً" ملالہ نے عبدالستار ایدھی اور بلقیس ایدھی سے بڑھ کر کوئی کام کیا ہوگا؟) ملالہ یوسف زئی پہلی پاکستانی مسلمان ہے جس کو یہ انعام ملا ہے، اس سے پہلے ایک پاکستانی سائنس دان عبدالسلام کو بھی یہ انعام مل چکا ہے لیکن وہ ختم نبوت پر یقین نہیں رکھتے تھے اور ملالہ اب تک نوبل انعام پانے والے ملالہ کو ملا کر کل دس



## شکایت

نیلم منیر آج کل ہر چینل پر تقریباً" ہر دوسرے ڈرامے میں نظر آرہی ہیں۔ نیلم منیر کہتی ہیں کہ "فیشن انڈسٹری کی طرح ڈراما انڈسٹری میں بھی لابی ازم کا رجحان فروغ پا رہا ہے۔ جس کی وجہ سے ٹیلنٹ ضائع ہو رہا ہے (کس کا ٹیلنٹ نیلم؟) فنکار اپنی خداداد صلاحیتوں کی بنا پر اپنا مقام بناتا ہے اس کی محنت کو کسی گاڈ فادر کی جھولی میں ڈالنا درست عمل نہیں (آپ کا گاڈ فادر کون ہے نیلم!) لابی ازم نہیں ہوگا تو نیا ٹیلنٹ سامنے آئے گا (وہ تو آرہا ہے نیلم سامنے) اور نئے ٹیلنٹ کی ہماری انڈسٹری کو بہت ضرورت ہے (لیکن نیلم! سینئرز کسی بھی انڈسٹری کا ستون ہوتے ہیں۔ اگر ستون ہٹ جائیں تو عمارت کا برقرار رہنا مشکل ہوتا



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY


WWW.PAKSOCIETY.COM

مسلمان ہیں۔ حقیقت کی نظر سے دیکھا جائے تو یہ انعام دراصل ان مسلمانوں کو دیا گیا ہے جو مسلمانوں کے خلاف کام کرتے ہوئے ترقی پسندی کے علم بردار بنے۔ کسی خالص مسلمان اور خالص پاکستانی کو یہ انعام نہیں دیا گیا۔

ملالہ نے اپنی کتاب میں توہین رسالت کے مرتکب سلمان رشدی کی حمایت کی ہے۔ شاید اسی بنا پر وہ اتنے بڑے انعام کی مستحق قرار پائی ہوں۔

## پہچان

فلم "نا معلوم" کے ایک اہم کردار محسن عباس جو کہ ڈی جے کے نام سے مشہور ہوئے کہتے ہیں کہ "میرا کیریر بہت پرانا ہے۔ عرصہ بارہ سال سے اس فیلڈ میں جدوجہد کر رہا ہوں۔ ٹی وی شوز میں حنا ربانی کھر، عاصمہ جہانگیر اور شا بچہ کا گیٹ اپ کرتا تھا۔ لیکن لوگ مجھے پہچانتے نہیں تھے۔ اب بھی لوگ مجھے ڈی جے کے نام سے جانتے ہیں اس نام کو ابھی بھی قبول کرنے میں مجھے لگتا ہے کہ میری عزت نفس مجروح ہوتی ہے۔ مجھے بہت خوشی ہوگی اس دن جب لوگ




مجھے میرے اصل نام سے پہچانیں گے۔ کیونکہ یہاں تک پہنچنے کے لیے میں نے بڑی محنت اور جدوجہد کی ہے۔"

## پریشانی

پاکستانی نژاد آئرش گلوکار زین ملک ساری دنیا کو اپنی سریلی آواز اور مدھر دھنوں سے تو متاثر کر ہی چکے تھے۔ لیکن "دی ایکس فیکٹر" نامی مشہور رئیلٹی شو میں شرکت کرنے کے بعد ان کی شہرت اتنی بڑھ گئی کہ بولی ووڈ کے پروڈیوسر گلشن گروور نے اپنی ہیوی بجٹ فلم میں ایک گانے کے عوض زین ملک کو پانچ لاکھ پاؤنڈ معاوضے کی پیشکش کر دی، جس کے بعد زین نے سنجیدگی سے اس طرف سوچنا شروع کر دیا ہے۔ گلشن گروور بھارت میں زین کی بڑھتی ہوئی مقبولیت کی وجہ سے اسے اپنی فلم میں اداکاری کی پیشکش بھی کر چکے ہیں۔ گلشن گروور کا کہنا ہے کہ اس اکیس سالہ نوجوان کو ڈانس یا میوزک سکھانے کی تو ضرورت نہیں ہوگی، لیکن اگر وہ فلم میں کام کرنے پر راضی ہو گیا تو اسے ایکشن کے مناظر کے لیے ضرور گائیڈ کر سکیں گے۔ سنا ہے کہ زین کی بولی ووڈ آمد کے باعث علی ظفر اور عاطف اسلم کے ساتھ ساتھ نویر سنگھ، رنبیر کپور اور عمران خان کو بھی پریشانی لاحق ہو گئی ہے۔

## خطرہ

بھارت میں پاکستانی ٹی وی ڈراموں کی مقبولیت کی وجہ سے ہمارے فنکار اب وہاں بھی مقبولیت حاصل کر رہے ہیں۔ فواد خان کو بھی ٹی وی ڈراموں کی وجہ سے بالی ووڈ میں لیا گیا۔ اب عدنان صدیقی کو بھی بھارتی ٹی وی ڈراموں اور فلموں میں کام کرنے کی متعدد آفرز آئی ہیں۔ اس بارے میں عدنان صدیقی کہتے ہیں کہ "میں ذاتی طور پر تذبذب کا شکار ہوں کہ اگر بھارتی ٹی وی ڈراموں میں کام کرتا ہوں تو ڈر ہے کہ کہیں صرف ڈراموں تک ہی محدود نہ رہ جاؤں اور اگر فلم کی آفر قبول کرتا ہوں تو اپنے ٹی وی ڈراموں سے دور ہونے کا



خطرہ ہے۔ (بھلا بتایئے انہیں اب بھی ڈر ہے)

## بحران

ٹی وی ڈراموں سے شہرت حاصل کرنے والی فنکارہ عروہ حسین نے فلم نامعلوم افراد میں بھی اپنی اداکاری کے جوہر دکھائے۔ فلم میں کام کرنے کے حوالے سے عروہ کا کہنا ہے کہ "فلم میں کام کرنے کا تجربہ بہت اچھا رہا۔ اس طرح کی فلموں سے ہی فلم انڈسٹری بحران سے نکلے گی (ہر نئی آنے والی فلم کے متعلق یہ ہی کہا جاتا ہے کہ انڈسٹری بحران سے نکلے گی۔ ابھی تک تو نکلی نہیں) فلم میں، جو میرا کردار تھا، مجھے لگا کہ یہ کردار میرے لیے ہی لکھا گیا تھا۔ (عروہ! سب یہی کہتے) عروہ حسین نے کہا کہ مستقبل میں فلموں میں اسکرپٹ دیکھ کر کام کروں گی۔" (تو ابھی کیا بغیر دیکھے کر لیا تھا؟)

## کچھ ادھر ادھر سے

کراچی 80'90 کی دہائی تک اپنی یادگار ادبی، تہذیبی اور سماجی زندگی کے دور سے گزر رہا تھا۔ دن کا آغاز ہوتا تو شب کی خبر نہ ہوتی۔ شہر پر سکون تھا کوئی ڈر خوف نہ تھا۔ راتیں جاگتی تھیں، دن مہکتے تھے۔ شامیں رنگ کھیلتی تھیں۔

(خالد معین کی جسارت سے گفتگو)

☆۔12 اکتوبر 99ء کو نواز شریف زیر حراست تھے۔ پرویز مشرف نے دو کتے اٹھا کر اور اتاترک کو اپنا آئیڈیل کہہ کر مغرب کو پیغام دے دیا۔ جنرل کا نشانہ ٹھیک بیٹھا۔ مغرب کے ریڈار نے یہ مثبت اشارے وصول کرنے کے بعد جنرل مشرف سے اس طرح دوستی کر لی جیسے لوک کہانیوں کا اختتام۔ سب مل کر ہنسی خوشی رہنے لگے۔

(عارف بہار صدائے حریت)

☆۔ ایک نئی تحقیق سے وابستہ سائنس دانوں نے کہا ہے بچپن میں صبح کا ناشتا چھوڑنے کی عادت نوجوانی میں ذیابیطس کے خطرے سے دوچار کر سکتی ہے، صبح کے ناشتے میں سیریل کھانا جو کہ فائبر حاصل کرنے کا



ایک اہم ذریعہ ہے اس بیماری کے خلاف مدافعت پیدا کرنے میں مدد دیتا ہے۔

☆۔ کیا ملالہ کو علم ہے کہ امریکہ اور برطانیہ کے گٹھ جوڑ سے افغانستان اور عراق میں کتنی کلیاں شہید ہو گئیں۔ کوئی ایک جملہ فقط ایک ان کے قاتلوں کی مذمت کے لیے بھی۔ لیکن پھر نوبل انعام واپس نہ لے لیا جائے۔ کاش ملالہ یہ بتا سکتی کہ اس نے پاکستان میں کتنی لڑکیوں کی تعلیم کے لیے کچھ کیا ہے۔ چلیں یہی بتا دے کہ بارہ سال کی عمر میں اس کے نام سے ڈائریاں کون لکھتا تھا؟

(ایم عثمان۔ ٹوکیو)

☆۔ طاہر القادری کے جلسے میں ایک خاتون رپورٹر نے جلسہ شروع ہونے سے پہلے بعض غریب خواتین کی طرف جاتے ہوئے کہا کہ ناظرین آیئے آپ کو ان ماسیوں سے ملواتے ہیں لیکن فوراً ہی اسے اپنی غلطی کا احساس ہو گیا۔ حقیقت یہی تھی کہ فیصل آباد کے ارد گرد واقع دیہات سے شہر کام کے لیے آنے والی ماسیوں کو جلسے میں شرکت کے لیے دیہاڑی پر لایا گیا۔ جنہوں نے کبھی طاہر القادری کا نام بھی نہ سنا ہو، وہ انقلاب کے بارے میں کیا بتاتیں۔

(روزنامہ امت کا اداریہ)



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

# دستک
# دستک
# دستک

شاہین رشید



## کاشف خان

"جی جناب! کیسے ہیں؟"
"الحمدللہ۔"
"آج کل ٹی وی چینلز کو بڑا ٹائم دینے لگے ہیں؟"
"جی۔۔۔ سب محبت سے بلاتے ہیں تو چلا جاتا ہوں اور اچھا لگتا ہے پروگرام میں شریک ہونا۔"
"ہوں۔۔۔ گڈ۔۔۔ آپ کو تو صبح اٹھنے کی عادت نہیں ہے۔ پھر مارننگ شو میں کیسے شرکت کرتے ہیں؟"
"بات تو آپ نے سچ کی ہے۔ اصل میں ہماری رات صبح ہوتی ہے۔ تو جب کوئی صبح کی نشریات میں بلاتا ہے تو ہم سوتے ہی کب ہیں۔ پروگرام میں شرکت کے بعد سو جاتے ہیں اور بس نیند پوری کر لیتے ہیں۔"

"آج کل انڈیا کے "ٹور" نہیں لگ رہے؟"
"لگ رہے ہیں جی، کیوں نہیں لگ رہے مگر مسئلہ یہ ہے کہ ہماری خبریں بریک نہیں ہوتیں۔ شاید اس لیے کہ فنکار لوگ کافی تعداد میں جانے لگے ہیں۔"
"ہوں۔۔۔ اور زندگی کیسی گزر رہی ہے۔ مجھے یاد ہے کہ آپ نے ایک بار کہا تھا کہ تعلیم کی اہمیت بہت زیادہ ہے اور آپ دوبارہ پڑھائی شروع کریں گے؟"
"جی بالکل۔۔۔ تعلیم کی اہمیت بہت زیادہ ہے اور ہر فیلڈ میں تعلیم بہت ضروری ہے۔ مگر اب ہماری مصروفیات اتنی زیادہ ہو گئی ہیں کہ مزید تعلیم حاصل کرنے کے لیے ٹائم ہی نہیں ہے اور ویسے بھی ہم بڑے ہو گئے ہیں۔"
"اے ہوے۔۔۔ کتنے بڑے ہو گئے ہیں آپ؟"
"جی 17 اگست 1977ء میری تاریخ پیدائش ہے۔ اب آپ خود اندازہ کر لیں کہ کتنا بڑا ہو گیا ہوں۔"
"ویسے آپ کے خیال میں ڈگری انسان کو سکھاتی ہے یا پریکٹیکل لائف؟"
"میرے خیال میں تو پریکٹیکل لائف انسان کو بہت کچھ سکھاتی ہے۔ بے شک ڈگری بھی بہت ضروری ہے۔ تعلیم آپ کو شعور دیتی ہے۔ سوچ دیتی ہے، مگر پریکٹیکل لائف آپ کو زندگی گزارنے کا سلیقہ سکھاتی ہے۔ آپ دنیا کے تجربات سے بہت کچھ سیکھتے ہیں۔"
"اب تو آپ کو بہت شہرت مل گئی ہے۔ لیکن جب آپ نئے نئے اس فیلڈ میں آئے تھے تو لوگوں کا رویہ کیسا تھا آپ کے ساتھ؟"



"بس ٹھیک ہی تھا۔ اتنے تجربات سے میں نے یہ سیکھا ہے کہ اس فیلڈ میں جگہ بنانا بہت مشکل کام ہے۔ جب شروع شروع میں بات نہیں بن پاتی تھی تو اکثر سوچتا تھا کہ اس فیلڈ کو چھوڑ دوں، کچھ اور کام کر لوں، مگر میرا شوق اور میرا جنون کہتا تھا کہ ایک دن جگہ بن ہی جائے گی اور شکر ہے کہ آخر ایک دن میں کامیاب ہو ہی گیا۔"
"مثلاً" کیا مشکلات آئیں؟"
"میں نے دیکھا ہے کہ ہمارے ملک میں کامیڈینز کی کوئی عزت نہیں ہے، جن کا نام بن گیا، وہ تو ٹھیک ہیں، لیکن جو نئے ہوتے ہیں ان کو جگہ بنانے میں بہت دشواری ہوتی ہے۔ جب لوگ مسخرہ کہہ کر پکارتے تھے تو بہت تکلیف ہوتی تھی۔ حالانکہ میں سمجھتا ہوں کہ دوسروں کو ہنسانا ایک مشکل ترین کام ہے۔ مجھے یاد ہے کہ جب ہم شو کے لیے کسی پروگرام کے لیے جایا کرتے تھے تو گلوکار حضرات ہماری ذرا بھی عزت نہیں کرتے تھے اور ہمیں عجیب سی نظروں سے دیکھتے تھے۔ تب دل بہت خراب ہوتا تھا۔"
"اور اب۔۔۔ کس طرح لوگوں کے رویے بدلے؟"
"اصل میں ٹرننگ پوائنٹ وہاں سے ملا، جب ہم انڈیا میں پروگرام لافٹر چیلنج کر کے آئے اور میں پہلا پاکستانی تھا جس نے ون کیا تھا اور انڈیا والوں کے یہ الفاظ کہ ہم نے ایسا ٹیلنٹ پہلے کبھی نہیں دیکھا، تو پھر اپنے ملک کے لوگوں کو بھی احساس ہوا کہ بندہ کسی کام کا ہے۔"
"یہ تو ہے کہ ہمارے یہاں چڑھتے سورج کی ہی پوجا کی جاتی ہے۔ ان باتوں پہ غصہ تو آتا ہو گا؟"
"بالکل آتا تھا۔ مگر کنٹرول کرنا پڑتا تھا اور جب غصہ آتا تھا تو اپنے آپ کو اتنا بے بس محسوس کرتا تھا کہ اپنے آپ کو مارنے کو دل چاہتا تھا۔ خیر اب تو میرا غصہ کم ہو گیا ہے اور یہ بھی احساس ہو گیا ہے کہ غصہ کام خراب ہی کرتا ہے۔ اسے کنٹرول میں رکھنا چاہیے۔"

"دو باتیں انسان کو کسی کام کے کرنے پر مجبور کرتی ہیں۔ پیسہ یا پھر جنون۔۔۔ آپ کو پیسہ کمانے کا جنون تھا یا کچھ کر دکھانے کا جنون تھا؟"
"کچھ کر دکھانے کا جنون تھا۔ پیسہ بھی ضروری تھا، مگر پھر سوچتا تھا کہ کچھ بن جاؤں گا تو پیسہ خود بخود مل جائے گا۔۔۔ اور مجھے یاد ہے کہ جب میں نے کام شروع کیا اور ایک اسٹیج ڈرامے میں کام کیا تو مجھے دو سو روپے ملے اور جب پی ٹی وی پر کام کیا تو ایک سو پینتالیس روپے ملے۔۔۔ تو افسوس ہوتا تھا کہ محنت کا اتنا سا صلہ۔"
"اب کیا صورت حال ہے؟"
"اب تو اللہ کا بہت کرم ہے۔"
"اب فضول خرچی کو دل چاہتا ہو گا؟"
"نہیں۔۔۔ فضول خرچی کا تو کبھی بھی دل نہیں چاہا۔ پیسے کی ہمیشہ قدر کرتا ہوں، بہت مشکل سے کمایا جاتا ہے۔ لیکن یہ ضرور ہے کہ جو چیز پسند آتی ہے اور ضرورت بھی ہوتی ہے تو ضرور خرید لیتا ہوں کہ پتا نہیں کل یہ بھی میسر ہو۔۔۔ یا نہیں۔"
"اور بیگم؟"
"الحمدللہ بیگم بھی میرے جیسی ہی کفایت شعار ہے، کبھی فضول خرچی نہیں کی۔"
"گھر میں بیگم کے ساتھ تعاون کرتے ہیں کام کاج میں؟"
"میرا تو دل چاہتا ہے کہ گھر کے کاموں میں بیگم کا ہاتھ بٹاؤں مگر وہ منع کر دیتی ہے کہ نہیں، آپ گھر سے باہر محنت کر کے آتے ہیں، گھر کو سنبھالنا اس کی دیکھ بھال کرنا میرا کام ہے۔ مگر پھر بھی میں اپنے سارے کام خود کرتا ہوں۔"
"کیوں۔۔۔؟"
"اس لیے کہ مجھے ہمیشہ سے ہی اپنے کام خود کرنے کی عادت ہے۔ کھانا پکانے سے مجھے بہت زیادہ دلچسپی ہے۔ اس لیے کبھی کبھی پکا بھی لیتا ہوں۔ رات دیر ہو جائے تو کھانا بھی خود ہی گرم کر لیتا ہوں۔"



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM



"ارے واہ... بیگم کے تو مزے ہو گئے؟"

"ایسا نہیں ہے۔ وہ بھی تو سارا دن بچوں کو سنبھالتی ہے۔ ان کی تربیت کرتی ہے۔ گھر کی دیکھ بھال... بھئی میاں' بیوی گاڑی کے دو پہیے ہیں۔ دونوں کو ہی چلنا چاہیے۔"

## جویریہ اجمل

"ہیلو... کیسی ہو؟"

"جی اللہ کا شکر۔"

"کیا ہو رہا ہے آج کل؟"

"کام... اور کافی کام کر رہی ہوں۔ اس لیے مصروف رہتی ہوں۔ نہ کہیں آنے جانے کی فرصت ہے اور نہ ہی کسی سے بات کرنے کی۔"

"اچھا... گڈ... آج کل تمہارا سیریل "بشریٰ" دیکھ رہے ہیں۔ بڑا خطرناک رول ہے۔ کیا رسپانس مل رہا ہے؟"

"اچھا رسپانس مل رہا ہے۔ سب تعریف بھی کر رہے ہیں اور جو صرف ڈرامے کو ڈراما سمجھ کر دیکھتے ہیں' انہیں تو معلوم ہے کہ میں اداکاری کر رہی ہوں۔ لیکن جو بہت گہرائی سے دیکھ رہے ہیں وہ جب بھی راستے میں ملتے ہیں تو بڑے بڑے مزے کے ریمارکس دیتے ہیں۔ کچھ مجھے بُرا کہتے ہیں' تو کچھ اچھا۔"

"تم نے مجھے اپنے پہلے انٹرویو میں کہا تھا کہ رومانٹک رول کرنے میں بہت مشکل ہوتی ہے اب بھی ہوتی ہے' تو بشریٰ میں تو...؟"

"جی جی... بشریٰ میں ایسا رول نہیں ہے کہ جھجک ہو۔ صرف فون پر بات ہوئی یا ایک دو ملاقاتیں... ہاتھ پکڑنے والے اور آمنے سامنے ڈائیلاگ بولنے والے کردار میں مشکل ہوتی ہے۔ کافی ری ٹیکس دیتی ہوں میں... لیکن خیر اب حالات پہلے سے بہتر ہیں۔ اب کام کر کر کے عادت سی ہو گئی ہے۔"

"فیوچر میں کیا کرنا ہے؟"

"جی اداکاری بھی کرنی ہے۔ ہوسٹنگ بھی اور میڈیا کی تعلیم حاصل کر کے بہت آگے تک جانا ہے۔"

"ہوسٹنگ... پہلے کبھی کی ہے؟"

"جی ہوسٹنگ کر چکی ہوں۔ اصل میں تو مجھے اداکاری سے زیادہ کمرشلز میں کام کرنے اور وی جے بننے کا شوق تھا اور آکسیجن چینل پہ میں نے ہوسٹنگ سے ہی اپنے کیریر کا آغاز کیا تھا۔ بس ریفرنس ابو کے دوست کا تھا۔ باقی میرا ٹیلنٹ... اور ابھی بھی کمرشلز کر رہی ہوں۔ البتہ اداکاری کی وجہ سے ہوسٹنگ چھوڑ دی۔"

"اداکاری میں بھی کوئی خاص ترجیح ہے رولز کے لیے؟"

"نہیں... میں ہر طرح کے رولز کرنا چاہتی ہوں۔ نیگٹیو بھی' پوزیٹو بھی۔ ماڈرن بھی اور سیدھی سادی معصوم لڑکی کے بھی۔ میں ایک ورسٹائل فنکارہ بننا چاہتی ہوں۔"

" 1996ء کی آپ کی پیدائش ہے۔ بہت چھوٹی ہیں آپ۔ تو اس فیلڈ میں کس سے متاثر ہو کر آنے کا سوچا؟"



"کسی خاص شخصیت سے متاثر نہیں ہوئی' بلکہ جب کمرشل دیکھتی تھی تو سوچتی تھی کہ میں بھی کر سکتی ہوں۔ یہ کون سا مشکل کام ہے... پھر جب کسی کو اداکاری کرتے ہوئے دیکھتی تو سوچتی ایسا تو میں بھی کر سکتی ہوں۔ مطلب مجھے دوسروں کا کیا ہوا ہر کام آسان لگتا تھا مگر جب کہیں آڈیشن کے لیے جاتی تو یہ کہہ کر ٹال دیا جاتا تھا کہ آپ ابھی چھوٹی ہیں' پھر ایک دن تھک ہار کر ابو کے ایک فرینڈ سے بات کی۔ انہوں نے میرا آڈیشن لیا اور پھر دوسرے ہی دن مجھے آکسیجن چینل سے (میوزک چینل) کال آگئی کہ آپ آجائیں اور مجھے پروگرام "دمادم" کی ہوسٹنگ دے دی۔"

"پھر دمادم مست قلندر ہوا یا تمہاری سوچ کی طرح کہ یہ کام تو میں بھی کر سکتی ہوں' تم نے آسانی سے پروگرام کر لیا؟"

ہنستے ہوئے۔ "سچ میں انسان سوچتا کچھ ہے اور ہوتا کچھ ہے۔ کیمرے کے سامنے' وہ بھی لائیو پروگرام کرنا مشکل تو بہت لگا' مگر پھر آہستہ آہستہ جھجک دور ہو گئی اور اپنے آپ سے میں نے کہا کہ "بیٹا! کام اتنا آسان نہیں' جتنا تم سمجھ رہی تھیں۔ مگر شوق حاوی ہوا اور میں اچھے طریقے سے کام کرنے لگی۔ پھر ڈرامے کی آفر آگئی تو مت پوچھیں' کتنی خوشی ہوئی اور اب تو میں بہت ہی خوش ہوں کہ میرے پاس کافی کام ہیں۔"

"لوگ اور گھر والے حوصلہ افزائی کرتے ہیں؟"

"بہت زیادہ... میرے ناظرین بھی اور میرے گھر والے بھی میری پرفارمنس کو بہت پسند کرتے ہیں۔"

"او کے جویریہ... پھر بات کریں گے تمہارے کسی نئے سیریل کے آنے پر۔"

"جی ضرور..."

## حنا حبیبہ

"کیسی ہیں حنا صاحبہ؟"

"اللہ کا شکر ہے۔"

"اب ربیع الاول قریب ہے۔ آپ کی مصروفیات تو بڑھ جائیں گی۔"

"جی بالکل بڑھ جائیں گی۔ عام دنوں میں بھی میں مصروف رہتی ہوں' لیکن رمضان المبارک اور ربیع الاول میں بہت زیادہ مصروفیات ہو جاتی ہیں۔"

"مصروف رہنا اچھا لگتا ہے یا گھر میں بیٹھ کر آرام کرنا؟"

"دونوں... رمضان المبارک اور ربیع الاول کے مہینوں میں ہی زیادہ مصروفیات ہوتی ہیں اور ان دو ماہ میں تو اتنا جوش و خروش ہوتا ہے اور اتنے جذباتی ہو جاتے ہیں سب کہ... ویسے ہی سب بہت اچھا لگتا ہے۔ بہت برکت والے مہینے ہوتے ہیں۔"

"حنا! آپ نعتیہ محفلوں میں زیادہ بلائی جاتی ہیں یا ٹی وی چینل پہ؟"

"جن دو ماہ کا ذکر میں نے کیا ہے ان میں تو پرائیویٹ' سرکاری اور ٹی وی چینلز میں بہت زیادہ بلائی جاتی ہوں۔ جبکہ عام دنوں میں نجی نعتیہ محفلوں میں... لوگ جب شادی کی تقریبات کا آغاز کرتے ہیں تو میلاد سے کرتے ہیں تو پھر ان موقعوں پر بھی ہمیں بلایا جاتا ہے۔"

"اتنی مصروفیات میں سے اتنا ٹائم مل جاتا ہے کہ امی کے ساتھ گھر کے کاموں میں ہاتھ بٹالیں؟"

"گھر میں سب سے بڑی ہوں اور بڑی ہونے کی وجہ میرا فرض بنتا ہے کہ میں امی کے ساتھ گھر کے کاموں میں ہاتھ بٹاؤں... مگر مجھے وقت ہی نہیں ملتا امی کے ساتھ کام کرنے کا۔ چھوٹی بہنیں زندہ باد... میرے ساتھ بہت تعاون کرتی ہیں... اللہ انہیں خوش رکھے۔"

"اور کیا مشاغل ہیں تمہارے؟"

"بس کبھی فرصت میں ہوتی ہوں تو فیس بک اور انٹرنیٹ کو دیکھ لیتی ہوں... یا کبھی کبھار شاپنگ پر چلی جاتی ہوں۔"



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

# وہ اِک پری تھی

نازیہ جمال

انڈس ہائی وے پر ایک سیاہ کار شمال کی جانب رواں دواں تھی۔ اس کار میں بیٹھے پانچ بے حد خوب صورت افراد کے خوشی سے دمکتے چہروں پہ منزل کے قریب پہنچنے کا احساس دم بدم ہالہ بکھیر رہا تھا۔

پانچوں نے بے حد خوب صورت 'اسٹائلش اور قیمتی کپڑے زیب تن کر رکھے تھے۔ خواتین کی کلائیوں میں طلائی زیورات دمک رہے تھے۔

آخر کیوں نہ اتنے اہتمام سے آتے؟ اپنی خالہ زاد بہن شازیہ جمال نیر کی شادی میں شرکت جو کرنے آرہے تھے۔

خالہ کو اپنی بھانجی کو دلہن کے روپ میں دیکھنے کا ارمان کشاں کشاں لیے چلا آرہا تھا۔

"اتنے مہینوں بعد رشتہ داروں' عزیزوں سے ملیں گے۔ خوب گپ شپ رہے گی۔ خوب ناچیں گے' ہلہ گلہ کریں گے۔" اسی ایک سوچ نے ان پانچوں کو رستہ بھر ترنگ میں مبتلا کیے رکھا۔

"میری بہنیں' بھائی' ضعیف العمر والد۔۔۔ کیسے اتنے سارے پیاروں کو ٹائم دے پاؤں گی۔ شادی میں مہمانوں کو بھی بھگتانا ہوگا۔ آخر کو دولہا' دلہن کی خالہ ہوں' مہمان بن کر ایک طرف تو نہیں بیٹھ جاؤں گی۔"

بے حد نفیس' خوب صورت اور ادھیڑ عمر باوقار خاتون نے دھیمے سے مسکراتے ہوئے دل میں سوچا۔

"پیر کو میری حیفہ کا پیپر ہے۔ بس شازیہ کی رخصتی تک ہی رکیں گے۔ ولیمہ اٹینڈ کرتے ہی واپسی کرنی ہوگی۔ میرا عبداللہ میرے بغیر زیادہ نہیں رہ سکتا۔"

ماں کے پہلو سے لگ کر بیٹھی خوب صورت سراپے کی مالک لڑکی نے اپنی مخصوص میٹھی اور دلنشین آواز میں سب کو اپنے ارادے سے آگاہ کیا۔

اچانک شمال کی جانب سے ایک ٹرالر نمودار ہوا۔

گورے مضبوط مردانہ ہاتھوں نے اسٹیرنگ سنبھالنے کی بہت کوشش کی' مگر تقدیر سے زیادہ اثر پذیر چیز بھلا کچھ اور بھی ہے۔۔۔ کار اور ٹرالر کے زوردار تصادم کی آواز سے پنچھیوں نے ایک دم سے اشجار چھوڑ دیے۔ رستے ایک دم ٹھٹک سے گئے۔ خوف سے دم سادھی فضا نے فرحانہ ناز ملک کو دم توڑتے دیکھا تو دوپہر کو سسک کر رو پڑی۔

ایک دوسرے کو اپنی جان کہنے والے تینوں بہن' بھائی ایک ساتھ جان کیسے نہ دیتے۔۔۔ اپنے بچوں پہ ہر دم مہربان' شفیق اور جان نچھاور کرنے والی ماں داعیٔ اجل کو لبیک کہنے میں تامل کیوں کرتی؟

☼ ☼ ☼

11 اکتوبر 2014ء

آج کا دن میرے لیے بے حد اہم اور خوشی کا دن تھا۔ میں نے ہاتھوں پہ سعدیہ سے مہندی لگوائی۔ ناخنوں کو گلابی رنگ سے رنگا۔ کلائیوں میں بھر بھر چوڑیاں چڑھائیں۔ آخر یہ سب کیوں نہ کرتی؟ آج میری بہت پیاری' بہت میٹھی بہن شازیہ جمال نیر کی مایوں تھی۔ ہر فرد بے حد مصروف و بے حد خوش۔

"آپی! آؤ ذرا میرے ساتھ' یہ دریاں چیک کروالو۔ پوری ہیں یا نہیں؟" فیصل نے مجھے پکارا۔

"میرے لال! میں نے چہرے اور بازوؤں پہ بلیچ لگا رکھی ہے۔ میں کیسے تمہاری مدد کروں۔" میں نے معصومیت سے عذر پیش کیا۔

"یہ پچھلے آدھے گھنٹے سے صرف اس لیے بلیچ تھوپے بیٹھی ہے کہ کوئی کام نہ کرنا پڑے۔"

رات کے فنکشن کے لیے کپڑے استری کرتی سعدیہ نے جل بھن کر کہا۔ شازیہ شرمیلی مسکان لبوں



پہ سجائے مایوں کی زرد قمیص اپنے ساتھ لگائے فٹنگ چیک کر رہی تھی۔

اچانک جنوب سے آتی ہوا کرلانے لگی۔ سب ایک دم سہم سے گئے۔

"یا اللہ! خیر۔ فرحت لوگ ابھی تک نہیں پہنچے۔ جانے کب روانہ ہوئے ہیں۔" امی نے سینے پہ ہاتھ رکھ کر سراسیمگی سے کہا۔ سب کے دل ایک ساتھ ایک ہی رفتار سے کیسے دھڑک سکتے ہیں؟ مگر ہمارے دھڑکنے لگے تھے۔ جیسے تیز رفتار ریل گاڑی' چھکا چھک' چھکا چھک۔۔۔ ابو کے سیل پہ کال آئی۔ وہ کال نہیں تھی' بلکہ صور اسرافیل تھا جس نے ہم سب کو کھڑے کھڑے زندہ درگور کر دیا۔ مہندی کا رنگ ایک دم پھیکا پڑ گیا تھا۔ فیشل زدہ گورے چہرے ایک دم زرد۔ آسمان سر پہ ٹوٹ پڑنا۔ قہر بپا ہونا۔ پیروں سے زمین نکلنا۔۔۔ یہ سارے الفاظ میں نے اردو کی کتاب میں پڑھے اور بارہا انہیں بہت آرام سے جملوں میں استعمال کیا۔ مگر ان جملوں کی اصل کیفیت اتنی دردناک' بھیانک اور جان لیوا ہوتی ہے۔ یہ میں نے آج جانا تھا۔

میں فرحانہ ناز ملک کو بہت محبت' احترام' اپنائیت' لاڈ اور عقیدت سے باجی بے بی کہتی تھی۔ انہیں میں نے ہمیشہ ایک ہی روپ میں دیکھا۔ بے حد آسودہ' مطمئن' خوش باش' سریلے قہقہے بکھیرتی' بے حد خوب صورت اور اسمارٹ اور ہمیشہ انہیں اسی روپ میں دیکھنے کی چاہ تھی۔

مگر یہ خون میں لت پت' ٹوٹا پھوٹا' بے جان لاشہ۔۔۔ نہیں' نہیں۔۔۔ یہ میری باجی بے بی نہیں ہو سکتیں۔ کبھی نہیں۔

کتنی چاہ سے ہم نے انہیں شادی پہ مدعو کیا تھا۔۔۔ مگر یہ کیا؟ وہ ہمارے شہر شادی اٹینڈ کرنے کے بجائے منوں مٹی اوڑھ کر سو گئیں۔ ساتھ میں ماں' بہن اور بھائی کو بھی لے لیا۔

"یا اللہ! یہ آزمائش کا کون سا روپ ہے جو تو نے نہیں دکھایا ہے؟ اتنا صبر' اتنا حوصلہ کہاں سے لائیں۔۔۔؟"

وہ صرف میری خالہ زاد بہن ہی نہیں' بلکہ بہت اچھی دوست' غمگسار اور دم ساز ساتھی بھی تھیں۔ ان کی صحبت میں مجھے ہمیشہ ایک لطف ملتا۔ جب بھی ان کے پاس سے اٹھتی' سیر ہو کر اٹھتی۔ میری اور شازیہ کی تحاریر کی خوب تعریف کرتیں۔ ہمارا حوصلہ بڑھاتیں۔ مجھے ان کے معنفہ ہونے پر ایک فخر سا ہوتا۔

"فرحانہ ناز ملک میری کزن ہیں۔" بچپن میں ان کی پھول اور کلیاں میں چھپی کہانیوں کو میں اپنے جاننے والوں میں بہت ناز سے متعارف کرواتی۔

ہاں۔۔۔ ہاں یہ خوب صورت۔۔۔ مدھر ہنسی والی میری کزن ہے۔ جس کے بے تحاشا لمبے بال مسحور کر دیتے ہیں۔ جس کو اپنی شخصیت سے ہر کسی کو گرویدہ کرنے کا فن خوب آتا ہے۔ کسی کے دل میں گھر کیسے کرتے ہیں؟ کوئی ان سے پوچھتا۔ اپنے تینوں بچوں کے لیے ایک بہترین ماں' ہر وقت ان کے بہتر مستقبل کی باتیں کرتیں۔ اپنے شوہر کی تابع دار اور دلدار بیوی' بہت انکساری سے کہتیں۔

"اللہ ہر لڑکی کو میرے جیسا نصیب عطا فرمائے۔"

اور ہم سب لڑکیوں کے دل سے بے ساختہ آمین نکلتی۔

بے حد فراخ دل' بہت مہمان نواز' ان کے گھر جاتے تو اشیائے خورد و نوش کا ڈھیر لگا دیتیں۔ تا آنکہ ہمیں ہاتھ جوڑنے پڑتے۔ "بس کردیں باجی بے بی"

انہیں مجھ سے ہمیشہ ایک ہی گلہ رہا۔

"یار! تم کبھی اپنے خطوط میں میری تحاریر کی تعریف نہیں کرتی ہو۔ چلو تعریف نہیں' کوئی حوالہ ہی دے دیا کرو۔ دوسری رائٹرز کی تو بہت تعریفیں کرتی ہو۔"

"تحاریر چھوڑیں۔ میں آپ کی ویسے جو دیوانی ہوں۔ آپ کی سب سے بڑی فین۔" میں ان کا گلہ دور کرنے کی کوشش کرتی۔



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

شازیہ نے مایوں کا جوڑا پلیٹ کے رکھ دیا۔ میوزک، لائٹس، دریاں، برتن، سب سامان واپس۔

گلاب چہرے، ستارہ آنکھوں اور کھنکتی ہنسی والی فرحانہ ناز اپنے شریک حیات جن کے ساتھ تاحیات زندگی کا سفر بتانے کا عہد کیا تھا۔ اپنے بچوں کو دم بھر خود سے جدا نہ کرنے والی سب سے منہ موڑ کر، سارے عہد توڑ کر خاک اوڑھ کر سو گئیں۔

ایک پری کی طرح ایسی اڑان بھری کہ نجانے کن آسمانوں کی کھوج میں نکل گئیں۔ میرے پاس اب ان کی باتیں، یادیں اور بس یادیں۔

# اُسے جانے کی جلدی تھی

— صائمہ اکرم چوہدری

کل اس کی آنکھ نے کیا زندہ گفتگو کی تھی
گماں بھی نہ تھا، وہ شخص بچھڑنے والا ہے

"یار دانیال نے میٹرک میں 927 نمبر لیے ہیں، کچھ کم نہیں ہیں؟" فرحانہ ناز ملک نے پچیس جولائی کو اپنے مخصوص میٹھے سرائیکی لہجے میں بتایا۔

"کچھ خدا کا خوف کرو فری! یہ کم نمبر ہیں کیا؟" میں نے دانیال کی حمایت میں بیان جاری کیا تو وہ فوراً" خوش ہو گئی۔

"سنو... میں نے لاہور میں گھر لے لیا ہے۔ کچھ شفٹنگ کے مسائل ہیں، اس لیے کنفیوز ہوں۔" اس نے ایک اور مسئلہ بتایا۔

"ایسا کرو استخارہ کرلو۔" میں نے اپنی سمجھ کے مطابق مشورہ دیا۔

"میں دانی کو ڈی جی خان سے لاہور اکیلے اسٹڈی کے لیے نہیں بھیجنا چاہتی۔" اس کا فکر مند لہجہ میرے ذہن میں گونجا۔

"ہرگز مت بھیجنا۔ یہ عمر بہت خطرناک ہوتی ہے۔ بچوں کو اپنی نظروں کے سامنے رکھنا چاہیے۔" میں نے فوراً" ہی اسے خبردار کیا۔

"ہاں، سوچ رہی ہوں، ایف ایس سی یہیں کر والوں، کرن کی ہاؤس جاب ختم ہو گئی ہے، تب تک اس کی بھی لاہور میں جاب ہو جائے گی۔ پھر شفٹ ہو جائیں گے۔" وہ فیصلہ کر کے اب پرسکون تھی۔

فرحانہ ناز ملک سے میرا اٹھارہ انیس سال پرانا تعلق ہے۔ وہ میری دوست تھی۔ اس کے لیے لفظ "تھی" لکھتے ہوئے دل ایک لمحے کو کانپا اور قلم اٹھاتے ہی یادیں کسی ضدی بچے کی طرح دامن تھام کر بیٹھ گئیں۔ سمجھ میں نہیں آرہا کیا لکھوں اور کیا چھوڑ دوں... وہ جو والدین کی "بے بی" تھی۔ بچوں کی انتہائی محبت کرنے والی ماں تھی اور ہم سب کی بہت پیاری فری تھی... ہم سب کو چھوڑ کر چلی گئی۔

گیارہ اکتوبر 2014ء کی وہ ظالم شام تھی۔ جب میں نے عید کی چھٹیوں کے بعد اسلام آباد میں قدم رکھا تو پہلی دفعہ مجھے مارگلہ کی پہاڑیوں پر اترتی شام میں کسی گہری اداسی کی جھلک محسوس ہوئی۔ میں نے خود کو مصروف کرنے کے لیے ٹی وی آن کر لیا مگر اس میں بھی دل نہ لگ سکا۔ اسی وقت سائرہ کی کال آگئی۔

"صائمہ! کیا کر رہی ہو۔" سائرہ نے ذرا محتاط انداز سے دریافت کیا۔

"ٹی وی دیکھ رہی ہوں۔" میں نے بے دھیانی میں جواب دیا۔

"فرحانہ کا پتا چلا؟" اس نے اب اور زیادہ محتاط انداز اپنایا۔

"کیا...؟" میں نے لاپروائی سے کہا۔

"اس کی روڈ ایکسیڈنٹ میں ڈیتھ ہو گئی۔ فیس بک پر خبر لگی ہوئی ہے۔" سائرہ کی آواز سے ایک لمحے کو ماہ و سال کی گردشیں تھم سی گئیں۔

"نہیں... نہیں یار، ابھی صبح تو اس کا "گڈ مارننگ" کا میسج آیا ہے۔ ایسے کیسے ہو سکتا ہے۔ فیس بک پر کسی نے ہوائی اڑا دی ہو گی۔" میں نے سائرہ سے زیادہ خود کو تسلی دیتے ہوئے جواب دیا۔ پھر سائرہ کو خدا حافظ کہہ کر فوراً" فرحانہ کا نمبر ملایا تو وہ ناٹ رسپانڈنگ جا رہا تھا۔ فوراً" اس کے میاں کو کال کی۔ اور اس لمحے دل کی بے ربط دھڑکنیں کچھ انہونی کا احساس دلا رہی تھیں۔

"بھائی! فرحانہ کہاں ہے؟" میں نے فرحانہ کے میاں کی آواز سنتے ہی بے تابی سے پوچھا۔

"اس کی آج دوپہر روڈ ایکسیڈنٹ میں ڈیتھ ہو گئی۔ اس کی والدہ اور ایک بہن اور بھائی بھی ساتھ تھے۔ سب کا رات نو بجے جنازہ ہے۔" فرحانہ کے میاں کی افسردہ آواز نے میرے جسم سے روح کھینچ لی۔ ایسا لگتا تھا جیسے کسی نے پگھلا ہوا سیسہ کانوں میں ڈال دیا ہو۔

"اور بچے...؟" میرے منہ سے بے اختیار پھسلا۔

"ان کو میں نے گھر روک لیا تھا۔ بس دانیال ساتھ تھا۔" انہوں نے بمشکل صدمے سے سنبھلتے ہوئے کہا۔ میری تو جیسے قوت گویائی سلب ہو گئی۔ میں نے پاگلوں کی طرح اپنا سیل فون اٹھایا۔ ہمیشہ کی طرح آج بھی اس کا گڈ مارننگ کا میسج موجود تھا لیکن ان لفظوں میں مجھے پہلی دفعہ زندگی کی دھڑکنیں محسوس نہیں ہوئیں۔ میرا دل و دماغ مفلوج سا ہو گیا۔ ذہن اس چیز کو قبول کرنے کو تیار ہی نہیں تھا۔ اس کی کھنکتی آواز، خوش گوار لہجہ، سادہ طبیعت اور دوستانہ مزاج... ایک ایک چیز حافظے پر نقش ہے۔ فیس بک اوپن کی تو ہر طرف ایک ہی دل دہلا دینے والی خبر تھی۔ اس کے اکاؤنٹ میں حیفہ، عبداللہ اور دانیال کی تصویریں لگی ہوئی تھیں۔ اپنے تینوں بچوں میں اس کی جان تھی۔

فرحانہ ناز ملک سے میری اس وقت قلمی دوستی ہوئی، جب ہم دونوں بچوں کے میگزین "پھول" میں لکھا کرتے تھے۔ میں دسویں کلاس کی اسٹوڈنٹ تھی اور وہ میری ہی ایج فیلو تھی، لیکن شادی شدہ۔ یہ چیز مجھے ہضم نہیں ہوئی تو اس نے فوراً" ثبوت کے طور پر اپنی اور بچوں کی تصویریں بھجوادیں۔ جو کسی اسٹوڈیو کی تھیں۔ دراز قد، بڑی بڑی سحر انگیز خوب صورت آنکھوں والی لڑکی مجھے پہلی ہی نظر میں اچھی لگی۔

"تم نے شادی اتنی جلدی کیوں کرلی؟" میں نے حیرت سے ایک دن پوچھا۔

"بس یار! کچھ امی، ابو کو جلدی تھی اور کچھ میاں جی کو مجھ سے پیار تھا۔" اس نے شرارت بھرے لہجے میں جواب دیا۔ وہ اپنی ازدواجی زندگی سے بہت خوش تھی اور اکثر اپنی ساس کی بہت تعریفیں کرتی تھیں۔

"میری ساس نے آج تک مجھے روٹی بنانے نہیں دی، میری تو موجیں ہی موجیں ہیں۔ سب کچھ پکا پکایا مل جاتا ہے۔" ایک دن اس نے فون پر بات کرتے ہوئے بتایا۔

"شرم کرو! اپنے میاں کی والدہ سے خدمتیں کرواتی ہو۔" میں نے اسے چھیڑا۔

"یار دنیا میں بہت کم خوش قسمت بہوئیں ہوتی ہیں جن کی ساسیں اتنی اچھی ہوں۔ میرا شمار ان چند بہوؤں میں ہوتا ہے۔" اس نے ہنستے ہوئے جتایا۔ شادی کے چند سال بعد جب اس نے علیحدہ گھر لیا تو کچھ افسردہ تھی۔ میں یونیورسٹی گئی، پھر اس کے بعد شادی ہو گئی، لیکن فرحانہ کے ساتھ میرا تعلق قائم رہا۔ اکثر ہم لوگ پیکیج پر گھنٹوں لمبی لمبی باتیں کرتے۔ وہ بہت محنتی لڑکی تھی اور زندگی میں کچھ کرنا چاہتی تھی۔ شادی شدہ ہونے کے باوجود اس نے میٹرک کے بعد کی ساری تعلیم حاصل کی۔ ایف اے، بی اے اور ایم اے کے دوران جب بھی اسے گائیڈ لائن کی ضرورت پڑتی، وہ مجھ سے ہی مشورہ کرتی۔ اسے ایم اے اردو کرنے کا بھی میں نے ہی مشورہ دیا۔ جب بھی گورنمنٹ جابز کا پتا چلتا تو میں فوراً" اسے بتاتی اور وہ جلدی سے اپلائی کر دیتی۔ اسے اپنا کیریئر بنانے کی دھن تھی۔ بہت سادہ مزاج اور دوسروں پر اعتبار کرنے والی لڑکی تھی۔ ایک کالج میں اس کی ہوسٹل وارڈن کی جاب ہوئی تو دو، تین دن بعد ہی چھوڑ کر واپس آگئی کہ بچوں کے بغیر نہیں رہ سکتی۔ میں نے خوب اسے چھیڑا۔ میں اپنی بیسٹ فرینڈ فریحہ خان کی شادی اٹینڈ کرنے ڈی جی خان گئی تو وہ مجھ سے وعدہ کر کے ملنے نہیں آئی۔ جس پر میں کافی عرصہ اس سے خفا رہی، لیکن پھر اس نے مجھے منالیا۔





WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

امتُ الصبور

# تاریخ کے جھروکوں سے

## شاہ تبع کا محل

آفتاب رسالت طلوع ہونے سے سات سو برس پہلے کا ذکر ہے کہ شاہ تبع اسعد بن کرب مشرقی ممالک کو زیرِ نگیں کرنے کے غرض سے نکلا۔ اسی دوران اس کا گزر مدینہ منورہ سے بھی ہوا' جہاں مقام سفیح پر اس نے قیام کیا۔ اس وقت اہلیان مدینہ کا رئیس عمرو بن طلحہ تھا۔ شاہ تبع یہود کو قتل اور شہر کو برباد کرنے کا ارادہ رکھتا تھا مگر اہل مدینہ نے جنگ پر صلح کو ترجیح دی۔

جب اہل مدینہ سے صلح کا معاہدہ طے پا گیا تو بادشاہ اپنے لڑکے کو وہاں مقرر کر کے مکہ معظمہ پر فتح پانے کے لیے چل پڑا۔ اس کے جانے کے بعد شہزادے کو قتل کر دیا گیا۔ جب بادشاہ کو اطلاع ہوئی تو وہ سخت غضب ناک ہو کر لوٹا اور اہل مدینہ کا قتل عام کرنے کا فیصلہ کر لیا۔

بادشاہ کے انتہائی خطرناک ارادے کا علم بنی قریظہ کے دو علما سمیت منبشہ کو ہوا تو وہ بادشاہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ناصحانہ لب و لہجہ روانہ مشورہ دیا کہ وہ اہل مدینہ کی ہلاکت کا ارادہ ترک کر دے اور ان کی خیر خواہی کو قبول کر لے' ورنہ اندیشہ ہے کہ کسی ناگہانی آفت کا شکار ہو جائے گا۔ شاہ تبع نے دریافت کیا کہ عذاب میں مبتلا ہونے کی کیا وجہ ہو سکتی ہے؟ علما نے بتایا کہ مدینہ باسکینہ نبی آخر الزمان حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا دار الہجرت اور دار القرعہ ہو گا۔ اس لیے اللہ نے اس کی حفاظت اپنے ذمہ لے رکھی ہے۔

بادشاہ نے اس مشورہ کی قدر کرتے ہوئے اپنا ارادہ بدل دیا اور علما کرام کی علمیت اور فضیلت کو تسلیم کرتے ہوئے ان کا مذہب اختیار کر لیا۔ اس طرح خاموشی کے ساتھ مدینہ سے روانہ ہو گیا۔

ایک روایت میں ہے کہ جب شاہ تبع مدینہ سے گزرا تو اس کے ساتھ چار سو علما تورات تھے۔ علما نے بادشاہ سے درخواست کی کہ انہیں اس سرزمین پاک پر رہنے کی اجازت دی جائے۔ بادشاہ نے اس کا سبب دریافت کیا۔ جس پر علما کرام نے کہا کہ ہم نے انبیا کرام کے صحیفوں میں پڑھا ہے کہ نبی آخر الزمان حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا دار الہجرت یہ شہر ہو گا۔

بادشاہ نے نہ صرف انہیں وہاں رہنے کی اجازت دے دی بلکہ ان سب کے لیے مکانات تعمیر کرائے۔ ان کے نکاح کرائے اور گزر اوقات کے لیے مال و دولت بھی عطا کی اور مقصود کائنات ﷺ کی ذات و برکات کے لیے بھی ایک عالی شان محل تعمیر کرایا اور آپ ﷺ کے نام خط لکھا جس میں اپنے اسلام اور اشتیاق دیدار کا ان الفاظ میں اظہار کیا۔

"میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول برحق ہیں۔ اگر میری عمر نے وفا کی اور ان کی آمد تک خدا نے زندگی بخشی تو میں ان کا معاون و مددگار بنوں گا اور ان کے دشمنوں سے جہاد کروں گا اور ان کے دل سے ہر غم دور کروں گا۔"

بادشاہ نے اس خط کو سربمہر کر کے ایک عالم کے سپرد کر دیا اور وصیت کی اگر تم نبی کو پاؤ تو میرا یہ عریضہ پیش کر دینا بصورت دیگر یہ خط اپنی اولاد کے حوالے کر کے یہی وصیت کر دینا۔

چنانچہ وہ خط نسل در نسل چلتے چلتے سیدنا ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ تک پہنچ گیا اور شاہ تبع کا تعمیر کردہ محل بھی زمانہ نشیب و فراز سے گزرتا ہوا اور تعمیر در تعمیر کے مراحل طے کرتا ہوا سیدنا ایوب کے زیر تصرف آ گیا۔ چنانچہ جب خیر الخلائق سید الاولین والآخرین مدینہ منورہ تشریف لائے تو دونوں چیزیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں پیش کر دی گئیں۔

سیدنا ابو ایوب انصاری کا مکان دو منزلہ تھا۔ انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے درخواست کی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اوپر والے حصے میں قیام فرمائیں مگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے زائرین کی سہولت اور راحت رسانی کے لیے زیریں منزل پسند فرمائی۔ کچھ عرصہ یوں گزر گیا مگر حضرت ابو ایوب رضی اللہ عنہ کا دل ادب و احترام اور عشق نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے لبریز تھا۔ آپ کو ہر وقت فکر دامن گیر رہتی کہ رحمت کائنات نیچے مقیم ہیں اور ہم اوپر رہتے ہیں۔ یعنی ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سر مبارک پر چلتے پھرتے ہیں۔ بنا بریں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں عاجزی و انکساری سے عرض کی کہ ہمارے ایمانی جذبات اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ادب و احترام کا تقاضا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم بالائی منزل میں اقامت گزین ہو جائیں تاکہ سوئے ادب کا احتمال نہ رہے' چنانچہ آپ ﷺ نے ان کی درخواست کو شرف قبولیت سے نوازا اور بالائی منزل میں راحت گزین ہو گئے۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے زیریں حصہ کے مقام کے دوران ایک مرتبہ اتفاق سے بالائی منزل میں پانی کا برتن ٹوٹ گیا۔ صاحب خانہ حضرت ابو ایوب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خدشہ ہوا کہ پانی نیچے گرنے سے محسن کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کو اذیت پہنچے گی۔ اس لیے پانی جذب کرنے کے لیے فوری طور پر لحاف ڈال دیا۔ حالانکہ ان کے پاس صرف وہی ایک لحاف اوڑھنے کو تھا۔

(تاریخ مدینہ منورہ از محمد عبد المعبود)

شبانہ الیاس۔ نیو ملتان


پیارے بچوں کے لئے

قصص الانبیاء




تمام انبیاء علیہ السلام کے بارے میں مشتمل
ایک ایسی خوبصورت کتاب جسے آپ
اپنے بچوں کو پڑھانا چاہیں گے۔

ہر کتاب کے ساتھ حضرت محمد ﷺ کا شجرہ مفت حاصل کریں۔

قیمت -/300 روپے

بذریعہ ڈاک منگوانے پر ڈاک خرچ -/50 روپے

بذریعہ ڈاک منگوانے کے لئے

مکتبہ عمران ڈائجسٹ

37 اردو بازار، کراچی۔ فون: 32216361






WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM



# موسم کے پکوان

خالدہ جیلانی

## کھڑے مسالے کا چکن اسٹو

اجزا :

| | |
|---|---|
| چکن | ایک کلو |
| ثابت سرخ و سیاہ مرچ | بارہ' بارہ عدد |
| ادرک' لہسن پیسٹ | ایک کھانے کا چمچہ |
| دار چینی' تیزپات | دو' دو ٹکڑے |
| چھوٹی الائچی | چھ عدد |
| دہی | ڈیڑھ کپ |
| پیاز | ایک کلو |
| زیرہ' دھنیا | آدھا' آدھا چائے کا چمچہ |
| نمک' تیل | حسب ذائقہ و ضرورت |

ترکیب :

تیل گرم کرکے پیاز سنہری کریں۔ چھوٹی الائچی' ثابت لال مرچ' لونگ' سیاہ مرچیں' تیزپات' دار چینی اور لہسن ادرک ڈال کر دو منٹ فرائی کریں۔ پھر گوشت ڈال دیں۔ گوشت کا رنگ ہلکا سنہری ہو جائے تو دہی اور نمک ڈال کر مکس کریں اور درمیانی آنچ پر ڈھک کر پکائیں۔ گوشت گل جائے تو اچھی طرح بھون لیں۔ تیل الگ ہو جائے تو زیرہ اور دھنیا ڈال کر مکس کریں اور چولہے سے اتار لیں۔

## سندھی کڑھی

اجزا :

| | |
|---|---|
| دہی | آدھا کلو |
| بیسن | دو کپ |
| پالک | ایک کپ |
| ادرک لہسن پیسٹ | ایک چائے کا چمچہ |
| ہلدی' سرخ مرچ | آدھا' آدھا چائے کا چمچہ |
| پیاز | ایک عدد |
| کڑی پتے | چند پتے |
| نمک' تیل | حسب ذائقہ و ضرورت |

ترکیب :

بیسن چھان کر دہی میں ملائیں اور خوب اچھی طرح



پھینٹ لیں۔ پھر نمک' سرخ مرچ' ہلدی اور لہسن ادرک پیسٹ کے ساتھ پانچ گلاس پانی ڈال کر چڑھا دیں۔ ایک ابال آجائے تو آنچ ہلکی کر دیں اور اتنی دیر پکائیں کہ بیسن کا کچا پن ختم ہو جائے۔ پھر عام طریقے سے بنائے گئے پکوڑے اور پالک ڈال کر پکائیں۔ گاڑھی ہو جائے تو چولہا بند کر دیں۔ فرائنگ پان میں پیاز' ثابت مرچ' کڑی پتا اور زیرہ کڑکڑا کر کڑھی میں بگھار لگا دیں۔ ابلے چاول یا تندوری روٹی کے ساتھ پیش کریں۔

## حیدر آبادی بھنڈی

اجزا :

| | |
|---|---|
| بھنڈی | آدھا کلو |
| کھوپرا' زیرہ | ایک' ایک چائے کا چمچہ |
| پیاز' ٹماٹر | دو' دو عدد |
| کٹی مرچ' ہلدی | آدھا' آدھا چائے کا چمچہ |
| تل' کچی مونگ پھلی | ایک' ایک چائے کا چمچہ |
| نمک' تیل | حسب ذائقہ و ضرورت |

ترکیب :

زیرہ' مونگ پھلی' کھوپرا باریک پیس لیں۔ بھنڈی کے درمیانے ٹکڑے کاٹ کر فرائی کر لیں۔ الگ دیگچی میں ایک چھوٹی پیاز سنہری کریں' پھر نمک' مرچ' ہلدی اور باریک کٹے ہوئے ٹماٹر ڈال دیں۔ ٹماٹر نرم ہو جائیں تو فرائی کی ہوئی بھنڈی ڈال کر ہلکی آنچ پر دس منٹ پکائیں۔ پھر پسا ہوا مسالا ڈال کر پانچ منٹ کے لیے دم پر رکھ دیں۔ چاہیں تو املی کا پیسٹ بھی ڈال دیں۔ حیدر آبادی بھنڈی فرائی تیار ہے۔

## کبابی پلاؤ

اجزا :

| | |
|---|---|
| قیمہ | آدھا کلو |
| بیسن | ایک کھانے کا چمچہ |
| پیاز | دو عدد |
| ادرک لہسن پیسٹ | ایک کھانے کا چمچہ |
| چاول | تین کپ |
| ثابت گرم مسالا | ایک کھانے کا چمچہ |
| نمک' تیل | حسب ذائقہ و ضرورت |

ترکیب :

قیمے میں لہسن ادرک پیسٹ' سرخ مرچ' نمک' پسا گرم مسالا' بیسن' ایک پیاز (براؤن کرکے پیس لیں) اچھی طرح ملا کر رکھ دیں۔ ایک گھنٹے بعد کسی بھی شیپ میں کباب بنا کر فرائی کرکے رکھ لیں۔ الگ پتیلی میں پیاز کے ساتھ ثابت گرم مسالا کڑکڑائیں' پھر لہسن ادرک پیسٹ اور دو چٹکی جائفل جاوتری بھی ڈال دیں۔ چاول کے ساتھ حسب ضرورت پانی (یخنی استعمال کریں تو زیادہ بہتر رہے گا) ڈال کر درمیانی آنچ کر دیں۔ پانی خشک ہو جائے تو کباب رکھ کر احتیاط سے مکس کریں اور دم پر رکھ دیں۔ رائتے کے ساتھ نوش فرمائیں۔

## دل بہار میٹھا

اجزا :

| | |
|---|---|
| سوجی | ایک کپ |
| بیسن | دو کپ |
| چینی | ڈیڑھ کپ |
| ناریل پاؤڈر | ایک کپ |
| خشک دودھ | آدھا کپ |
| بادام' پستے' گھی | حسب ضرورت |

ترکیب :

چینی میں آدھا کپ پانی ملا کر گاڑھا شیرہ بنا لیں۔ ایک فرائنگ پان میں تین چمچے گھی ڈال کر بیسن بھون لیں اور سنہری ہو جائے تو الگ نکال لیں۔ اسی فرائنگ پان میں گھی ڈال کر سوجی بھونیں اس کے بعد ناریل' خشک دودھ اور بھنا ہوا بیسن بھی شامل کر دیں۔ پھر آہستہ آہستہ شیرہ ملائیں۔ ساتھ ساتھ مکس بھی کرتے جائیں۔ خوب اچھی طرح یکجان کرکے آمیزے ٹرے میں آمیزہ پھیلا دیں۔ پستہ' بادام کی ہوائیاں اور کش کیا ہوا کھوپرا اوپر چھڑک دیں۔ جم جائے تو حسب پسند شیپ میں کاٹ کر پیش کریں۔



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

# پاک سوسائٹی ڈاٹ کام کی پیشکش

## یہ شمارہ پاک سوسائٹی ڈاٹ کام نے پیش کیا ہے

## ہم خاص کیوں ہیں:۔

- ہائی کوالٹی پی ڈی ایف فائلز
- ہر ای بک آن لائن پڑھنے کی سہولت
- ماہانہ ڈائجسٹ کی تین مختلف سائزوں میں اپلوڈنگ
  سپریم کوالٹی، نارمل کوالٹی، کمپریسڈ کوالٹی
- عمران سیریز از مظہر کلیم اور ابن صفی کی مکمل رینج
- ایڈ فری لنکس، لنکس کو پیسے کمانے کے لئے شرنک نہیں کیا جاتا
- ہر ای بک کا ڈائریکٹ اور رژیوم ایبل لنک
- ڈاؤنلوڈنگ سے پہلے ای بک کا پرنٹ پریویو ہر پوسٹ کے ساتھ
- پہلے سے موجود مواد کی چیکنگ اور اچھے پرنٹ کے ساتھ تبدیلی
- مشہور مصنفین کی کتب کی مکمل رینج
- ہر کتاب کا الگ سیکشن
- ویب سائٹ کی آسان براؤسنگ
- سائٹ پر کوئی بھی لنک ڈیڈ نہیں

We Are Anti Waiting WebSite

واحد ویب سائٹ جہاں ہر کتاب ٹورنٹ سے بھی ڈاؤنلوڈ کی جاسکتی ہے

ڈاؤنلوڈنگ کے بعد پوسٹ پر تبصرہ ضرور کریں

ڈاؤنلوڈنگ کے لئے کہیں اور جانے کی ضرورت نہیں ہماری سائٹ پر آئیں اور ایک کلک سے کتاب ڈاؤنلوڈ کریں

اپنے دوست احباب کو ویب سائٹ کا لنک دیکر متعارف کرائیں

WWW.PAKSOCIETY.COM

Online Library For Pakistan

Like us on Facebook fb.com/paksociety twitter.com/paksociety1

# خوبصورت بنیے

ادارہ



## سردیوں کا استقبال کیجیے

موسم سرما کا آغاز ہوچکا ہے۔ یہ موسم کئی بیماریوں مثلاً" نزلہ' زکام اور کھانسی کو بھی ساتھ لے کر آتا ہے۔ دن میں تیز دھوپ اور رات میں خنکی سے جسم کا دفاعی نظام متاثر ہوتا ہے۔ جسم کی قوت مدافعت مستحکم رکھنے کے لیے لہسن اور پیاز وغیرہ کا استعمال مفید ہوتا ہے۔ گرم پانی میں آدھے لیموں کا رس اور شہد گھول کر پینے سے افاقہ ممکن ہے۔

سردیوں کی بے احتیاطی کا پہلا تحفہ انفلوئنزا یا وبائی فلو ہے۔ اس سے بچت کے لیے آپ چائے میں ذراسی ادرک اور دارچینی ڈال دیں صبح' شام استعمال کیجیے۔

سردیوں میں عموماً" کھانسی بھی طول پکڑ لیتی ہے۔ کھانسی کی شکایت اگر بچے کو ہو تو ادرک کا عرق نکال لیں اور اسے ہم وزن شہد میں ملا کر ایک چائے کا۔ چمچہ صبح شام دیں یا پھر شہد کو ہلکا سا گرم کرکے اس میں سفید الائچی پیس کر ملا دیں اور ایک ایک چمچہ صبح شام پلائیں یا پھر ابلے ہوئے انڈے کی زردی لیں اور شہد میں ملا کر بچے یا بڑے چند روز تک کھائیں تو سخت کھانسی میں بھی افاقہ ہو جاتا ہے۔

اس کے علاوہ سفید خشخاش اور مصری برابر مقدار میں لے کر پیس لیں اور دن میں دو تین' بار چھ چھ ماشے کھاتے رہیں۔ اس سے کھانسی سے شفا ہو جاتی ہے۔

سردیوں میں ایک مسئلہ جلد پر خشکی کا ہو جانا بھی ہے۔ رات سونے سے پہلے لیموں کا عرق اور گلیسرین ملا کر اپنے ہاتھوں اور چہرے پر مل کر سو جائیں۔ صبح منہ دھونے کے بعد آپ کا چہرہ دمک اٹھے گا۔

جاڑوں کے موسم میں اکثر ہاتھوں اور پیروں کی انگلیاں برف کی طرح ٹھنڈی ہو جاتی ہیں۔ ان کے شل ہو جانے سے کوئی کام صحیح طور پر نہیں ہوتا۔ اس کا ایک عام سبب دراصل خون میں فولاد (آئرن) کی کمی ہوتی ہے۔ اس کمی کی وجہ سے خون پوری مقدار میں آکسیجن جذب نہیں کرتا۔ جس سے جسم میں گرمی پیدا نہیں ہوتی۔

قدرتی فولاد حاصل کرنے کے لیے تازہ ساگ سو گرام باریک کتر کر فرائی پین میں تھوڑے سے تیل کے ساتھ ہلکی آنچ پکائیں۔ جب ساگ آدھا پک جائے' تھوڑا نمک اور مرچ شامل کرکے اسے روکھا یا روٹی کے ساتھ کھالیں۔ اس طرح پکا ہوا یہ ساگ بڑی تیزی سے جسم میں فولاد کی کمی دور کر دیتا ہے۔ اسی طرح خشک خوبانی کے باقاعدہ استعمال سے بھی خون میں فولاد کی سطح میں اضافہ ہو جاتا ہے۔

جسم میں فولاد کے جذب ہونے میں وٹامن سی بڑا اہم کردار ادا کرتا ہے۔ سنترے کا رس اس کا بہترین ذریعہ ہے۔ پاکستان میں قدرت مہربان ہے۔ جاڑوں کے آغاز ہی میں ہمیں بکثرت کینو' فروٹر گریپ فروٹ اور لیموں جیسے پھل عطا کرتی ہے۔ جاڑوں کا مقابلہ کرنے کے لیے توازن و اعتدال کے ساتھ ان کا استعمال بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔

☆



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY